Presented by: https://jafrilibrary.com





۷۸۶
۹۲۱۱۰
یاصاحب الزماں ادرکنی

DVD
Version

لبیک یا حسینؑ

نذر عباس

خصوصی تعاون: رضوان رضوی

اسلامی کتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری

BABEEL-E-SAKINA
Unit#2,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.babeelesakina.co.cc
babeelesakina@gmail.com

www.ziarat.com

NOT FOR COMMERCIAL USE

Presented by www.ziarat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ہیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں.

منجانب.

سبیلِ سکینہ


یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدر آباد پاکستان

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا
الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا



درود وسلام کی برکتیں

مؤلف: خواجہ عابد رضا محسنی

Presented by: https://jafrilibrary.com
Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
وَعَجِّلْ فَرَجَهُمْ وَاَهْلِكْ اَعْدَاءَهُمْ

مشخصات

نام کتاب: درود و سلام کی برکتیں ﴿آدمؑ تا نورِ زہراؑ﴾

مؤلف: خواجہ عابد رضا محسنی

چاپ: اوّل (رجب المرجب ۱۴۲۵ء)

تعداد: ۱۰۰۰

قیمت: [redacted] روپے

ملنے کا پتہ:

۱۔ المہدی بک سنٹر، ماڈل ٹاؤن، (حوزہ علمیہ المنتظر) لاہور

۲۔ کریم پبلیکیشنز، سمیع سنٹر، ۳۸ اردو بازار، لاہور

۳۔ خراسان بک سنٹر، سولجر بازار، کراچی

۴۔ دار العلوم جعفریہ (محلہ خواجگان) اوچ شریف، ضلع بہاولپور (فون: 06902-51414)

۵۔ جامعہ علمیہ کمرشل ایونیو ڈیفنس سوسائٹی فیز 4، کراچی (فون: 5886676)(0300-2881343)

۶۔ قم: مدرسۃ الامام المہدی، چہار مردان، کوچہ آیۃ اللہ گلپایگانی، کمرہ نمبر ۳۵ (فون: 7744334)

۷۔ قم: کتابفروشی انصاریان، خیابان صفائیہ

۸۔ مشہد مقدس: کتابفروشی انصاریان، (پارساژ الغدیر) چہار راہ نادری

﴿جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں﴾

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

حصہ اول:

وہ واقعات جو اسلام سے پہلے رونما ہوئے

نمبر شمار	عناوین	صفحہ نمبر
۱	اپنی بات	۱۷
۲	پیش لفظ	۱۹
۳	صلوات پڑھنے کا طریقہ	۲۳
۴	حضرت حوا کا مہر	۲۷
۵	حضرت حوا اور آدمؑ	۲۸
۶	صلوات غیبت سے روکتی ہے	۲۸
۷	دودھ دینے والی انگلیاں	۲۸
۸	یہودیوں کے ہاتھوں مشرکین کی شکست	۲۹
۹	لوگوں کا سامری کے ذریعے گمراہ ہونا	۳۲
۱۰	صلوات قرب الٰہی کا وسیلہ	۳۳
۱۱	عرش الٰہی پر پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مناجات	۳۴
۱۲	بارگاہ پروردگار میں عزت وعظمت ہونا	۳۵
۱۳	حضرت موسیٰؑ کا خدا کے نزدیک محبوب ہونا	۳۵
۱۴	اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضرت عیسیٰؑ کو صلوات پڑھنے کی تاکید	۳۵

انتساب

اس کتاب کو نور الائمہ

حضرت امام عصر ارواحنا الفداء

کے اجداد طیبین وطاہرین وامہات راشدات

خصوصاً سیدۃ الکونین مجہولۃ القدر والقبر حضرت صدیقہ

طاہرہ حوراء فاطمۃ الزہراء علیہا السلام ومادر گرامی حضرت ابوالفضل العباس

ام البنین، مؤیدہ ومونسہ امام المتقین قاتل مشرکین ومنافقین علی ابن ابیطالب علیہ السلام

کو ہدیہ کرتا ہوں تاکہ انکے صدقے سے حضرت آدمؑ ابوالبشر سے لے کر قیامت

تک آنے والے وہ مؤمنین ومؤمنات جنہوں نے انکے ہدف ومقصد خلقت

کے لئے جان ومال خرچ کیا ہے اور کریں گے خوشنودی پروردگار کو حاصل

کرسکیں۔ خداوند متعال سے بندہ حقیر دست بدعا ہے کہ ان کے صدقے

میں ہمیں اور ہمارے اجداد کو بالاخص مرحوم ومغفور خلیفہ حاجی سرفراز حسین

کو معصومین علیہم السلام کے جوار میں جگہ عطا فرمائے؛

آمین ثم آمین والحمد للہ رب العالمین

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

حصہ دوم:

وہ واقعات جو رسول خداؐ اور ائمہ معصومینؑ کے زمانے میں رونما ہوئے

۱۵	بڑا پتھر	۳۸
۱۶	اہل وعیال اور مال کا محفوظ رہنا	۴۰
۱۷	فقیر کا ثروتمند ہونا	۴۱
۱۸	صلوات اور شہد کی مٹھاس	۴۳
۱۹	صلوات کا ثواب شمار نہیں ہوسکتا	۴۳
۲۰	آدمؑ سے خاتمؐ تک	۴۴
۲۱	بہترین عمل	۴۵
۲۲	جنت میں نہیں جاؤں گا جب تک صلوات پڑھنے والا داخل نہ ہوگا	۴۵
۲۳	صلوات اور آگ کا حرام ہونا	۴۶
۲۴	جلے ہوئے پروں والا فرشتہ	۴۷
۲۵	صلوات اور دعا کا مستجاب ہونا	۴۸
۲۶	صلوات اور شیطان رنجیدہ ہونا	۴۸
۲۷	پل صراط	۴۸
۲۸	شعب ابی طالب اور صلوات	۴۸
۲۹	صلوات اور فرشتوں کی ہزار سالہ عبادت	۴۹
۳۰	صلوات اور فرشتوں کی طلب مغفرت کرنا	۵۰

۳۱	نور کا سمندر	۵۰
۳۲	عذاب سے نجات	۵۱
۳۳	صلوات اور نیکیوں کے پلّے کا بھاری ہونا	۵۱
۳۴	بہشت میں محل	۵۲
۳۵	تہمت سے نجات	۵۳
۳۶	شکستہ پروں والے فرشتے کا شفایاب ہونا	۵۳
۳۷	ذخیرۂ آخرت	۵۴
۳۸	پیغمبرؐ فرماتے ہیں	۵۵
۳۹	ہمیشہ کی غذا	۵۵
۴۰	چاند کا پیغمبرؐ سے ہمکلام ہونا	۵۵
۴۱	پیغمبرؐ کی شادمانی	۵۶
۴۲	پیغمبرؐ اور ملائکہ کا صلوات بھیجنے والے پر درود وسلام	۵۷
۴۳	سنگینی عمل	۵۷
۴۴	دعا کا مستجاب ہونا	۵۷
۴۵	رسول خداؐ کی جوار میں	۵۸
۴۶	ڈاکو سے نجات	۵۸
۴۷	صلوات اور سرکش گھوڑے کا رام ہونا	۵۹
۴۸	صلوات اور ملائکہ کا مغفرت طلب کرنا	۵۹
۴۹	صلوات اور فراموشی کا علاج	۶۰

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

۵۰	صلوات اور انبیاء کی شفاعت	۶۰
۵۱	صلوات اور کیڑے کی روزی	۶۱
۵۲	فرشتے اور صلوات کا اجر و ثواب	۶۱
۵۳	صلوات اور مغفرت	۶۲
۵۴	گناہوں کا پتوں کی طرح جھڑ جانا	۶۳
۵۵	عرش کے گرد طواف	۶۳
۵۶	صلوات کا ثواب میرے ذمہ ہے	۶۳
۵۷	مہاجر عورت کے بیٹے کی شفایابی	۶۴
۵۸	ثواب شمار نہیں ہو سکتا	۶۴
۵۹	نامکمل محل	۶۵
۶۰	صلوات اور حالت احتضار	۶۵
۶۱	بچوں کو مارنے کی ممنوعیت	۶۵
۶۲	پیغمبرؐ کے برحق جانشین	۶۶
۶۳	شفایافتہ	۶۶
۶۴	تمام مخلوقات کی صلوات کا ثواب	۶۷
۶۵	میں اجر عطا کروں گا	۶۷
۶۶	اہل مدینہ کا درود	۶۸
۶۷	پہلا صلوات بھیجنے والا خدا ہے	۶۸
۶۸	رسول خداؐ کی عقیل سے محبت	۶۹

۶۹	منافق اُکیدر پر غلبہ	۶۹
۷۰	اطمینان قلب	۷۰
۷۱	فرشتہ اور صلوات	۷۱
۷۱	میراث کا مال	۷۲
۷۲	میتؔ کا عذاب سے نجات پانا	۷۳
۷۲	ہمیں محدود نہ کرو	۷۴
۷۲	صلوات میں اہلبیتؑ کا شامل ہونا	۷۵
۷۳	صلوات کی صداؤں کا قلعہ کے در و دیوار سے سنائی دینا	۷۶
۷۵	اونٹ اور صلوات	۷۷
۷۶	نورانی محل	۷۸
۷۷	دعا کا طریقہ	۷۹
۷۷	رسول خداؐ کے خادم	۸۰
۷۸	امام حسینؑ اور صلوات	۸۱
۷۸	درود بھیجنے کی توفیق	۸۲
۷۸	طیر صلوات	۸۳
۷۹	صلوات اور پیغمبرؐ اسلام	۸۴
۷۹	صلصائیلؑ اور صلوات	۸۵
۸۰	عطر لگاتے وقت کی صلوات	۸۶
۸۰	اس کا ثواب میرے ذمے ہے	۸۷

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

۸۸	صلوات ملائکہ کی صدائیں (آواز)	۸۰
۸۹	بغیر وضو کے نماز	۸۱
۹۰	ایام ہفتہ	۸۱
۹۱	روز جمعہ کی شفاعت	۸۲
۹۲	عالی شان قصر	۸۲
۹۳	صلوات، ذکر خدا کا جانشین	۸۲
۹۴	نماز کا حق، صلوات ہے	۸۳
۹۵	قبولیت دعا کی شرط ہے	۸۳
۹۶	روز جمعہ کی فضیلت	۸۴
۹۷	زبان کا صدقہ	۸۴
۹۸	مقتول زندہ ہوگیا	۸۵
۹۹	گناہوں کا معاف ہونا	۸۶
۱۰۰	بغیر صلوات کے نماز	۸۶
۱۰۱	کیفیت صلوات	۸۶
۱۰۲	صلوات بھیجنے والے کے لیے استغفار	۸۷
۱۰۳	فرشتے صلوات بھیجتے ہیں	۸۷
۱۰۴	سیر ہونے تک صلوات بھیجتا رہتا ہوں	۸۸
۱۰۵	ذکر اللہ و صلوات	۸۸

حصہ سوّم: وہ واقعات جو غیبت کبریٰ میں پیش آئے

۱۰۷	صلوات کا انعام	۹۲
۱۰۸	شہد سے زیادہ شیرین خواب	۹۲
۱۱۹	چہرے کا سفید ہونا	۹۳
۱۱۰	گناہگار عورت کا نجات پانا	۹۴
۱۱۱	صلوات اور خشنودی رسول خداؐ	۹۵
۱۱۲	صلوات اور گناہوں کی مغفرت	۹۶
۱۱۳	قبولی حاجات کے لیے مناسب ذکر	۹۶
۱۱۴	موت اور صلوات	۹۷
۱۱۵	موت سے نجات	۹۷
۱۱۶	کینسر کا علاج	۹۸
۱۱۷	زخمی کا شفایاب ہونا	۹۸
۱۱۸	شیرین موت	۹۹
۱۱۹	راہزنوں سے نجات	۹۹
۱۲۰	اپنی حاجات فلان سے مانگو	۱۰۰
۱۲۲	یہودی کا مسلمان ہونا	۱۰۱
۱۲۳	عطر کی خوشبو	۱۰۱
۱۲۴	زیارت نامہ	۱۰۲
۱۲۵	پیغمبر اکرمؐ سے گفتگو	۱۰۲

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

۱۲۶	صلوات ضروری ہے	۱۰۳
۱۲۷	منہ کی خوشبو	۱۰۳
۱۲۸	ہر سطر صلوات کے ساتھ	۱۰۴
۱۲۹	انگوٹھی مل گئی	۱۰۴
۱۳۰	آخری صلوات ابھی ختم ہوئی	۱۰۴
۱۳۱	شفاعت کروں گا	۱۰۵
۱۳۲	علماء اور ذکر صلوات	۱۰۵
۱۳۳	یا علیؑ ادرکنی با ذکر صلوات	۱۰۶
۱۳۴	نور آدمؑ اور صلوات	۱۰۷
۱۳۵	شفاعت کی قیمت اور صلوات	۱۰۷
۱۳۶	سونے کی انگلیاں اور صلوات	۱۰۸
۱۳۷	اسم محمدؐ و احمدؐ اور صلوات	۱۰۸
۱۳۸	صلوات اور قوم بنی اسرائیل	۱۰۸
۱۳۹	صلوات اور منکر و نکیر	۱۱۰
۱۴۰	صلوات میں حضرت ابراہیمؑ و آل ابراہیم کے ذکر کی وجوہات	۱۱۱
۱۴۱	حضرت داود علیہ السلام کا ذکر	۱۱۲
۱۴۲	عذاب قبر اور صلوات	۱۱۲
۱۴۳	صحیفہ سجادیہ اور صلوات	۱۱۶
۱۴۴	فضائل صلوات اور کتب اہل سنت و شیعہ	۱۳۷

﴿فہرست حصہ پنجم﴾

احادیث فضائل صلوات اور کتب اہل سنت وشیعہ

نمبر شمار	عناوین	صفحہ نمبر
۱	صلوات و تسلیم کا معنی	۱۳۹
۲	لیلۃ الرغائب کی نماز میں صلوات	۱۴۳
۳	رسالتمآبؐ پر صلوات پڑھنے کا طریقہ	۱۴۳
۴	میرے اور آل علیؑ کے درمیان جو فاصلہ ڈالتا ہے	۱۶۰
۵	ناقص صلوات سے نہی	۱۶۱
۶	نبیؐ پر صلوات نہ پڑھنے کی مذمت	۱۶۳
۷	قنوت وتر میں محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوات	۱۶۷
۸	اہل قبور کی صلوات	۱۶۸
۹	رسالت مآبؐ پر صلوات، خداوند اور فرشتوں کی صلوات،	۱۶۹
۱۰	ذکر صلوات تقرب الی اللہ و رسولؐ کا سبب ہے	۱۷۱
۱۱	ایک مرتبہ ذکر صلوات کی فضیلت	۱۷۳
۱۲	تین مرتبہ ذکر صلوات کی فضیلت	۱۸۰
۱۳	دس مرتبہ ذکر صلوات کی فضیلت	۱۸۰
۱۴	محفل ذکر صلوات کی فضیلت	۱۸۱
۱۵	ذکر صلوات کو ترک کرنے والی محفل	۱۸۳
۱۶	ذکر صلوات کو آنحضرتؐ تک پہنچانے والا فرشتہ	۱۸۴

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

۱۷	ذکر صلوات افضل ترین عمل	۱۸۶
۱۸	ذکر صلوات اجابت دعا کا سبب	۱۸۷
۱۹	ذکر صلوات اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تہلیل و تکبر کے مساوی ہے	۱۹۱
۲۰	ذکر صلوات مغفرت کا سبب ہے	۱۹۲
۲۱	ذکر صلوات رزق میں برکت کا باعث ہے	۱۹۶
۲۲	ذکر صلوات حاجات کی برآوری کا سبب ہے	۱۹۷
۲۳	ذکر صلوات سے نفاق دور ہوتا ہے	۱۹۹
۲۴	ذکر صلوات سے وسواس دور ہوتا ہے	۱۹۹
۲۵	ذکر صلوات پاکیزگی کا سبب ہے	۲۰۰
۲۶	ذکر صلوات سے ملائکہ کو پر و بال ملتے ہیں	۲۰۰
۲۷	صلوات دشمن سے محافظت کرتی ہے	۲۰۱
۲۸	صلوات چغل خوری سے دور کرتی ہے	۲۰۱
۲۹	صلوات خوف و ہلاکت سے نجات دیتی ہے	۲۰۱
۳۰	صلوات کی برکت سے ابراہیمؑ کو خلیل اللہ کا لقب ملا	۲۰۲
۳۱	صلوات پل صراط کے لئے نور ہے	۲۰۳
۳۲	صلوات کو لکھنے کی فضیلت	۲۰۵
۳۳	صلوات نیکیوں کی قبولیت کا سبب ہے	۲۰۶
۳۴	صلوات سختیوں سے نجات، اور جنت کا سبب ہے	۲۰۶
۳۵	صلوات جہنم سے نجات کا سبب ہے	۲۰۷

۳۶	میزان عمل میں صلوات کی فضیلت	۲۰۷
۳۷	مسجد میں داخل ہونے اور نکلتے وقت کی صلوات	۲۰۸
۳۸	قبر نبیؐ پر ذکر صلوات	۲۰۹
۳۹	چھینکنے کے وقت کی صلوات	۲۱۰
۴۰	خوشبو سونگھتے وقت کی صلوات	۲۱۱
۴۱	ذکر اللہ کے وقت کی صلوات	۲۱۲
۴۲	ذکر النبیؐ کے وقت کی صلوات	۲۱۲
۴۳	کثرت صلوات پر رسالتمآب کی تاکید	۲۱۳
۴۴	گھر سے نکلنے وقت کی صلوات	۲۱۴
۴۵	ملائکہ کی صلوات النبیؐ و علیؑ پر	۲۱۵
۴۶	نماز بغیر صلوات کے باطل ہے	۲۱۵
۴۷	تشہد میں صلوات	۲۱۶
۴۸	رکوع و سجود میں صلوات کی فضیلت	۲۱۷
۴۹	صلوات نسیان کو دور کرتی ہے	۲۱۷
۵۰	تلبیہ کے بعد کی صلوات	۲۱۷
۵۱	وضو کے وقت کی صلوات	۲۱۸
۵۲	روز مبعث کی صلوات	۲۱۸
۵۳	نماز عید کی صلوات	۲۱۹
۵۴	نماز میت کی صلوات	۲۱۹

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

۵۵	صلوات کی برکت سے اونٹنی بول اٹھی	۲۱۹
۵۶	رسالتمآبؐ پر نماز کی حالت میں آیت صلوات کا نزول	۲۲۰
۵۷	ایک سو مرتبہ ذکر صلوات کی فضیلت	۲۲۲
۵۸	سو مرتبہ صلوات روز جمعہ اور شب جمعہ کی فضیلت	۲۲۳
۵۹	شب و روز جمعہ ہزار مرتبہ صلوات پڑھنے کی فضیلت	۲۲۷
۶۰	جمعرات کے دن کی صلوات	۲۳۳
۶۱	شب و روز جمعہ کی دعاء	۲۳۳
۶۲	صلوات اور اہل کساء	۲۳۳
۶۳	صلوات اور صبح کی نماز	۲۳۴
۶۴	صلوات مشکلات میں کمی کا باعث ہوتی ہے	۲۳۶
۶۵	متفرقات	۲۳۸
۶۶	چودہ معصومینؑ پر صلوات	۲۴۲
۶۷	ضعیفہ مومنہ کا ورد صلوات	۲۵۲
۶۸	حوالہ جات	۲۵۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ان اللہ ملائکتہ یصلون علی النبی یا ایھاالذین آمنوا صلّوا علیہ و سلموا تسلیماً

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَعَجِّلْ فَرَجَھُم وَ فَرَجْنَا بِحَقِّھِم

اپنی بات

صبح کی نماز ادا کرنے کے بعد محترم برادر قبلہ ثمر زیدی صاحب دام عزہٗ کو فون کیا تو انہوں نے خود ہی اٹھایا، کہا! دو گھنٹے پہلے ہی ہم کربلا سے اہل خانہ کے ساتھ پہنچے ہیں، بے ساختہ میری زبان سے بات نکلی ،دوسری بار تم جا رہے ہو کیا کسی اور کو ثواب کی دعوت نہیں دیتے ہو؟ آخر بات یہاں آئی کہ کل میں آپ کی زیارت کے لئے آؤں گا۔ پھر انہوں نے رات کو فون کیا لیکن میں گھر پہ نہیں تھا۔ حسب پروگرام میں دس بجے کے قریب گیا تو انہوں نے کہا آج میں نے ڈاکٹروں کو کربلا روانہ کیا ہے حالانکہ میں نے رات کو فون کیا تھا لیکن آپ گھر پر نہیں تھے میں نے پریشانی کی سی حالت میں کہا گھر بتا دیتے یہ بات ہے!

تو انہوں نے میرے لگاؤ کو دیکھ کر کہا ابھی جانا ہے؟ تو میں نے کہا ہاں! کیوں نہیں تو وہاں ان کے دوست علم الھدیٰ تشریف فرما تھے ان سے کہا استخارہ کریں لیکن انہوں نے کہیں اور جگہ سے فون کر کے استخارہ کرایا تو جواب آیا (بدون مشکل کار انجام میشود) تو سیدھا میں گھر آیا سامان اٹھایا اور ان سے ایڈرس لیا مختصر کروں سٹاپ پر گیا تو ایک (پیرو) کار تیار کھڑی تھی جو مجھے سیدھا ہمدان لے گئی.... پھر وہاں سے ڈاکٹروں کے ہاں پہنچ گیا وہ میرا انتظار کر رہے تھے کہ میں ان کے ساتھ ہی جائیں گے۔

رات کو نیند کہاں آتی دو گھنٹے کمر سیدھی کرنے کے بعد بلایا (ہر کہ ہوس کربلا دارد بسم اللہ...) اب روانہ ہوئے ہمیں ایک پہاڑ کو کراس کرنا تھا یہ ساری بات اس وجہ سے تھی کہ اس بابرکت کتاب کو لکھنے کی وجہ کیا تھی جب ہم نے کچھ سفر طے کیا ہی تھا، کہ ہمارے سانس پھول گئے، خصوصاً بندہ حقیر کا عجیب سا حال ہوا اسوقت پہاڑ کی چوٹی کے قریب تھے (بلدچی) راہنما زور زور سے تکرار کرتا چلا جا رہا تھا سورج طلوع ہونے سے پہلے بارڈر کراس کر لیا تو ٹھیک، ورنہ مشکل ہوگی اب میں نے کربلا کی طرف رُخ کیا اور کہا! یا غازی عباس علمدارؑ آپؑ کی ماں زہراؑ کے لئے ایک تسبیح صلوات کی ہدیہ کروں گا تا کہ یہ قافلہ جو مظلوم حسینؑ کے زواروں کا قافلہ ہے ان کو خیر و سلامتی سے پہنچا دے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

بس کچھ دیر نہ گزری کہ ہم نے باڈر کراس کرلیا، اس کے بعد ہی سورج طلوع ہوا تب میں نے ارادہ کیا کہ اس پر کتاب لکھوں تا کہ دوسروں کے لئے بھی حل مشکلات ہو، ہمارے دوست سب کہنے لگے کہ اتنا مشکل سفر جو دو پہاڑوں کا سفر تھا، ہم نے چالیس منٹ میں کیسے طے کرلیا میں نے کہا کہ جس کے ہم مہمان ہیں وہ میزبانی کرنا بھی جانتے ہیں۔

جب میں اس کتاب کو آمادہ کر چکا ہوں تو پاکستان جاتے ہوئے امامؑ غریب الغرباء معین الضعفاء کی خدمت میں حاضری دے کر متوسل ہوا آقا! میں اپنا کام کر چکا ہوں اب آپؑ کا کام ہے، تو ان کے صدقے سے اسکی چھپائی کا بندوبست بھی ہو گیا۔ جنہوں نے اس سلسلے میں ہماری مدد فرمائی ہے، خداوند متعال ان کے رزق میں برکت عطا فرمائے اور ان کی توفیقات میں اضافہ فرمائے (آمین)۔

اس کتاب میں اکثر واقعات کو کتاب (فضائل و آثارِ صلوات) "علی دری اصفہانی" سے حاصل کیا ہے جسکو محترم برادر "اظہر حسین بہشتی" دام عزہ نے اردو میں ترجمہ کرنے کی زحمت فرمائی ہے اور محترم حجۃ الاسلام محمد ظریف خراسانی دام عزہ نے بھی اس بارے میں ہماری مدد فرمائی اور کتابوں کی رہنمائی کی ہے جو ہماری کتاب کے لئے مددگار ثابت ہوئی ہیں (خصوصاً کتاب شرح الفضائل صلوات اردکانی) اور حضرت آیت اللہ" السید محمد باقر ابن سید مرتضیٰ الموحد ابطحی دام ظلہ العالی نے جو روایات جمع کی ہوئی تھیں، ان سے بھی ہم نے استفادہ حاصل کیا ہے، خداوند متعال سے دست بدعا ہوں کہ ان سب کی توفیقات میں اضافہ فرمائے اور بندہ حقیر کی اس ناچیزسی کوشش کو امام زمانہؑ ﴿عجل اللہ فرجہ الشریف﴾ کے مورد قبول فرمائے (آمین)۔

احقر: خواجہ عابد رضا محسنی

حوزہ علمیہ قم المقدسہ

پیش لفظ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ اللّٰہَ ملائکتہٗ یُصلّونَ علی النَّبی

یا اَیُّھا الَّذینَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوا تَسْلیمًا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَعَجِّلْ فَرَجَھُم وَ فَرِّجْنا بِحَقِّھِم

نحمدک اللّٰھم علی ما اخذت عھدک علینا بالایمان بک و الاعتراف بنبوّۃ نبیّک محمّد ﷺ وولایۃ اوصیائہ فی الاوّلین و نشکرک علیٰ ما وفّقنا للوفاء بما عھدنا واعترفنا لدیک فی الآخرین ونشھدک علی انا مسلمون لھم ومصلّون علیھم ونسئلک ان تجعل ما آتینا من معرفتھم مستقراً عندک حتّی تقرّبنا بہ لدیک وتوصّلنا الیھم، فاجعل اللّٰھم شرائف صلواتک ونوامی برکاتک علیہ وعلیھم السلام.

امابعد بندہ حقیر معترف تقصیر خواجہ عابد رضا ابن خلیفہ الحاج خواجہ مظہر حسین ابن حاجی خلیفہ سرافراز حسین اوچوی (حشرھم اللہ مع موالیھم) نے یہ کوشش کی ہے کہ دوستوں کی مدد سے ان جملات کو ایک کتاب کی صورت میں جمع کروں، کیونکہ یہ بات کسی مسلمان مؤمن پر مخفی نہیں کہ سرور کائنات پر درود وصلوات بھیجنا کتنی فضیلت کا حامل ہے اور اسکے علاوہ کثرت سے روایات موجود ہیں کہ جو خود رسول گرامی ﷺ اور اہلبیت علیہم السلام سے ذکر ہوئی ہیں کہ درود وصلوات کو ترک کرنے والا کبھی جنت میں نہیں جائے گا اور" وکنتم خیر امۃ اُخرجت للناس" ﴿آل عمران:۱۰۴﴾ کی مصداق امت کے لیے یہ بھی حکم آیا ہے، جس رسول گرامی ﷺ کو نبی بنا کر بھیجا گیا ہے: وما ارسلناک الّا کافۃ للناس بشیراً ونذیراً" ﴿سبا:۸﴾ اس کے لیے "واذکروا اللّٰہ کثیراً" ﴿انفال.۴۵﴾ پر عمل کریں، علمائے تفاسیر اس ﴿ذکر﴾ سے مراد صلوات لیتے ہیں، اور خود رب العزّت ارشاد فرما رہا ہے "اِنَّ اللّٰہ وملائکتہ یصلّون علی النّبی ..." ﴿احزاب:۵۶﴾ اس آیت کی روح سے رب العزّت خود صلوات بھیجنے والوں میں سے ہے اور اگر ہم بھی صلوات بھیجیں گے تو "تخلّقوا باخلاق اللّٰہ" کے مصداق بن کر اخلاق الٰہی کے مصداق ہو جائیں گے،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

علاوہ اس کے اسی آیت کریمہ میں خداوند متعال مؤمنین کو مخاطب ہو کر بھی فرما رہا ہے:

"یا ایھاالذین آمنوا صلوا علیه وسلّموا تسلیما" ﴿احزاب:۵۶﴾

پس صلوات بھیج کر امتثال امر الٰہی اور اطاعت پروردگار کر کے مطیع ٹھہرائے جائیں گے اور خود اطاعت کرنے والے کے لیے ارشاد ہے: "ومن یطیع اللّٰه ورسوله فقد فازفوزاً عظیما" ﴿احزاب:۷۱﴾ پھر خداوند تعالیٰ انسان کو یہ خوشخبری بھی دے رہا ہے، کہ جو شخص محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر صلوات بھیجے گا وہ اس آیہ کریمہ کا مصداق ٹھہرایا جائے گا: "ھوالذی یصلی علیکم وملائکة لیخرجکم من الظلمات الی النور وکان بالمؤمنین رحیما" ﴿احزاب ۴۳﴾ اور اس کے ساتھ ساتھ صلوات بھیجنے والا شخص ملائکہ کا ہم قدم ہو جائے گا: "من تشبھه بقوم فھو منھم" ﴿سفینۃ البحار: ج ۵ ص ۳۲۳﴾ علاوہ اس کے کثرت کے ساتھ روایات موجود ہیں جو اس پر دلالت کرتی ہیں کہ دوسرے انبیاء علیہم السلام کی امتوں نے بھی اس صلوات کی کرامات و برکات سے استفادہ کیا ہے، یہی وجہ تھی کہ اکثر بزرگان نے اس صلوات و درود و سلام کے بارے میں کثرت سے کتب تحریر فرمائیں ہیں، جن میں سے بعض کتب کے ناموں کو بندہ حقیر ذکر کرنے کی سعی کر رہا ہے، تاکہ محققین حضرات اس سے مستفید ہو سکیں۔

۱۔ رسالۃ فی الصلوات۔

۲۔ الصلوات علی محمدؐ وآل محمدؐ۔

۳۔ رسالۃ فی معنی الصلوات علی النبیؐ وآلہٖ (تالیف عبدالخالق یزدی)

۴۔ فضل الصلوات الرسولؐ (فرزند فیض کاشانی)

۵۔ فضل الصلوات علی النبیؐ (ابوالحسن احمد بن فارس)

۶۔ الصلوات والتسلیم علی النبیؐ وامیر المؤمنینؑ (شریف ابوالقاسم الکوفی)

۷۔ فضیلۃ الصلوات (تالیف محمد شمس گیلانی)

۸۔ فضیلۃ الصلوات علی النبیؐ (من الذریعہ)

۹۔ صلوات وفضائل آن (سید محمد بن زین العابدین)

۱۰۔ سرّ السعادۃ (تالیف سید احمد روحانی قمی)

۱۱۔ اربعون حدیثاً فی کیفیۃ الصلوات النبیؐ (تالیف الشیخ نجم الدین عسکری)

۱۲۔ درود محمدیؐ (تالیف سید حسن رضوی قمی)

۱۳۔ رسالہ در شرح صلوات، کتابی در فضیلت صلوات بر آل رسولؐ (تالیف ابوالقاسم قوچانی)

۱۴۔ رسالۃ فی وجوب صلوات علی النبیؐ (تالیف حیدر علی شیروانی)

۱۵۔ رسالت در وجوب صلوات (تالیف محمد حسین حسینی)

۱۶۔ البلاغ المبین فی فضائل الصلوات علی سید المرسلینؐ (تالیف جعفر رکن الدین شیرازی)

۱۷۔ احسن الحسنات فی صلوات والسلام علی افضل مخلوقات

۱۸۔ شرح صلوات وفوائد وخواص آن (تالیف سید محمد تقی مقدم)

۱۹۔ المقباس الجلی فی فضل الصلوات علی النبیؐ (تالیف سید محمد رضا الاعرجی)

۲۰۔ جمال الامۃ فی فضل الصلوات علی النبیؐ والائمہ صلوات اللہ علیہم اجمعین (شیخ نظر علی واعظ کرمانی)

۲۱۔ نوامیس العرفان فی شرح الصلوات الواردۃ فی شعبان (شیخ احمد یزدی مشہدی)

۲۲۔ رسالہ فی اعرابؐ (شیخ احمد بحرانی)

۲۳۔ سرور صدور العارفین الاولیاء فی الارشاد الی کیفیۃ ابلاغ التحیہ والثناء (محمد ابن فیض کاشانی)

۲۴۔ الانوار العالیہ البہیۃ فی تفسیر الصلوات الیومیہ (سید محمد باقر ملاباشی شیرازی)

۲۵۔ رسالہ فی اربعین حدیثاً فی ذم تارک الصلوات علی النبیؐ وآلہٖ (شیخ نجم الدین عسکری)

۲۶۔ رسالہ فی اربعین حدیثاً فی کیفیۃ الصلوات علی النبیؐ وآلہٖ (شیخ نجم الدین عسکری)

یہ مذکورہ بالا کتابیں کتابخانوں میں پائی جاتی ہیں، محققین ان سے مستفید ہو سکتے ہیں اور کتاب ﴿درود و سلام کی برکتیں آدمؑ تا نور زہراؑ﴾ میں ہم نے اختصار کے ساتھ صلوات اور تسلیم کے معانی، تاریخی واقعات اور ان واقعات کی احادیث و روایات متن کے ساتھ جو مناسب تھیں آخر میں ذکر کرنے کا شرف حاصل کیا ہے اور کوشش کی ہے کہ صحیفہ سجادیہ میں جس دعا کا متن صلوات تھی، اس کو بھی کتاب میں ذکر کرنے کوشش کی ہے، امید ہے کہ مؤمنین حضرات اور خصوصاً اہل قلم کے لیے قابل استفادہ ہو سکے۔ یہ بات یہاں مناسب ہوگی کہ ان کا شکریہ ادا کرتا چلوں جن اہل خیر نے اس کام میں مدد فرمائی

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

ہے: ''من لم یشکر المخلوق لم یشکر الخالق'' اور اُنکے لیے دعا گو ہوں کہ خداوند متعال اُن کے رزق میں برکت عطا فرمائے اور اس کتاب کا جس طرح نام ہے اسی طرح آدمؑ سے لے کر خاتمؐ تک کے انبیاء و مرسلین علیہم السلام اور ائمہ معصومین علیہم السلام اور انکے اصحاب باوفا اور انکے پیروکاروں کے لیے بلکہ آج تک کے جو مؤمنین و مؤمنات اور پیروکار انبیاءؑ و خاتم مرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و ائمہ اطہار علیہم السلام اس دنیا سے دار البقاء کی طرف چلے گئے ہیں اُن کے لیے اس کتاب کو ہدیہ کرتا ہوں، خداوند تعالیٰ اس ناچیز کی سعی کو نور بنا کر ان کی قبروں کو منور فرمائے اور ہمیں بھی اس طرح کے نیک کاموں میں زیادہ سے زیادہ توفیق عطا فرمائے اور ہماری اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرماتے ہوئے آخرت کا ذخیرہ قرار دے اور ہمارے امام زمانہ عجل اللہ فرجہ الشریف، کو ہم سے راضی و خوشنود رکھے۔

اس کتاب کو تاریخی واقعات، جن کو تین حصوں پر تقسیم کیا گیا ہے، صحیفہ سجادیہ کی دعائیں اور فریقین کی کتابوں سے روایات کو جمع کر کے منظم کیا گیا ہے۔

۱۔ وہ واقعات جو اسلام سے پہلے رونما ہوئے۔

۲۔ وہ واقعات جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمہ علیہم السلام کے زمانے میں پیش آئے۔

۳۔ وہ واقعات جو غیبت کبریٰ کے زمانے میں پیش آئے۔

۴۔ صحیفہ سجادیہ کی جو دعائیں متن صلوات تھیں انکو صحیفہ سجادیہ اور صلوات کے عنوان سے ذکر کیا گیا ہے۔

۵۔ احادیث کتب اہل سنت اور شیعہ سے جمع کر کے محققین و مقررین کے لئے ذکر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

خداوند رب العزت سے مظلومیت زہراؑ کے صدقے میں دست بادعا ہیں کہ بندہ حقیر کی اس ناچیزی سعی کو قبول فرمائے، امین ثم امین الحمد للہ رب العالمین

احقر العباد خواجہ عابد رضا محسنی

صلوات پڑھنے کا طریقہ

مختصر طور پر اس سلسلے میں کچھ روایات کو جو اہل سنت و شیعہ سے نقل ہوئی ہیں ان کو بیان کرتے ہیں

محمد ابن ادریس شافعی اپنی مسند شافعی میں نقل کرتے ہیں کہ ابو ہریرہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے، کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا! صلوات کو کیسے تلاوت کیا جائے، تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللّٰھم صلّ علی محمدؐ و آل محمدؐ کما صلّیت علی ابراھیمؑ و آل ابراھیمؑ (۱)

اسی طرح شافعی نقل کرتے ہیں کہ جب (انّ اللہ و ملائکتہ یصلّون علی النبیؐ..)(۲) کی آیت نازل ہوئی تو اصحاب نے سوال کیا کہ صلوات کو کس طرح پڑھا جائے۔ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "اللّٰھم صلّ علی محمدؐ و آل محمدؐ کما صلّیت علی ابراھیمؑ انک حمید مجید، و بارک علی محمدؐ و آل محمدؐ کما بارکت علی ابراھیمؑ و آل ابراھیمؑ انک حمید مجید"

"بارالہا! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر درود و سلام کو نازل فرما جسطرح ابراہیمؑ اور اسکی آل پاکؑ پر درود و سلام کو نازل فرمایا ہے، بے شک تو لائق حمد و ثناء بزرگی ہے، محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر برکت نازل فرما جسطرح ابراہیمؑ اور آل ابراہیمؑ پر برکت نازل فرمائی ہے، بے شک تو لائق و حمد و ثنا بزرگ ہے"

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

﴿صلوات "بتراء" ناقص سے منع کیا گیا ہے﴾

ابن حجر صواعق محرقہ میں نقل کرتا ہے کہ جب آیت مبارکہ "ان اللہ و ملائکتہ یصلون علی النبیؐ..(۲)." نازل ہوئی تو کچھ اصحاب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کس طرح صلوات بھیجیں، تب آنحضرتؐ نے فرمایا: ﴿اللّٰھم صلّ علی محمدؐ وال محمدؐ﴾(۳) یہی وجہ ہے کہ اہل سنت کے فقہاء نے (آل محمد علیہم السلام) کو نماز واجب کے تشہد میں فرض قرار دیا ہے(۴)

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ میں نے اپنے والد بزرگوار سے سُنا ہے کہ ایک شخص خانہ کعبہ کے پردے کو ہاتھ میں تھامے ہوئے کہہ رہا تھا: ﴿اللّٰھم صلّ علی محمدؐ﴾ تو امام باقر علیہ السلام نے اسکو مخاطب ہو کر کہا کہ ناقص صلوات نہ پڑھ، اس سے تو ہمارے حق پر ظلم کر رہا ہے اس طرح پڑھا کرو: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ بیت محمدؐ"

محمد ابن ادریس شافعی (امام مذہب شافعی) نے اپنے عقیدے کو شعر کی صورت میں بیان کیا ہے، جسکا ترجمہ یہ ہے" اے اہل بیت علیہم السلام رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہاری محبت خداوند متعال کی طرف سے قرآن مجید میں واجب قرار دی گئی ہے اور تمہاری عظمت و بزرگی کے لئے بس یہی ہی کافی ہے کہ جو کوئی آپؑ پر درود نہ بھیجے اسکی نماز باطل ہے"(۵)

محب الدین طبری ابن عبداللہ انصاری سے نقل کرتے ہیں کہ اگر نماز میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر درود وصلوات نہ بھیجا جائے تو میرا عقیدہ یہ ہے کہ اسکی نماز قبول نہیں ہے۔

وفی صحیح مسلم قال رسول اللہؐ من صلی علی مرۃ صلی اللہ علیہ عشرۃ مرات(۶)

"جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ صلوات بھیجتا ہے خداوند متعال اس پر دس مرتبہ صلوات بھیجتا ہے" ﴿دوسری کتابوں میں یہ بھی اضافہ کیا گیا ہے کہ خداوند متعال اسکو دس نیکیاں عطا کرے گا اور اس کے دس گناہ معاف فرمائے گا﴾

مولائے کائنات فرماتے ہیں! جب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دنیا سے رخصت ہو رہے تھے، تو اس وقت ان کا سر میرے سینے پر تھا اور ان کی روح اقدس میرے ہاتھوں پر جدا ہوئی تو میں

نے اپنے ہاتھوں کو اپنے منہ پر پھیر کر یہ کہا: اے بارالٰہا! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اسکی پاک آل علیہم السلام پر اپنی رحمت نازل فرما جیسے تو اس سے پہلے اپنے بہترین بندوں پر نازل فرمائی اور بعد میں آنے والوں پر نازل فرمائے گا، اے بارالٰہا! اپنے بھیجے ہوئے بندے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اسکی پاک آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ان کو اپنی بہترین رحمتوں، برکات وصلوات کے ذریعے سے ممتاز فرمادے، اے معبود! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو رحمت عطا فرما اور ان کا جلد ظہور فرما۔

نوٹ ﴿اگر کوئی شخص اس دعا کو شب و روز جمعہ سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے تو جب تک قائم آل محمدؐ کی زیارت نصیب نہیں ہوگی، تب تک وہ اس دنیا سے نہیں جائے گا﴾

حوالہ جات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

﴿۱۔ مسند شافعی جلد۲، ص۹۷﴾

﴿۲۔ الاحزاب ۵۶﴾

﴿۳۔ صواعق: ص۱۴۴﴾

﴿۴۔ صحیح بخاری: ج ۶﴾


﴿۵۔ مسند شافعی جلد۲، ص۹۷﴾

﴿۶۔ صحیح مسلم: ج۱، ص۳۰۵﴾

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com



حصہ اوّل

وہ واقعات جو اسلام سے پہلے رونما ہوئے

حصہ اوّل

وہ واقعات جو اسلام سے پہلے رونما ہوئے

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے سے پہلے ایسے پاکیزہ افراد موجود تھے جنہوں نے اپنے زمانے کے رسولوں سے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوصاف یا آپؐ پر درود وصلوات کی برکات کو سنا تھا یا آسمانی کتابوں میں پڑھا تھا اور آخر کار آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کی آلؑ پر درود وسلام کے دنیاوی اور اخروی آثار اور برکات کے معتقد تھے، ان آثار کو جمع کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

حضرت حوّا کا مہر

جب خداوند متعال نے حضرت حوّا کو تخلیق کیا اور حضرت آدمؑ نے حضرت حوّا کو دیکھا تو آپؑ کے دل میں حضرت حوّاؑ سے محبت کا احساس ہوا اور ان سے پوچھا: آپؑ کون ہیں؟ تو اس صورت حال میں شرم وحیا کے آثار حضرت حوّا کے چہرے پر نمایاں ہوئے اور سکوت اختیار کیا، اسی وقت حضرت جبرائیلؑ نازل ہوئے اور حضرت آدمؑ سے کہا: یہ خاتون حوّا ہے اور اسے خدا نے تمہارے لئے خلق کیا ہے اور ہمیشہ یہ تمہاری مونس وغم خوار اور محرم رہے گی، جونہی حضرت آدمؑ نے یہ بات سنی اور جان لیا کہ خدا نے یہ خاص نعمت ان کیلئے پیدا کی ہے تو تصرف کا ارادہ کیا، جبرائیلؑ نے آگے بڑھ کر کہا: اے آدمؑ! اگر اسے چاہتے ہو تو اس کا حق مہر ادا کرو اور اپنے نکاح میں لے آؤ، حضرت آدمؑ نے جواب دیا کہ تو یہ جانتا ہے کہ میرے پاس کوئی چیز نہیں ہے جسے بطور حق مہر دے سکوں اور اسے اپنے عقد میں لے آؤں جبرائیلؑ نے کہا: پس آپؑ ہر رات حبیب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوات بھیجیں تا کہ حوّاؑ آپؑ پر حلال ہو جائے۔(۱)

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

حضرت حوّا اور آدمؑ

ایک اور روایت میں ہے کہ جب حضرت آدمؑ حضرت حوّا کی طرف آئے تو عرض کی: اے میرے پروردگار! حوّا کو میرے لئے حلال فرمادے خداوند متعال نے فرمایا: اس کا حق مہر ادا کرو تا کہ اسے تمہارے نکاح میں لے آؤں عرض کی: پروردگار میرے پاس تو کچھ بھی نہیں ہے، تو ارشاد ہوا: دس مرتبہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آلؑ پر صلوات بھیجو، پھر حضرت آدمؑ نے دس مرتبہ صلوات پڑھی تو خدا نے حضرت حوا کو آپؑ پر حلال کیا، لہذا اگر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کی آل پاک علیہم السلام پر صلوات ''حوا'' کا مہر ہو سکتی ہے تو حور العین کا مہر کیوں نہیں ہو سکتی۔ (۲)

صلوات غیبت سے روکتی ہے۔

ایک دن کسی خدا کے ولی نے حضرت الیاسؑ یا حضرت خضرؑ سے شکایت کی کہ لوگ غیبت کرتے ہیں اور اس بارے میں میری بات نہیں مانتے، اور اس برے کام سے ہاتھ نہیں کھینچتے آپؑ فرمائیں کہ میں کیا کروں؟ حضرت الیاسؑ نے فرمایا: اس کا علاج یہ ہے کہ جب بھی کوئی ایسے افراد کے پاس جایا کرو تو یہ الفاظ کہا کرو:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ

پس اسی وقت خداوند تعالی! ایک فرشتہ ان لوگوں پر متعین کرتا ہے تا کہ جب بھی کوئی غیبت کرنے کا ارادہ کرے تو وہ انہیں اس عمل سے باز رکھے گا، پھر حضرت خضرؑ نے فرمایا: اگر کوئی کسی محفل سے اٹھتے وقت یہ مذکورہ صلوات پڑھے، تو خداوند متعال ایک فرشتے کو بھیجتا ہے تا کہ اس محفل والے لوگوں کو اس شخص کی غیبت نہ کرنے دیں۔ (۳)

دودھ دینے والی انگلیاں

حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا: بنی اسرائیل کی عورتیں فرعونیوں کے ڈر سے اپنے بچوں کو ولادت کے بعد پہاڑوں، غاروں اور کھائیوں میں چھپا دیتی تھیں کہ خدانخواستہ انہیں کوئی

گزند نہ پہنچے اور ان کی حفاظت کے اطمینان کیلئے دس مرتبہ صلوات بھیجتی تھیں تو اس وقت خداوند تعالی ایک فرشتے کو ان کی تربیت اور خوراک پر مامور فرماتا تھا اور بچے اس فرشتے کی انگلیوں سے دودھ پیتے تھے، دودھ پینے کے بعد فرشتے کی دوسری انگلیوں سے مناسب غذا جاری ہو جاتی تا کہ بچے اس سے بھی استفادہ کر سکیں، ان عورتوں کے وہ بچے جو صلوات کی برکت سے زندہ رہ گئے وہ ان بچوں سے زیادہ تھے جو قتل ہوئے دوسری طرف سے جو عورتیں اور لڑکیاں زندہ رہ جاتی تھیں ان کو بھی کنیزیں اور لونڈیاں بنا لیتے تھے۔ یہ لوگ مجبوراً حضرت موسیٰؑ کے پاس شکایت لے کر آئے تو آپؑ نے فرمایا: تم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجو پس جب انہوں نے صلوات پڑھنے کو اپنا ورد قرار دیا تو جو ظالم بھی تعرّض کا ارادہ کرتا خدا کے حکم سے وہ ایک بیماری میں مبتلا ہو جاتا اور جو عورت بھی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر درود بھیجتی تھی یہ اس کے لئے ناممکن تھا کہ وہ نجات نہ پائے۔ (۴)

یہودیوں کے ہاتھوں مشرکین کی شکست

حضرت امام علی علیہ السلام نے فرمایا: خداوند متعال نے حضرت موسیٰؑ کے زمانے اور بعد میں آنے والے یہودیوں کو حکم دیا کہ جب بھی کسی مشکل اور مصیبت میں گرفتار ہو جاؤ تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجا کرو اور ان سے مدد طلب کیا کرو، زمانہ گزرتا رہا یہاں تک کہ آنحضرتؐ کے ظہور سے دس سال پہلے قبیلہ اسد اور غطفان نے مشرکین سے مل کر مدینہ کے یہودیوں پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا، مشرکین کی تعداد تین ہزار تھی جبکہ یہودی تین سو سے زیادہ نہ تھے، پس اس وقت یہودیوں نے خدا کو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام کا واسطہ دے کر دعا مانگی تو خداوند امتعال نے مشرکین کو منہدم کر دیا، اسد اور غطفان کے قبیلے والوں نے ایک دوسرے سے کہا: جا کر سارے قبیلوں سے مدد طلب کرتے ہیں پس وہ گئے اور ان سے مدد مانگی اور ان کی تعداد تیس ہزار تک جا پہنچی، اس وقت اپنی اس عظیم طاقت کے بل بوتے پر یہودیوں پر حملہ کر دیا اور انہیں ایک دیہات میں محصور کر دیا ان کا کھانا پانی بند کر دیا، یہودیوں نے امان لینے کیلئے ایک قاصد بھیجا لیکن مشرکین نے

Presented by: https://jafrilibrary.com
Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

قبول نہ کیا اور کہنے لگے کہ ہم تم سب کو قتل کریں گے، تمہاری عورتوں کو قیدی بنائیں گے، تمہارے اموال کو غارت کریں گے، پس یہودی راہ حل کی تلاش کرنے لگے اس وقت یہودیوں کے بزرگوں کو یاد آیا کہ مگر حضرت موسیٰ نے حکم نہیں دیا تھا کہ مصیبت کے وقت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجیں تا کہ نجات پا جائیں پس ساری قوم نے خداوند متعال کو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام کا واسطہ دیا کہ ہمیں پانی عطا فرما کیونکہ ہمارے جوان پیاس کی وجہ سے ضعیف ہو چکے ہیں اور ہلاک ہونے کے قریب ہیں اس وقت خدا نے باران رحمت نازل کی اور ان کے حوض پانی سے پر ہو گئے یہودی خوش ہو گئے اور کہنے لگے کہ یہ ان احسانات کی نشانی ہے جو ہم پر کئے گئے وہ چھتوں پر آئے اور مشرکین کو دیکھا کہ وہ بارش کی وجہ سے شدید اذیت میں مبتلا ہیں ان کی خوراک اور اسلحہ یا تو خراب ہو چکا ہے یا قابل استفادہ نہیں رہا اور بعض تر بتر ہو گئے ہیں تو اس وقت باقی رہ جانے والے مشرکین نے یہودیوں سے کہا کہ ہم تم پر غلبہ کئے بغیر یہاں سے نہیں ہٹیں گے یہودی جواب میں کہنے لگے کہ جس ذات نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر درود بھیجنے کی برکت سے پانی فراہم کیا ہے وہ ہمیں کھانا دینے پر بھی قادر ہے اور جس طرح تم میں سے بعض کو تتر بتر کیا ہے وہ باقیوں کو بھی تباہ و برباد کرنے پر قادر ہے، اس کے بعد یہودیوں نے ایک مرتبہ پھر خدا کو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام کا واسطہ دے کر کھانے کا سوال کیا، اچانک ایک بہت بڑا قافلہ وہاں پہنچ گیا جو دو ہزار اونٹ اور گدھوں پر مشتمل تھا اور سبھی پر خوراک لادی گئی تھی جب قافلہ مشرکین کے قریب پہنچا تو وہ سبھی گہری نیند سو رہے تھے اور انہیں قافلہ کا علم نہ ہو سکا تو اس وقت قافلہ بخیر و خوبی شہر میں داخل ہو گیا اور اپنا مال و اسباب یہودیوں کو بیچ دیا اور چلے گئے جبکہ مشرکین ابھی تک محوِ خواب تھے جبکہ کارواں دور جا چکا تھا تو مشرکین نے خیال کیا کہ یہودی غذا نہ ہونے کی وجہ سے کمزور اور ناتوان ہو چکے ہیں لہذا ان پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا، یہودی کہنے لگے کہ جب تم محوِ خواب تھے خدا نے ہمارے لئے غذا فراہم کی اور اگر ہم تمہیں ہلاک کرنا چاہتے تو ہلاک کر سکتے تھے لیکن ہم ظلم کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے لہذا ابھی چلے جاؤ اور اگر نہ گئے تو خدا کو پھر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام کا

واسطہ دے کر سوال کریں گے کہ وہ تمہیں ذلیل و رسوا کرے لیکن مشرکین نے اس بات پر کوئی دھیان نہ دیا، یہودیوں نے پھر خدا سے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام کے وسیلے سے نصرت مانگی اور مشرکین پر حملہ کر دیا اور ان میں سے بعض کو قیدی بنا لیا، جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ظہور ہوا یہودیوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حسد کیا کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیونکر عربی ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا: کیا یہی صلہ ہے اس غلبہ کا جو خدا نے یہودیوں کو مشرکین پر عطا کیا تھا جب تم نے خدا کو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام کا واسطہ دیا تھا؟ پس اے میری امت تم نیز مصیبت کے وقت خدا کو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام کا واسطہ دے کر سوال کرو تا کہ خداوند تمہاری نصرت کرے اور تم مشکلات پر غالب آ جاؤ یاد رکھو! کہ تم میں سے ہر ایک کے دائیں طرف ایک فرشتہ ہے جو نیکیوں کو لکھتا ہے اور تمہارے بائیں طرف دوسرا فرشتہ ہے جو گناہوں کو لکھتا ہے اور ابلیس کی جانب سے بھی دو شیطان ہوتے ہیں جو آدمی کو گمراہ کرتے ہیں اور جب تم میں سے کوئی دل میں کوئی وسوسہ محسوس کرے تو خدا کو یاد کرے اور کہے:

"لا حولَ وَلا قُوَّةَ اِلّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظیم

وَصَلَّ اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّد وَآلِهِ الطّاهِرین"

اس وقت دونوں شیطان غائب ہو جاتے ہیں اور ابلیس سے شکایت کرتے ہیں کہ آج اس شخص نے ہمیں بہت تھکا دیا ہے لہذا ہمیں مدد کی ضرورت ہے ابلیس عورتوں کے ایک گروہ کو ان کی مدد کیلئے بھیجتا ہے یہاں تک کہ ان کی تعداد ایک ہزار تک پہنچ جاتی ہے اور وہ سبھی اس آدمی کے درپے ہوتے ہیں تو اگر اس وقت آدمی خدا کو یاد کرے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر درود بھیجے تو وہ شیاطین ناکام و نامراد لوٹ آتے ہیں اور ابلیس سے شکایت کرتے ہیں کہ ہم اس پر غالب نہیں آ سکے اور اگر اس پر غلبہ چاہتے ہو تو تم خود اپنے تمام لاؤ لشکر کے ساتھ آؤ، پھر ابلیس اپنے تمام لشکر کے ساتھ آتا ہے اس وقت خدا فرشتوں سے فرماتا ہے کہ ابلیس اور اس کا لشکر میرے فلان بندے کے درپے ہیں لہذا جلدی سے اس کی مدد کیلئے جاؤ اس وقت ہر شیطان کے مقابلہ میں ایک لاکھ فرشتے اس حال میں

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

آتے ہیں کہ آگ کے گھوڑوں پر سوار ہوتے ہیں اور دائیں ہاتھ میں آگ کی تیر کمان ہوتی ہے وہ شیطانوں کو بھگا دیتے ہیں، بعض کو قتل کرتے ہیں، ابلیس کو قیدی بنا لیتے ہیں اور اسے مارتے ہیں، اس وقت ابلیس فریاد کرتا ہے: اے خدا! کیا تو نے مجھے وقت معلوم تک مہلت نہیں دی؟ پس خدا کی جانب سے خطاب آتا ہے کہ اے فرشتو! میں نے اسے مہلت دے رکھی ہے کہ اسے موت نہ دوں لیکن میں نے اسے یہ مہلت نہیں دی کہ مار اس پر اثر نہ کرے، پس اسے مارو، فرشتے اس کی اتنی پٹائی کرتے ہیں کہ اس کے تمام اعضاء زخمی ہو جاتے ہیں، اس کے بعد سے ابلیس اپنے اور اپنی اس اولاد کیلئے جو قتل ہو چکی ہوتی ہے، غمگین رہتا ہے، اس کے جسم کے زخم بھی ٹھیک نہیں ہوتے، جب تک وہ آدمی صلوات پڑھتا رہتا ہے اور اس کے زخم اسی حالت پر باقی رہتے ہیں اور اگر وہ آدمی خدا کو بھول جائے اور صلوات نہ بھیجے شیطان کے زخم ٹھیک ہونا شروع ہو جاتے ہیں پھر ابلیس اس شخص پر مسلط ہو جاتا ہے، اسے لگام لگا دیتا ہے اس پر زین رکھتا ہے اور اس پر سوار ہو جاتا ہے پھر نیچے آ کر کہتا ہے کہ ابھی میں اس پر مسلط ہو چکا ہوں اور جب چاہوں اس پر سوار ہو سکتا ہوں (۵)

﴿لوگوں کا سامری کے ذریعہ گمراہ ہونا﴾

حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام سے اس آیت " واذ وَاعَدْنا مُوسیٰ اَرْبَعینَ لَیْلَة ثُمَّ اتخَذْتُمْ العجل مِنْ بَعْدِهِ وَ اَنْتُمْ ظالِمُون "

کے ذیل میں روایت نقل کی گئی ہے کہ حضرت موسیٰ نے بنی اسرائیل سے فرمایا: جب خداوند تعالیٰ تمہارے لئے آسانی فراہم کرے اور تمہارے دشمنوں کو ہلاک کرے تو میں خداوند متعال کی طرف سے تمہارے لئے ایک کتاب لے کر آؤں گا جو کہ خدا کے اوامر، پند و نصائح اور ضرب الامثال پر مشتمل ہوگی، جب خدا نے بنی اسرائیل کو نجات عطا کی تو حضرت موسیٰ کو حکم دیا کہ تم وعدہ گاہ پہنچ جاؤ اور اس کام کیلئے تیس دن روزے رکھو، حضرت موسیٰ نے خیال کیا کہ خدا تیس دن کے بعد کتاب عطا فرمائے گا، جب تیسواں دن آ پہنچا تو آپ نے افطار سے پہلے مسواک کر لیا، اس کے بعد خدا

نے آپ کی طرف وحی بھیجی کہ اے موسیٰ کیا تو نہیں جانتا کہ روزہ دار کے منہ کی خوشبو! مشک سے زیادہ مجھے پسند ہے؟ پس دس دن مزید روزے رکھو اور افطار کے وقت مسواک نہ کرو، اس کے بعد حضرت موسیٰ نے وہی کیا جس کا حکم ہوا تھا اور خدا نے جو وعدہ فرمایا تھا کہ چالیس دنوں کے بعد کتاب عطا فرمائے گا، سامری نے بنی اسرائیل کے کم عقل لوگوں کے دلوں میں یہ شک پیدا کر دیا کہ موسیٰ کا وعدہ تمام ہو چکا اور ابھی تک کتاب کے بارے میں کوئی خبر ہم تک نہیں پہنچی اور موسیٰ نے ابھی تک اپنے پروردگار کا دیدار ہی نہیں کیا ہے جبکہ خداوند متعال حضرت موسیٰ کے بغیر بھی تمہیں اپنی طرف بلانے پر قادر ہے پھر سامری نے جو بچھڑا تیار کیا تھا اسے حاضر کیا تو قوم بنی اسرائیل نے کہا کہ کیونکہ یہ بچھڑا ہمارا خدا ہو سکتا ہے؟ سامری نے کہا کہ تمہارا پروردگار اس بچھڑے کے ذریعہ تم سے کلام کرے گا جس طرح موسیٰ سے درخت کے ذریعہ کلام کرتا ہے، سادہ لوح لوگوں نے جب بچھڑے کی آواز سنی تو خیال کیا کہ خدا ان کے ساتھ بات کر رہا ہے، جب حضرت موسیٰ وعدہ گاہ سے واپس آئے اور بچھڑے کو اس حال میں دیکھا تو بچھڑے سے مخاطب ہو کر فرمایا: جس طرح یہ لوگ کہتے ہیں! کیا خدا تیرے درمیان موجود تھا؟ بچھڑا بول پڑا اور کہا: میرا پروردگار اس بات سے منزہ و پاک ہے کہ بچھڑا یا درخت! اس کا احاطہ کر سکے البتہ سامری نے بچھڑے کو دُم کے ذریعہ دیوار سے متصل کر دیا تھا اور پاؤں کے نیچے سوراخ کر کے وہاں ایک شخص کو مقرر کیا تھا جو کہ بچھڑے کی جگہ بولتا تھا، اس وقت خدا کی طرف سے وحی نازل ہوئی: اے موسیٰ: بنی اسرائیل میری عبادت اور بندگی کی وجہ سے ذلیل و خوار نہیں ہوئے بلکہ انہوں نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر صلوات کو فراموش کر دیا ہے اس لئے سستی سے دوچار ہو گئے ہیں۔ (۶)

﴿قرب الٰہی کا وسیلہ﴾

اہل سنت کہتے ہیں کہ خداوند متعال نے حضرت موسیٰ کو وحی کی: اے موسیٰ کیا یہ چاہتے ہو کہ میں تمہاری نسبت سے تمہارے کلام، تمہاری آنکھوں کی نسبت سے تمہاری نگاہوں، تمہارے بدن کی

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

نسبت سے تمہاری روح اور تمہارے دل کی نسبت سے تمہارے خیال وافکار سے زیادہ قریب ہو جاؤں؟ حضرت موسیٰؑ نے عرض کی: ہاں بارالہا، میں ایسا ہی قُرب چاہتا ہوں! خطاب ہوا! اب جبکہ اس سعادت پر نائل ہونا چاہتے ہو تو میرے حبیب محمد مصطفیٰ ﷺ پر صلوات بھیجو کیونکہ ان پر صلوات بھیجنا رحمت اور نور ہے۔ (۷)

عرش الٰہی پر پیغمبر ﷺ کی مناجات

جب حضرت موسیٰؑ نے کوہ طور پر خدا سے مناجات کی تو خدا نے آپ سے فرمایا: اے موسیٰؑ! تمہارے لئے ضروری ہے کہ تکبّر سے دور رہو کیونکہ اگر دنیا کی تمام مخلوق ذرّہ سا بھی تکبر رکھتی ہوگی تو انہیں دوزخ میں جگہ دوں گا اور سخت عذاب میں مبتلا کروں گا اگر چہ ابراہیم خلیلؑ یا اس کا بیٹا اسماعیلؑ ہی کیوں نہ ہو، اے موسیٰؑ اگر چاہتے ہو کہ میں تمہارے زیادہ نزدیک ہو جاؤں اور تجھ سے راضی رہوں تو میرے حبیب محمد ﷺ پر صلوات بھیجو چونکہ ان پر صلوات بھیجنا تیرے مقام کو بلند کرے گا، پھر موسیٰؑ نے محمد ﷺ وآل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجی اور خدا نے بھی (چھ لوح) عطا فرمائیں اور کہا: اے موسیٰؑ! یہ لوح لے لو! موسیٰؑ نے تختیاں لیں اور عرض کیا: اے پروردگارا! یہ محمد ﷺ کون ہے جس پر صلوات بھیجنے کے سبب تجھ سے زیادہ نزدیک ہو جاؤں گا؟ ندا آئی: اے موسیٰؑ جان لو کہ اگر محمد ﷺ وآل محمد علیہم السلام نہ ہوتے تو تجھے خلق نہ کرتا اور جو بہت زیادہ فضایل وکرامات میں نے محمد ﷺ وآل محمد علیہم السلام کو دیئے ہیں اس کا اعتراف واقرار کرو، حضرت موسیٰؑ نے عرض کیا: پروردگارا! تو مجھے دوست رکھتا ہے یا محمد ﷺ کو؟ خطاب پہنچا: اے موسیٰؑ! تیرا مقام صرف کلام کی حد تک ہے اور محمد ﷺ کا مقام ومنزلت دوستی پر ہے، اور جان لو کہ دوست ہمکلام سے زیادہ عزیز ہوتا ہے اور جان لے کہ میرے ساتھ تمہاری مناجات فقط کوہ طور پر ہیں اور محمد ﷺ کی مناجات عرش پر ہیں

" دنی فتدلّی فکان قاب قوسین او ادنیٰ " (۸)

بارگاہ پروردگار میں عزت وعظمت ہونا

کوہ طور پر جب حضرت موسیٰؑ نے خدا سے مناجات کیں تو خدا نے فرمایا: اگر کوئی فرشتہ یا پیغمبر محمد ﷺ پر ایمان نہ لائے، تو میں ان کے تمام نیک اعمال ضائع کردوں گا اور ان کے نام خوش قسمت افراد کی فہرست سے نکال کر بد بخت افراد کی فہرست میں شامل کردوں گا، اے موسیٰؑ! جان لو کہ جب قیامت برپا ہوگی تو ابراہیم خلیلؑ اپنی اولاد اسماعیلؑ اور اسحاقؑ سے اور تو اپنے بھائی ہارونؑ سے گریزاں ہوگے، لیکن محمد ﷺ اپنی گناہگار امت سے گریزاں نہیں ہوگا اور ان کی شفاعت کرے گا، جان لو کہ محمد ﷺ کی امت کے گناہ ایک کے بدلہ ایک اور ان کی نیکیوں کو ایک کے بدلہ سات سو گنا کروں گا اور جو بھی ایک دفعہ محمد ﷺ وآل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجے گا وہ میری بارگاہ میں عزیز ہوگا۔ (۹)

حضرت موسیٰؑ کا خدا کے نزدیک محبوب ہونا

خداوند تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ سے فرمایا: اے موسیٰؑ! تجھ سے بات کرتے وقت میں نے تجھے دس ہزار کان دیئے تا کہ میرا کلام سن سکو اور دس ہزار زبانیں عطا کیں تا کہ مجھے جواب دینے پر قادر ہو سکو ان تمام عنایات کے باوجود جو میں نے تجھ پر کی ہیں، جب بھی میرے حبیب محمد ﷺ پر صلوات بھیجو گے میرے زیادہ محبوب بن جاؤ گے۔ (۱۰)

اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے حضرت عیسیٰؑ کو صلوات پڑھنے کی تاکید

جب قرار پایا کہ عیسائی پیغمبر ﷺ کے ساتھ مباہلہ کریں، انہوں نے اپنے بعض بڑے لوگوں سے مشورہ کیا ان میں سے ایک جس کا نام حارثہ تھا اور دین عیسیٰؑ پر ایمان رکھتا تھا، اپنی جگہ سے اٹھا اور لوگوں کی طرف مخاطب ہو کر کہنے لگا: خداوند تعالیٰ نے حضرت عیسیٰؑ کی طرف وحی کی: اے میری کنیز کے بیٹے! میری کتاب لے لو اور ملک شام والوں کیلئے انہی کی زبان میں اس کی تفسیر بیان کرو، ان سے کہو: میں اللہ ہی وہ خدا ہوں کہ جس کے علاوہ اور کوئی خدا نہیں ہے اور میں ہی وہ زندہ ہوں جسے ہرگز موت نہیں آئے گی اور میں ہی وہ ذات ہوں کہ جس کا وجود مستقل ہے اور میں ہی وہ خدا ہوں جس

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

نے تمام کائنات کو عدم سے وجود بخشا پھر اس کے بعد فرمایا: یقیناً میں نے رسولوں کو مبعوث کیا اور اپنی کتابیں ان کیلئے ہدایت و رحمت بنا کر بھیجیں تا کہ انہیں گمراہی سے بچاؤں، یقیناً ایک برگزیدہ رسول کو بھیجوں گا جس کا نام احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوگا اور فارقلیطا جو کہ میرا بندہ اور دوست ہے اسکو اس وقت اس کے ساتھ بھیجوں گا جب زمانہ ہادی اور رہنما سے خالی ہو چکا ہوگا اسے مکہ معظمہ میں کوہ فاران سے مبعوث کروں گا جو کہ اس کا محل ولادت ہے اور اس کے جد امجد حضرت ابراہیمؑ کا مقام بھی ہے اس کیلئے ایک نیا نور بھیجوں گا جس کے ذریعہ اندھی آنکھوں، بہرے کانوں اور نادان دلوں کو جلا بخشوں گا، خوش نصیب ہے وہ شخص جو اس کے زمانے کو درک کرے گا اور اس کی باتوں کو سنے گا اور اس پر ایمان لائے گا اور اس کا اتباع کرے گا پس اے عیسیٰؑ! جب اسے یاد کرو اس پر صلوات بھیجو کہ میں بھی اور تمام فرشتے بھی اس پر صلوات بھیجتے ہیں۔(۱۱)

حوالہ جات.....

۱۔ احمد حسینی، فضیلت صلوات ص ۱۳۸، لمعات الانوار ص ۱۷

۲۔ امالی صدوق، ج ۳ باب فضل صلوات در روز جمعہ، ص ۴۳۳

۳۔ فضیلت صلوات، ص ۹۲

۴۔ بحار الانوار، ج ۹۳، ص ۶۱، البرھان، ج ۳، ص ۶

۵۔ بحار الانوار ج ۹۴، ص ۱۰۔ حیاۃ القلوب، ج ۱۔ قصہ حضرت موسیٰ

۶۔ تفسیر امام حسن عسکریؑ، چاپ قدیم، ص ۹۹، چاپ جدید (مدرسۃ المھدی) ص ۲۴۸

۷۔ شرح صلوات مقدم: ص ۵۴

۸۔ سراج القلوب، ص ۸۷

۹۔ سراج القلوب، ص ۸۹

۱۰۔ لمعات الانوار، ص ۳

۱۱۔ خزینۃ الجواہر، ص ۵۸۶

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

حصہ دوّم

وہ واقعات جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمہ معصومینؑ کے زمانے میں رونما ہوئے

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

دوسرا حصہ

وہ واقعات جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ورائمہ معصومینؑ کے زمانے میں رونما ہوئے

کہا جاسکتا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجنے کے واقعات کا اہم ترین حصہ یہی ہے کیونکہ جو واقعات اس حصہ میں درج ہیں یہ واقعات وہ ہیں جو رسول خداؐ یا ائمہ معصومین علیہم السلام کے زمانے میں رونما ہوئے بلکہ ان میں سے بعض واقعات تو خود رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا آپ کی اولاد طاہرین علیہم السلام کے دست مبارک سے رونما ہوئے ہیں، جیسے شہد کی مکھی والی داستان جب اس نے عرض کیا کہ جب پھولوں اور کلیوں کا رس چوستے ہیں تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجنے کی وجہ سے زیادہ مٹھاس آجاتی ہے، البتہ قابل ذکر بات یہ ہے کہ چونکہ یہ واقعات تواتر معنوی کے ذریعہ ہم تک پہنچے ہیں لہذا سند کی چھان پھٹک کی کوئی خاص ضرورت نہیں ہے اہم چیز، خود واقعات ہیں جنہیں ایک ایک کرکے بیان کررہے ہیں۔

بڑا پتھر

حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام سے "ودّ کثیرۃٌ من اھل الکتاب لویردّونکم من بعد ایمانکم کفاراً حسداً" (۱) کے ذیل میں روایت وارد ہوئی ہے کہ یہودیوں نے ایک دوسرے سے عہد و پیمان باندھا کہ پیامبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کو دین اسلام سے منحرف کریں، جنگ احد کے بعد یہودیوں کا ایک گروہ عمار یاسر اور حذیفہ یمانی کے پاس آیا اور کہا: محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دوسری جنگجوؤں کی طرح جنگ میں شرکت کی ہے اور وہ کبھی غالب آجاتا ہے اور کبھی شکست سے دوچار ہوجاتا ہے، لیکن اگر وہ خدا کا رسول ہے تو اسے ہمیشہ فاتح ہونا چاہیے اور

چونکہ وہ کبھی غالب آتا ہے اور کبھی مغلوب ہوجاتا ہے تو وہ خدا کا رسول نہیں ہے تو اس وقت حذیفہ نے کہا: تم پر خدا کی لعنت ہو، ہم تمہاری باتوں پر کان دھرنے والے نہیں ہیں یہ کہہ کر اٹھے اور چلے گئے، لیکن عمار بیٹھے رہے اور ان سے کہنے لگے: خدا کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب کو صبر کرنا سکھایا ہے چونکہ صبر واستقامت کامیابی کا زینہ ہے اور جنگ احد میں بھی اسی طرح کامیابی کی نوید انہیں دی گئی تھی لیکن چونکہ بعض لوگوں نے رسالتؐ کے فرمان کی مخالفت کی تھی، لہذا شکست اٹھانا پڑی۔ یہودی کہنے لگے اے عمار! پس تو جانتا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بزرگان قریش پر غالب آئے گا؟ عمار کہنے لگے اس خدا کی قسم! جس نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حق وصداقت کے ساتھ مبعوث کیا ہے، محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام کی اتنی معرفت رکھتا ہوں کہ مکمل طور پر ان کی اطاعت کروں گا اور اگر مجھے حکم دیں کہ آسمان کو زمین پر لے آؤں اور زمین کو آسمان پر لے جاؤں تو یقیناً یہ کام کردکھاؤں گا، یہودی کہنے لگے: خدا کے نزدیک محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رتبہ اس سے کہیں کم ہے اور اے عمار! تو اس سے بھی کمتر ہے، پس عمار وہاں سے اٹھے اور کہنے لگے: میں نے حجت تمام کی ہے، پھر پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے عمار جس موضوع پر تم اور حذیفہ یہودیوں سے گفتگو کررہے تھے، وہ خبر مجھ تک پہنچ چکی ہے، اسی وقت یہودی بھی پہنچ گئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کرنے لگے: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! عمار کا خیال ہے کہ اگر آپ اسے آسمان کو زمین پر لانے اور زمین کو آسمان پر لے جانے کا حکم دیں تو وہ ایسا کرسکتا ہے، لہذا اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ہم فقط اسی پر اکتفا کرلیں گے کہ اگر یہ آپؐ کے سامنے پڑا ہوا پتھر اٹھالے (وہ ایسا پتھر تھا جسے دوسو آدمی مل کر بھی حرکت نہیں دے سکتے تھے) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عمار کی ان باریک اور کمزور ٹانگوں کو نہ دیکھو، اس کی نیکیاں اتنی زیادہ سنگین ہیں کہ دنیا کے تمام پہاڑوں کے مقابلے میں زیادہ سنگین تر ہیں، خدا نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر صلوات کی بدولت اس پتھر سے زیادہ سنگین چیزوں کو اٹھانے کی قدرت وطاقت عنایت کی ہے اور صلوات کی

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

بدولت عرش الٰہی آٹھ فرشتوں کے کندھوں پر کھڑا ہوا ہے، اس کے بعد عمار سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ اے عمار! کہو: اے پروردگار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام کی عزت کی قسم دے کر سوال کرتا ہے میری طاقت میں اضافہ فرما پس عمار نے دعا کی اور پتھر اٹھا کر اپنے سر پر بلند کر لیا اور عرض کی: یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان، خدا کی قسم یہ پتھر دانتوں کے خلال سے بھی ہلکا ہے، پھر پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عمار! اس پتھر کو اس سامنے والے پہاڑ پر دے مارو جو ہم سے ایک فرسخ کے فاصلہ پر ہے عمار نے بھی پتھر اس پہاڑ پر دے مارا، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے یہودیو! کیا تم نے دیکھ لیا؟ کہنے لگے: ہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمانے لگے: اے عمار! اٹھو اور اس پہاڑ پر جا کر ایک ایسا پتھر اٹھا لاؤ جو اس پتھر کے کئی گنا ہو، عمار نے رسول خداؐ کے اعجاز سے ایک قدم اٹھایا، دوسرا قدم اس پہاڑ پر رکھا اور تیسرے قدم میں پتھر کو اٹھا لائے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کے مطابق اسے زمین پر دے مارا اور وہ ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نے دیکھ لیا؟ عرض کرنے لگے: ہاں! پس اس وقت کچھ یہودی ایمان لے آئے اور کچھ اپنے انکار پر ڈٹے رہے۔ (۲)

﴿اہل وعیال اور مال کا محفوظ رہنا﴾

حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا: حضرت علی علیہ السلام کے ایک محب نے شام سے عریضہ آپ کی خدمت میں بھیجا کہ میرے پاس بہت زیادہ مال واسباب ہے اور آپ کی زیارت کا مشتاق بھی ہوں لیکن اہل وعیال سے جدا ہوتے ہوئے ڈرتا ہوں، صلوات بھیجو اور کہو کہ خدایا یہ سب تیرے پاس تیرے بندے علی بن ابی طالب کے حکم سے بطور امانت رکھ رہا ہوں، اس آدمی نے ویسا ہی کیا جیسا آپ علیہ السلام نے فرمایا تھا اور حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں شرفیاب ہونے کیلئے کوفہ روانہ ہو گیا۔ یہ خبر معاویہ تک پہنچی، اس نے حکم دیا کہ اس مرد مؤمن کے تمام اموال لوٹ لیں اور اس کے اہل وعیال کو کنیزی میں لے آئیں، جب معاویہ کے کارندے اس آدمی کے گھر میں داخل ہوئے تو انہیں معاویہ اور یزید کے اہل وعیال کے علاوہ وہاں کچھ بھی نظر نہ آیا، معاویہ اور

یزید کے اہل وعیال نے کہا کہ تم واپس چلے جاؤ کیونکہ جو مال اسباب بھی موجود تھا ہم نے لے لیا ہے اور اس کے اہل وعیال کو بازار بھیج دیا ہے، کارندے واپس چلے گئے، یوں خداوند متعال نے اس مرد مومن کے اہل وعیال کو بچا لیا، چند دنوں کے بعد شہر کے چوروں کو پتہ چلا کہ وہ آدمی نہیں ہے اور اس کے اموال کا کوئی نگہبان نہیں ہے، وہ وہاں آئے تا کہ جو مال اسباب بھی ہے لوٹ لیں، لیکن خدا کی قدرت سے انہیں مال واسباب سانپ اور بچھوؤں کی شکل میں نظر آئے، ان میں سے بعض کو سانپوں نے ڈس لیا اور ہلاک ہو گئے اور بعض بیمار ہو گئے، ایک دن حضرت علی علیہ السلام نے اس آدمی سے فرمایا: کیا اپنے اہل وعیال اور اموال کو اپنے سامنے دیکھنا چاہتے ہو؟ اس نے کہا: ہاں مولا! پھر حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام کے معجزے سے اس کے تمام اموال اور اہل و عیال حاضر ہو گئے اس وقت پیش آنے والے تمام واقعات کو بیان کیا کہ کس طرح معاویہ اور یزید کے اہل وعیال آئے اور کس طرح چور سانپوں اور بچھوؤں کا شکار ہوئے، آپ علیہ السلام نے فرمایا: ان اللہ ربّما اظھر آیة لبعض المؤمنین لیزید فی بصیرته " یعنی بعض اوقات خداوند متعال بعض مؤمنین کیلئے کوئی نشانی ظاہر کرتا ہے تا کہ اس کے ایمان میں اضافہ ہو جائے۔ (۳)

﴿فقیر کا ثروتمند ہونا﴾

سورہ بقرہ آیت نمبر ۱۹۸ "لیس علیکم جناح ان تبتغوا فضلاً من ربکم" کے ذیل میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ ایک شخص رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علی علیہ السلام کی محبت کے لحاظ سے تمہارا اور تمہارے دینی بھائیوں کا کیا حال ہے؟ اس نے عرض کی: انہیں اپنی جان کی طرح عزیز رکھتے ہیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تو خدا کا دوست ہے لہذا غم نہ کرو کیونکہ دنیا کی مشکلات ختم ہو جائیں گی اور خدا اتنا زیادہ تجھے عطا کرے گا کہ کسی کو عطا نہ کیا ہو، پس ہمیشہ صلوات پڑھتے رہو، وہ آدمی بہت خوش ہوا اور صلوات پڑھنی شروع کر دی، ایک اور شخص اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگے

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

:اے فلاں شخص! محمد ﷺ نے تیرے لیے کیا خوب کام ڈھونڈا ہے، اس کا مذاق اڑایا اور کہنے لگا کہ صلوات سے تو بھوک دور نہیں ہوتی، تھوڑے عرصے کے بعد ان دونوں نے اسی شخص کو بازار میں دیکھا اور کہنے لگے: اے شخص! تو بازار میں کیا کر رہا ہے؟ اس نے کہا: میرے پاس مال نہیں ہے کہ جس سے تجارت کروں بلکہ میری تجارت صلوات ہے، وہ دونوں کہنے لگے: صلوات سے تو پیٹ نہیں بھرتا، اس نے جواب دیا: خدا کی قسم ایسا نہیں ہے، چونکہ محمد ﷺ خدا کے رسول ہیں اور جو بھی ان پر ایمان لائے گا عالی درجات پر فائز ہو جاتا ہے اور خدا اسے سختیوں سے نجات عطا فرماتا ہے، اچانک ایک آدمی آیا جس کے ہاتھ میں تین بوسیدہ مچھلیاں تھیں، منافق کہنے لگے: یہ مچھلیاں اس آدمی کو بیچ دو، مچھلی فروش نے کہا: اے شخص یہ مچھلیاں مجھ سے خرید لو، اس مرد مومن نے جواب دیا: میرے پاس پیسے نہیں ہیں، وہ دونوں کہنے لگے: تم خرید لو پیسے خود محمد ﷺ دے دیں گے، پس اس آدمی نے مچھلی خرید لی، بیچنے والا رسول خدا ﷺ کے پاس گیا اور آنحضرت ﷺ سے ایک درہم لے لیا، وہ مرد مومن مچھلی گھر لے گیا، جب مچھلی کا پیٹ چاک کیا تو وہاں سے دو قیمتی موتی نکل آئے جن کی قیمت تقریباً دو سو درہم تھی تو ان منافقین کو یہ خبر سن کر رنج ہوا، مچھلی فروش کے پاس گئے اور اس سے کہنے لگے: مچھلی کے پیٹ سے دو قیمتی موتی نکل آئے ہیں جبکہ تو نے مچھلی فروخت کی تھی نہ کہ موتی لہذا جاؤ اور وہ موتی واپس لے لو، وہ آدمی گیا اور جواہر واپس لے لئے، اسی وقت وہ جواہر بچھوؤں میں تبدیل ہو گئے اور اس کے ہاتھوں پے ڈس لیا، اس صورت حال کو دیکھتے ہوئے وہ منافق کہنے لگے: یہ محمد ﷺ کا جادو ہے، جب اس مرد مؤمن نے مچھلی کا پیٹ دھویا تو وہاں سے دو مزید جواہر نکلے ایک مرتبہ پھر ان منافقوں نے مچھلی فروش کو اس بات سے آگاہ کیا، دوسری مرتبہ پھر اس نے جواہر واپس لینے چاہے، اس مرتبہ موتی دو سانپوں کی شکل میں ظاہر ہوئے اور اس پر حملہ کر دیا، مچھلی فروش چلانے لگا کہ مجھے نہیں چاہیے پس اس مرد مؤمن نے سانپوں کو پکڑا تو وہ پھر موتی بن گئے منافق کہنے لگے: اتنا بڑا جادو کبھی بھی نہیں دیکھا تھا، اس مرد مؤمن نے کہا: اگر یہ سحر و جادو ہے تو پھر جنت و جہنم بھی سحر و جادو ہے اس

وقت وہ آدمی چاروں قیمتی جواہر پیغمبر اکرم ﷺ کی خدمت میں لایا، وہاں پر عرب کے بعض تاجر موجود تھے جنہوں نے وہ قیمتی جواہر چار سو دینار میں خرید لئے، آنحضرت ﷺ نے فرمایا: خدا نے تجھے یہ نعمت صلوات کی برکت سے عطا فرمائی ہے۔ (۴)

صلوات اور شہد کی مٹھاس

ایک دن رسول خداؐ ایک نخلستان میں تشریف فرما تھے اور حضرت علی علیہ السلام بھی آپ کی خدمت میں حاضر تھے، اچانک ایک شہد کی مکھی آپ کے پاس آئی اور آپ کے اردگرد گھومنا شروع کر دیا اس وقت پیغمبر اکرم ﷺ نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علی علیہ السلام! یہ شہد کی مکھی ہماری ضیافت کرنا چاہتی ہے، یہ کہہ رہی ہے کہ میں نے فلاں جگہ پر کچھ شہد رکھا ہوا ہے امیر المؤمنین حضرت علی علیہ السلام کو بھیج کر وہ منگوالیں مولائے کائنات تشریف لے گئے اور وہ شہد وہاں سے لے آئے، رسول خدا ﷺ نے شہد کی مکھی سے پوچھا: تمہاری غذا تو کڑوے کسیلے پھول اور کلیاں ہیں پھر کیسے وہ میٹھے شہد میں تبدیل ہو جاتے ہیں؟ مکھی نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ شیرینی آپ کے مبارک وجود کی وجہ سے ہے چونکہ جب بھی ہم تھوڑے سے پھول کلیاں لیتے ہیں تو خدا کی طرف سے الہام ہوتا ہے کہ تین مرتبہ آپ پر صلوات بھیجیں صلوات بھیجنے کی برکت سے تلخ اور کڑوے شگوفے میٹھے شہد میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ (۵)

صلوات کا ثواب شمار نہیں ہو سکتا

پیغمبر اکرم ﷺ نے فرمایا: شب معراج جب آسمان پر پہنچا تو ایک فرشتے کو دیکھا جس کے ہزار ہاتھ تھے اور ہر ہاتھ کی ہزار انگلیاں تھیں وہ فرشتہ اپنے ہاتھوں اور انگلیوں کی مدد سے حساب و کتاب میں مشغول تھا، میں نے جبرائیلؑ سے پوچھا جو میرے ہمراہ تھا کہ یہ فرشتہ کون ہے؟ اور کس چیز کا حساب کر رہا ہے، جبرائیل نے کہا: یہ فرشتہ بارش کے قطرات پر موکل ہے وہ حساب کرتا ہے کہ بارش کے کتنے قطرے زمین پر نازل ہوئے، پس میں نے اس فرشتہ سے کہا: کیا تم

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

آغاز کائنات سے لے کر آج تک زمین پر آنے والے بارش کے قطرات کا علم رکھتے ہو؟ کہنے لگا :یارسول اللہ! اس خدا کی قسم جس نے آپ کو برحق مبعوث کیا کہ میں آج تک برسنے والے قطرات کے علاوہ ان کے برسنے کی جگہ کو بھی علیحدہ علیحدہ جانتا ہوں، بیابانوں، بستیوں، باغات، شورہ زار اور قبرستانوں پر برسنے والے بارش کے قطرات کو بھی دقیق طور پر جانتا ہوں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ ذات کتنی علیم وخبیر ہوگی کہ جس نے تم جیسے فرشتے کو خلق کیا ہے جو قطرات باراں کو دقت سے شمار کرتا ہے، اس وقت فرشتے نے کہا: یارسول اللہؐ! حساب وکتاب کیلئے انگلیوں، ہاتھوں کے ہوتے ہوئے اور اس تمام دقت کے باوجود ابھی تک ایک چیز کا حساب نہیں کرسکا، میں نے پوچھا: کس چیز کا؟ عرض کی: جب آپ کی امت کا ایک گروہ آپ کا اسم مبارک سن کر آپ پر صلوات بھیجتا ہے تو میں اس صلوات کے ثواب کا حساب نہیں کرسکتا۔ (۶)

آدم علیہ السلام سے خاتم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا: ایک یہودی حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: خدا نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدمؑ کو سجدہ کرو تو کیا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے بھی کوئی ایسی فضیلت ہے؟ آپ نے فرمایا: خدا نے فرشتوں کو جو آدم کے سجدہ کا حکم دیا تھا وہ اسی وجہ سے تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے اوصیاء کے نور کو اس کی اولاد سے قرار دیا تھا، فرشتوں کا سجدہ آدم کی پرستش وعبادت کیلئے نہیں تھا بلکہ خدا کے حکم کی اطاعت اور اس بات کا اعتراف تھا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آدمؑ سے افضل ہیں، اگر آدم کو یہ فضیلت عطا کی تو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس سے برتر فضیلت عطا فرمائی کیونکہ خود خدا نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوات بھیجی اور تمام فرشتوں اور مخلوقات کو آپؐ پر صلوات بھیجنے کا حکم دیا، پس جو شخص بھی آپ پر حال حیات و ممات میں صلوات بھیجے گا خداوند متعال اسے دس گنا اجر عطا فرماتا ہے، ہر صلوات کے بدلہ میں دس نیکیاں عطا فرماتا ہے، جو شخص آنحضرتؐ کی وفات کے بعد آپؐ پر صلوات بھیجے تو

آپؐ اسے سنتے ہیں اور سلام کا جواب دیتے ہیں کیونکہ خدا نے ہر حاجت مند کی دعا کی قبولیت کو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوات بھیجنے پر موقوف کیا ہے۔ (۷)

بہترین عمل

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے: میں نے عالم خواب میں اپنے چچا حمزہ ابن مطلب اور اپنے بھائی جعفر ابن ابی طالب کو دیکھا کہ ان کے آگے بیروں کا ایک طبق رکھا ہوا ہے، تھوڑی دیر اس میں سے کھاتے رہے، پھر وہ بیر انگوروں میں تبدیل ہوگئے، تھوڑی دیر اس میں سے کھاتے رہے، اس کے بعد وہ انگور کھجوروں میں تبدیل ہوگئے، پس تھوڑی دیر وہ اس میں سے بھی کھاتے رہے، اس کے بعد میں ان کے نزدیک گیا اور کہا: ''میرے ماں، باپ آپؐ پر قربان جائیں، سب اعمال سے بہتر اور افضل کون سا عمل پایا؟'' کہنے لگے: ہمارے ماں باپ آپؐ پر قربان جائیں، آپؐ پر صلوات بھیجنا، پانی پلانا اور علی بن ابیطالب علیہ السلام سے محبت کرنا افضل اعمال ہیں۔ (۸)

جنت میں نہیں جاؤں گا جب تک صلوات پڑھنے والا داخل نہ ہوگا

شیخ ابوالحسن تریحی کی کتاب ''روضۃ الاحباب'' میں آیا ہے کہ جو بھی دس مرتبہ صلوات بھیجے، خدا فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ پلک جھپکنے سے پہلے رسول خداؐ کے روضہ مقدس پہ صلوات پہنچاؤ اور کہو کہ یارسول اللہ! فلان بن فلان نے آپ پر درود وسلام بھیجا ہے، رسول خداؐ خوشی سے فرماتے ہیں کہ اب یہ مجھ پر واجب ہے کہ میں صلوات بھیجنے والے پر ایک صلوات کے بدلے میں دس مرتبہ صلوات بھیجوں، میری امت سے کہہ دو کہ جو بھی مجھ پر دس صلوات بھیجے گا تو میں اس وقت تک جنت میں داخل نہ ہوں گا جب تک اس کے ستر رشتہ داروں اور دوستوں کو جنت میں داخل نہ کر دوں پس صلوات بھیجنے والے کو جواب دینے کیلئے فرشتے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر شریف سے ملتے ہیں، اس وقت خدا کی طرف سے ندا آتی ہے کہ اے فرشتو! کہاں تھے؟ (جبکہ خدا جانتا ہے)

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

فرشتے اپنے وظائف کی وضاحت کرتے ہیں اور اس وقت خدا فرماتا ہے: میرے حبیب نے درود بھیجنے والے کے درود کے بدلہ میں کیا دیا ہے؟ فرشتوں نے جو کچھ سنا تھا وہ عرض کرتے ہیں، خداوند متعال ان سے فرماتا ہے: جاؤ اور جا کر میرے بندے سے کہہ دو کہ اگر تم ایک صلوات بھی بھیجتے ہو تو میں تمہیں آتش جہنم سے نجات عطا کرتا ہوں جبکہ ابھی تم نے دس مرتبہ درود بھیجا ہے، پھر خطاب ہوتا ہے: میرے بندے کی تعظیم کرو اور اس کی صلوات اس دن کیلئے محفوظ کرلو، جب وہ محتاج ہوگا، پھر خداوند قادر حکم دیتا ہے کہ صلوات کے ہر حرف کے مقابلے میں ایک فرشتہ خلق ہو جس کے ۳۶۰ سر ہوتے، ہر سر میں ۳۶۰ منہ ہوتے اور ہر منہ میں ۳۶۰ زبانیں ہوتی تا کہ اس فرشتے کا ثواب قیامت تک کیلئے اس شخص کے نامہ اعمال میں درج کیا جائے۔ (۹)

صلوات اور آگ کا حرام ہونا

ایک شخص ایک مچھلی بازار سے خرید کر گھر لے کر آیا، اسے پکانے کیلئے آگ جلائی اور اپنی بیوی سے کہا کہ اسے پکائے، اس عورت نے مچھلی آگ پر رکھی اور جتنی بھی آگ زیادہ کی پھر بھی مچھلی نہ پکی، اور آگ نے مچھلی پر ذرا بھر بھی اثر نہیں کیا، دونوں میاں بیوی کو تعجب ہوا اور حیرت میں ڈوب گئے، اس شخص نے مچھلی اٹھائی پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں لے آیا جب اس نے سارا ماجرا پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیان کیا تو آپؐ نے مچھلی کو مخاطب ہو کر فرمایا: تجھ پر آگ اثر کیوں نہیں کر رہی؟ وہ مچھلی خداوند قادر کے اذن اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اعجاز سے بول پڑی اور کہا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپؐ اور آپؐ کے اہل بیت علیہم السلام کے وجود کی برکت سے آگ نے مجھے نہیں جلایا، کیونکہ جب میں ایک دن فلان سمندر میں تیر رہی تھی تو ایک بڑی کشتی کا وہاں سے گزر ہوا اس کشتی کے ایک مسافر نے آپؐ اور آپ کی عترتؑ پر صلوات بھیجی، میں نے بھی اس کی آواز سن کر صلوات بھیجی، اس وقت ہاتف غیبی نے آواز دی اے مچھلی! تیرا جسم آگ پر حرام ہو گیا ہے۔ (۱۰)

جلے ہوئے پروں والا فرشتہ

ایک دن جبرائیلؑ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت حاضر ہوا اور کہنے لگا: یا رسول اللہ! آج جب میں آسمان سے زمین پر آ رہا تھا تو راستہ میں میرا گزر کوہ قاف سے ہوا، وہاں ایک دلخراش آواز میرے کانوں تک پہنچی، میں سمجھ گیا کہ کوئی مصیبت کا مارا ہے جو اس طرح فریاد کر رہا ہے، لہذا جب میں نے آواز کا تعاقب کیا تو دیکھا کہ ایک فرشتہ ہے جو رو رہا ہے، اس سے پہلے اسے آسمان پر اتنا زیادہ باعظمت دیکھا تھا کہ یہ نور کے ایک تخت پر بیٹھا ہوا تھا، ستر ہزار فرشتے اس کی خدمت میں صف بستہ کھڑے تھے، لیکن ابھی اسے اس حال میں دیکھا کہ شکستہ دل اور جلے ہوئے پروں کے ساتھ زمین پر پڑا ہوا ہے، جب میں نے اس کا سبب دریافت کیا تو کہنے لگا: جس رات پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے معراج فرمائی، میں اپنے تخت پر بیٹھا ہوا تھا اور آپؐ کی جس طرح تعظیم و تکریم کرنی چاہیے تھی، نہ کی، لہذا اس سزا کا مستوجب ٹھہرا اور اس تخت نور سے اس پست خاک پر آ پڑا، پھر مجھے مخاطب کرتے ہوئے کہنے لگا: اے جبرائیل! تو پروردگار ذوالجلال کے حضور میں شفاعت فرما، تا کہ مجھے معافی مل سکے، میں بھی بارگاہ احدیت میں بہت گڑگڑایا اور اس کیلئے معافی اور مغفرت کا خواستار ہوا، خدا کی طرف سے خطاب ہوا: اسے کہہ دو کہ اگر بخشش اور مغفرت چاہتے ہو تو میرے حبیب پر صلوات بھیجو، جب اس نے صلوات بھیجی تو اپنی پہلی حالت میں واپس آ گیا (۱۱)

صلوات اور دعا کا مستجاب ہونا

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب بھی خدا سے اپنی دنیاوی حاجات طلب کرنا چاہو، تو پہلے خداوند سبحان کی مدح و ثنا کرو، پھر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر درود بھیجو پھر خدا سے اپنی حاجات طلب کرو، آپؑ نے فرمایا: ایک آدمی مسجد میں داخل ہوا اور نماز پڑھنے کے بعد اپنے ہاتھ خدا کی بارگاہ میں بلند کئے اور اپنی حاجات طلب کیں، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو وہاں تشریف فرما تھے اس صورت حال کو دیکھتے ہوئے فرمایا: اس شخص نے خدا سے اپنی حاجات طلب کرنے میں عجلت سے کام لیا ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اسی اثنا میں ایک دوسرا شخص آیا، دو رکعت نماز ادا کی خدا کی مدح وثنا کی پھر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجی، اس وقت پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہاری دعا قبول ہونے والی ہے (۱۲)

صلوات اور شیطان کا رنجیدہ ہونا

ایک دن پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک راستے سے گذر رہے تھے کہ راستے میں شیطان کو دیکھا جو بہت کمزور اور لاغر ہو چکا تھا، آپؐ نے اس سے پوچھا: کیوں اس صورت حال سے دوچار ہو؟ کہنے لگا: یارسول اللہ! آپ کی امت کے ہاتھوں خوار ہو رہا ہوں، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امت نے تمہارے ساتھ کیا کیا ہے؟ کہنے لگا: یارسول اللہؐ! آپ کی امت میں چھ خصلتیں ایسی ہیں کہ ان کا سامنا کرنے کی مجھ میں طاقت اور ہمت نہیں ہے، پہلی یہ کہ جب بھی آپس میں ملتے ہیں تو سلام کرتے ہیں، دوسری یہ کہ مصافحہ کرتے ہیں، تیسری یہ کہ جب بھی کوئی کام کرنا چاہتے ہیں تو انشاء اللہ کہتے ہیں، چوتھی یہ کہ اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہیں، پانچویں یہ کہ جیسے ہی آپ کا نام سنتے ہیں صلوات بھیجتے ہیں، چھٹی یہ کہ ہر کام کے آغاز میں کہنے لگا: یارسول اللہؐ!

"بسم اللہ الرحمن الرحیم" پڑھتے ہیں۔ (۱۳)

پل صراط

ایک دن جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حجرے سے نکل رہے تھے تو فرمایا: گذشتہ رات میں نے اپنی امت کے ایک آدمی کو خواب میں دیکھا جو کہ پل صراط عبور کرنا چاہتا تھا لیکن کانپ جاتا تھا اور آگے نہیں بڑھ سکتا تھا، اسی دوران ایک صلوات آئی جو اس نے مجھ پر بھیجی تھی تو اس صلوات نے مجسم ہو کر اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے پل صراط عبور کرا دیا۔ (۱۴)

شعب ابی طالب اور صلوات

جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چند مسلمانوں کے ہمراہ شعب ابی طالب میں محاصرہ کیا گیا تو انہیں چار سال تک وہیں رہنا پڑا، نہ کھانے کیلئے کوئی چیز تھی، نہ پینے کیلئے پانی موجود تھا، لیکن جس بھی بھوکا

پیاس غالب آجاتی تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجتے جس سے بھوک اور پیاس ختم ہو جاتی کیونکہ آسمان سے ان کیلئے خوراک اور پانی نازل ہوتا، جب بھی ان کے لباس گندے اور میلے ہو جاتے تو کپڑے ہاتھ میں لے کر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجتے تو برف کی طرح سفید اور صاف شفاف ہو جاتے، صلوات کی برکت سے وہ اتنے آسودہ حال تھے کہ محاصرہ ختم ہونے کے بعد بھی وہاں سے نکلنا نہیں چاہتے تھے۔ (۱۵)

صلوات فرشتوں کی ہزار سالہ عبادت سے افضل ہے

شب معراج جب پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چوتھے آسمان پر پہنچے تو ایک فرشتے کو دیکھا جو اپنے سامنے پڑی ہوئی ایک لوح کو دیکھ رہا تھا اور اشکوں کا ایک سمندر اپنی آنکھوں سے بہا رہا تھا، وہ فرشتہ آپ کی طرف متوجہ نہ ہوا، حضرت جبرائیلؑ نے اپنا پر اسے مارا، جب فرشتہ متوجہ ہوا تو فوراً آپ کی رکاب کو چوما اور تعظیم بجا لایا اور عرض کی: یارسول اللہؐ! مجھے معاف کر دیجئے کیونکہ اس لوح سے بہت زیادہ نور پھوٹ رہا تھا اسی وجہ سے آپ کی آمد کا علم نہ ہو سکا، آپؐ نے فرمایا: اس لوح میں کیا لکھا ہوا ہے؟ فرشتے نے عرض کی: اس لوح میں

"لا الہ الا اللہ محمدٌ رسول اللہ علی ولی اللہ"

لکھا ہوا ہے، پھر فرشتہ کہنے لگا: میں دو رکعت نماز بجا لایا ہوں جس میں بیس ہزار سال کا عرصہ لگا ہے خدا کے حکم سے پانچ ہزار سال قیام، پانچ ہزار سال رکوع، پانچ ہزار سال سجود اور پانچ ہزار سال تشہد کی حالت میں رہا ہوں، ابھی اس نماز کا ثواب آپ کو ہدیہ کرتا ہوں تا کہ میری تقصیر معاف فرمائیں، آپؐ نے فرمایا: میں تمہاری اطاعت اور نماز کا محتاج نہیں ہوں، فرشتے نے عرض کی: میں اسے آپؐ کی امت کو ہدیہ کرتا ہوں، آپؐ نے پھر فرمایا: میری امت کو تیری نماز کی ضرورت نہیں ہے، خدا کی عزت کی قسم! میری امت کا جو گناہگار ایک مرتبہ صلوات بھیجے، اس کا ثواب تیری بیس سال کی اطاعت سے بڑھ کر ہے۔ (۱۶)

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

صلوات اور فرشتوں کی طلب مغفرت کرنا

ابن عباس کہتے ہیں کہ جب آیت " ان اللہ و ملائکتہ یصلّون .... " نازل ہوئی تو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ مبارک خوشی سے انار کے دانے کی طرح سرخ ہو رہا تھا، میں نے آنحضرتؐ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مجھے مبارک باد دو کیونکہ میرے لئے ایک ایسی آیت نازل ہوئی ہے جو میرے نزدیک دنیا و مافیھا سے بہتر ہے، پھر اس آیت مجیدہ کی تلاوت فرمائی، ہم نے عرض کی: " ھنیئاً لک یا رسول اللہؐ " پھر اصحاب نے عرض کی: ہمیں اس حقیقت سے آگاہ فرمائیں، آپؐ نے فرمایا: تم لوگوں نے مجھ سے ایک مخفی راز کے بارے میں سوال کیا ہے کہ اگر نہ پوچھتے تو کبھی بھی اس کا اظہار نہ کرتا، پس جان لو: خداوند تعالی نے مجھ پر دو فرشتے مامور کئے ہیں تا کہ جو مؤمن بھی میرا نام سن کر مجھ پر صلوات بھیجے، اس وقت وہ دونوں کہیں ' غفر اللہ لک " (خدا تجھے بخش دے) پھر خدا اور تمام فرشتے " آمین " کہتے ہیں، پھر کہتے ہیں کہ جس شخص کے پاس بھی میرے حبیب کا نام لیا جائے اور وہ صلوات نہ بھیجے تو وہ دونوں فرشتے کہتے ہیں " لا غفر اللہ لک " (خدا تیری مغفرت نہ کرے)، پھر خدا اور فرشتے " آمین " کہتے ہیں۔(۱۷)

نور کا سمندر

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خدا نے ایک ایسا فرشتہ خلق کیا ہے جس کے دو پَر ہیں ایک مشرق میں اور ایک مغرب میں ہے اور اس کے پاؤں زمین ہفتم پر ہیں اور اس کا سر عرش کے نیچے ہے، اس کے پَر انس و جن اور بری اور بحری جانوروں کی تعداد کے برابر ہیں ان کی سانسوں کی تعداد، بارش کے قطرات، درختوں کے پتوں، آسمان کے ستاروں اور ریت کے ذرّات کے برابر ہیں، جب میرا ایک امتی صلوات بھیجتا ہے تو خداوند متعال اس فرشتے کو حکم دیتا ہے کہ نہر کے [illegible]

غوطہ لگاؤ، جب وہ باہر آتا ہے اور خود کو حرکت دیتا ہے تو اس کے ہر پَر سے قطرے گرتے ہیں، پھر خدا ہر قطرے سے ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے، پھر ان سب کو حکم دیتا ہے کہ قیامت تک میرے بندے کیلئے استغفار کرتے رہو، اور خداوند متعال نے اسی فرشتے کو صلوات سے ہی خلق کیا ہے(۱۸)

عذاب سے نجات

حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام سے " واذ نجینا کم من آل فرعون... "(۱۹) کے ذیل میں مروی ہے کہ جب فرعون بنی اسرائیل کو بندھے ہاتھوں اور پاؤں کے ساتھ پتھر اور مٹی اٹھانے پر مجبور کرتا تھا تو بسا اوقات خستگی کی شدت سے زمین پر گر جاتے یا مر جاتے تھے، ان کے بچوں کو بھی ہلاک کر دیتا تھا، اس وقت وہ حضرت موسیٰؑ کے پاس شکایت لے کر گئے، خدا نے حضرت موسیٰؑ کو وحی کی کہ ان سے کہہ دو: محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجنے کے علاوہ کوئی کام نہ کریں تا کہ سختیوں اور مشکلات سے چھٹکارا پا سکیں، اس کے بعد وہ صلوات بھیجتے تھے، جس کے نتیجے میں عذاب اور مشکلات میں کمی واقع ہوئی۔(۲۰)

صلوات اور نیکیوں کے پلّے کا بھاری ہونا

قیامت کے دن بندگان خدا میں سے جس کسی کو بھی میزان کے پاس لے جایا جائے گا اور جب اس کے اعمال تولے جائیں گے، اگر اس کی نیکیوں کا پلّہ ہلکا ہوگا تو حکم ہوگا کہ اسے جہنم میں لے جائیں، وہ آدمی ملائکہ سے دریافت کرے گا کہ میرے بارے میں کیا حکم صادر ہوا ہے؟ فرشتے کہیں گے: حکم ہوا ہے کہ تجھے جہنم لے جائیں، اس وقت وہ شخص گریہ کرے گا اور کہے گا: مجھے کچھ عرصہ کیلئے چھوڑ دو تا کہ میں خود اپنے حال پر گریہ کر لوں، فرشتے کہیں گے: یہ کام دنیا میں انجام دیا ہوتا تا کہ تجھے اس سے کوئی فائدہ مل سکتا لیکن ابھی یہ غم و غصہ اور پشیمانی کسی کام نہیں آئے گی پھر بھی گناہگار کہے گا: میں آدمؑ کی اولاد سے ہوں اور آتش جہنم برداشت کرنے کی طاقت نہیں مجھے بالکل امید نہیں تھی کہ میرا پروردگار مجھ سے یہود و نصاریٰ جیسا معاملہ کرے گا، اس وقت

Presented by: https://jafrilibrary.com
Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

فرشتے کہیں گے: ابھی حضرت محمد ﷺ عرش الٰہی میں کرسی کرامت پر تشریف فرما ہیں انہیں پکارو شاید وہ تمہاری فریاد رسی فرمائیں، گناہگار بلا اختیار اور بے خود ہو کر بلند آواز سے کہے گا: "اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یا رَسُولَ اللّٰہ" آپؐ آواز سن کر اس کی مدد کو آئیں گے، فرشتے آپ کی تعظیم بجالائیں گے لیکن وہ شخص اپنے پیغمبر کو نہیں پہچانے گا اور خیال کرے گا کہ یہ بھی کوئی فرشتہ ہے آنحضرتؐ فرشتوں سے کہیں گے کہ یہ شخص میرے حوالے کر دو تا کہ اس کے اعمال کی دوبارہ چھان بین ہو سکے تو اس وقت خدا کی طرف سے ملائکہ کو خطاب ہوگا کہ اس شخص کو میرے حبیب کے حوالے کر دو تا کہ دوبارہ اس کے اعمال تولے جائیں، پھر رسول خدا ﷺ اس کا ہاتھ پکڑ کر میزان کے پاس لائیں گے اور فرمائیں گے: اس بندے کے اعمال کا ایک مرتبہ پھر وزن کرو تو اس دفعہ بھی جب اعمال کا وزن ہوگا تو اس کے گناہوں کا پلّہ بھاری ہوگا تو اس مرتبہ پیغمبر اکرم ﷺ اپنا دست مبارک اپنی جیب میں ڈال کر ایک نورانی صحیفہ نکالیں گے جس پر کوئی چیز لکھی ہوگی اور اسے نیکیوں والے پلّہ میں رکھ دیں گے تو اس دفعہ اس کے حسنات اور نیکیوں کا پلّہ بھاری ہو جائے گا، اس وقت پروردگار کی آواز آئے گی کہ میرے بندے کو بہشت روانہ کر دو، جب وہ شخص جنت کی جانب جانے لگے گا تو آنحضرتؐ سے سوال کرے گا: آپ کون ہیں جنہوں نے مجھے جہنم سے نجات دلائی؟ اور وہ نورانی صحیفہ کیا تھا جو آپؐ نے اپنی جیب سے نکالا تھا؟ آپؐ فرمائیں گے: میں تیرا نبی محمد مصطفیٰ ﷺ ہوں، جب تو نے مجھے پکارا تو میں نے اس صلوات والا رقعہ تمہاری نیکیوں والے پلّہ میں ڈال دیا جو تم نے دنیا میں میرے لئے بھیجا تھا۔ (۲۱)

بہشت میں محل

پیغمبر اکرم ﷺ نے فرمایا: جب میں معراج پر گیا تو وہاں چند فرشتوں کو بے کار بیٹھے ہوئے دیکھا لہذا ان سے سوال کیا: تم بے کار کیوں بیٹھے ہوئے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: ہم اس بات کے منتظر ہیں کہ آپ کا کوئی امتی صلوات بھیجے اور ہم اس کیلئے محل تیار کریں۔ (۲۲)

تہمت سے نجات

کچھ بادیہ نشینوں کو رسول خدا ﷺ کی خدمت میں لایا گیا اور دعویٰ کیا کہ ان میں سے کسی ایک شخص نے ان کا اونٹ چرایا ہے، بعض افراد نے اونٹ چرانے کی گواہی بھی دے دی، پیغمبر اکرم ﷺ نے دعویٰ اور گواہوں کی تائید کی وجہ سے اس آدمی کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دے دیا، اس آدمی کے ہاتھ کاٹنے کیلئے اسے ایک مخصوص جگہ لے جایا گیا، راستے میں متہم نے زیر لب کچھ پڑھا تو اچانک اسی چوری شدہ اونٹ نے بلند آواز سے کہا: یا رسول اللہؐ! اس شخص نے مجھے نہیں چرایا بلکہ اس پر تہمت لگائی گئی ہے اور گواہوں نے بھی جھوٹی گواہی دی ہے، اس وقت اونٹ نے اذن الٰہی سے کہا کہ مجھے فلان شخص نے چرایا ہے، رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: اس قوم کو واپس بلاؤ اور مدّعی کو حاضر کرو، اس دفعہ مدّعی نے خود چوری کرنے کا اعتراف کیا، پیغمبر اکرم ﷺ کے حکم کے مطابق اس شخص پر حدّ جاری کی گئی پھر آپؐ نے تہمت زدہ شخص کو بلایا اور فرمایا: میرے پاس سے جاتے ہوئے تم نے زیر لب کیا پڑھا تھا؟ کیونکہ مدینے کے گلی کوچوں کو ملائکہ سے پُر دیکھا، قریب تھا کہ وہ شہر کی دیواریں پھاڑ دیں لیکن تو میرے اور ان کے درمیان حائل ہو گیا تھا تو اس شخص نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! میں نے آپ پر صلوات بھیجی اور اس طرح گویا ہوا تھا "اللّٰھم صَلِّ علی النّبی حتی لا ینبغی من صلوٰاتک شیء وبارک علی النّبی محمّدٌ حتی لا ینبغی من رحمتک شیء"

اس وقت آنحضرتؐ نے فرمایا: اے شخص! تو قیامت کے دن اس طرح پل صراط عبور کرے گا کہ تیرا چہرہ چودھویں کے چاند سے زیادہ روشن ہوگا۔ (۲۳)

شکستہ پروں والے فرشتے کا شفایاب ہونا

خداوند متعال نے ایک فرشتے سے فرمایا: فلاں شہر ویران اور مسمار کر دو، جب فرشتہ وہاں پہنچا تو بچوں و عورتوں اور جانوروں کے گریہ وزاری کی آوازیں اس کے کانوں تک پہنچیں، وہ اس

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

سے متاثر ہو گیا اور شہر کو مسمار نہیں کیا، اس وقت خدا کی ہیبت و جلال سے سخت آندھی چلی جس سے فرشتے کے پَر ٹوٹ گئے، وہ آسمان کی بلندیوں سے زمین کی پستیوں میں آ گرا، ایک دن جبرائیل نے اس فرشتے کو اس حال میں دیکھا کہ وہ زمین پر گرا ہوا ہے اور گریہ وزاری میں مصروف ہے، حضرت جبرائیلؑ کو اس فرشتے کی حالت پر بہت افسوس ہوا اور اس نے فرشتے کی بیچارگی کا ذکر خدا کے حضور عرض کر دیا، خدا کی جانب سے ندا آئی اسے کہہ دو کہ میرے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوات بھیجے تا کہ اس کی برکت سے تمہارے پَر ٹھیک ہو جائیں، حضرت جبرائیلؑ نے یہ بات فرشتے کے گوش گزار کر دی، فرشتے نے بھی اس پر عمل کیا، خدا نے صلوات کی برکت سے اسے شفا عطا فرمائی اور پہلے کی طرح اُسے مقام و منزلت دوبارہ عطا فرمایا۔ (۲۴)

ذخیرۂ آخرت

اہل سنت کا کہنا ہے کہ جو شخص بھی ایک مرتبہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوات بھیجے تو خداوند متعال ایک فرشتے کو بھیجتا ہے جو پلک جھپکنے سے پہلے وہ صلوات آنحضرتؐ کے روضہ مطہر پے لے جاتا ہے اور روضے کے پاس کھڑے ہو کر کہتا ہے: فلان بن فلان یا فلان بنت فلان نے صلوات بھیجی ہے، آنحضرتؐ فرماتے ہیں: میری طرف سے دس درود اس تک پہنچاؤ اور کہہ دو: اگر ان دس صلواتوں کی بجائے ایک صلوات بھی ہوتی تو جنت اور میری شفاعت کیلئے کافی تھی، ابھی جو تم نے دس درود بھیجے ہیں تو دیکھنا کہ تمہارا کیا درجہ ہوگا؟ پھر وہی فرشتہ آسمان پر جاتا ہے اور عرش کے نزدیک کھڑے ہو کر کہتا ہے: فلان بن فلان یا فلان بنت فلان نے حبیب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایک مرتبہ صلوات بھیجی ہے، اس وقت خطاب ہوتا ہے کہ میری طرف سے دس صلواتیں اس کو پہنچاؤ اور کہو: اگر دس میں سے ایک درود بھی ہوتا تو جہنم کی آگ تم تک ہرگز نہ پہنچتی اب چونکہ دس درود ہیں تو غور کرنا کہ کتنا زیادہ ثواب تجھے پہنچے گا، پھر خدا اس فرشتے سے کہتا ہے: اس صلوات کو میرے بندے کیلئے اعلیٰ علیین میں محفوظ کر لو۔ (۲۵)

پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں

ایک دن پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منبر کی پہلی سیڑھی پر قدم رکھا اور فرمایا: آمین! پھر دوسری سیڑھی پر قدم رکھا اور فرمایا: آمین! تیسری سیڑھی پر قدم رکھتے ہوئے بھی آمین! کہا، اصحاب نے دریافت کیا کہ آپؐ نے بغیر دعا کے ''آمین'' کیوں کہا؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: دعا کرنے والا جبرائیل تھا، جب میں نے پہلی سیڑھی پر قدم رکھا تو اس نے دعا کی اور کہا: جس شخص کے ماں باپ زندہ ہوں اور وہ ان کی خدمت نہ کرنے کی وجہ سے بخشا نہ جائے تو وہ رحمت خدا سے بے بہرہ ہوگا، پھر مجھے کہنے لگا: آمین کہیے اور میں نے آمین کہا، جب دوسری سیڑھی پر قدم رکھا تو جبرائیل نے دعا کی اور کہا: جس شخص کے پاس بھی آپ کا نام مبارک لیا جائے اور وہ صلوات نہ بھیجے اور اسی حالت میں مر جائے تو اس کا ٹھکانہ جہنم ہے اور خدا اسے اپنی رحمت سے دور کر دیتا ہے، پھر مجھے ''آمین'' کہنے کو کہا اور میں نے کہا: آمین! جب میں نے تیسری سیڑھی پر قدم رکھا تو جبرائیل نے کہا: جو شخص بھی شب قدر اور ماہ مبارک رمضان کو درک کرے اور بخشا نہ جائے تو وہ خدا کی رحمت سے دور رہے گا، پھر مجھے آمین کہنے کو کہا لہذا میں نے بھی آمین کہا۔ (۲۶)

ہمیشہ کی غذاء

حضرت سلمانؓ نے فرمایا: ایک دن حضرت علی علیہ السلام کا ایک بے آب و گیاہ صحرا سے گذر ہوا، راستے میں ایک پرندے کو دیکھا تو اس سے دریافت کیا کہ تم کتنے عرصے سے اس بیابان میں رہ رہے ہو؟ پرندے نے عرض کی: ایک سو سال سے، آپؑ نے پوچھا: تیرے کھانے پینے کا بندوبست کیا ہے؟ پرندے نے عرض کی: جب بھی بھوک لگتی ہے آپ پر صلوات بھیجتا ہوں تو سیر ہو جاتا ہوں، جب پیاس لگتی ہے آپ کے دشمنوں پر لعنت بھیجتا ہوں جس سے سیراب ہو جاتا ہوں (۲۷)

چاند کا پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہمکلام ہونا

عباس بن عبدالمطلب کہتے ہیں: ایک مرتبہ میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرہ مبارک کی طرف

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

دیکھ رہا تھا کہ آپؐ نے فرمایا: کچھ کہنا چاہتے ہو؟ میں نے عرض کی: ہاں! یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب آپ کی عمر مبارک چالیس روز سے زیادہ نہ تھی اور حلیمہ سعدیہ آپ کو دودھ دے رہی تھی تو میں نے دیکھا کہ آپ چاند کے ساتھ محوِ گفتگو تھے اور چاند بھی ایسی زبان میں آپ کا جواب دے رہا تھا جسے میں سمجھ نہیں پایا، آنحضرتؐ نے فرمایا: (قماط رقداقہ) (یعنی وہ کپڑا جسمیں بچے کو باندھا جاتا ہے تا کہ وہ آرام سے سو سکے) اس سے مجھے صدمہ پہنچا تھا اور میں رونا چاہتا تھا کہ چاند مجھ سے مخاطب ہو کر کہنے لگا: گریہ مت کرو کیونکہ اگر آپ کی آنکھوں سے آنسو نکل کر زمین پر گر پڑے تو کوئی سبزی نہیں اُگے گی، عباس ہاتھ پر ہاتھ مار کر کہنے لگے: چالیس دن کا بچہ یہ سب کچھ جانتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: چچا جان! اس خدا کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، جب میں بطن مادر میں تھا تو قلم کی آواز سن لیتا تھا جو تختی پر لکھ رہی ہوتی تھی اے چچا جان! آپ کو بتاتا چلوں کہ اللہ تعالیٰ نے ایک کم ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کو مبعوث کیا میری عظمت کی برکت سے نبی ہوئے حتی حضرت عیسیٰ بھی شکم مادر سے پیدا ہوتے ہی بول اٹھے: "اِنِّی عَبدُ اللهِ آتانِیَ الکِتابَ"

چچا جان! کیا مزید بیان کروں: عباس نے عرض کی: ہاں! آپؐ نے فرمایا: جب میں پیدا ہوا تو خدا نے سات آسمانوں میں سات پہاڑ قرار دیئے جنہیں خدا نے اتنے ملائکہ سے بھر دیا کہ خدا کے علاوہ ان کی تعداد کوئی نہیں جانتا اور وہ قیامت تک خدا کی تسبیح کرتے رہیں گے اور خدا ان کا ثواب اس شخص کو عطا فرمائے گا جو میرا نام سن کر مجھ پر صلوات بھیجے تب حضرت عباس یہ سن کر لرزنے لگے اور صلوات پڑھنا شروع کر دی۔ (۲۸)

پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شادمانی

انس بن مالک، ابی طلحہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا: میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں شرفیاب ہوا، میں نے ہر روز سے زیادہ آپ کو مسرور دیکھا اور ہر ایک سے زیادہ معطر دیکھا، میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آج سے زیادہ آپؐ کو کبھی بھی معطر، پاکیزہ اور خوشحال نہیں

دیکھا؟ آپؐ نے فرمایا: کیوں نہ خوش ہوں جبکہ ابھی جبرائیل میرے پاس آیا تھا اور کہہ رہا تھا کہ جو شخص بھی آپؐ پر ایک مرتبہ صلوات بھیجے، خدا اس پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے اور اس کے نامہ اعمال سے دس گناہ محو کر کے، دس نیکیاں لکھ دیتا ہے۔ (۲۹)

پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ملائکہ کا صلوات بھیجنے والے پر درود وسلام

جناب عبداللہ ابن جابر انصاری حضرت امام صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ ایک فرشتہ نے خدا سے بندوں کی آوازیں سننے کی درخواست کی، اللہ تعالیٰ نے اسے وہ مقام عطا فرما دیا اور اس کی ڈیوٹی لگا دی کہ جو مومن بھی کہے: "صلّ اللّٰہ علیٰ محمّدٍ و آلہ" تو وہ اس کے جواب میں "علیک السلام" کہے اور پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک یہ خبر پہنچائے کہ فلان مومن نے آپ پر صلوات بھیجی ہے، آپ بھی جواب میں فرماتے ہیں: اس پر بھی خدا کا سلام ہو۔ (۳۰)

سنگینی عمل

امام معصوم علیہ السلام فرماتے ہیں: عمل کے ترازو میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر صلوات سے زیادہ کوئی چیز وزنی نہیں ہے، اگر کسی شخص کے اعمال میزان میں رکھے جائیں اور اس کی نیکیوں والا پلہ ہلکا ہو جائے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ صلوات اس شخص کے نیکیوں والے پلے میں ڈال دیں گے جو اس نے بھیجی تھی تو برائیوں کا پلہ ہلکا ہو جائے گا۔ (۳۱)

دعا کا مستجاب ہونا

حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں: کہ انسان کو نماز سے فارغ ہو جانے کے بعد صلوات پڑھنا چاہیے اور خداوند سے جنت، اور اس کی پناہ اور حور العین سے تزویج کا سوال کرنا چاہیے، کیونکہ جو بھی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر درود بھیجے گا تو اس کا درود عرش پر جاتا ہے تو جب بھی جنت کا سوال کرتا ہے تو جنت خدا سے کہتی ہے: خدایا تیرا بندہ جو مانگ رہا ہے وہ اسے عطا فرما اور جب خدا سے حور العین کی خواہش کرتا ہے تو حوریں کہتی ہیں: خدایا: تیرا بندہ جو مانگ رہا ہے اسے عطا فرما۔ (۳۲)

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جوار میں

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن جو پہلا شخص بہشتی حلّہ پہنے گا وہ میرا باپ ابراہیم علیہ السلام ہوگا، عرش کے دائیں طرف کرسی لگا کر انہیں وہاں بٹھایا جائے گا، پھر مجھے حلّہ پہنایا جائے گا جبکہ امیر المومنین علیہ السلام میرے آگے اور میری ساری امت میرے پیچھے کھڑی ہوگی، جو شخص بھی اپنی پنجگانہ نمازوں کے بعد مجھ پر اور میری آل پر دس مرتبہ صلوات بھیجے گا، اسے میرے نزدیک جگہ دی جائے گی، وہ مجھے دیکھے گا میں اسے دیکھوں گا تو اس کا چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح روشن ہو جائے گا (۳۳)

ڈاکو سے نجات

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں ایک تاجر نے مدینہ سے شام کی طرف سفر کیا، راستے میں ایک ڈاکو نے اس کا راستہ روکا اور کہنے لگا: اے شخص! رک جاؤ! تاجر کھڑا ہو گیا اور کہنے لگا: مجھ سے کیا چاہتے ہو؟ ڈاکو کہنے لگا: تیری جان لینا چاہتا ہوں، تاجر نے کہا: میرا مال لے لو اور مجھے چھوڑ دو، لیکن وہ اس کی جان لینے کے درپے ہو چکا تھا، تاجر نے اس سے اپنی آخری لحظات میں نماز پڑھنے کی درخواست کی، وہ ڈاکو کہنے لگا: جتنا تیرا دل چاہتا ہے نمازیں پڑھ لو اور گریہ زاری کر لو، اس وقت تاجر نے نماز ادا کی پھر اپنے ہاتھ بلند کر کے یہ دعا پڑھی۔

"یَا ذَاالْعَرْشِ المجید یَا مَبْدَءُ یا مُعِیْدُ یَا ذَاالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ یَا فَعّالاً لِمَا یُرِیْدُ، اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْهِکَ الَّذِیْ مَلَاءَ اَرْکَانَ عَرْشِکَ وَ اَسْئَلُکَ بِقُدْرَتِکَ الَّتِیْ قَدَّرْتَ بِهَا عَلیٰ جَمِیْعِ خَلْقِکَ وَ بِرَحْمَتِکَ الَّتِی وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ لَااِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَامُغِیْثُ اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ اَغِثْنِیْ"

اچانک تاجر نے ایک خوبصورت سبز لباس پہنے ہوئے سوار کو آتے ہوئے دیکھا جس نے ہاتھ میں اسلحہ لیا ہوا تھا، اس نے ڈاکو کو ہاتھ میں پکڑے ہوئے اسلحہ سے مارا اور ہلاک کر دیا، اس وقت اس سبز پوش نے تاجر سے کہا: اے شخص آگاہ رہو کہ میں تیسرے آسمان پر رہنے والا ایک فرشتہ

ہوں، جب تو نے دعا کی تو آسمان کے دروازے کھلنے کی آواز میرے کانوں تک پہنچی، پھر حضرت جبرائیلؑ نازل ہوئے اور مجھے حکم دیا: اس مسافر کی فریاد کو پہنچو۔ (۳۴)

صلوات اور سرکش گھوڑے کا رام ہونا

حضرت امام حسن عسکریؑ سے آیہ کریمہ: "وَالَّذِیْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ اُولٰئِکَ اَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمْ فِیْهَا خَالِدُوْنَ" (البقرہ ۸۲)

کے ذیل میں روایت وارد ہوئی ہے: حضرت امام رضا علیہ السلام کے سامنے ایک گھوڑا کھڑا ہوا تھا اور لوگوں کی ایک جماعت بھی وہاں حاضر تھی اور آپؑ کو اس گھوڑے پر سوار ہونے سے منع فرما رہی تھی، کیونکہ وہ ایک سرکش گھوڑا تھا اسی دوران ایک سات سالہ بچہ آگے آیا اور عرض کرنے لگا: مجھے اس گھوڑے پر سوار ہونے کی اجازت فرمائیں، آپؑ نے فرمایا: اس سرکش گھوڑے پر تم کیسے سوار ہو سکتے ہو؟ عرض کرنے لگا: میں سو مرتبہ درود پڑھوں گا اور آپ کی ولایت کو تازہ کر کے اس پر سوار ہو جاؤں گا، آپؑ نے اجازت مرحمت فرمائی، پھر اس بچے نے اس گھوڑے کو اتنا دوڑایا کہ پسینے سے شرابور ہو گیا۔ (۳۵)

صلوات اور ملائکہ کا مغفرت طلب کرنا

مروی ہے: جب کوئی شخص رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتا ہے، خدا اس صلوات کی برکت سے ایک عمودی نور خلق فرماتا ہے جو ایک طرف زمین سے اور دوسری طرف آسمان سے ملا ہوا ہوتا ہے، اس نور کی ستر (۷۰) ہزار شاخیں ہوتی ہیں اور ہر شاخ کے ستر ہزار منہ ہوتے ہیں اور ہر منہ میں ستر ہزار زبانیں ہوتی ہیں اور ہر زبان ستر ہزار زبانوں میں بات کرتی ہے، تمام فرشتے ان تمام زبانوں کے ساتھ اور ان تمام زبانوں میں صلوات بھیجنے والے کیلئے قیامت تک مغفرت طلب کرتے رہتے ہیں۔ (۳۶)

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

صلوات اور فراموشی کا علاج

حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام سے سوال کیا گیا کہ فراموشی سے چھٹکارا کیونکر ہوسکتا ہے؟ اور کونسا کام کیا جائے جس سے آدمی فراموشی کا شکار نہ ہو؟ آپؑ نے فرمایا: انسان کا دل ایک ظرف (پیالے) کی مانند ہے اور اس کے اوپر ایک طبق (تھال) رکھا ہوا ہے، جب بھی انسان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجتا ہے تو ظرف کے اوپر سے پردہ ہٹا دیا جاتا ہے جس سے آدمی کا دل روشن ہو جاتا ہے، اگر صلوات نہ پڑھے یا ناقص صلوات پڑھے (آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بغیر) تو ظرف کا پردہ مضبوط ہو جاتا ہے اور دل تاریک ہو جاتا ہے، جس کے نتیجہ میں فراموشی حاصل ہوتی ہے۔ (۳۷)

صلوات اور انبیاء کی شفاعت

صدیقہ طاہرہ حضرت زہرا سلام اللہ علیہا نے فرمایا: ایک دن جب میں سونے کی تیاری کر رہی تھی تو رسول خداؐ میرے پاس تشریف لائے، آپؐ نے فرمایا: اے فاطمہ علیہا السلام! چار عمل بجالانے کے بعد سویا کرو پہلا یہ کہ: قرآن ختم کرو دوسرا یہ کہ انبیاء کو اپنا شفیع (شفاعت کرنے والا) بناؤ تیسرا یہ کہ مومنوں کو اپنے آپ سے راضی کرو، چوتھا یہ کہ حج اور عمرہ بجالاؤ، آپؐ نے یہ فرمایا اور پھر نماز پڑھنا شروع کر دی، میں نے اپنے بابا کی نماز ختم ہونے کا انتظار کیا، نماز ختم ہونے کے بعد، آپؐ سے پوچھا: یا رسول اللہؐ! آپؐ نے مجھے ایسی چار چیزوں کا حکم دیا ہے جنہیں میں اس تھوڑے سے وقت میں بجا نہیں لا سکتی، میرے بابا مسکرائے اور فرمایا: تین مرتبہ سورہ اخلاص کی تلاوت ختم قرآن کے برابر ہے، جب مجھ پر اور گذشتہ انبیاء پر صلوات بھیجو گی تو ہم سب تمہاری شفاعت کریں گے۔ جب تمام مومنین کیلئے استغفار کرو گی تو وہ سب تم سے راضی ہو جائیں گے اور "

سبحان اللہ و الحمد للہ و لا الہ الا اللہ و اللہ اکبر "

کہنا، حج و عمرہ کے برابر ہے۔ (۳۸)

صلوات اور کیڑے کی روزی

ایک دن ابوجہل مسجد الحرام کے دروازے کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد سے باہر تشریف لائے تو وہ اپنا ہاتھ آستین سے باہر لایا اور کہنے لگا: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میری مٹھی میں کیا ہے؟ اگر صحیح جواب دیدیا تو میں اپنے ساتھیوں سمیت آپ پر ایمان لے آؤں گا آنحضرتؐ نے فرمایا: تیرے ہاتھ میں ایک چھوٹی سی ڈبیا ہے جو ٹاٹ کے کپڑے میں لپٹی ہوئی ہے، اس ڈبیا کے اندر رونی حصے میں تین موتی رکھے ہوئے ہیں، ان میں سے ایک سوراخ شدہ، دوسرا بغیر سوراخ کے اور تیسرا آدھا سوراخ شدہ ہے، اس ڈبیا میں ایک لعل (ہیرا) بھی ہے، اس لعل کے اندر ایک سُرخ کیڑا ہے جس کے منہ میں ایک سبز پتہ ہے، ابوجہل ملعون کہنے لگا: سب کچھ ٹھیک کہا لیکن کیڑے اور سبز پتے کا کیسے پتہ چلے، آپؐ نے فرمایا: لعل توڑ دو خود بخود معلوم ہو جائے گا، ابوجہل کہنے لگا: اس قیمتی لعل کو کیسے توڑوں؟ ایک صحابی کہنے لگا: اپنے لعل کی قیمت لگا کر اسے توڑ دو، اگر رسول خداؐ کی بات درست نہ ہوئی تو میں وہ قیمت ادا کروں گا، ابوجہل نے یہ بات قبول کر لی، جب لعل توڑا گیا تو سب نے دیکھا کہ ایک چھوٹا سا کیڑا اپنے منہ میں سبز پتہ لئے ہوئے ہے، آنحضرتؐ نے اس کیڑے کو ہاتھوں میں لیا اور فرمانے لگے: کتنے عرصے سے تم اس لعل میں ہو؟ کیڑے نے پہلے سلام عرض کیا پھر کہنے لگا: مجھے نہیں معلوم لیکن اللہ تعالیٰ ہر روز تین سبز پتے مجھے عطا فرماتا ہے، آپؐ نے فرمایا: تیرا ذکر اور تسبیح کیا ہے؟ کیڑا کہنے لگا: خدا نے مجھے ہر روز دس مرتبہ خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے، اسی صلوات کی برکت سے خدا مجھے روزی فراہم کرتا ہے، اصحاب کیڑے کی یہ باتیں سن کر بلند آواز میں تکبیر کہنے لگے۔ (۳۹)

فرشتے اور صلوات کا اجر و ثواب

مروی ہے کہ جب کوئی شخص پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوات بھیجتا ہے تو عالم غیب سے منادی ندا دیتا ہے: خدایا! اس شخص نے دس مرتبہ صلوات بھیجی ہے، جب یہ آواز آسمان پر پہنچتی ہے تو وہ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

صلوات ہزار گنا ہو جاتی ہے، سدرۃ المنتہیٰ تک یہی سلسلہ رہتا ہے، جب سدرۃ المنتہیٰ پر پہنچتی ہے تو سات ہزار گنا ہو جاتی ہے، پھر خداوند متعال ایک فرشتے سے فرماتا ہے: تم میرے بندے کی صلوات کا جواب نہیں دے سکتے لہذا اسے مجھ پر چھوڑ دو تا کہ اسے اس کی جزا عطا کروں، اس کی پاداش یہی ہے کہ اس کے تمام گناہ معاف کر دوں۔ (۴۰)

صلوات اور مغفرت

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا: یا رسول اللہؐ! ہمیں آگاہ کیجئے کہ خدا نے بیت المعمور کو کس چیز سے بنایا ہے؟ اور وہ کیسا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: بیت المعمور چوتھے آسمان پر ایک گھر ہے جس کا ذکر خدا نے قرآن میں بھی فرمایا ہے:

"والطور و کتاب مسطور فی رق منشور و البیت المعمور"

بیت المعمور اتنا بڑا ہے کہ پانچ سو سال کی راہ ہے، اس کے چار دروازے ہیں، ایک یاقوت، ایک سبز زبرجد، ایک سرخ سونے اور ایک خالص چاندی کا ہے، اس کی بنیاد خانہ کعبہ کے بالمقابل رکھی گئی ہے، جمعہ کے دن زمین پر جب مؤذن اذان دیتے ہیں اور جامع مسجد جاتے ہیں تو حضرت جبرائیلؑ کو بیت المعمور پہنچنے کا حکم ہوتا ہے، جب مؤذن اذان کہتے ہیں تو ایک آواز آتی ہے کہ سب فرشتے بیت المعمور میں اکٹھے ہو جائیں پھر حضرت میکائیلؑ منبر پر جاتے ہیں اور خطبے میں خدا کی حمد و ثنا اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر درود بھیج کر منبر سے نیچے آجاتے ہیں، فرشتوں کے ساتھ دو رکعت نماز ادا کرتے ہیں پھر کہتے ہیں: اے فرشتو! خدا نے خطبہ اور نماز کا جتنا ثواب بھی مجھے عطا فرمایا ہے، میں امت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہدیہ کرتا ہوں تو اس وقت خدا کی طرف سے آواز آتی ہے: اے فرشتو! تمہیں گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ امت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سے جو بھی نماز پڑھے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر درود بھیجے میں اسے بخش دوں گا اور اس کے آباء و اجداد، بھائیوں اور دوستوں پر اپنی رحمت نازل کروں گا۔ (۴۱)

گناہ پتوں کی طرح جھڑتے ہیں

حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایک دن پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا: اے علیؑ! کیا تمہیں ایک خوشخبری نہ سناؤں؟ حضرت علی علیہ السلام نے عرض کی: کیوں نہیں! میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں! آپؐ نے فرمایا: جبرائیل ایک عجیب و غریب خبر میرے پاس لے کر آیا ہے تو حضرت علی علیہ السلام نے پوچھا: وہ کون سی خبر ہے؟ آپؐ نے فرمایا: جبرائیلؑ خبر لے کر آیا ہے کہ جب آپ کا کوئی امتی آپؐ اور آپؐ کی آلؑ پر صلوات بھیجتا ہے تو آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں، فرشتے ستر مرتبہ اس پر صلوات بھیجتے ہیں، اگر وہ گناہگار ہو تو اس کے گناہ اس طرح جھڑتے ہیں جس طرح درخت سے پتے جھڑتے ہیں، پھر خداوند متعال ارشاد فرماتا ہے:

"لبیک و سعدیک" اور فرشتوں کو حکم دیتا ہے: اے فرشتو تم بھی اس پر صلوات بھیجو، میں نے اس پر سات سو مرتبہ صلوات بھیجی ہے۔ (۴۲)

عرش کے گرد طواف

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب خدا نے عرش خلق فرمایا تو اس کے ساتھ، ستر ہزار فرشتے بھی پیدا کئے، انہیں حکم دیا کہ عرش کا طواف کریں، میری تسبیح کریں اور عرش کو اپنے کندھوں پر اٹھالیں، فرشتوں نے خدا کے حکم کی اطاعت کی، لیکن ان میں عرش کو اٹھانے کی طاقت نہیں تھی، اس وقت خدا نے ارشاد فرمایا: عرش کا طواف کرو اور میرے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اس کی آلؑ پر صلوات بھیجو تا کہ عرش اپنے کندھوں پر اٹھا سکو، ملائکہ نے خدا کے حکم کی تعمیل کی اور اس مرتبہ عرش کو اٹھانے میں کامیاب ہو گئے، فرشتوں نے عرض کی: اے پروردگار! تو نے ہمیں اپنی تسبیح و تقدیس کا حکم دیا ہے، خدا نے فرمایا: جان لو کہ تمہارا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر درود بھیجنا ہی میری تسبیح و تہلیل ہے۔ (۴۳)

صلوات کا ثواب میرے ذمہ ہے

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مجھ پر ایک مرتبہ صلوات بھیجتا ہے خدا اس پر دو مرتبہ صلوات

Presented by: https://jafrilibrary.com
Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

بھیجتا ہے، جب دوسرے آسمان والے سنتے ہیں تو ہزار مرتبہ صلوات بھیجتے ہیں، تیسرے آسمان والے سنتے ہیں تو دو ہزار مرتبہ، چوتھے آسمان والے تین ہزار مرتبہ، پانچویں آسمان والے چار ہزار مرتبہ، چھٹے آسمان والے پانچ ہزار مرتبہ اور ساتویں آسمان والے چھ ہزار مرتبہ صلوات بھیجتے ہیں، اس وقت خدا فرماتا ہے: اس بندے کی صلوات کا ثواب میرے ذمہ ہے اور وہ یہ ہے کہ میں اس کے تمام صغیرہ و کبیرہ گناہ بخش دوں گا۔ (۴۴)

مہاجر عورت کے بیٹے کی شفایابی

اہل سنت کہتے ہیں: ایک حاملہ عورت نے تنہا مکہ سے مدینہ ہجرت کی، اسی وجہ سے اسے مہاجرہ کہا جانے لگا، راستے میں اس کے ہاں ایک بچہ پیدا ہوا جو گوشت کے لوتھڑے کی طرح تھا اس کے ہاتھ تھے نہ پاؤں، مہاجرہ جو کہ بہت غمگین تھی، دائی سے کہنے لگی: میں اپنے بیٹے کے ناقص الخلقت ہونے پر غمگین نہیں ہوں کیونکہ جو بھی دوست سے ملتا ہے وہ ٹھیک ہوتا ہے، بلکہ میں دشمنوں کی شماتت سے ڈر رہی ہوں کیونکہ جب انہیں پتا چلے گا تو کہیں گے: دیکھا! بتوں کی پرستش سے ہاتھ اٹھایا، مسلمان ہوگئی اور مکہ سے ہجرت کر لی جس کے نتیجہ میں ناقص بچہ پیدا ہوا؟ دائی کہنے لگی: بہتر ہے کہ اس کی اطلاع پیغمبر اکرم کو دے دو، مہاجرہ آنحضرت کی خدمت میں شرفیاب ہوئی اور سارا ماجرا کہہ سنایا، آپؐ نے فرمایا: مہاجرہ کہو " اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ کما صلیت علی ابراھیم و آل ابراھیمؑ ... " مہاجرہ نے یہ کلمات اپنی زبان پر جاری کئے، جب وہ واپس اپنے گھر پہنچی تو اپنے بیٹے کو صحیح و سالم پایا۔ (۴۵)

شمار نہیں ہوسکتا

جب پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معراج پر تشریف لے گئے وہاں آپ نے ایک فرشتہ دیکھا جس کے کئی ہزار ہاتھ تھے، ہر ہاتھ میں کئی ہزار انگلیاں تھیں اور ہر انگلی میں کئی ہزار ناخن تھے، اس کے ہزاروں پاؤں تھے، ہر پاؤں میں ہزاروں انگلیاں تھیں اور ہر انگلی میں ہزار [illegible]

کے ہزاروں سر تھے، ہر سر میں ہزاروں آنکھیں اور کان تھے، آپؐ اس فرشتے کو دیکھ کر متعجب ہوئے اور فرمایا: اے فرشتے! کس کام میں مصروف ہو؟ فرشتے نے عرض کی: کائنات کے تمام درختوں، بارش، ریت کے ذرّات اور جو کچھ بھی اس عالم میں ہے، اس کا حساب و کتاب میرے ذمہ ہے، آپؐ نے فرمایا: کائنات کی کوئی ایسی چیز بھی ہے جس کا حساب نہ کر سکے ہو؟ عرض کرنے لگا: ہاں! اے اللہ کے رسولؐ، وہ آپؐ پر صلوات بھیجنے کا ثواب ہے، اللہ تعالیٰ نے اس کا اتنا زیادہ ثواب رکھا ہے کہ کوئی بھی اسے شمار نہیں کر سکتا۔ (۴۶)

نامکمل محل

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شب معراج مجھے جنت کے محل دکھائے گئے جو سونے اور چاندی کی اینٹوں سے بنے ہوئے تھے، مشک اور عنبر کو گارے کے طور پر استعمال کیا گیا تھا ان میں سے بعض محلوں کے بڑے بڑے مینار تھے جبکہ بعض بغیر میناروں کے تھے، جب جبرائیل سے سوال کیا گیا تو اس نے جواب دیا: بغیر میناروں کے قصر ان لوگوں کے ہیں جنہوں نے آپ پر صلوات نہیں بھیجی۔ (۴۷)

حالت احتضار میں

حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: اگر مومنین رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوات بھیجیں تو وقت احتضار اور اس وقت جب انسان کا کوئی یاور نہیں ہوتا پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نور مبارک اس شخص کے سرہانے آتا ہے، آپؐ اپنے لب مبارک کو اس شخص کے ہونٹوں پر رکھ کر اسے چومتے ہیں، اس وقت محتضر کی حالت اس شخص جیسی ہو جاتی ہے جسے تپتے ہوئے صحرا میں ٹھنڈا پانی مل جائے جو کہ شہد سے زیادہ شیریں اور برف سے زیادہ ٹھنڈا ہوگا، جب اسے قبر میں اتارا جاتا ہے اور دو فرشتے اس کے پاس آتے ہیں تو ایسی پاکیزہ خوشبو ان کے مشاموں تک پہنچتی ہے تو وہ آپس میں کہنے لگتے ہیں کہ یہ پاکیزہ خوشبو تو حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہے۔ (۴۸)

بچوں کو مارنے کی ممنوعیت

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تمہارے بچے گریہ کریں تو انہیں مت مارو کیونکہ چار ماہ تک ان کا گریہ

Presented by: https://jafrilibrary.com
Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

" لا اله الا اللّٰه " کا ذکر ہے، اور اس کے بعد والے چار ماہ " محمدؐ و آل محمدؐ " پر صلوات اور اس کے بعد والے چار ماہ تک ماں باپ کے حق میں دعا ہوتی ہے۔ (۴۹)

پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے برحق جانشین

حضرت امام صادق علیہ السلام سے سوال کیا گیا: رسولؐ خدا کتنی مرتبہ معراج پر تشریف لے گئے؟ آپؑ نے فرمایا: دو مرتبہ، حضرت جبرائیلؑ نے آپؐ کو ایک جگہ پہنچایا اور کہنے لگا: یہ وہ جگہ ہے جہاں آج تک کوئی فرشتہ اور پیغمبر نہیں آیا، آپ کا پروردگار آپؐ پر صلوات بھیج رہا ہے اور فرما رہا ہے۔

"سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ اَنَا رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَ الرُّوْحِ سَبَقَتْ رَحْمَتِیْ علی غَضَبِیْ "

میں ہی پاک اور منزہ ہوں، میں ہی ملائکہ اور روح کا پروردگار ہوں، میری رحمت میرے غضب پر غالب ہے، آنحضرتؐ عرض کرتے ہیں: " اللّٰهم عفوک عفوک "

خدایا تجھ سے مغفرت کا طلبگار ہوں، پھر آپؐ مقام قاب قوسین پر پہنچے، ایک حجاب نور جو چمک رہا تھا آپؐ نے اس میں قدم رکھا، وہ حجاب سبز زبرجد کا تھا اور آپؐ پر جلالت اور عظمت الٰہی کا سایہ بن کر متجلّی ہوا، پھر خدا کی آواز آپؐ تک پہنچی: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اپنے بعد امت کیلئے کسے چنا ہے؟ آپؐ نے عرض کی: خدا بہتر جانتا ہے، خدا نے فرمایا: علی بن ابی طالبؑ مومنوں کے امیر، مسلمانوں کے پیشوا اور متقیوں کے امام ہیں، پھر آپؐ نے فرمایا: علی بن ابی طالب علیہ السلام کی امامت آسمان سے آئی اور خود خدا نے علی علیہ السلام کی امامت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ابلاغ فرمائی۔ (۵۰)

شفایافتہ

ایک عورت کا ایک اندھا اور بہرا بچہ تھا، ایک دن وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پہنچی اور درخواست کی کہ اس کے بچے کو شفا عطا فرمائیں، آپؐ نے فرمایا: اے خاتون: اگر بچے کی شفا چاہتی ہو تو مجھ پر صلوات بھیجو، وہ عورت گھر پلٹی اور واپسی میں ہر قدم پر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر درود بھیجتی رہی، جب گھر پہنچی تو اپنے بیٹے کو صحیح اور سالم پایا، وہ پھر آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اپنے بچے

چاہتی ہو تو مجھ پر صلوات بھیجو، وہ عورت گھر پلٹی اور واپسی میں ہر قدم پر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر درود بھیجتی رہی، جب گھر پہنچی تو اپنے بیٹے کو صحیح اور سالم پایا، وہ پھر آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اپنے بچے کی شفایابی کی اطلاع دی، حاضرین مجلس خوش ہو گئے، اس وقت حضرت جبرائیلؑ نازل ہوئے اور کہنے لگے: خدا نے فرمایا ہے: جس طرح صلوات کی برکت سے اس بچے کے اعضاء ٹھیک ہو گئے ہیں، قیامت کے دن تیری امت کے گناہگاروں کو بھی صلوات کی برکت سے بخش دوں گا۔ (۵۱)

تمام مخلوقات کی صلوات کا ثواب

حضرت ابوبکر نے کہا: میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا، تو ایک آدمی آیا اور آپؐ کو سلام کیا، آپؐ نے سلام کا جواب دیا، پھر وہ شخص آپؐ کے نزدیک بیٹھ گیا اپنی حاجت بیان کی اور اُٹھ کر چلا گیا، آنحضرتؐ نے فرمایا: اے ابوبکر! یہ وہ شخص ہے جسے ہر روز اہل زمین کے اعمال کے برابر ثواب عطا کیا جاتا ہے، میں نے عرض کی: یا رسولؐ اللہ: مگر یہ کونسا عمل انجام دیتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہر روز صبح کے وقت مجھ پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے جس کا ثواب تمام مخلوق کی صلوات کے برابر ہے، حضرت ابوبکر نے کہا: میں نے عرض کی کہ اس صلوات پڑھنے کا کیا طریقہ ہے؟ آپؐ نے فرمایا: وہ صلوات کچھ یوں ہے: " اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ عَدَدَ مَنْ صَلَّ عَلَيْهِمِنْ خَلْقِکَ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ كَمَا يَنْبَغِیْ اَنْ تُصَلّٰی عَلَيْهِ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ كَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُصَلِّیَ عَلَيْهِ " (۵۲)

میں جزا عطا کروں گا

عبدالرحمن بن عوف کہتا ہے: جب میں مسجد میں داخل ہوا تو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مسجد سے نکلتے

Presented by: https://jafrilibrary.com
Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

ہوئے دیکھا، پھر آنحضرتؐ کے پیچھے آہستہ آہستہ چلتا رہا، یہاں تک کہ آپؐ ایک درخت کے پاس پہنچے، وہاں قبلہ کی طرف منہ کر کے ایک طولانی سجدہ کیا، میں سمجھا کہ آپؐ خالق حقیقی سے جا ملے ہیں، لہذا آپ کے سرہانے آیا، آپؐ نے سجدہ سے سر اٹھایا اور فرمایا: اے عبدالرحمٰن! تم کیا سوچ رہے ہو؟ میں نے عرض کی: یارسولؐ اللہ! آپؐ کے سجدہ طولانی کی وجہ سے میں سمجھا کہ آپ فوت ہو چکے ہیں، آپؐ نے فرمایا: جب درخت کے نیچے پہنچا تو جبرائیل نازل ہوئے اور کہنے لگے: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کو خوشخبری دے رہا ہوں کہ خدا نے فرمایا ہے: اگر کوئی تجھ پر درود وسلام بھیجے گا تو میں اس پر درود وسلام بھیجوں گا۔ (۵۳)

﴿اہل مدینہ کا درود﴾

حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایک دن جناب عباس، حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں آئے اور عرض کی: لوگ اس بات پر متفق ہو گئے ہیں کہ آنحضرتؐ کے بدن مبارک کو قبرستان بقیع میں دفن کریں اور فلان آپ کی نماز جنازہ پڑھائے، جب حضرت علی علیہ السلام سمجھ گئے کہ منافقین نے منافقت کا ارادہ کر لیا ہے تو آپ گھر سے باہر تشریف لائے اور فرمایا: اے لوگو! رسول خداؐ، حالت موت وحیات میں امام ہیں، پھر آپ لوگوں کے آگے آئے اور رسول خداؐ پر نماز پڑھی، نماز کے بعد صحابہ کو اجازت دی کہ دس دس آدمی ہو کر بقعہ شریفہ میں داخل ہوں، حضرت علی علیہ السلام نے اس آیت کی تلاوت فرمائی: اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا"

اصحاب نے بھی ساتھ اس آیت کی تلاوت کی اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر درود بھیجا، پھر وہ بقعہ سے باہر آئے یہاں تک کہ تمام مدینہ والوں نے آپؐ پر درود بھیجا۔ (۵۴)

﴿پہلا، صلوات بھیجنے والا خدا ہے﴾

ابن عباس کہتے ہیں: جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بستر بیماری پر لیٹے ہوئے تھے اور صحابہ آپ کے

اردگرد موجود تھے، اس وقت عمار یاسر کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: یارسول اللہؐ! میرے ماں باپ آپؐ پر قربان، جب آپؐ خالق حقیقی سے جا ملیں گے تو آپؐ کو کون غسل دے گا؟ آپؐ نے فرمایا: مجھے علیؑ بن ابی طالب غسل دیں گے، کیونکہ میرے جسم کے جس حصہ کو غسل دینا چاہیں گے ملائکہ اس کی مدد کریں گے، پھر عرض کی: یارسول اللہؐ! میرے ماں باپ آپؐ پر قربان، ہم میں سے کون آپؐ کی نماز جنازہ ادا کرے گا؟ اس وقت آپؐ نے حضرت علی علیہ السلام کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا: یا علیؑ! جب سمجھ جانا کہ میری روح قفس عنصری سے پرواز کر چکی ہے تو مجھے غسل دینا اور سفید مصری کپڑے یا بُرد یمانی کا مجھے کفن دینا، پھر میرے جنازے کو اٹھانا اور قبر کے نزدیک رکھ دینا، اس وقت جو پہلے مجھ پر نماز پڑھے گا، خود خداوند قدوس ہوگا جو اپنے عرش جلال وعظمت پر مجھ پر صلوات بھیجے گا، اس کے بعد جبرائیلؑ، میکائیلؑ اور اسرافیلؑ ملائکہ کے لشکر کے ہمراہ مجھ پر نماز ادا کریں گے کہ ان کی تعداد خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ (۵۵)

﴿رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عقیل سے محبت﴾

ابن عباس فرماتے ہیں: ایک دن حضرت علی علیہ السلام نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا: یارسول اللہؐ! کیا آپؐ عقیل سے محبت کرتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں میں بھی محبت کرتا ہوں اور خدا بھی اس سے محبت کرتا ہے، اس کے بیٹے تیرے بیٹوں کی محبت میں مارے جائیں گے، مومنین کی آنکھیں ان پر گریہ کریں گی، فرشتے ان پر صلوات بھیجیں گے، اس کے بعد رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اتنا روئے کہ آپؐ کے اشک آپؐ کے سینہ مبارک پر جاری ہو گئے، پھر آپؐ نے فرمایا: جو ان پر ظلم وستم ہونگے خدا کی بارگاہ میں اس کی شکایت کروں گا۔ (۵۶)

﴿منافق اُکیدر پر غلبہ﴾

حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام فرماتے ہیں: غزوہ تبوک میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اکیدر کے درمیان جب تھوڑی سی مسافت باقی رہ گئی آپؐ نے زبیر اور سماک بن خرشد کو بیس مسلمانوں کے

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

ہمراہ اکید رقلعہ کی طرف روانہ کیا اور فرمایا: اسے گرفتار کر کے میرے پاس لے آؤ، زبیر نے عرض کی: یارسول اللہؐ! ہم کس طرح اسے گرفتار کریں؟ جبکہ اس کے پاس ایک بڑا لشکر اور بہت سے نوکر چاکر ہیں، اس کا قلعہ بھی مکمل طور پر محفوظ ہے، آپؐ نے فرمایا: تدبیر کے ساتھ اسے گرفتار کرو، زبیر نے کہا: اس چاندنی رات میں کس طرح کریں جبکہ سارا صحرا ہموار ہے اور وہ قلعہ کے اندر سے باآسانی ہمیں دیکھ سکتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: کیا چاہتے ہو کہ خدا تمہیں ان کی آنکھوں سے پنہان کردے؟ اس چاندنی رات میں تمہارا سایہ ختم کردے اور تمہیں چاند کی روشنی جیسا نور عطا فرمائے تاکہ تمہیں نہ دیکھ سکیں؟ وہ کہنے لگے: ہاں اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! پھر آنحضرتؐ نے فرمایا: محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجو اور عقیدہ مضبوط کرو کہ آل محمد علیہم السلام کے بہترین فرد علیؑ بن ابی طالب علیہ السلام ہیں، اے زبیر! خصوصاً تم یہ اعتقاد رکھو کہ جس گروہ میں علی بن ابی طالب علیہ السلام ہوں وہی برحق ہے اور دوسروں کو ان پر مقدم نہیں کیا جاسکتا۔ (۵۷)

﴿اطمینان قلب﴾

ابوحمزہ ثمالی کہتے ہیں: جنگ تبوک میں انصار کے تین افراد (ابولبابہ المنذر، ثعلبہ بن ربیعہ اور اوس بن خدام) نے خلاف ورزی کی اور مدینہ ہی میں رہ گئے، جب سنا کہ ان کی مذمت میں قرآن کی آیات نازل ہوئی ہیں تو اپنی ہلاکت کا یقین کرلیا اور خود کو مسجد کے ستونوں کے ساتھ باندھ لیا، رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی واپسی تک وہ اسی حالت میں رہے، جب آپ تک یہ خبر پہنچی، تو ان کی حالت کے بارے میں دریافت کیا، حاضرین نے کہا: انہوں نے قسم کھائی ہے کہ اپنے آپ کو ستونوں سے نہیں کھولیں گے، آنحضرتؐ نے فرمایا: میں بھی قسم کھاتا ہوں کہ انہیں ستونوں سے نہیں کھولوں گا جب تک خدا کی طرف سے کوئی حکم نہیں آتا تو اس وقت یہ آیت نازل ہوئی

"عسی اللہ ان یتوب علیھم" (۵۸) آپؐ ان کے پاس تشریف لے گئے اور ان کی رسیاں کھول دیں، خدا کے حکم سے ان کی توبہ قبول ہوئی، وہ اپنے تمام مال واسباب آپؐ کی خدمت

میں لائے اور کہا کہ یہ وہی اموال ہیں جو ہماری محرومی کا سبب بنے، لہذا یہ آپ کی خدمت میں لائے ہیں تاکہ یہ بطور صدقہ بانٹ دیں، آپؐ نے انہیں جواب دیا: اس بارے میں خدا کی طرف سے کوئی حکم نہیں آیا ہے، پھر اس وقت یہ آیت نازل ہوئی:

"خُذ مِن اَموالِھِم صَدَقَۃً تُطَھِّرُھُم وتزکیھم بھا وصلّ علیھم انّ صلواتک سکنٌ لھم" (۵۹)

ان کے اموال سے صدقہ لے لیجئے جس کے ذریعہ سے آپؐ ان کو پاک صاف کردیں اور ان پر صلوات (طلب رحمت) بھیجئے بلاشبہ آپ کی صلوات ان کے لئے موجب اطمینان ہے۔ (۶۰)

﴿فرشتہ اور صلوات﴾

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے پانچویں آسمان پر ایک فرشتہ دیکھا جو عرش پر تہلیل وتقدیس میں مصروف تھا، اس کے لمبے لمبے سنہری بال دُرّ اور یاقوت کے تھے، میں نے سلام کیا، اس نے جواب دیا، پھر اس فرشتے نے مجھ سے کہا: کہ میں ان خوشبخت فرشتوں میں سے ہوں جو ہمیشہ آپؐ پر صلوات بھیجتے رہتے ہیں۔ (۶۱)

﴿میراث کا مال﴾

ایک شخص حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کے پاس آیا اور عرض کرنے لگا: یابن رسول اللہ علیہ السلام! میرے والد فوت ہوچکے ہیں، جہاں ان کا مال اسباب تھا، اس کا مجھے علم نہیں ہے، اب میں نادار ہوچکا ہوں جبکہ میرے اہل وعیال بھی زیادہ ہیں، میں آپؑ سے التماس کرتا ہوں کہ مجھے بے نیاز کیجئے، آپؑ نے فرمایا: نماز عشاء کے بعد محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجو، پھر تمہارا باپ تمہارے خواب میں آئے گا اور اپنے اموال کی جگہ کی نشاندہی کرے گا، اس آدمی نے حضرت امام جوادؑ کے کہنے کے مطابق عمل کیا اور اپنے باپ کو خواب میں دیکھا، عالم خواب میں اس نے کہا: اے میرے بیٹے! دنیا کا جو مال باقی بچا ہے، وہ فلاں مقام پر ہے، جاؤ اور اسے لے کر فرزند رسول علیہ السلام کی خدمت میں لے جاؤ اور خواب کا تمام ماجرا ان سے بیان کرو۔ (۶۲)

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

﴿میّت کا عذاب سے نجات پانا﴾

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میّت کیلئے قبر کی پہلی رات سے زیادہ سخت کوئی چیز نہیں ہے، لہذا صدقہ دے کر ان پر رحم کا سامان فراہم کرو، اگر صدقہ نہ دے سکو تو اس کیلئے دو رکعت نماز پڑھو جس کی کیفیت یہ ہے: پہلی رکعت میں سورہ ٔحمد اور آیت الکرسی، دوسری رکعت میں سورہ حمد اور دس مرتبہ سورہ قدر، جب نماز سے فارغ ہو جاؤ تو یہ کہو: " اللّٰھم صل علی محمدؐ و آل محمدؐ وابعث ثوابھا علی قبر فلان " لفظ فلان کی جگہ میّت کا نام لو تو اس وقت ملائکہ اس کا ثواب ایک طبق میں رکھ کر اس کیلئے لے جاتے ہیں اور اگر میّت سختی میں ہو تو اسے نجات دلاتے ہیں، جو شخص مردہ کیلئے یہ نماز پڑھے گویا اس نے ہر وہ چیز صدقہ دی ہے، جس پر سورج کی کرنیں پڑتی ہیں۔ (۶۳)

﴿ہمیں محدود نہ کرو﴾

ایک شخص نے حضرت امام صادق علیہ السلام کے سامنے یوں کہا: " اللّٰھم صلّ علی محمّد و اھل بیت محمدؐ " آپؑ نے فرمایا: اے شخص! ہم پر صلوات کے دائرے کو تنگ نہ کرو، کیا تم نہیں جانتے ہو! اہل بیت وہی اصحاب کساء (پانچ تن) ہیں؟ اس نے پوچھا: پس صلوات کس طرح پڑھیں؟ آپؑ نے فرمایا: " اللّٰھم صل علی محمدؐ و آل محمدؐ " کہا کرو تا کہ ہمیں اور ہمارے شیعوں کو بھی شامل ہو جائے۔ (۶۴)

﴿صلوات میں اہل بیت علیہم السلام کا شامل ہونا﴾

ایک دن رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا: اے علیؑ! کیا تمہیں ایک خوشخبری نہ دوں؟ آپؑ نے عرض کیا: میرے ماں باپ آپؐ پر قربان، کیوں نہیں! آنحضرتؐ نے فرمایا: جبرائیلؑ ایک اچھی خبر لے کر آیا ہے اور کہا ہے کہ میرا جو امتی بھی صلوات پڑھتا ہے جب وہ میرے اہل بیت علیہم السلام کو بھی شامل کرتا ہے اس وقت آسمان کے تمام دروازے اس کی دعا اور عبادت کی قبولیت کے لئے کھول دیئے جاتے ہیں، فرشتے اس پر ستر مرتبہ درود بھیجتے ہیں، اس

کے تمام گناہ اس طرح جھڑ جاتے ہیں جیسے درخت سے خشک پتے جھڑتے ہیں تب خداوند متعال فرماتا ہے کہ میں نے قبول کیا، پھر فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ اس پر ستر مرتبہ درود بھیجیں اور خود میں نے بھی اس پر سات سو مرتبہ درود (رحمت) بھیجا ہے اگر وہ شخص مجھ پر تو صلوات بھیجے لیکن میرے اہل بیت پر صلوات نہ بھیجے تو آسمان اور اس کی دعا کے درمیان ستر حجاب حائل ہو جاتے ہیں، خدا فرماتا ہے: تیری دعا قبول نہیں کروں گا، پھر فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ اس کی دعا اس وقت تک آسمان پر نہ لے جانا، جب تک یہ درود میں آل محمدؐ کو شامل نہ کر لے۔ (۶۵)

﴿صلوات کی صداؤں کا قلعہ کے در و دیوار سے سنائی دینا﴾

حضرت جبرائیلؑ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آئے اور عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! خدا سلام کہہ رہا ہے اور فرما رہا ہے: سمت مغرب میں ایک کافر رہتا ہے جس کا نام شاہ شمس بنان ہے، اس کے چالیس قلعے اور چالیس خانقاہیں ہیں، وہ "عنقا" نامی قلعہ میں رہتا ہے، اس بادشاہ نے اپنا لشکر تیار کیا تا کہ تجھ سے جنگ کر سکے، ابوالفتح سے اجازت لے کر اسی اونٹ پر سوار ہو جائیں اور سورہ ٔیاسین کی تلاوت کریں، جب سورہ ٔیاسین ختم ہو جائے، امر پروردگار سے یہ اونٹ دو ہزار کلومیٹر کا فاصلہ طے کر لے گا، ایک ہفتہ کیلئے اپنے اصحاب سے معذرت کر لو، اپنے ساتھ کسی کو نہ لے جانا اور مطمئن رہو کہ خدا خود آپ کی حفاظت کرے گا، آنحضرتؐ نے جبرائیلؑ سے پوچھا: کیا اپنے بھائی علیؑ بن ابی طالب کو اس سفر میں اپنے ساتھ لے جا سکتا ہوں؟ جبرائیلؑ نے عرض کی، خداوند متعال انہیں وہاں پر خود پہنچائے گا، پھر آنحضرتؐ نے وحی کا مضمون صحابہ کے سامنے بیان فرمایا، پھر ابوالفتح کے اذن سے اونٹ پر سوار ہوئے اور سورہ ٔیاسین کی تلاوت شروع کر دی، جب سورہ ختم ہوا تو آپؐ ایک بلندی پر پہنچ چکے تھے، وہاں آپؐ نے اطراف میں نگاہ کی تو ایک بہت بڑا پہاڑ دیکھا جس کے نیچے دریا بہہ رہا تھا، اسی پہاڑ کے دامن میں چالیس قلعے اور خندقیں بھی موجود تھیں، آپؐ اونٹ سے نیچے تشریف لائے، اپنا عصا ہاتھ میں پکڑا اور

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

خندق کی طرف روانہ ہوگئے، قلعہ کے مینار کے پہرے دار نے دیکھا کہ سرزمین عرب کی طرف سے ایک نور چل رہا ہے جو سورج سے زیادہ روشن ہے، پھر آنحضرتؐ نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا جس سے پہرہ دار لرز اٹھا، آپؐ نے فرمایا: اے محافظ! جاؤ اور جا کر شاہ شمس سے کہو کہ پیغمبر آخر الزمان حضرت "محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" آئے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ باہر آؤ کیونکہ میں خدا کے حکم سے تمہاری اور تمہارے پیرکاروں کی راہنمائی کے لئے آیا ہوں، کہ تم نے ارادہ کیا تھا کہ آئندہ چند روز میں دو ہزار کلومیٹر کی مسافت طے کر کے اپنے لشکر کے ساتھ مدینہ پر چڑھائی کروں گا، دیکھو ابھی میں تنہا آیا ہوں، باہر آؤ تا کہ دین اسلام کی دعوت دوں، وگرنہ تمہاری تمام آبادی کو شہر لوط کی طرح سرنگون کردوں گا، پہرے دار شاہ شمس کے پاس گیا پہرے دار کو دیکھ کر شاہ شمس نے سوال کیا: یہ کیسی آوازیں تھیں جو میرے کانوں تک پہنچ رہی تھیں اور تیرا رنگ کیوں فق ہو رہا ہے؟ پہرے دار نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد کا واقعہ سنایا، شاہ شمس آنحضرتؐ کا پیغام سن کر غصہ میں آیا، اس نے اپنے بیٹوں کو بلایا اور ان سے کہا: میں نے تاجروں سے سنا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہرگز جھوٹ نہیں بولتا، ابھی تک اس نے جو کہا ہے اس کے خدا نے پورا کیا ہے، لہذا بہتر ہے ہم باہر جا کر اس سے معجزہ طلب کریں، اگر کوئی معجزہ دکھایا تو اس کی اطاعت کریں گے، اس وقت شاہ کے بھانجے نے تلوار نیام سے نکالی جس کا نام املاک تھا اور وہ ایک شجاع شخص تھا وہ کہنے لگا: تم میری طاقت کے بل بوتے پر حکومت کر رہے ہو اور ابھی (معاذ اللہ) محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جادوگر سے کیوں ڈر رہے ہو؟ پہرے دار نے کہا: اے املاک! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں ایسی باتیں نہ کرو کیونکہ اگر وہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوئے تو ہمارا کام خراب ہے، املاک نے یہ سن کر پہرے دار کے منہ پر ایک زوردار تھپڑ مارا اور کہنے لگا: ایسی غیر سنجیدہ باتیں مت کرو، پھر شاہ کی طرف مخاطب ہو کر کے کہنے لگا: اگر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطیع ہوئے، تو پہلے تمہیں قتل کروں گا، اس کے بعد (معاذ اللہ) محمدؐ کو قتل کروں گا، شاہ شمس مجبوراً مان گیا اور پہرے دار سے کہا: جاؤ اور دربان سے کہہ دو کہ گیٹ کھول دے، محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہنا: شاہ شمس کہہ رہا ہے: اگر سچے ہو تو قلعہ میں آؤ اور ہمیں کوئی معجزہ دکھاؤ،

تا کہ ہمارے لئے واضح ہو جائے کہ تمہارا دین برحق ہے، پھر ہم تم پر ایمان لائیں گے، پہرے دار دیگر چند افراد کے ساتھ قلعہ کے دروازے پر آیا اور دربان سے کہا کہ دروازہ کھول دو اور خندق کے اوپر پل ڈال دو پھر پہرے دار آنحضرتؐ کے پاس گیا اور جو حکم ہوا تھا وہ آنحضرتؐ سے کہہ ڈالا، آپؐ نے اپنا قدم مبارک پل پر رکھا اور فرمایا: خدا کی مدد سے اس قلعہ کو فتح کرنے کیلئے "بسم اللہ الرحمن الرحیم" کہا اور قلعہ کی طرف قدم بڑھایا، قلعہ کے لوگوں نے قلعہ کے در و دیوار سے "اللّٰھم صلّ علی محمدؐ و آل محمدؐ" کی صدائیں بلند ہوتی سنیں، وہ یہ آوازیں سن کر پریشان ہو گئے اور اسلام قبول کر لیا۔(۶۶)

﴿اونٹ اور صلوات﴾

ایک دن رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ معظمہ میں تشریف فرما تھے، بعض صحابہ بھی آپؐ کے پاس موجود تھے، اچانک ایک بوڑھا آدمی، ایک جوان کے ساتھ وہاں پر آ گیا، دونوں آپس میں جھگڑ رہے تھے اور اپنی مشکل کے حل کیلئے آنحضرتؐ کے پاس آئے، بوڑھا آدمی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھ گیا اور عرض کی: یا رسول اللہؐ! مجھے اس جوان سے بچایئے، آپؐ نے پوچھا: کیا ہوا ہے؟ وہ عرض کرنے لگا: یہ جوان ایک مشہور چور ہے کیونکہ اس نے میرے دس اونٹ چرائے ہیں، مجھے آخری اونٹ پہچان کر پتہ چلا ہے، ابھی جتنا اصرار کرتا ہوں اونٹ واپس نہیں کرتا، آنحضرتؐ نے فرمایا: اے جوان! تو کیا کہتا ہے؟ اس نے عرض کی: اے رسولوں کے سردار! جو چیز واضح ہے اسے بیان کرنے کی کیا ضرورت ہے پھر آنحضرتؐ کی دلیز کو چوما اور عرض کرنے لگا: مجھے اپنے والد سے اتنی زیادہ ثروت، گائے بھیڑ بکری اور اونٹ کی صورت میں ملی ہے کہ میں بے نیاز ہوں، اس اونٹ کے علاوہ بھی تین سو اونٹ میرے پاس ہیں، یہ اونٹ بھی میرا ہے، اس وقت پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بوڑھے کی طرف رخ کیا اور فرمایا: کیا تمہارے پاس کوئی گواہ بھی ہے؟ بوڑھے نے کہا: ہاں یا رسول اللہؐ! پھر چھ افراد کو بطور گواہ پیش کیا، سب گواہوں نے گواہی دی کہ یہ دس کے دس اونٹ بوڑھے آدمی کے ہیں، آنحضرتؐ نے فرمایا: دین اسلام کی رو سے جو بھی چوری کرے اس کا ہاتھ کاٹا جائے گا، جب جوان

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

نے یہ سنا تو اپنی جگہ سے اٹھا اور کہنے لگا: اے پروردگار! ہم پر ظلم نہ ہونے دے، کیونکہ ہمارا حال اگرچہ لوگوں پر مخفی ہے لیکن تجھ پر سب کچھ ظاہر ہے، پھر ہاتھ کاٹنے کے لئے جلاّد کو بلایا گیا، اچانک حضرت جبرائیلؑ خدا کا پیغام لے کر آئے اور آنحضرتؐ سے عرض کی: یارسول اللہؐ! اس اونٹ اور جوان کو بلایئے کیونکہ ان دونوں کے درمیان ایک راز موجود ہے، اونٹ کو ماجرا بیان کرنے کا حکم دیجئے، آنحضرتؐ نے اس جوان اور اونٹ کو حاضر کرنے کا حکم دیا، جب اونٹ آیا تو وہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں دوزانو ہو کر بیٹھ گیا، آپؐ نے فرمایا: اے اونٹ! تجھے اس خدا کی قسم جس نے تجھے خلق کیا ہے؟ تو کس کی ملکیت ہے؟ اونٹ نے فصیح زبان میں کہا الصلوۃ و السلام علیک یا رسول اللہؐ" آپ گواہ رہیں کہ میں خدا کے حضور گواہی دے رہا ہوں! میں اس جوان کی ملکیت ہوں، یہ بوڑھا اور وہ چھ گواہ سب منافق ہیں، اس جوان سے حسد کر رہے ہیں اور جھوٹ بول رہے ہیں۔ (٦٧)

﴿نورانی محل﴾

جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معراج پر تشریف لے گئے اور پہلے آسمان پر پہنچے تو خداوند متعال نے آپؐ کے لئے ایک نورانی محمل بھیجا، جس میں عرش الٰہی کے گرد گردش کرنے والے انوار میں سے چالیس قسم کے نور تھے، ایسے نور تھے جنہیں آنکھیں نہیں دیکھ سکتی تھیں، ایک زرد نور تھا، جتنی بھی زرد چیزیں ہیں وہ اسی سے ہیں، ایک سرخ نور تھا کہ جتنی سرخ چیزیں ہیں وہ اسی سے ہیں، ایک سفید نور تھا کہ جتنی سفید چیزیں ہیں وہ اسی سے ہیں دیگر تمام نور بھی اسی طرح تھے، اس محمل کی زنجیریں چاندی کی تھیں، پھر آنحضرتؐ کو اس محمل میں بٹھایا گیا اور دوسرے آسمان پر لے جایا گیا، دوسرے آسمان کے ملائکہ اس محمل کو دیکھ کر آسمان کی طرف لپکے، چونکہ ان میں ان انوار کو دیکھنے کی تاب نہ تھی لہذا کہنے لگے: "سبوح قدوس رب الملائکۃ و الروح"

یہ انوار، عرش الٰہی کے انوار سے بہت زیادہ مشابہ تھے، پھر جبرائیلؑ نے کہا: اللہ اکبر، اللہ اکبر، اس وقت فرشتوں کو قرار آیا، آسمان کے دروازے کھل گئے، تمام فرشتوں نے آنحضرتؐ کے گرد

حلقہ بنا لیا اور عرض کرنے لگے: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپؐ کے بھائی علیؑ بن ابی طالب کیسے ہیں؟ آپؐ نے جواب دیا: ٹھیک ہیں، فرشتوں نے کہا: جب علیؑ سے ملیں تو ہمارا اسلام انہیں پہنچا دیجئے آپؐ نے پوچھا: علیؑ کو جانتے ہو؟ ملائکہ نے عرض کی: کیسے نہ پہچانیں جبکہ پروردگار نے روز الست ہی سے اس کا عہد لے لیا تھا، کہ ہم آپؐ اور علیؑ پر مسلسل درود بھیجتے رہیں۔ (٦٨)

﴿دعا کا طریقہ﴾

حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: اپنی حاجات خدا سے طلب کرو، اگر گناہگار ہو گے، تو بھی خدا پوری کرے گا راوی نے پوچھا: ہم کیسے اپنی حاجات طلب کریں؟ آپؑ نے فرمایا: اس طرح اپنی حاجات طلب کیا کرو: پہلے نماز پڑھو پھر خدا کی حمد و ثنا کرو، اس کے بعد صلوات بھیجو پھر پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کی گواہی دو، اس کے بعد ائمہ علیہم السلام پر صلوات بھیجو اور توبہ کرو۔ (٦٩)

﴿رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خادم﴾

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب میں چھٹے آسمان پر پہنچا تو میکائیلؑ کو دیکھا، وہ ایک بہت بڑی کرسی پر بیٹھا ہوا تھا، اس کے سامنے ایک بہت بڑا تراز ور کھا ہوا تھا، جس کا ہر ایک پلڑا زمین و آسمان سے بڑا تھا، عمودی طور پر مشرق اور مغرب کے درمیان پھیلا ہوا تھا، میں آگے گیا اور اسے سلام کیا، اس نے سلام کا جواب دیا اور اٹھ کر مجھے اپنے پاس بٹھایا، پھر کہنے لگا: " زادک اللہ کرامۃ و فرجا " یارسول اللہؐ! آپ کو بشارت دیتا ہوں کہ آپ کی امت کیلئے ہر امت سے زیادہ خیر و برکت والی ہے، ان کا میزان تمام میزانوں سے بھاری ہے، وہ خوش نصیب ہے جو آپ کا پیروکار ہے، بدبخت ہے وہ شخص جو آپ کی نافرمانی کرے، سات لاکھ جرنیل میکائیل کے تابع فرمان اور زیر پرچم تھے، ہر پرچم تلے سات لاکھ فرشتے صف بستہ کھڑے تھے، وہ سب میکائیلؑ کے حکم کے منتظر تھے، میکائیلؑ نے مجھ سے کہا: یارسول اللہؐ! یہ سب جرنیل اور فرشتے آپؐ کے خادم ہیں اور آپؐ پر صلوات بھیجتے ہیں۔ (٧٠)

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

﴿امام حسین علیہ السلام پر صلوات﴾

حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: خداوند متعال نے ایک لاکھ فرشتے قبر امام حسین علیہ السلام پر روز شہادت سے لے کر ظہور قائم آل محمد علیہ السلام تک مقرر کئے ہیں جو پریشان بالوں اور خاک آلودہ چہرے کے ساتھ وہاں رہیں گے، وہ حضرت امام حسین علیہ السلام پر صلوات بھیجتے رہیں گے، آپؑ کے زائروں کے لئے دعا کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں: اے پروردگارا! امام حسین علیہ السلام کے زائرین کو خوشبخت بنادے۔ (۷۱)

﴿درود بھیجنے کی توفیق﴾

منقول ہے: ایک دن عمران بن عبداللہ قمی کچھ خیموں کے ساتھ وارد منیٰ ہوا، اس نے وہ خیمے حضرت امام صادق علیہ السلام کے خیمہ کے نزدیک نصب کردیئے، جب حضرت امام صادق علیہ السلام اپنے اہل وعیال کے ساتھ تشریف لائے تو پوچھا: یہ کس کے خیمے ہیں؟ جواب دیا: یہ خیمے عمران بن عبد اللہ قمی نے آپؑ کے لئے لگائے ہیں، آپؑ خیموں میں داخل ہوئے اور عمران کے غلام کو طلب کیا، غلام آپؑ کے پاس آیا اور عرض کرنے لگا: اے فرزند رسولؐ! یہ وہی خیمے ہیں جنہیں آپؑ نے تیار کروانے کا حکم دیا تھا، آپؑ نے فرمایا: ان پر کتنی لاگت آئی؟ اس نے کہا: میرے ماں باپ آپؑ پر قربان، خیموں کا کپڑا میں نے خود بُنا ہے، خیمے میں نے خود نصب کئے ہیں، لہذا میں چاہتا ہوں کہ آپؑ انہیں بطور تحفہ قبول فرمائیں، پھر غلام نے وہ رقم واپس کردی جو امام صادق علیہ السلام نے اسے خیمے تیار کرنے کیلئے دی تھی، آپؑ نے پیسے واپس لے لئے اور فرمایا: خدا سے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر درود بھیجنے کی توفیق طلب کرتے رہا کرو تا کہ اسے تمہارے لیے تا قیامت باقی بھی رکھے۔ (۷۲)

﴿طیر صلوات﴾

نقل ہے، کہ بعض سمندروں میں خدا نے ایک درخت اور ایک پرندہ خلق کیا ہے جس کے چھ ہزار بال و پر ہیں، اس کا نام طیر صلوات ہے، وہ ایک درخت پر رہتا ہے جب بھی کوئی کہتا ہے:

"اللّٰھم صلّ علی محمدؐ و آل محمدؐ"

وہ پرندہ سمندر میں غوطہ لگاتا ہے، پھر اس درخت پر بیٹھ جاتا ہے، اس کے پر و بال سے پانی کے قطرات گرتے ہیں خداوند متعال ہر قطرہ سے ایک فرشتہ خلق کرتا ہے، جو اس درود بھیجنے والے کیلئے تا قیامت استغفار کرتا رہے گا۔ (۷۳)

﴿صلوات اور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾

عمار یاسر نے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: ہماری آرزو ہے کہ آپؐ ہمارے درمیان نوحؑ کی زندگی کریں، آپؐ نے فرمایا: اے عمار! میری زندگی تمہارے لئے خیر ہے، میری وفات بھی تمہارے لئے بُری نہیں ہے، میری زندگی تمہارے لئے اس لئے باعث خیر ہے، کیونکہ جب بھی تم گناہ کرتے ہو میں تمہارے لئے طلب مغفرت کرتا ہوں، لیکن میری وفات کے بعد، خدا سے ڈرو اور مجھ پر اور میری اہل بیتؑ پر صلوات بھیجو، تمہارے اور تم سے پہلے لوگوں کے اعمال میرے سامنے پیش کئے جاتے ہیں جو تمہارے اور تمہارے آباء واجداد اور تمہاری نسلوں کے ناموں سے موسوم ہوتے ہیں، اگر وہ اعمال، اچھے ہوئے تو خدا کا شکر ادا کرتا ہوں، اگر وہ اعمال بُرے ہوں، تو تمہارے لئے استغفار کرتا ہوں۔ (۷۴)

﴿صلصائیلؑ اور صلوات﴾

حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں: ایک دن پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھ پر بہت زیادہ صلوات بھیجا کرو، میں نے عرض کی: کیا آپؐ کی رحلت کے بعد بھی صلوات آپؐ تک پہنچے گی؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں اے علیؑ! خدا نے ایک فرشتہ میری قبر پر موکل کیا ہے، جس کا نام صلصائیلؑ ہے، اس کی شکل مرغ کی سی ہے، اس کا سر عرش تلے اور اس کے پنجے زمین ہفتم تلے ہیں، اس کے تین پر ہیں، وہ اس وقت اپنے پر پھیلاتا ہے، جب بھی کوئی بندہ "اللّٰھم صلّ علی محمدؐ و آل محمدؐ" کہتا ہے، صلصائیلؑ اس پر اس طرح جھپٹتا ہے، جس طرح مرغ دانے پر جھپٹتا ہے، پھر اپنے پر و بال میری قبر پر پھیلاتا ہے اور کہتا ہے: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! فلان بن فلان نے آپؐ پر صلوات بھیجی ہے، پھر وہ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

صلوات نور کے ایک باریک کاغذ پر خالص مُشک کے ساتھ لکھی جاتی ہے، بیس ہزار نیکیاں اس کے نامہء اعمال میں لکھ دی جاتی ہیں، اس کے بیس ہزار درجات بلند کر دیئے جاتے ہیں، اس کے بیس ہزار گناہ معاف کر دیئے جائے ہیں اور اس کے نام پر بیس ہزار درخت لگائے جاتے ہیں۔(۷۵)

﴿عطر لگاتے وقت کی صلوات﴾

حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو عطر لگائے اور اپنا ہاتھ ناک پر رکھ کر کہے: "الحمد للہ اکثرا کما ھو اھلہ و صلّی اللہ و علی محمدؐ و آلہ وسلم" اس کی ناک کے بائیں سوراخ سے ایک پرندہ باہر نکلتا ہے جو مکھی سے چھوٹا ہوتا ہے، وہ عرش الٰہی کے نیچے کھڑے ہو کر اس شخص کے لئے تا قیامت استغفار کرتا ہے۔(۷۶)

﴿اس کا ثواب میرے ذمہ ہے﴾

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ صلوات بھیجتا ہے، زمین کا فرشتہ اس پر سو مرتبہ درود بھیجتا ہے، جب آسمان کے فرشتے سنتے ہیں تو وہ سو مرتبہ صلوات بھیجتے ہیں، جب تیسرے آسمان والے سنتے ہیں وہ ایک ہزار مرتبہ صلوات بھیجتے ہیں، چوتھے آسمان کے فرشتے پانچ ہزار مرتبہ چھٹے آسمان والے چھ ہزار مرتبہ اور ساتویں آسمان والے سات ہزار مرتبہ درود بھیجتے ہیں، اس وقت خدا فرماتا ہے: اے فرشتو! اسے مجھ پر چھوڑ دو کیونکہ اس نے میرے حبیبؐ کو عظمت و احترام کے ساتھ یاد کیا ہے لہذا اس کا ثواب میرے ذمہ ہے۔(۷۷)

﴿ملائکہ اور صلوات کی آواز﴾

حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام نے فرمایا: جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح قبض ہوئی، آپؐ کا سر مبارک میرے سینے پر تھا، تب میں نے آپؐ کو سیدھا لٹایا، پھر آپؐ کے غسل و کفن کی طرف متوجہ ہوا، اس امر میں ملائکہ میری مدد کر رہے تھے، اس وقت گھر و اطراف کے حصے فرشتوں سے پُر تھے، کچھ اوپر جا رہے تھے، کچھ نیچے آ رہے تھے، وہ سب آنحضرتؐ پر صلوات بھیج رہے تھے اور میں ان کی آواز سن رہا تھا۔(۷۸)

﴿بغیر وضو کے نماز﴾

طاووس یمانی نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے سوال کیا: لوگوں کا تیسرا حصہ کب ہلاک ہوا؟ آپؑ نے فرمایا: آبادی کا تیسرا حصہ کبھی نہیں مرا، بلکہ ظاہراً تم یہ پوچھنا چاہ رہے ہو کہ آبادی کا چوتھا حصہ کب ہلاک ہوا؟ یہ وہ وقت تھا جب قابیل نے ہابیل کو قتل کیا، کیونکہ اس وقت فقط چار افراد تھے، آدمؑ، حواؑ، ہابیل اور قابیل، طاووس یمانی نے پھر سوال کیا: ہابیل اور قابیل میں سے کون لوگوں کا باپ ہے؟ آپؑ نے ارشاد فرمایا: کوئی بھی نہیں، بلکہ لوگوں کے باپ شیثؑ ہیں، طاووس یمانی نے ایک مرتبہ پھر سوال کیا: وہ کون سی چیز تھی جس کا قلیل حلال اور کثیر حرام تھا؟ آپؑ نے فرمایا: وہ نہر طالوت تھی جس میں سے ایک چلّو پانی پینا حلال اور زیادہ حرام تھا، طاووس یمانی نے مزید سوال کیا: وہ کون سی نماز ہے جو بغیر وضو کے واجب ہے اور وہ کونسا روزہ ہے جو کھانے اور پینے سے نہیں ٹوٹتا؟ آپؑ نے جواب دیا: جو نماز بغیر وضو کے واجب ہے وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوات ہے، اور وہ روزہ جو کھانے اور پینے سے نہیں ٹوٹتا وہ چپ کا روزہ ہے؟ قرآن مجید میں آیا ہے: "انی نذرت للرحمن صوما" (مریم..۲۶) (میں نے خدا کیلئے نذر کی ہے کہ چپ رہوں) اس نے پھر اس چیز کے بارے میں سوال کیا جو کم اور زیادہ ہوتی ہے آپؑ نے فرمایا: وہ چاند ہے، پھر ایسی چیز کے بارے میں سوال کیا جو زیادہ ہوتی ہے لیکن کم نہیں ہوتی، آپؑ نے فرمایا: وہ سمندر ہے، پھر اس نے ایسی چیز کے بارے میں دریافت کیا جو کم ہوتی ہے لیکن زیادہ نہیں ہوتی، آپؑ نے فرمایا: وہ زندگی ہے۔(۷۹)

﴿ایام ہفتہ﴾

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ہفتہ کا دن ہمارا ہے، اتوار ہمارے شیعوں کا ہے، سوموار کا دن ہمارے دشمنوں کا ہے، منگل کا دن بنی امیہ کا ہے، بدھ کا دن دوا لینے کا دن ہے، جمعرات حاجات کی برآوری، نظافت اور خوشبو لگانے کا دن ہے، جمعہ مسلمانوں کے لئے عید کا دن ہے جو عید الفطر اور عید الاضحیٰ سے بہتر ہے، لیکن عید غدیر خم سب سے بڑی عید ہے، قائم آل محمد علیہ السلام جمعہ کے دن ظہور

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

کریں گے، قیامت بھی جمعہ کے دن برپا ہوگی، جمعہ کے دن کوئی اور دن محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر درود بھیجنے سے زیادہ افضل نہیں ہے۔(۸۰)

روز جمعہ کی شفاعت

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: خداوند متعال ہفتہ کے دنوں کو ایسی شکل وصورت میں میدان محشر میں لائے گا کہ لوگ انہیں پہچان سکیں، جمعہ کا دن بقیہ ایام کے سامنے ایک خوبصورت دلہن کی طرح نظر آئے گا جو شوہر کے گھر جاتی ہے اور چلتی پھرتی ہے، پھر وہ جنت کے دروازے پر آکر ٹھہر جائے گا بقیہ ایام اس کے پیچھے پیچھے ہوں گے جس نے جمعہ کے دن بہت زیادہ صلوات بھیجی ہوگی تو وہ دن اسکی شفاعت کرے گا اور وہ صلوات کم از کم سو مرتبہ ہو۔(۸۱)

عالی شان قصر

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شب معراج خداوند متعال نے جبرائیلؑ کو حکم دیا کہ جنت کے محل میرے سامنے پیش کئے جائیں، پھر میں نے ایسے قصر دیکھے جو سونے اور چاندی سے بنے ہوئے تھے، جن کا میٹیریل مُشک اور عنبر سے تیار کیا گیا تھا، ان میں سے کچھ تو بڑے عالیشان تھے جبکہ کچھ ایسے نہ تھے، میں نے جبرائیلؑ سے پوچھا: یہ محل کیوں عالیشان نہیں ہیں؟ جبرائیلؑ نے جواب دیا: یہ محل ان نمازیوں کے ہیں جو نماز کے بعد آپؐ اور آپؐ کی آلؑ پر درود نہیں بھیجتے تھے، پس اگر وہ صلوات بھیجیں تو ان کیلئے عالیشان محل تعمیر کئے جاتے ہیں، اگر وہ صلوات نہ بھیجیں تو ان کے قصر بغیر شان وشوکت کے اسی شکل میں باقی رہتے ہیں تا کہ معلوم ہو سکے کہ ان قصر والوں نے آپؐ کی ذات گرامی پر صلوات نہیں بھیجی۔(۸۲)

صلوات، ذکر خدا کا جانشین

ایک شخص نے حضرت امام صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کی: مجھے اس آیہ شریفہ کے بارے میں خبر دیجئے، جس میں خدا نے ملائکہ کا وصف بیان کیا ہے کہ وہ شب وروز تسبیح میں مصروف رہتے

ہیں اور سستی نہیں کرتے، جبکہ دوسری آیت میں فرمایا ہے: "انّ اللّٰہ و ملائکتہ یصلون علی النبی" کس طرح وہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوات بھیجتے ہیں جبکہ وہ شب وروز تسبیح میں مصروف رہتے ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: جب خدا نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خلق فرمایا تو فرشتوں کو حکم دیا: میرے ذکر میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوات کے برابر کمی کردو، پس نماز میں جو "صلی اللّٰہ علی محمدؐ و آل محمدؐ" کہے وہ اس شخص کی طرح ہے جس نے "سبحان اللّٰہ و الحمد للّٰہ ولا الہ الا اللّٰہ و اللّٰہ اکبر" کہا ہو۔(۸۳)

نماز کا حق صلوات ہے

حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا: "اقیموا الصلوۃ" (۸۴) (نماز قائم کرو) سے مراد یہ ہے کہ نماز کامل رکوع وسجود کے ساتھ ادا کرو اور اس کا حق ادا کرو اگر ادا نہیں کروگے تو خدا قبول نہیں کرے گا، پھر آپؑ نے فرمایا: جانتے ہو کہ نماز کے حقوق کیا ہیں؟ اس وقت خود ہی جواب دیا: حقوق نماز یہ ہیں کہ نماز کے بعد محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر اس اعتقاد کے ساتھ درود بھیجو کہ وہ بہترین چُنے ہوئے افراد ہیں۔(۸۵)

شافعی کہتا ہے:

یا اھل بیت رسولؐ حبّکم — فرض من اللّٰہ فی القرآن انزلہ

کفا کم من عظیم القدر انکم — من لم یصل علیکم لا صلوۃ لہ

ترجمہ: اے اہل بیت رسولؐ، خدا نے تمہاری محبت قرآن میں واجب قرار دی ہے اور تمہاری اتنی عظمت ہی کافی ہے کہ جو نماز پڑھے اور آپؐ پر صلوات نہ بھیجے تو اس کی نماز قابل قبول نہیں ہے۔(۸۶)

قبولیت دعا کی شرط

ایک شخص حضرت امام صادق علیہ السلام کی خدمت میں شرفیاب ہوا اور عرض کی: قرآن کی دو آیات ایسی ہیں، جتنی تحقیق کرتا ہوں اس کے مفہوم تک نہیں پہنچ پاتا، آپؑ نے فرمایا: کونسی آیات ہیں؟ عرض کرنے لگا: پہلی یہ ہے: "اُدعُونی اَستَجِب لکم" (مجھے پکارو تا کہ تمہاری دعائیں قبول کروں) میں خدا کو پکارتا ہوں، لیکن میری دعائیں مستجاب نہیں ہوتیں؟ آپؑ نے فرمایا: گمان کرتے ہو کہ خدا نے اپنے

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

وعدہ کی خلاف ورزی کی ہے؟ راوی نے عرض کی: نہیں! آپؑ نے فرمایا: پس اس کی کیا وجہ ہے؟ راوی نے عرض کی: مجھے نہیں معلوم! آپؑ نے فرمایا: میں تجھے آگاہ کر رہا ہوں: "من اطاع اللہ عز وجل فیما امرہ من دعاء من جھۃ الدعاء اجاب" "اگر کوئی شخص دعا کرنے میں خدا کے حکم کی اطاعت کرے اور جہت دعا کا خیال رکھے تو خداوند متعال دعا کو مستجاب کرتا ہے" راوی نے عرض کی: جہت دعا کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: پہلے خدا کی مدح وثنا کرو، اس کی نعمتوں کو یاد کرو اور اس کا شکر ادا کرو، پھر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر درود بھیجو، اس کے بعد اپنے گناہوں کو یاد کرو، ان کا اعتراف کرو اور ان سے خدا کی پناہ مانگو، یہ جہت دعا ہے۔ (۸۶)

﴿روز جمعہ کی فضیلت﴾

مروی ہے کہ جمعہ کا دن بہترین دن ہے، حضرت آدمؑ اسی دن خلق کئے گئے، اسی طرح جمعہ کے دن قبض روح اور نفخ روح ہوا، لہذا اس دن مجھ پر بہت زیادہ صلوات بھیجا کرو کیونکہ تمہاری صلوات میرے سامنے پیش کی جاتی ہے، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا گیا: کس طرح ہمارے درود آپ کے سامنے پیش کئے جاتے ہیں جبکہ آپ کا بدن پوسیدہ ہو چکا ہوگا؟ آپؐ نے فرمایا: خدا نے انبیاءؑ کے اجساد، زمین پر حرام قرار دیئے ہیں۔ (۸۷)

﴿روز جمعہ کی فضیلت﴾

مروی ہے کہ جمعہ کا دن بہترین دن ہے، حضرت آدمؑ اسی دن خلق کئے گئے، اسی طرح جمعہ کے دن قبض روح اور نفخ روح ہوا، لہذا اس دن مجھ پر بہت زیادہ صلوات بھیجا کرو کیونکہ تمہاری صلوات میرے سامنے پیش کی جاتی ہے، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا گیا: کس طرح ہمارے درود آپؐ کے سامنے پیش کئے جاتے ہیں جبکہ آپ کا بدن پوسیدہ ہو چکا ہوگا؟ آپؐ نے فرمایا: خدا نے انبیاءؑ کے اجساد، زمین پر حرام قرار دیئے ہیں۔ (۸۸)

﴿زبان کا صدقہ﴾

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! خدا کی اطاعت کے ذریعہ خدا کے قریب ہو جاؤ تا کہ

خدا تمہیں بھلائی عطا کرے، دنیا میں اپنی خواہشات کو کم کرو اور دشمنان خدا کا مقابلہ کرو، جنگوں میں شرکت کرو تا کہ آخرت میں تمہارا سرمایہ زیادہ ہو، اپنے اموال سے واجب حقوق ادا کرو، اس وقت لوگ کھڑے ہو گئے اور کہنے لگے: یا رسول اللہؐ! ہمارا جسم کمزور ہے، ہمارے پاس مال وغیرہ بھی نہیں ہے، تا کہ انفاق کر سکیں، لہذا ہم کیا کریں؟ آپؐ نے فرمایا: قلبی اور لسانی صدقات دو، لوگوں نے پھر سوال کیا: کیسے صدقہ دیں؟ آپؐ نے فرمایا: قلبی صدقہ یہ ہے کہ اپنے دلوں کو خدا، رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، علی علیہ السلام اور ان لوگوں کی محبت سے مزین کرو جو راہ خدا میں قیام کیلئے منتخب ہوئے ہیں (ائمہ معصومین علیہم السلام) ان کے شیعوں کی محبت اور شیعوں کے دوستوں کی محبت اور لسانی صدقہ یہ ہے کہ ذکر خدا میں مشغول رہو اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر درود بھیجو، یاد رکھو! ان اعمال کے ذریعہ خدا تمہیں بہترین درجات پر فائز کرے گا۔ (۸۹)

﴿مقتول زندہ ہو گیا﴾

حضرت میثم تمارؒ روایت کرتے ہیں: ایک دن حضرت علی علیہ السلام اور حضرت ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چند خاص اصحاب کے ساتھ مسجد کوفہ میں تشریف فرما تھے کہ اچانک ایک دراز قد آدمی مسجد میں داخل ہوا جو پشم کی قبا اور سر پر زرد عمامہ رکھے ہوئے تھا، اس کی کمر کے گرد دو تلواریں لٹک رہی تھیں، لوگوں نے اس سے پوچھا: تم کون ہو؟ اس نے جواب دیا: میں ساٹھ ہزار افراد کا پیغام رساں ہوں، جنہیں عقیمہ کہا جاتا ہے اور ان کے پاس ایک میت ہے جسے مرے ہوئے عرصہ گزر چکا ہے، اور وہ ابھی مسجد میں داخل ہونے والے ہیں، پس اگر آپؑ نے اسے زندہ کر دیا تو ہمارے لئے ثابت ہو جائے گا کہ آپؑ حجت خدا ہیں وگرنہ آپؑ کی خلافت برحق نہیں ہے لیکن حضرت علی علیہ السلام نے ایک اجمالی سا جواب دیا لیکن وہ مرد قانع نہ ہوا اور مردہ کو زندہ کرنے کا مطالبہ دہرایا تو اسوقت حضرت علی علیہ السلام نے خدا کی حمد وثنا کے بعد پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجا اور فرمایا: آگاہ رہو کہ بنی اسرائیل کی گائے خدا کے نزدیک مجھ سے بہتر نہیں ہے، کیونکہ اس کا ایک حصہ مردہ کے بدن پر مار کر جب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجی گئی تو بنی اسرائیل کا مردہ زندہ ہو گیا، پس اے شخص! میرے اعضاء بھی مردہ کے بدن کے ساتھ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

مس کرو تا کہ وہ زندہ ہو جائے، کیونکہ میرے بدن کا ایک جز بنی اسرائیل کی مکمل گائے سے بہتر ہے، اس وقت مردہ کو آپؑ کے قدم مبارک سے لگایا گیا یا یہ کہ مولائے متقیان نے خود اپنا پاؤں اسے لگایا اور فرمایا: اے مدرکہ بن حنظلہ! خدا کے حکم سے اٹھ کر کھڑے ہو جاؤ کیونکہ خدا نے تمہیں علی بن ابی طالبؑ کے ذریعہ زندہ کرنے کا ارادہ کر لیا ہے، اچانک وہ جوان جس کا چہرہ سورج اور چاند سے زیادہ روشن تھا، اٹھ بیٹھا اور عرض کی: جن وانس پر اے حجت خدا! لبیک لبیک! وہ مرد ہمیشہ امیر المؤمنین علیہ السلام کی رکاب میں رہا اور بالآخر جنگ صفین میں شہادت کے بلند درجہ پر فائز ہوا۔ (۹۰)

گناہوں کا معاف ہونا

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا: ہم کس طرح محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجیں؟ آپؑ نے فرمایا: کہو: "صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَ صَلَوَاتُ مَلَائِكَتِهِ وَ اَنْبِيَائِهِ وَ رُسُلِهِ وَ جَمِيْعِ خَلْقِهِ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ السَّلَامُ عَلَيْهِ وَ عَلَيْهِمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ" پھر سوال ہوا کہ: اس صلوات بھیجنے والے کا ثواب کیا ہے؟ آپؑ نے فرمایا: اس کا ثواب یہ ہے کہ اس صلوات کے پڑھنے والے کے گناہ اس طرح معاف ہو جاتے ہیں گویا وہ اسی دن پیدا ہوا ہو۔ (۹۱)

بغیر صلوات کے نماز

جناب زرارہ نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ روزہ بھی زکات فطرہ دینے سے کامل ہوتا ہے جیسے نماز محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر درود بھیجنے سے کامل ہوتی ہے، جو شخص روزہ رکھے اور جان بوجھ کر زکات فطرہ ادا نہ کرے تو اس کا روزہ، روزہ نہیں رہتا بالکل اس شخص کی طرح ہے جو نماز پڑھے اور جان بوجھ کر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر درود نہ بھیجے تو اس کی نماز بھی نماز نہیں رہتی (۹۲)

کیفیت صلوات

حضرت امام حسن علیہ السلام سے مروی ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اے لوگو! میں بشارت دینے والے کا فرزند ہوں، میں اس اہل بیتؑ کا ایک فرد ہوں، جن سے پلیدی کو دور کر دیا گیا ہے اور انہیں پاک و پاکیزہ بنا

دیا گیا ہے، میں ان اہل بیت میں سے ہوں جن پر جبرائیلؑ نازل ہوئے، میں ان اہل بیتؑ کا ایک فرد ہوں جن کی محبت کو واجب قرار دیا گیا ہے اور فرمایا ہے: "قل لا اسئلکم علیه اجرا الا المودة فی القربیٰ و من یقترف حسنة نزد له فیها حسنا" (۹۳) اقتراف حسنہ سے مراد ہماری دوستی ہے، جب "یا ایها الذین آمنوا صلّوا علیه و سلّموا تسلیما" (۹۴) والی آیت نازل ہوئی تو لوگوں نے پوچھا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ہم سلوات کیسے پڑھیں؟ آپؐ نے فرمایا: کہو: "اللهم صل علی محمد و آل محمد" پس ہر مسلمان پر واجب ہے کہ وہ ہم پر صلوات بھیجے۔ (۹۵)

صلوات بھیجنے والے کیلئے استغفار

فاضل بسطامی کہتا ہے: میں نے ایک واعظ کو کہتے ہوئے سنا کہ احادیث میں آیا ہے کہ جب کوئی شخص رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتا ہے، خدا اس صلوات سے ایک عمودی نور خلق فرماتا ہے، جس کا ایک سرا زمین پر اور دوسرا آسمان پر ہوتا ہے اور اس کے عمود پر ستر ہزار ملائکہ بیٹھتے ہیں، جن میں سے ہر فرشتہ کے ستر ہزار سر ہوتے ہیں، ہر سر میں ستر ہزار منہ ہوتے ہیں، ہر منہ میں ستر ہزار زبانیں ہوتی ہیں اور ہر زبان ستر ہزار زبانوں میں بات کرتی ہے، وہ سب فرشتے ان تمام زبانوں اور لغتوں کے ساتھ تا قیامت صلوات بھیجنے والے کیلئے استغفار کرتے ہیں (۹۶)

فرشتے صلوات بھیجتے ہیں

رسول گرامی اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے: جب میں آسمانوں کی سیر کر رہا تھا اور میں نے طہارت کا ارادہ کیا تو جبرائیلؑ کو خطاب ہوا: جنت میں جاؤ اور پیغمبر کیلئے حوض کوثر سے پانی لے آؤ، ابھی میں نے لبیان نہیں لیا تھا کہ رضوان جنت دو ایسے برتنوں میں آب کوثر لے کر حاضر ہوا جو یاقوت سے بنے ہوئے تھے اور جنہیں زمرد کے ایسے طشت میں رکھا گیا تھا، جس کے چار گوشے تھے اور اس کا ہر گوشہ ایک ایک گوہر سے مزین تھا، میں نے غسل کیا اور نور کا بنا ہوا لباس زیب تن کیا، نور کا عمامہ سر پر رکھا جسے خلقت آدمؑ سے سات ہزار سال پہلے بنایا گیا تھا، چالیس

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

ہزار فرشتے اس عمامہ کے اردگرد تعظیماً کھڑے ہوئے تھے اور تسبیح وتہلیل میں مصروف تھے، وہ ہر تسبیح کے بعد محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل پر صلوات بھیجتے تھے جب جبرائیلؑ وہ عمامہ لے کر آیا تو وہ چالیس ہزار فرشتے بھی اس کے ہمراہ آ گئے اور آنحضرتؐ کی زیارت سے شرفیاب ہوئے، اس عمامہ پر چالیس ہزار نقش ونگار تھے اور ہر نقش پر چار کلمات لکھے گئے تھے۔

"محمدؐ رسول اللہ محمدؐ نبی اللہ، محمدؐ خلیل اللہ محمدؐ حبیب اللہ" (۹۷)

﴿سیر ہونے تک درود بھیجتا رہتا ہوں﴾

حضرت سلمان فارسی کہتے ہیں: ایک دن حضرت امیر المؤمنین علی علیہ السلام کے ساتھ ایک بے آب وعلف زمین پر بیٹھا ہوا تھا کہ اسی دوران ایک پرندہ آیا اور مولائے متقیان علیہ السلام سے بات کرنے میں مصروف ہو گیا، حضرت علی علیہ السلام نے اس پرندہ سے پوچھا: اس بیابان میں کتنے عرصہ سے رہ رہے ہو؟ اور اپنا دانہ پانی کہاں سے حاصل کرتے ہو؟ پرندہ نے کہا: یا امیر المؤمنین علیہ السلام! میں چار سو سال سے اس بیابان میں زندگی گزار رہا ہوں، جب بھوک لگتی ہے تو سیر ہونے تک آپؑ پر صلوات پڑھتا رہتا ہوں، جب پیاس لگتی ہے تو سیراب ہونے تک آپؑ کے دشمنوں پر لعنت بھیجتا رہتا ہوں۔ (۹۸)

﴿ذکر اللہ وصلوات﴾

عبداللہ بن دہقان سے مروی ہے کہ جب میں حضرت امام رضا علیہ السلام کی خدمت میں پہنچا تو آپؑ نے مجھ سے پوچھا اس آیت: "ذکر اسم ربہ فصلی" سے کیا مراد ہے؟ میں نے عرض کی: جب بھی خدا کا نام یاد آتا ہے تو اٹھ کر نماز ادا کرتا ہے" آپؑ نے فرمایا: یہ کام بہت زیادہ مشکل ہے، میں نے عرض کی: آپ پر قربان جاؤں، اس آیت سے کیا مراد ہے؟ آپؑ نے فرمایا: مراد یہ ہے کہ جب بھی پروردگار کا نام یاد آتا ہے تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر درود بھیجتا ہے۔ (۹۹)

حوالہ جات.....

(۱) سورہ بقرہ: ۱۰۹ (۲). تفسیر امام حسن عسکری چاپ قدیم ص ۲۱۲، چاپ جدید

ص ۵۱۵ (۳). مدینۃ المعاجز، ص ۶۵، معجزہ ۸۰ (۴). تفسیر امام حسن عسکریؑ چاپ قدیم ص ۲۵۴ چاپ جدید ص ۶۰۱ حیاۃ القلوب، ج ۲، باب معجزات ص ۳۰۰ (۵) خزینۃ الجواہر، ص ۵۸۶. لمعات الانوار، ص ۵۳ (۶). مستدرک الوسائل، ج ۵، ص ۳۵۵. منازل الآخرۃ ص ۷۴ (۷) لمعات الانوار، ص ۳۳ حیاۃ القلوب، ج ۲ باب نہم، ص ۱۹۳. بحار الانوار: ج: ۹۴ ص ۶۹ روایت ۵۹ (۸). مدینۃ المعاجز، معجزہ ۴۷۶. مستدرک الوسائل، ج ۵ ص ۳۳۱. منازل الآخرۃ ص ۷۳. بحار الانوار، ج ۹۴، ص ۷۰ (۹). لمعات الانوار، ص ۵۵ (۱۰). خزینۃ الجواہر، ص ۵۸۶ (۱۱). انوار المواہب، ص ۲۴ (۱۲). عدۃ الداعی، ص ۱۲۰ (۱۳). کتب آیت اللہ دستغیبؒ (۱۴). لمعات الانوار، ص ۳۰ (۱۵). امالی صدوق، ج ۳ ص ۴۳۹. لنالی الاخبار، ج ۳، ص ۴۲۹ (۱۶). حیاۃ القلوب، ج ۲، ص ۳۴۲، باب ۲۶ (۱۷). شرح صلوات مقدم، ص ۵۰ (۱۸). لنالی الاخبار، ج ۳، ص ۴۳۰. امالی صدوق، ج ۳، ص ۴۲۹ (۱۹) اعراف. ۱۴۱ (۲۰). بحار الانوار، ج ۹۴، ص ۶۱ امالی صدوق، ج ۳، ص ۴۳۸ (۲۱). فوائد الصلوات، ص ۱۲ (۲۲) آیت اللہ دستغیب سے نقل ہے (۲۳). احقاق الحق، ج ۹، ص ۶۳۴ حیات القلوب، ج ۲، باب معجزات، ص ۳۰۶ (۲۴). لمعات الانوار، ص ۲ (۲۵). لمعات الانوار، ۵۲ (۲۶) جلاء الافہام، ص ۶. مستدرک الوسائل، ج ۳، ص ۳۵۲ (۲۷). مدینۃ المعاجز، ص ۴۱، معجزہ نمبر ۸۵ (۲۸). فوائد الصلوات، ص ۱۸۶ (۲۹). ترجمہ تفسیر مجمع البیان، ج ۲۰، ص ۱۷۱. تفسیر منہج الصادقین، ج ۷، ص ۳۵۶ (۳۰). تفسیر منہج الصادقین، ج ۷، ص ۳۶۴ (۳۱). عدۃ الداعی، ص ۱۲۴ (۳۲). عدۃ الداعی، ص ۱۲۴ (۳۳). شرح و فضائل صلوات، ص ۸۵ (۳۴). ارشاد القلوب، ص ۲۱۱ (۳۵). تفسیر امام حسن عسکریؑ ص ۱۳۰ بحار الانوار، ج ۷۲، ص ۴۱۶ (۳۶). شرح و فضائل صلوات، ص ۸۳ (۳۷). تفسیر البصائر، ج ۳۲، ص ۶۳۲ بحار الانوار، ج ۶۳، ص ۵۱ (۳۸). منتہی الامآل، فصل دوم، فضائل زہراؑ (۳۹). فوائد الصلوات، ص ۷۱ (۴۰). درود محمدی. ص ۶۰ (۴۱). سراج القلوب، سولہواں باب، ص ۲۶ (۴۲). جامع الاخبار، فصل ۲۸، ص ۷۴. روضۃ الواعظین، ج ۲، ص ۳۲۳ (۴۳) ۴۴. بحار الانوار ج ۲۷، ص ۲۵۸، مستدرک الوسائل، ج ۵، ص ۲۴۱ (۴۴) فوائد الصلوات، کتاب خطی (کتابخانہ مدرسہ فیضیہ) (۴۵). فضیلۃ الصلوات، ص ۹۲، (۴۶). لمعات الانوار، ص ۵۲. درود محمدی، ص ۹۳ (۴۷). مفتاح المصابیح، ص ۱۲

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(۴۸)فضیلة الصلوات ، ص۷ (۴۹). درود محمدی ، ص ۲۳۲ (۵۰). بحار الانوار ، ج ۱۸ ، ص ۳۰۶ حیات القلوب ، ج ۱ ، ص ۴۰۵ باب معراج (۵۱). درود محمدّی ، ص ۵۷ (۵۲). تفسیر الدّر المنثور ، ج ۵ ، ص ۲۱۵ کنز العمال ج ۲ ، ص ۲۶۶ (۵۳) کنز العمال ، ج ۲ ، ص ۲۷۵ (۵۴)حیات القلوب ج ۲ ، ۹۶۵ ، باب ۶۴ (۵۵)حیات القلوب ، ج ۲ ، ص ۹۶۵ ، باب ۶۴ (۵۶)حیات القلوب ، ج ۲ ، ص ۸۶۵ ، باب ۵۶ (۵۷). حیات القلوب ، ج ۲ ، ص ۲۹۲ ، باب ۴۵ (۵۸). سورہ توبہ. ۱۰۲ (۵۹). سورہ توبہ: ۱۰۳ (۶۰) خلاصہ تفسیر منہج الصادقین ، ج ۲ ، ص ۲۳۵ . حیات القلوب ج ۲ ، ص ۶۸۹ ، باب ۴۵ (۶۱) عرجة الاحمدیہ ، ص ۱۷۶ (۶۲) ترجمہء دار السلام ، ج ۱ ، ص ۲۵۲ (۶۳). زندة المنہاج ، ص ۱۴۳ (۶۴) ترجمہء ثواب الاعمال ، ص ۳۵۲ (۶۵) . ترجمہء ثواب الاعمال ، ص ۳۵۰ (۶۶) . تحفة المجالس ، ص ۴۸ ، معجزہ ، ۸۷ (۶۷) . تحفة المجالس ، ص ۱۳ ، معجزہ ۲ (۶۸) . عرجة الاحمدیہ ، ص ۱۵۳ (۶۹) . مستدرک الوسائل ، ج ۵ ، ص ۲۱۳ (۷۰) . عرجة الاحمدیہ ، ص ۱۷۵ (۷۱) . تحفة الزائرین ، باب پنجم ، فصل پنجم (۷۲) . الاختصاص ، ص ۶۸ (۷۳) . لمعات الانوار ، ص ۲۱ (۷۴) . کنز العمال ، ج ۱ ، ص ۵۰۲ ، ح ۲۲۰۰ ؛ لمعات الانوار ، ص ۲۹ (۷۵) . لئالی الاخبار ، ص ۴۳۱ ، ج ۳ (۷۶) . کفایة الخصام باب ۷۵ ، حدیث دھم . لمعات الانوار ، ص ۴۶ (۷۷) . لمعات انوار ، ص ۴۱ (۷۸) . حیات القلوب ، ج ۲ ، باب ۶۴ ، ص ۹۷۶ (۷۹) . بحار الانوار ، ج ۴۶ ، ص ۳۵۲ و ج ۱۰ ، ص ۱۵۶ (۸۰) . خصال ، ج ۲ ، حدیث نمبر ۵۳ (۸۱) . ربیع الاسابیع ، ص ۶۵ (۸۲) . تفسیر امام حسن عسکری ص ۳۶۵ . مستدرک الوسائل ، ج ۵ ، ص ۱۹ (۸۳) . جمال الاسبوع ، ص ۴۳۶ . سفینة البحار ، ج ۲ ، ص ۴۹ (۸۴) . سورہ البقرہ ۸۲ (۸۵) . تفسیر امام حسن عسکریؑ ، ص ۳۴۶ (۸۶) . صواعق المحرقہ ، باب ۱۱ ، ص ۱۴۹ (۸۷) . تفسیر نمونہ ، ج ۱۸ ، ص ۱۲۳ (۸۸) . کنز العمال ، ج ۱ ، ص ۴۹۹ ، ح ۲۲۰۲ (۸۹) . تفسیر امام حسن عسکریؑ ، ص ۳۴۵ (۹۰) . لمعات الانوار ص ۱۸۸ (۹۱) . لئالی الاخبار ، ج ۳ ، ص ۴۳۴ (۹۲) . استبصار ، ج ۱ ، ص ۳۴۳ (۹۳) شوری: ۲۳ (۹۴) . احزاب: ۶ (۹۵) . ینابیع المودة ص ۸ (۹۶) . ذخیرة العباد ، ص ۲۲۸ (۹۷) . عرجة الاحمدیہ ، ص ۹۲ (۹۸) مدینة المعاجز ، ص ۳۷ (۹۹) اصول کافی ، ج ۲ ، ص ۴۹۲

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تیسرا حصّہ

وہ واقعات جو غیبت کبریٰ میں رونما ہوئے

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

﴿تیسرا حصّہ﴾

ASSOCIATION KHOJA
SHIA ITHNA ASHERI
JAMATE
MAYOTTE

وہ واقعات جو غیبت کبریٰ میں رونما ہوئے

ایسے انسان بھی اس دنیا میں ملیں گے جن پر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر صلوات کے وسیلہ سے اپنے یا دوسروں کے حقائق منکشف اور آشکار ہوئے، جنہیں وہ دوسروں کے سامنے بھی بیان کرتے ہیں، البتہ چونکہ یہ واقعات بہت زیادہ دیندار و متدین افراد سے نقل ہوئے ہیں، اگرچہ اس میں چون وچرا کی گنجائش ہے، باالفاظ دیگر اعتراض بھی وارد ہوتا ہے، لیکن مقصد نقل واقعات ہیں، بلکہ ہر انسان ان واقعات کو سن کر ان سب کے صحیح ہونے کے بارے یا ان میں سے بعض واقعات کے بارے میں دلی اطمینان حاصل کر لیتا ہے، لہذا ابھی ہم ان واقعات کو مفصل طور پر بیان کر رہے ہیں۔

﴿صلوات کا انعام﴾

حجۃ الاسلام مہدی پور فرماتے ہیں: ایک عالم دین نے کہا! کہ میں نے خواب میں ایک سید عالم دین سے ملاقات کی، جو اس دار فانی کو وداع کر چکے تھے، ان کے سر پر ایک ٹوپی رکھی ہوئی تھی، میں نے اس سے پوچھا: قبلہ! آپکا عمامہ کہاں گیا، سر پر ٹوپی کیوں پہنی ہوئی ہے؟ سید نے جواب دیا: اس عالم میں سبھی سر برہنہ ہیں، اگر تم میرے سر پر ٹوپی دیکھ رہے ہو، تو اس کی وجہ یہ ہے کہ جب میں زندہ تھا تو ہر روز محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر صلوات کی ایک تسبیح پڑھتا تھا۔(۱)

﴿شہد سے زیادہ شیرین خواب﴾

ایک زاہد اور پارسا شخص کہتا ہے: میں نے اپنے اوپر واجب قرار دے دیا تھا، ہر رات سونے سے پہلے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر معین تعداد میں درود بھیجوں، ایک رات میں اپنے کچھ دوستوں کے ساتھ اپنے کمرے میں موجود تھا، ہر شب کی طرح سونے سے پہلے میں نے صلوات بھیجی اور سو گیا، میں

نے خواب میں دیکھا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گھر میں تشریف فرما ہوئے ہیں، آپؐ کے وجود مبارک سے سارا گھر منوّر ہو گیا، پھر آپؐ میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: کہاں ہے وہ منہ جو مجھ پر صلوات بھیجتا ہے، تا کہ اسے بوسہ دوں؟ میں نے شرم محسوس کی اپنا منہ آنحضرتؐ کے مبارک لبوں کے قریب کروں، لہذا میں نے اپنا چہرہ آگے کیا، آپؐ نے میرے رخساروں کا بوسہ لیا، فرط خوشی کے سبب میں جلدی سے اس طرح نیند سے جاگ اٹھا کہ میرے باقی ساتھی بھی بیدار ہو گئے (۲)

﴿چہرے کا سفید ہونا﴾

واحد بن یزید کہتا ہے: جب میں حج کے سفر پر تھا، تو اثناء راہ میں ایک شخص میرے ساتھ آملا، وہ شخص اٹھتے، بیٹھتے، چلتے، سوتے غرضیکہ تمام اوقات میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کی آل علیہم السلام پر درود بھیجتا تھا، میں نے اس سے کہا: جس پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتے ہو تم نے اس میں کیا دیکھا ہے کہ اپنے تمام اوقات میں صلوات بھیجتے رہتے ہو؟ وہ کہنے لگا: مجھے اس باب رحمت سے بہت کچھ ملا ہے، لہذا میں نے یہ عہد اور نذر کر لی ہے کہ نماز کے علاوہ دوسرے اوقات میں بھی صلوات بھیجوں گا، پھر مجھے بتانے لگا: پچھلے سال میں اپنے والد کے ساتھ حجاز جا رہا تھا، ایک رات عالم خواب میں دیکھا کہ ایک شخص آواز دے رہا ہے: اٹھ جاؤ، تمہارا باپ مر گیا ہے اور اس کا چہرہ سیاہ ہو چکا ہے، اچانک میں نیند سے اٹھ بیٹھا اور چراغ جلایا، اپنے باپ کو اسی حالت میں دیکھا جیسے خواب میں دیکھا تھا، یہ حالت دیکھ کر، میں بہت رویا اور افسردہ ہو گیا، لیکن باپ کی موت سے، بڑا صدمہ یہ تھا کہ ان کا چہرہ سیاہ ہو گیا تھا، پس میں سوچ میں پڑ گیا، اسی حالت میں نیند مجھ پر غالب آ گئی، خواب میں دیکھا کہ عجیب وغریب شکلوں کے چودہ آدمی آ گئے ہیں، جو میرے باپ کی لاش کے پاس کھڑے ہو گئے، ان کے ہاتھوں میں آگ کے گرز تھے، وہ میرے باپ کو مارنا ہی چاہتے تھے کہ اچانک ایک خوش شکل آدمی سبز کپڑوں میں ملبوس وہاں آیا، پھر وہ میرے والد کی لاش کے سرہانے بیٹھ گیا اور میت کے اوپر سے چادر ہٹائی، اپنا دست مبارک میرے والد کے

Presented by: https://jafrilibrary.com
Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

سیاہ چہرے پر پھیرا اور مجھے کہا: غم نہ کرو، جان لو کہ ہم اپنے دوستوں کو تنہا نہیں چھوڑتے، جب وہ شخص واپس جانے لگا تو میں اس کے قدموں میں گر پڑا اور عرض کی: آپؑ پر قربان، آپؑ کون ہیں؟ فرمایا: میں پیغمبر آخر الزمانؐ ہوں، میں نے عرض کی: یا رسول اللہؐ! میرے والد کا چہرہ کیوں سیاہ ہو گیا تھا؟ آپؐ نے فرمایا: تیرا باپ علماء سے کنارہ کشی اختیار کرتا تھا، جب اس سے حق بات کرتے تھے تو وہ اپنا منہ پھیر لیتا اور دل میں عناد و دشمنی رکھ لیتا تھا، پس اس نادرست رویئے کا نتیجہ، دنیا اور آخرت میں چہرے کا سیاہ ہونا ہے، میں نے کہا: یا رسول اللہؐ! پھر آپؐ! اس کی مدد کو کیوں آئے؟ اور اس کے ساتھ اتنی محبت اور شفقت کے ساتھ کیوں پیش آئے کہ اس کا چہرہ سفید ہو گیا؟ آپؐ نے فرمایا: یہ اس وجہ سے ہے کہ وہ ہر رات مجھ پر صلوات بھیجتا تھا، لہذا میں نے اسے نجات عطا کی اور شرمندگی سے بچایا، قیامت کے روز بھی اس کی شفاعت کروں گا۔ (۳)

﴿گنہگار عورت کا نجات پانا﴾

بغداد میں ایک بہت ہی زیادہ خوبصورت نوجوان رہتا تھا کہ خود اس کی ماں اس پر عاشق ہو گئی، ایک دن جب وہ نوجوان شراب کے نشہ میں مست تھا، اس کی ماں نے فرصت کو غنیمت جانا اور اپنے بیٹے کے ساتھ ہمبستری کر لی، اس فعل بد کے نتیجہ میں اس عورت نے ایک لڑکی کو جنم دیا، اس عورت نے اپنی عزت و آبرو بچانے کیلئے وہ لڑکی ایک نیک آدمی کے سپرد کر دی، تو اس آدمی نے پوچھا: اپنی بیٹی میرے پاس کیوں لے کر آئی ہو؟ اس نے جواب دیا: مجھے اس کے باپ سے ڈر لگتا ہے کہ کہیں وہ اسے قتل نہ کر دے، وہ شخص اس بچی کو ایک دایا کے پاس لے گیا تا کہ وہ اس کی حفاظت کرے اور اسے دودھ پلائے، اس بات کو کئی سال کا عرصہ گزر گیا اس نوجوان نے حج کرنے کا ارادہ کیا، اتفاقاً راستے میں اس نیک شخص سے ملاقات ہو گئی، دوسری طرف سے وہ لڑکی بھی بالغ ہو گئی تھی اور وہ اپنے منہ بولے باپ کے ہمراہ تھی، اس آدمی نے اس لڑکی کی شادی کا ارادہ بھی کر لیا تھا، لیکن جب اس لڑکی کی اس جوان سے آشنائی ہوئی جس کے نطفہ سے وہ پیدا ہوئی تھی اور حقیقت میں وہ اسکا بھائی

ہوئی تھی اور حقیقت میں وہ اسکا بھائی بھی تھا تو وہ اسے بہت خوبصورت لگا، بالآخر لڑکی کی شادی اس جوان سے کر دی گئی، حج سے واپسی پر انہوں نے لڑکی کی والدہ سے ملنے کا ارادہ کیا، جب وہ اس کے گھر پہنچے تو اس کا انتقال ہو چکا تھا، وہ جوان اپنی والدہ کی وفات کی خبر سن کر زار و قطار رونے لگا جو گذشتہ واقعات سے لاعلم تھا اور یہ بھی نہیں جانتا تھا کہ اس کی بیوی دراصل اس کی اپنی بیٹی ہے، ایک ہمسائی عورت جو اس واقعہ سے باخبر تھی، اس جوان کے پاس آئی اور شروع سے لے کر آخر تک کے تمام واقعات بیان کر دیئے، اسے اس بات سے آگاہ کیا کہ اس کی بیوی کی پیدائش کا سبب کیا تھا، وہ نوجوان یہ باتیں سن کر سخت متاثر ہوا، آدھی رات کو بیلچہ اٹھایا اور اپنی ماں کی قبر کی طرف چل پڑا، شدید تھکاوٹ کی وجہ سے وہ تھوڑی دیر کیلئے راستے میں آرام کرنے لگا اور نیند اس پر غالب آ گئی، عالم خواب میں اس نے دیکھا کہ اس نے اپنی ماں کی لاش باہر نکالنے کیلئے قبر کھودنا شروع کر دی تا کہ اسے جلا سکے، لیکن جیسے ہی اس نے قبر کھودی، اپنی ماں کے جسد کو دیکھا کہ اس سے باعظمت نور ساطع ہو رہا ہے، جب جوان نے اپنی والدہ کو اس صورتحال میں دیکھا تو اس سے پوچھا: اے ماں! یہ مرتبہ تجھے کیسے ملا؟ اس نے کہا: اے میرے بیٹے! میں بہت بڑے گناہ کی مرتکب ہوئی تھی لیکن اس کے بعد پشیمان ہو گئی، ہر شب جمعہ رسول خداؐ پر ایک خاص صلوات بھیجتی تھی اور بہت زیادہ استغفار کرتی تھی، اسی صلوات اور استغفار کی وجہ سے ایک رات میں نے عالم خواب میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی، آپؐ نے مجھے فرمایا: خدا نے تجھے معاف کر دیا ہے، اس کے بعد مجھے یہ درجہ اور مرتبہ نصیب ہوا، اس نوجوان نے کہا: وہ صلوات مجھے بھی سکھائیں یا وہ جگہ بتا دیں جہاں اس کو لکھ کر رکھا ہوا ہے، ماں نے کہا: وہ صلوات فلاں صندوق میں بند ہے، پس اسے لکھ لو اور یاد کر لو، جب وہ جوان نیند سے بیدار ہوا تو مبہوت اور حیرت زدہ صندوق کی طرف بڑھا، جیسے ماں نے کہا تھا، وہ صلوات اسے مل گئی۔ (۴)

(نوٹ) اس واقعہ سے معلوم ہوتا ہے، اگر کوئی گنہگار دل سے توبہ کرے، اور خدا کو رسولؐ، آل رسولؐ کا واسطہ دے، اتنا بڑا گناہ بھی معاف ہو سکتا ہے،

﴿صلوات اور خوشنودیٔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾

ایک زاہد شخص تھا جو نہ کسی کے ساتھ رہتا تھا اور نہ کسی محفل میں شریک ہوتا تھا، جب اس نے

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

گوشہ نشینی ترک کی تو وہ ہمیشہ ایک ہی واعظ کی محفل میں شریک ہوتا تھا، لوگوں کو بہت تعجب ہوا کیونکہ یہ ان کیلئے نئی بات تھی، انہوں نے پوچھا: گوشہ نشینی ترک کرنے اور فقط اس واعظ کی محفل اختیار کرنے کا کیا سبب ہے؟ اس زاہد نے جواب دیا: ایک رات خواب میں رسول خداؐ کی زیارت سے شرفیاب ہوا، آپؐ نے فرمایا: فلان واعظ کے وعظ و نصیحت کی محفل میں شرکت کرو، کیونکہ وہ مجھ پر بہت زیادہ صلوات بھیجتا ہے اور میں بھی اس سے راضی ہوں۔(۵)

صلوات اور گناہوں کی مغفرت

ہمیں (صاحب اصل کتاب) مکہ معظمہ میں ایک شخص طواف کرتے ہوئے ملا جس کی زبان پر صلوات کے علاوہ اور کوئی ذکر نہیں تھا، اس سے پوچھا: تم طواف اور دوسرے مواقف میں کیوں دعا ماثور کا ذکر نہیں پڑھتے؟ کہنے لگا: میں نے اپنے آپ سے عہد کیا ہوا ہے کہ ہمیشہ صلوات میں مشغول رہوں گا اس کی وجہ یہ ہے کہ جب میرے والد کا انتقال ہوا تو مرنے کے بعد ان کا چہرہ گدھے کی طرح ہو گیا تھا، اپنے والد کو اس حالت میں دیکھ کر میں افسردہ ہو گیا، جب سویا، تو عالم خواب میں رسول خداؐ کی زیارت کی، میں نے آپؐ کے دامن کو تھام کر التماس کی اور اپنے والد کی شکل و صورت بدلنے کا سبب دریافت کیا، آنحضرتؐ نے فرمایا: تمہارا باپ سود خور تھا، سود خوری اتنا بڑا گناہ ہے کہ اس کے سبب انسان کی شکل گدھے کی طرح ہو جاتی ہے، لیکن چونکہ تمہارا باپ ہر رات سوتے وقت مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجتا تھا، لہذا اسے پہلی شکل میں پلٹا رہا ہوں، (لیکن تمہیں چاہیے کہ لوگوں سے لیا ہوا پیسہ واپس کرو) اسی وقت میں ہڑبڑا کر بیدار ہو گیا، جب اپنے والد کے چہرے کو دیکھا تو وہ چاند کی طرح چمک رہا تھا، اس وقت کفن و دفن کا انتظام کیا، راستے میں ایک ہاتف کو کہتے سنا: خداوند رحمان و رحیم کی عنایت و مغفرت کا سبب وہ صلوات ہے جو اس نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھیجی تھی، (ورنہ برزخ میں نجات کا راستہ نہیں تھا) لہذا اس وقت میں نے عہد کر لیا کہ بہت زیادہ صلوات بھیجوں گا۔(۶)

قبولیت حاجات کیلئے مناسب ذکر

آیت اللہ محمد تقی اصفہانی مرحوم معروف بہ آقا نجفی قوچانی اپنے احوال تحریر کرتے ہوئے فرماتے

ہیں، ایک زمانہ میں نجف اشرف میں ریاضت میں مشغول تھا کہ اس عرصہ میں مجھ پر بہت سے اسرار منکشف ہوئے، ایک راز یہ تھا کہ شب بدھ مسجد سہلہ میں بیٹھا ہوا تھا، سحر کے قریب ایک غیبی شخص کو دیکھا تو اس سے میں نے بہت سے سوالات کئے، سوالات کے جواب جو وہ حضرت حجت (عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف)، سے نقل کر رہا تھا، باقاعدہ میں انہیں لکھ رہا تھا تاکہ بھول نہ جاؤں تو اس میں ایک سوال یہ تھا کہ مجھے کوئی ایسا مناسب ذکر بتایئے جو میری تمام ضروریات میں کام آسکے، تو انہوں نے جواب دیا کہ بارگاہ الٰہی میں صلوات سے زیادہ مناسب ذکر کوئی نہیں ہے۔(۷)

موت اور صلوات

حجۃ الاسلام مہدی پور نے مؤلف کتاب کو بتایا: چار سال پہلے ہمارے خاندان کے ایک فرد نے خواب دیکھا تھا تو تین روز بعد میں نے اس خواب کو حضرت آیت اللہ صدیقین اصفہانی کے سامنے بیان کیا تو انہوں نے خواب کی مختلف تعبیریں کرتے ہوئے فرمایا: اسی خواب والے دن تمہارے خاندان کے ایک فرد کی موت لکھی جا چکی تھی، لیکن چونکہ اس خاندان میں صلوات بہت زیادہ پڑھی جاتی ہے، لہذا خطرہ دور ہو گیا ہے، بلا فاصلہ میں نے آذربائیجان میں اپنے ایک دوست سے رابطہ کیا اور خیریت دریافت کی، اس نے کہا: تین روز پہلے میرے بیٹے کا ٹرک کے ساتھ ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا، وہ ابھی ہسپتال میں ایڈمٹ ہے، وہ بہت دیر بے ہوشی کی حالت میں رہا، یوں خواب کا سچا ہونا اور اس کی تعبیر واضح ہو گئی، معلوم ہو گیا کہ یہ بڑا خطرہ، صلوات کی پابندی کی وجہ سے ٹل چکا ہے(۸)

موت سے نجات

اہل سنت کے ایک عالم دین شیخ موسیٰ جریر کہتے ہیں کہ میں اپنے کچھ دوستوں کے ہمراہ بحری جہاز میں سفر کر رہا تھا کہ اچانک راستے میں سخت آندھی چلی اور بحری جہاز سمندر کی متلاطم امواج میں پھنس گیا، ساری امیدیں ختم ہو گئیں، ایک دوسرے سے وداع کیا، اس وقت مجھ پر نیند غالب آگئی، میں نے عالم خواب میں حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی آنحضرتؐ نے مجھ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

سے فرمایا: جہاز والوں سے کہو کہ ہزار مرتبہ یہ صلوات بھیجیں، پھر میرے سامنے صلوات پڑھی، جب خواب سے بیدار ہوا، میں نے اپنے ساتھیوں کو خواب کے بارے میں مطلع کیا، ہم سب وہ صلوات پڑھنے میں مصروف ہو گئے، ابھی تین سو مرتبہ درود بھی نہیں بھیجا تھا کہ طوفان تھم گیا اور سمندر کی متلاطم امواج نے دم توڑ دیا، وہ صلوات یہ ہے:

" اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنا وَ آلِہٖ صَلٰوۃً یُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَ الْاٰفَاتِ وَ تُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَ تَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَ تُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاتِ وَ بَعْدَ الْمَمَاتِ " (۹)

کینسر کا علاج

ڈیڑھ سال کے بچے کو خون کا کینسر تھا، شدت مرض کی وجہ سے آٹھ افراد کا کھانا کھا جاتا تھا، کافی علاج معالجہ کے بعد بھی اس ملک کے ڈاکٹر اس کا علاج نہ کر سکے، لہذا اس کے والدین نے اسے بیرون ملک لے جانے کا ارادہ کر لیا، اسی دوران وہ ایک رحیمی نامی آدمی سے ملے، انہوں نے کہا: ڈاکٹر اور بیرون ملک جانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے، تم لوگ ایک توسل کے ذریعہ بچہ کو شفایاب کر سکتے ہو، ماں باپ کو رحیمی صاحب کی باتیں سن کر کچھ سکون ملا، انہوں نے پوچھا: وہ توسل کس طرح کریں؟ رحیمی صاحب نے کہا: ۱۴۲ ہزار مرتبہ صلوات بھیجیں اور اس کا ثواب حضرت علی اصغر علیہ السلام کو ہدیہ کریں، انہوں نے صلوات کا ورد شروع کر دیا، ایک رات بچہ کی والدہ نے ایک ہاتھ دیکھا جس نے اسے پانی کا ایک گلاس دیا اور فرمایا: حضرت امام زمانہؑ اور پنجتن پاک نے اس پانی پر دم کیا ہے، لہذا اسے لو اور اپنے بچہ کو پلا دو، اسے شفا مل جائے گی، والدہ نے ویسے ہی کیا جیسے امر ہوا تھا، جب صبح ہوئی تو دیکھا کہ ان کا بچہ صحیح و سالم ہے اور مکمل شفایاب ہو گیا ہے۔ (۱۰)

زخمی کا شفایاب ہونا

آقائے رحیمی (نمائیدہ ولی فقیہ) نقل کرتے ہیں: مسعودی نام کا ایک شخص خلیج کی جنگ میں بم پھٹنے کی وجہ سے ایک خاص بیماری میں مبتلا ہو گیا تھا، اس کی بیماری اتنی شدید تھی کہ کبھی وہ مادر زاد ننگا ہو کر موٹر سائیکل چلاتا

تھا، اس وجہ سے پولیس کے ساتھ بھی چپقلش ہو جاتی تھی، پھر اس نے ۷۲ ہزار مرتبہ درود بھیجا اور اس کا ثواب حضرت علی اکبر علیہ السلام کو ہدیہ کیا، ایک دن غروب آفتاب کے وقت کسی نے ان کا دروازہ کھٹکھٹایا، جب اس نے دروازہ کھولا تو اس کے سامنے عربی لباس میں ملبوس ایک سات آٹھ سالہ بچی کھڑی تھی، اس کے ہاتھ میں گوشت سے بھرا ہوا تھیلا تھا، بچی نے کہا: میری والدہ نے یہ گوشت تمہارے لئے بھیجا ہے، اسے لو اور پکا کر کھاؤ تا کہ اس بیماری سے شفا پا سکو، مسعودی نے وہ گوشت لے لیا، جب پکا کر کھایا تو شفایاب ہو گیا۔ (۱۱)

شیرین موت

ایک نیک شخص ایک بیمار کی عیادت کے لئے گئے جو اپنی زندگی کے آخری لمحات گزار رہا تھا تو اس سے پوچھا: جان نکلنے کی سختی کیسے محسوس ہو رہی ہے؟ مریض نے جواب دیا: اپنے حلق میں مٹھاس محسوس کر رہا ہوں، کسی قسم کی تلخی محسوس نہیں ہو رہی، اس نیک آدمی کو تعجب ہوا کیونکہ جانتا تھا کہ جان دینے کی کیفیت سب کے لئے ناگوار ہے، جب بیمار نے مرد صالح کو حیرت میں ڈوبا ہوا دیکھا تو کہا! تعجب نہ کرو کیونکہ میں نے سن رکھا تھا کہ رسول خداؐ نے فرمایا ہے: "جو شخص بھی مجھ پر بہت زیادہ صلوات بھیجے گا وہ موت کی تلخی سے محفوظ رہے گا، لہذا ایک عرصہ سے میں صلوات کا ورد کر رہا ہوں اب میری جان نکلتے وقت کی مٹھاس کا راز سمجھ گئے ہو گے۔" (۱۲)

راہزنوں سے نجات

ملا حسین کاشفی مرحوم اپنی ایک کتاب میں تحریر فرماتے ہیں: جب حالات کے تحت اپنے اہل و عیال کے ہمراہ اپنے وطن سے ہجرت کرنا پڑی تو کوئی مددگار یا دوست ہمارے ساتھ نہ تھا، آغاز سفر میں کچھ لوگ ہم سے آ ملے جن کے چہروں سے خوف و اضطراب کے آثار نمایاں تھے، جب وہ ہمارے پاس آئے تو میں نے ان سے پوچھا: کیوں پریشان نظر آ رہے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: اس راستے میں مسلح ڈاکو ہیں، ہم زیادہ افراد ہونے کے باوجود بڑی مشکل سے ان سے گزر کر آئے ہیں، تم لوگ بغیر اسلحہ کے کس طرح ان کے پاس سے گزرنا چاہتے ہو؟ لہذا بہتر یہی ہے کہ یہیں سے واپس ہو جاؤ، لیکن ہمارا پلٹنا ناممکن تھا، انکی

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

باتیں سن کر بہت افسردہ خاطر ہوا، تھوڑی دیر کے بعد نیند نے مجھے آلیا، عالم خواب میں ایک شخص کو کہتے سنا: یہ صلوات پڑھو: "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ وَّ آلہ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْھِمْ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ وَآلِھِ کَمَا یَنْبَغِیْ عَلَیْھِمْ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ وَآلِہٖ کَمَا تُحِبُّ اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْھِمْ"

میں نے یہ کلمات نہ سنے تھے اور نہ کسی کتاب میں پڑھے تھے، جب نیند سے جاگا تو صلوات کے الفاظ میری زبان پر جاری تھے اور مسلسل انہیں پڑھ رہا تھا، میرے ساتھیوں نے بھی میری متابعت میں صلوات پڑھنا شروع کردی، آخرکار ہم نے سفر شروع کیا، تھوڑی دیر کے بعد ڈاکوؤں کے قافلے کے پاس پہنچ گئے، اس وقت ہم انہیں دیکھ بھی رہے تھے اور ان کی باتیں بھی سن رہے تھے لیکن وہ ہمیں نہیں دیکھ رہے تھے۔ (۱۳)

اپنی حاجات فلاں سے مانگو

کہتے ہیں بلخ میں ایک تاجر فوت ہوگیا، اس کے وارث اس کے دو بیٹے تھے، اس کے ترکہ میں رسول خداؐ کے تین سر کے بال بھی تھے، جب انہوں نے ترکہ تقسیم کرنا شروع کیا تو بات ایک اضافی بال تک آپہنچی، بڑے بھائی نے کہا: اس اضافی بال کو دو حصوں میں تقسیم کرلیتے ہیں، چھوٹا بھائی کہنے لگا: پیغمبر اکرمؐ کا بال کاٹنا خلاف ادب ہے، آخرکار چھوٹے بھائی نے کہا: میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دونوں بال لے لیتا ہوں اور اس کے مقابلے میں ترکہ کا حصہ تجھے بخش دیتا ہوں بڑا بھائی راضی ہوگیا، ترکہ اسی طریقہ سے تقسیم کیا گیا، چھوٹے بھائی نے بال ایک تھیلی میں ڈالے جسے اپنے گریبان کے ساتھ باندھ لیا، وہ چند مرتبہ اس تھیلی کو باہر نکالتا، بالوں کو چومتا، ان کی خوشبو سونگھتا اور محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوات بھیجتا، تھوڑا عرصہ گزرا تھا کہ بڑے بھائی کا مال ضائع ہوگیا، چھوٹے بھائی کے مال میں اضافہ ہوتا گیا، جب وہ فوت ہوا تو بلخ کے کسی بزرگ نے خواب میں رسول خداؐ کی زیارت کی، آنحضرتؐ نے فرمایا: لوگوں سے کہہ دو: جب بھی کوئی حاجت ہو فلاں شخص (چھوٹے بھائی) کی قبر پر جائیں اور اپنی حاجات طلب کریں تاکہ حاجات روا ہوسکیں، اس بزرگ نے کہا: یارسول اللہؐ! یہ مقام اسے کیسے ملا؟ آپؐ نے فرمایا: یہ مقام اسے اس لئے عطا ہوا ہے کہ وہ میرے بالوں کا احترام کرتا تھا اور مجھ پر بہت زیادہ صلوات بھیجتا تھا۔ (۱۴)

یہودی کا مسلمان ہونا

کہتے ہیں ایک فقیر تنگدستی کی حالت میں زندگی گزار رہا تھا، ایک رات خواب میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے شرفیاب ہوا، آنحضرتؐ نے اس سے فرمایا: اگر چاہتے ہو کہ غنی ہوجاؤ اور خدا آسمان سے تمہیں روزی عطا فرمائے تو مجھ پر درود بھیجا کرو، تو اس آدمی نے صلوات بھیجنا شروع کردی چند روز نہ گذرے تھے کہ ایک کھنڈر سے گزرتے ہوئے اس کا پاؤں اینٹ سے ٹکرایا، جب اینٹ ایک طرف ہوئی تو اس کی آنکھیں سونے کے خزانے پر پڑیں، لیکن اس نے اپنے آپ سے کہا: رسول خداؐ نے فرمایا تھا، کہ خدا آسمان سے روزی دے گا، لہذا اس نے اسے ہاتھ نہ لگایا اور گھر روانہ ہوگیا، گھر جاکر سارا واقعہ اپنی بیوی سے بیان کیا، اتفاقاً اس کا ہمسایہ جو کہ یہودی تھا، چھت کے ذریعہ ان کی باتیں سن رہا تھا، جب اسے خزانہ کا پتہ چلا تو اس نے اپنے غلام کو آواز دی اور خزانہ لینے کیلئے روانہ ہوگئے، جب کھنڈرات میں خزانہ کی جگہ پہنچے تو وہاں کچھ سانپوں اور بچھوؤں کے علاوہ کچھ نہ تھا، یہودی نے سانپ اور بچھو اکٹھے کئے اور اس مسلمان سے جھوٹ کا بدلہ لینے کیلئے اس کے گھر لے آیا، گھر کی چھت کے سوراخ سے نیچے پھینک دیئے، اس وقت وہ سارے بچھو اور سانپ دوبارہ سونا بن گئے، اس مسلمان شخص نے اپنے مقصود کو پالیا اور خدا نے آسمان سے اسے روزی عطا فرمائی، یہودی حیرت اور تعجب سے چیخ اٹھا: اس میں کیا راز ہے؟ میرا کوزہ سانپوں اور بچھوؤں سے بھرا ہوا تھا اور تمہارے پاس سونا بن گیا؟ مسلمان نے کہا: پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا تھا: اگر غنی ہونا چاہتے ہو تو مجھ پر صلوات بھیجو، اس وقت یہودی اسلام قبول کرکے مسلمان ہوگیا (۱۵)

عطر کی خوشبو

اخوند ملا علی ہمدانی مرحوم فرماتے ہیں: ایک دن ایک بوڑھا شخص میرے پاس خمس وزکات کا حساب کرنے آیا، میں متوجہ ہوا کہ عطر کی ایسی خوشبو ہے، جو آج میرے مشاموں تک نہیں پہنچی، میں نے اس سے پوچھا: اے شخص کون سا عطر استعمال کرتے ہو؟ اس نے کہا: آیت اللہ! اس

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

خوشبو کے پیچھے ایک کہانی ہے جو آج تک میں نے کسی سے بیان نہیں کی، لیکن چونکہ آپ ہمارے آقا! اور سردار ہیں اس لئے آپ کے سامنے بیان کر رہا ہوں، قصہ یوں ہے کہ ایک رات خواب میں رسول گرامی اسلامؐ کی زیارت سے شرفیاب ہوا تو آپؐ تشریف فرما تھے اور دس یا بیس افراد آپؐ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے تو میں بھی وہیں پر تھا، آپؐ نے فرمایا: تم میں سے کون مجھ پر زیادہ صلوات بھیجتا ہے؟ میں کہنا چاہا تھا کہ میں بھیجتا ہوں لیکن چپ رہا، دوسری مرتبہ پھر پوچھا: پھر بھی کوئی نہ بولا، تیسری مرتبہ آنحضرتؐ نے فرمایا: تم میں سے کون مجھ پر زیادہ صلوات بھیجتا ہے؟ میں کہنا چاہتا تھا: لیکن خیال کیا! کہ شاید دوسرے مجھ سے زیادہ صلوات بھیجتے ہوں، اس وقت آنحضرتؐ کھڑے ہوئے اور مجھے مخاطب ہو کر فرمایا: تم مجھ پر زیادہ صلوات بھیجتے ہو، پھر میرے ہونٹوں کو چوما! تو اس وقت سے لے کر آج تک یہ خوشبو میرے جسم میں باقی ہے۔(۱۶)

زیارت نامہ

مرحوم حجۃ الاسلام الحاج ملا عباس علی حسینی کتاب "فوائد الصلوات" کے مصنف کہتے ہیں: میں سوچ رہا تھا کہ کیا کتاب "فوائد الصلوات" رسول گرامی اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مورد قبول واقع ہوگی یا نہیں؟ اسی دوران مجھ پر نیند غالب آگئی، عالم خواب میں دیکھا کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ مبارک پر کھڑا ہوا ہوں اور آپؐ کی زیارت کر رہا ہوں، اس وقت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظاہر ہوئے اور مجھے اپنی آغوش میں لے لیا، میں نے آنحضرتؐ کے سینہ مبارک کو چوما، آپؐ نے زیارت کے الفاظ مجھے تعلیم کئے، میں نے عرض کی: یا رسول اللہؐ! ابھی تک جو زیارات پڑھیں ہیں کیا وہ صحیح نہیں تھیں؟ آپؐ نے فرمایا: ابھی جو تجھے تعلیم کی ہیں اسی طرح پڑھو تو ہماری گزشتہ زیارتیں بھی مقبول ہیں۔(۱۷)

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے گفتگو

کتاب "زینۃ الاعیاد" کے مصنف شیخ احمد نجفی کہتے ہیں: جن دنوں اپنی کتاب میں بابِ صلوات لکھنے میں مصروف تھا تو ایک اہم واقعہ جو پیش آیا وہ یہ ہے: بعض فضائل میں نے ایک متقی

شخص کے سامنے بیان کئے، وہ سن کر بہت خوش ہوا، ایک روز جمعہ کے دن میں اس کے پاس گیا، اسے بڑا خوش و خرم دیکھا، تو میں نے پوچھا: کیوں اتنے خوش نظر آرہے ہو؟ وہ کہنے لگا: میں دن کے وقت محمدؐ و آل محمد علیہم السلام پر بہت صلوات بھیجتا تھا، شب جمعہ بھی اسی روش کو باقی رکھا، اس وقت نیند مجھ پر غالب آگئی، میں نے عالم خواب میں رسول اکرمؐ، حضرت امیر المؤمنینؑ، حضرت زہراؑ اور تمام ائمہ علیہم السلام کو آسمان سے اتر کر اپنی طرف آتے ہوئے دیکھا تو وہ ہستیاں میرے پاس آکر تشریف فرما ہوگئیں، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے بات چیت شروع کر دی تو مجھے بہت ساری خوشخبریاں دیں جن سے میں بہت خوش ہوا تو اس وقت وہاں حاضرین میں ایک نورانی شخص کو دیکھا اور خیال کیا کہ اسے جانتا ہوں، لیکن جب خواب سے بیدار ہوا تو معلوم ہوا کہ اسے نہیں جانتا تھا، لیکن ایک مرتبہ پھر نیند میں ڈوب گیا، تو اس مرتبہ عالم خواب میں اپنے خواب کی تعبیر دیکھ لی، میں سمجھ گیا کہ وہ نورانی شخص، میرا اپنا عمل ہے، اسی حالت میں کسی نے مجھ سے کہا: اپنا سر اونچا کرو، جب میں نے اپنا سر اونچا کیا تو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور سارے ائمہ علیہم السلام کو ذکر کرتے ہوئے پایا، اس آدمی نے مجھ سے کہا: کیا تم جانتے ہو کہ تم کونسا ذکر کر رہے تھے؟ میں نے عرض کی: نہیں! اس نے کہا: آنحضرتؐ کی صلوات والا ذکر ہے۔(۱۸)

صلوات ضروری ہے

شیخ بن شیخ زین الدین کہتے ہیں: چوتھے امام حضرت سجادؑ کو خواب میں دیکھا، میں نے آپؑ سے شکایت کی کہ نہ روز آخرت کیلئے ذخیرہ اکٹھا ہوتا ہے اور نہ توبہ اور نیک عمل کرنے کی توفیق ہوتی ہے، آپؑ نے فرمایا: جو چیز تم پر لازم ہے وہ یہ ہے کہ تم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر بہت زیادہ صلوات بھیجا کرو، ہم بھی بہت زیادہ صلوات بھیجتے ہیں۔(۱۹)

منہ کی خوشبو

ایک بزرگ نے کہا: ایک رات میں اصفہان کے ایک مدرسہ میں ٹھہرا، جب تقریباً آدھی رات گزر گئی تو ایک بہت اچھی خوشبو کا احساس ہوا، عجیب قسم کی پاکیزہ خوشبو تھی کہ اس روز تک

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

کبھی ایسی خوشبو استشمام نہ کی تھی، جب میں نے اپنے اردگرد نظر دوڑائی تو ایک فقیر کو دیکھا جو صلوات پڑھنے میں مشغول تھا، وہ پیاری پاکیزہ خوشبو اسی کے منہ سے آرہی تھی۔(۲۰)

(ہر سطر صلوات کے ساتھ)

مرحوم شیخ حسن مولوی قندھاری، نجف میں اہل علم کے نزدیک ایک سچے اور محترم شخص سمجھے جاتے تھے، وہ کہتے ہیں: میری ماں کے چچا کی ایک بیٹی تھی جس کا نام عالمتاب تھا، اگرچہ وہ سکول نہیں پڑھی تھی، مگر ایک صلوات پڑھتی اور قرآن پڑھ لیتی تھی اسی طریقے سے اس نے سارا قرآن بغیر کسی کے پڑھائے پڑھ لیا۔(۲۱)

انگوٹھی مل گئی

حجۃ الاسلام والمسلمین سید حسن صحفی تحریر کرتے ہیں: چند سال پہلے تہران کا ایک سفر کیا تو واپس قم پہنچ کر پتہ چلا کہ میری انگوٹھی گم ہوگئی ہے جو مجھے بے حد پسند تھی، زرد عقیق یمنی کی انگوٹھی تھی جس پر لکھا ہوا تھا "ما شاء اللّٰہ لا قوۃ الّا باللّٰہ استغفر اللّٰہ" ۱۷ دنوں کی تلاش کے باوجود نہ ملی، تہران کا ایک اور سفر کرنا پڑا، واپسی پر بس میں فرصت غنیمت جان کر تقریباً پندرہ سو مرتبہ صلوات کا ورد کیا، اپنی عادت کی بنا پر "عجل اللّٰہ تعالیٰ فرجہم" بھی ساتھ ہی پڑھتا تھا، اسی رات کا واقعہ ہے کہ صلوات کی برکت سے کسی کو خواب میں کہتے ہوئے سنا کہ انگوٹھی فلاں جگہ پر ہے، جب نیند سے بیدار ہوا، نماز صبح کا وقت تھا، گھر والے نماز کی تیاری کر رہے تھے، مچھر دانی کے اندر سے میں نے آواز دی کہ انگوٹھی فلاں جگہ ہے گھر والے وہاں گئے تو انگوٹھی مل گئی۔(۲۲)

آخری صلوات ابھی ختم ہوئی

حجۃ الاسلام والمسلمین شرعی بیان فرماتے ہیں: میرے والد تحصیل علم کیلئے داراب سے لار تشریف لے گئے، چند دنوں کے بعد نجیب، غریب وسوسوں نے انہیں آلیا جو کہ قابل تحمل نہیں تھے، ناچار ان قافلوں کا سراغ لگایا جو داراب جا رہے تھے، سواریوں کے مالکان اپنے جانور مسافروں کو دے چکے

تھے، صرف ایک آدمی رہ گیا تھا جس کے پاس سواریوں والے دو جانور تھے، وہ ایک مسافر کو دینے کیلئے تیار نہ تھا، مجبوراً دونوں جانوروں کا کرایہ ادا کیا اور کچھ چیزیں خرید لیں جو لار میں سستی تھیں، ایک حیوان پر اپنا سامان لادا، اور دوسرے کو اپنی سواری کیلئے قرار دیا پھر داراب روانہ ہوگئے، داراب پہنچنے کے بعد جب گھر گئے تو دیکھا کہ والدہ جھاڑو دے رہی ہیں، تو جب ماں نے بیٹے کو دیکھا تو کہنے لگیں: غلام حسین! تم آگئے؟ محمد صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر یہ آخری صلوات تھی، جس کی نذر کی تھی۔(۲۳)

شفاعت کروں گا

شہر مرو کا رہنے والا ایک شخص کہتا ہے: رسول خدا صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کی پاک آل علیہم السلام پر درود بھیجنے میں سستی سے کام لیتا تھا، ایک رات خواب میں آنحضرت کو دیکھا کہ مجھے کوئی اہمیت نہیں دے رہے تھے، گویا آپ مجھ سے ناراض ہیں، میں نے عرض کی: یارسول اللّٰہ! مجھے کیوں نہیں توجہ دے رہے؟ آپ نے فرمایا: تجھے جانتا نہیں ہوں، میں نے عرض کی: آپ کا امتی ہوں، علماء سے سنا ہے کہ انبیاء اپنی امتوں کو اپنے باپ اور بیٹوں سے زیادہ جانتے ہیں، آپ نے فرمایا: اپنی امت کو اتنا ہی جانتا ہوں جتنا مجھ پر وہ صلوات بھیجتے ہیں، چونکہ تو صلوات بھیجتا ہی نہیں ہے لہذا تجھے نہیں جانتا، جب نیند سے بیدار ہوا تو خود پر واجب کرلیا کہ ہر روز محمد صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر سو مرتبہ صلوات بھیجوں گا، تھوڑے ہی عرصہ کے بعد آنحضرت کو ایک مرتبہ پھر خواب میں دیکھا، اس مرتبہ آپ میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: ابھی تم سے راضی ہوں اور قیامت کے دن تمہاری شفاعت کروں گا(۲۴)

علما اور ذکر صلوات

واعظ حجۃ الاسلام والمسلمین شیخ علی آسودہ یزدی نجفی (دام عزہ) آغامدی (دامت برکاتہ) کے ہاں ایام فاطمیہ کی مجالس پڑھ رہے تھے، جمادی الاول ۱۴۲۴ھ کی بات ہے، میں نے ان سے گزراش کی کہ کوئی ذکر صلوات کے برکات بیان فرمائیں، پہلے تو انہوں نے روایات واحادیث کا تذکرہ کیا کہ اصول کافی اور دوسری کتابوں میں صلوات کے فضائل بیان کیے گئے ہیں، خصوصاً وہ حضرات

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

جو گناہ کبیرہ کے مرتکب ہوئے ہوں، اور دل سے توبہ کرنا چاہیں تو صلوات کو کثرت سے ذکر کریں، خداوند متعال ان کے گناہوں کو اس ذکر کے صدقے سے معاف فرما دیتا ہے، پھر انہوں نے بتایا کہ مرحوم آیۃ اللہ العظمی سید محمود شاہرودی نجفی (قدس سرہ) جو ایک جلیل القدر مرجع گزرے ہیں، ان کے بارے میں مشہور ہے کہ جب بھی کوئی مشکل پیش آتی تو ایک تسبیح کامل ذکر صلوات کرتے اور ائمہ معصومین علیہم السلام کو ہدیہ کرتے تو خداوند متعال ان کی مشکل کو دور فرما دیتا، اسی طرح مرحوم بزرگ عالم دین (قدس سرہ) سے بھی منسوب کرتے ہوئے بتایا کہ جب کوئی مشکل آتی تو نذر کرتے کہ کسی فقیر شخص کو زیارت امام حسین علیہ السلام کے لئے بھیجوں گا جو حد الامکان راستے میں جتنا بھی ہو سکے ائمہ اطہار علیہم السلام اور خصوصاً اُمّ الائمہ حضرت فاطمہ علیہا السلام پر درود و صلوات بھیجتا ہوا زیارت کرے گا، اسی طرح بزرگان سے منسوب ہے اور حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ شیخ علی خلخالی نے کتاب ام البنینؑ میں نقل کیا ہے، کہ جب علماء کو مشکل پیش آتی تو ام البنینؑ کو حضرت ابوالفضل عباس علیہ السلام کے وسیلہ سے چہار شب جمعہ دس سورہ یٰس، جس کے اول و آخر ۱۱ مرتبہ صلوات کا ذکر ہو ہدیہ کرے اسکی مشکل خداوند متعال دور فرما دیتا ہے، اسکا طریقہ یوں بیان کیا گیا ہے، کہ پہلی شب جمعہ کو تین مرتبہ سورہ یٰس کی تلاوت کر کے ہدیہ کرے اسی طرح دوسری اور تیسری شب جمعہ کو تین مرتبہ ہدیہ کرے اور چوتھی شب کو ایک مرتبہ سورہ یٰس کی تلاوت کرے اور ہدیہ کرے خداوند متعال اسکی مشکلات و پریشانیوں کو دور فرما دے گا۔ (۲۵)

یا علیؑ ادرکنی با ذکر صلوات

ایک دن کا واقعہ ہے کہ ایک خاتون کی بچی پر کسی نے سحر و جادو کر دیا، وہ پریشان تھی، کئی سال گذر چکے تھے اور اس بچی کی شادی جب ہوئی تو اس جادو کی وجہ سے اسے اولاد نہیں ہوتی تھی، بہت علاج و معالجہ کرنے کے بعد اہلبیت سے متوسل ہوئی، ایک مسجد میں پریشان بیٹھی ہوئی تھی تو ایک خاتون اچانک وہاں آئی اس سے سوال کیا کہ تم کیوں پریشان بیٹھی ہو؟ اس نے بے ساختہ اپنا ماجرا کہہ سنایا، اس نے کہا یہ تو کوئی مشکل بات نہیں، تو پوچھا میں کیا کروں، تو اس نے ترکیب

بتائی کہ تم پانچ پاؤ گندم لے کر اسکو پانی سے پاک کرو پھر سورج میں اسکو خشک کر لو، پھر اگر ہو سکے تو ان مردوعوتوں کو جو ظاہری اور باطنی نجاست سے پاک ہوں اور باوضوء ہو کر ہر دانہ پر ذکر صلوات کے ساتھ یا علی ادرکنی علیہ السلام کا ذکر کریں، جب تمام دانوں پر پڑھ لو تو اس کے بعد اسکو پاک و طاہر ہو کر چکی میں دلیا بناؤ، پھر مومنین و مومنات جو باطنی نجاست سے پاک ہوں انہیں کھلا دو، اور جس پر جادو و سحر ہوا ہے اسکو بھی کھلا دو خداوند اس سے یہ مشکل دور کر دے گا، تو اس خاتون نے ایسا ہی کیا جب بچی نے اسکو تناول کیا تو اس سے جادو جاتا رہا، ابھی خداوند متعال نے اسکو دو فرزند عطا فرمائے ہیں، یہ بندے کے عینی مشاہدے سے بات گذری ہے۔ (۲۶)

نور آدم اور صلوات

بعض کتب میں یہ واقعہ نقل ہے کہ جب ملائکہ کو حضرت آدمؑ کے علم کا یقین ہو گیا، تب انہوں نے اسکی اطاعت کو دل سے قبول کیا تو وہ ہمیشہ حضرت کے چہرے پر نگاہ کرتے تھے تو صلوات کا شور، انکے درمیان بلند ہو جاتا جب حضرت آدمؑ نے یہ مسلسل دیکھا تو سوال کیا تم میری پیشانی پر نگاہ کرتے ہو اور بے ساختہ صلوات تمہاری زبانوں پر جاری ہو جاتی ہے، اسکی کیا وجہ ہے تو انہوں نے جواب دیا آپؑ کی پیشانی سے ایک نور ظاہر ہوتا ہے جسکو دیکھتے ہی بے ساختہ ہی ہماری زبانوں پر صلوات کا ذکر ظاہر ہو جاتا ہے، جب رسالت مآبؐ کی ولادت ہوئی تو حکم ہوا ملائکہ جس نور کو تم نے آدمؑ کی پیشانی پر دیکھا تھا وہ اب زمین پر ظاہر ہو چکا ہے، جس پر صلوات بھیجنے سے میری مخلوق بلیات ارضی و سماوی سے محفوظ رہیں گے اور اسکی برکات سے بہرہ مند ہوں گے۔ (۲۷)

شفاعت کی قیمت اور صلوات

حکمت صلوات کو بیان کرتے ہوئے بعض نے کہا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام پر درود و سلام کا بھیجنا شفاعت کی قیمت ادا کرنا ہے ہر شخص جتنی ہی قیمت ادا کرے گا اتنی ہی شفاعت پائے گا، کیونکہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و علی علیہ السلام امت کے والدین ہیں "انا و انت ابواء هذه الامة" اور والدین کا حق ادا

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

کرنا ہر ایک پر واجب ہے تا کہ وہ بھی آپ پر حق والدین (شفاعت روز قیامت) ادا کریں۔(۲۸)

سونے کی انگلیاں اور صلوات

علمائے اہل سنت میں سے کسی نے اسکو نقل کیا ہے کہ شیخ خیثمہ کو اسکی وفات کے بعد دیکھا کہ اسکی انگشت شہادت اور انگوٹھے پر سونے کے پانی سے کچھ لکھا ہوا تھا جب اس سے پوچھا گیا کہ یہ کیا ہے، کہا کہ جب میں رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام لکھتا تھا تو اسکے ساتھ (صل اللہ علیہ وآلہ وسلم کثیراً کثیراً) لکھتا تھا اس مبالغہ کی وجہ سے اور جب بھی میں انکا نام لکھتا تھا، لیکن میں انکی ذات پر صلوات نہیں بھیجتا تھا، تو ایک مرتبہ میں آنحضرتؐ کو خواب میں دیکھا تو ان نے مجھ سے منہ پھیر لیا، اس طرح کا واقعہ تین مرتبہ پیش آیا، تو میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھ سے کیا تقصیر ہوگئی ہے؟ فرمایا: تو جب میرا نام لکھتا ہے تو مجھ پر صلوات کیوں نہیں بھیجتا، اس دن سے میں جب بھی آنحضرتؐ کا نام لکھتا تھا صلوات بھیجتا تھا اسکے صدقے میں میری یہ انگلیاں سونے کی ہوگئیں۔(۲۹)

اسم محمدؐ و احمدؐ اور صلوات

رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک مرتبہ سوال کیا گیا آقا! آپکا اسم گرامی محمدؐ و احمدؐ کیوں ہے؟ تو آنحضرتؐ نے فرمایا: کیونکہ زمین کی مخلوق، میری حمد و ثناء (صلوات پڑھنا) کرتی ہے اسی وجہ سے مجھے (محمدؐ) کہا گیا اور آسمان کی مخلوق زمین کی مخلوق سے زیادہ میری حمد و ثنا (صلوات پڑھنا) کرتی ہے اسی وجہ سے مجھے (احمدؐ) کہا گیا ہے۔(۳۰)

صلوات اور قوم بنی اسرائیل

آیہ کریمہ: "اذ قال موسیٰ لقومہ ان اللہ یأمرکم ان تذبحو بقرۃ (سورہ البقرہ، ۶۷)

کی تفسیر میں امام حسن عسکری علیہ السلام فرماتے ہیں: بنی اسرائیل کی قوم میں جب ایک شخص کو قتل کر دیا گیا، تو اس کا قاتل معلوم نہیں ہو سکا تو حضرت موسیٰ کے پاس آئے کہ خداوند متعال سے پوچھ کر بتائیں کہ اس کا قاتل کون ہے؟ جب حضرتؑ نے سوال کیا، تو حکم ہوا ایک مخصوص شرائط والی گائے کو ذبح کرو جب اسکو تلاش کیا گیا تو پوری قوم اسرائیل میں ایک گائے ملی جو ایسے شخص کے پاس تھی،

جس کو خداوند متعال نے خواب میں الہام کر دیا تھا کہ وہ محمدؐ و علیؑ و آل علی (ائمہ معصومین علیہم السلام) پر درود صلوات کو پڑھا کرے اور وہ اس پر کاربند تھا، پابندی سے عمل کرتا تھا، جب یہ واقعہ ہوا تو پھر اسے خواب میں الہام ہوا کہ تیرے پاس تیری اس گائے کے خریدار آئیں گے، تم اپنی والدہ گرامی سے مشورہ کر کے فروخت کرنا ہے تا کہ تیرے اس عمل کی زحمت کا اجر، دنیا میں بھی دیا جائے، صبح ہوئی؛ قوم بنی اسرائیل کے معتبر لوگ جمع ہو کر اسکے گھر میں آئے کیونکہ جس گائے کی تلاش میں وہ تھے وہ صرف اسی کے پاس تھی، تب انہوں نے کہا! ہم تیری گائے کے خریدار ہیں اسکی کیا قیمت ہے؟ کہا: اسکی دو دینار قیمت ہے بشرطیکہ میری والدہ گرامی اجازت دے دے، انہوں نے جواب دیا ہم ایک دینار دیں گے، جب اسکی ماں کو بتایا گیا تو اس نے کہا! میں اس کو چار درہم میں فروخت کروں گی، تو وہ دو دینار پر راضی ہو گئے لیکن اسکی والدہ نے ایک دم (100) دینار قیمت لگا دی تو وہ (50) دینار پر راضی ہوئے، یہاں تک کہ قیمت میں چڑھاؤ آتا گیا اور قیمت یہ قرار پائی کہ اس گائے کی جلد کو دیناروں سے بھر دیں گے، اس نے گائے کو ان کے سپرد کر دیا انہوں نے اس کو ذبح کر کے اس کی دم کی ہڈی کو اس مقتول شخص کے ساتھ لگایا جس طرح ان کو حکم دیا گیا تھا، لیکن وہ زندہ نہیں ہوا، جب یہ شکایت لے کر کو حضرت موسیٰؑ کے پاس حاضر ہوئے کہ مردہ زندہ نہیں ہوا، پھر انہوں نے خداوند متعال سے سوال کیا؟ بارالہا! یہ مردہ زندہ نہیں ہوا؟ حکم آیا: کیا تم نے اس گائے کی قیمت ادا کر دی ہے! جب تک قیمت نہیں ادا کرو گے تو اس کے مالک نہیں بن سکتے ہو تو کس طرح تم پر حلال ہوگی، اس نے اسکی پوست و جلد کو بھرنا شروع کیا ادھر خداوند متعال نے اس جلد میں اتنی وسعت دی کہ قوم بنی اسرائیل کے پاس جو زر و دولت تھی اس میں آگئی، پھر انہوں نے جب اسکے گوشت کو مقتول شخص کے ساتھ لگایا تو وہ زندہ ہو گیا اور اس نے کہا! مجھے چچا زاد بھائیوں نے اس حسد سے کہ میں نے فلان لڑکی سے شادی کرنا ہے، قتل کیا ہے اور مجھے دوسرے محلے میں قتل کر کے پھینک دیا تا کہ اس کا دیہ بھی یہی لوگ حاصل کریں، حضرت موسیٰؑ نے اس قتل کے جرم میں انکو پھانسی پر لٹکا دیا اور اس صاحب گائے کو خداوند متعال نے

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

صلوات کی برکت سے (پچاس لاکھ) اشرفیاں عطا فرمائیں، بنی اسرائیل کی قوم میں یہ بات ہر ایک کے منہ میں تھی، کہ یہ کیا عجیب بات ہے کہ اگر خدا نے مردے کو زندہ کرنا ہی تھا تو زندہ فرما دیتا، فلاں شخص کو مالدار اور غنی کرنے کا کیا مقصد تھا اور پوری قوم کی پونجی اسکو دینے میں کیا مصلحت تھی؟ تو اس وقت خداوند نے حضرت موسیٰؑ کو وحی فرمائی کہ اپنی قوم بنی اسرائیل سے کہو کہ جو شخص بھی محمد ﷺ وآل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجے گا، اسکو دنیا میں بھی غنی کریں گے اور بہشتی محل عطا کریں گے، ادھر یہ گائے کا مالک اتنا مالدار ہو گیا کہ اس سے یہ مال سنبھالنا مشکل ہو گیا یہ حضرت موسیٰؑ کے پاس حاضر ہوا آقا! میں اس کی حفاظت کس طرح کروں تو اس وقت حضرتؑ نے فرمایا جس کے صدقے میں تجھے مال ملا ہے اسکی پابندی کرو اسکے صدقے میں مال میں برکت ہی ہوگی اور محفوظ بھی رہے گا، اور جو شخص زندہ ہوا خداوند متعال نے اسکو ۱۳۰ سال زندگی عطا فرمائی کہ اس میں وہ ضعیف نہیں ہوگا اور اپنی زوجہ سے آخری عمر تک استفادہ کرتا رہے گا، اس طرف پوری قوم کا مال و دولت ہاتھ سے چلا گیا تھا یہ حضرت موسیٰؑ کے پاس آئے اور کہا: ہم کیا کریں؟ فرمایا: کیا ابھی تک تمہیں یقین نہیں ہوا کہ محمدؐ وآل محمد علیہم السلام کے صدقے میں یہ ساری کائنات خلق ہوئی اور آیت کریمہ بقرہ:۷۲ "اذقتلتم نفساً فادارتم فیھا" اسی واقعہ کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ (۳۱)

﴿صلوات اور منکر ونکیر﴾

شبلی کہتا ہے: میرا ایک ہمسایہ تھا جو انتقال کر چکا تھا اس کو میں خواب میں دیکھا، اس سے میں نے برزخ کے احوال کا سوال کیا؟ اس نے کہا: اے شیخ! جب مجھے قبر میں لٹا دیا گیا، میں نے بہت ہی رنج و دکھ دیکھے، قبر میں جاتے ہی میری زبان نے کام کرنا چھوڑ دیا منکر ونکیر مجھ سے سوال کرتے ہیں، میں جواب نہیں دے سکتا تھا، میں نے اپنے آپ سے کہا! میں تو مسلمان تھا! اور یہ دونوں فرشتے کتنے غضب اور سختی سے مجھ سے سوال و جواب کر رہے ہیں، اچانک میں نے ایک خوبصورت اور اچھی خوشبو والے کو دیکھا کہ جو میری قبر میں داخل ہوا، وہ ان دو فرشتوں کے درمیان حائل ہو گیا اور مجھے آرام سے بتایا کہ تم انکو اس طرح جواب دو، میں نے جواب دینے کے بعد ان سے سوال کیا کہ تم کون ہے؟ تم

پر رحمت خدا اور رسول اکرم ﷺ ہو، مجھے اس مصیبت سے نجات دلوائی ہے، تو اس نے جواب دیا میں وہ صلوات ہوں جو تو نے محمد ﷺ وآل محمد علیہم السلام پر بھیجی تھی اور کہا جہاں تجھے مشکل و پریشانی ہو مجھے بلا لینا (۳۲)

﴿صلوات میں حضرت ابراہیمؑ وآل ابراہیمؑ کے ذکر کی وجوہات﴾

اس بارے میں مختلف توجیہات کی گئی ہیں شیخ طبرسی نے اس بارے میں یہ فرمایا ہے کہ مشبہ اور وجہ شبہ کو مختلف انداز و طریقوں سے بیان کیا گیا ہے اور ان کے علاوہ علمائے فریقین نے بہت ہی وجوہات ذکر کی ہیں، بعض نے آیہ کریمہ 'رحمة الله وبرکاة علیکم اهل البیت انه حمید مجید' (سورہ ھود ۷۳) اس میں جو تشبیہ ہے وہ ناقص کی کامل سے تشبیہ سے مراد نہیں ہو سکتی بلکہ غیر معروف کی حالت کو معروف کے ذریعے بیان کیا گیا ہے، یہ مسلم بات ہے کہ خداوند متعال نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر درود و سلام بھیجا ہے وہی (محمدؐ وآل محمد علیہم السلام) انکی اہل بیت ہیں، لیکن بعض نے تشبیہ کو وجہ شبہ میں مشارکت ہونے کی وجہ بیان کی ہے اور آیت کریمہ کے ذیل میں قرار دیا ہے: "انا اوحینا الیک کما اوحینا الی نوح والنبیین من بعدہ" (سورہ نساء، ۶۲) تمام انبیاء نفس وعین وحی میں مشارکت رکھتے ہیں اگرچہ طرق وحی مختلف ہیں، یعنی اصل صلوات ایک ہے فرق صرف افضل و اشرف میں ہو سکتا ہے بعض علماء نے یہ کہا ہے کہ آباء و اجداد کے احترام کو باقی رکھتے ہوئے (حضرت ابراہیمؑ و آل ابراہیمؑ) کو صلوات میں ذکر کیا ہے جسطرح آیت کریمہ میں ارشاد ہے: "واذکروا الله کذکر آبائکم" (سورہ بقرہ آیت ۲۰۰) بعض نے ایک قصہ کو ذکر کیا ہے، کہ جب حضرت ابراہیمؑ کا انتقال ہونے لگا، تو انہوں نے خداوند متعال سے دعا کی خدایا میرے ذکر خیر کو امت مرحومہ کی زبان پر جاری فرما اور یہ جملہ کہا "واجعل لی لسان صدق فی الآخرین" (مریم. ۵۰) خداوند متعال نے انکی دعا کو قبول فرمایا اور محمد ﷺ وآل محمد علیہم السلام کی صلوات میں بھی حضرت ابراہیمؑ کے ذکر کا بھی حکم دیا، بعض علماء نے یہ واقعہ بھی ذکر کیا ہے کہ جب حضرت عزرائیل علیہ السلام روح قبض کرنے کے لیے تشریف لائے تو حضرت ابراہیمؑ سے سوال کیا! کیا آپؑ کے دل میں کوئی آرزو باقی ہے؟ تو انہوں نے کہا: میرا جی چاہتا تھا، قیامت

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

تک اس ربّ العزت کی نماز پڑھوں اور اسکی عبادت کرتا رہوں یہ حسرت دل میں لے کے جا رہا ہوں !حکم آیا، اے ابراہیمؑ! میں اپنے حبیب کی امت کو حکم دوں گا، کہ ہر صلوات میں تیرا ذکر کریں تا کہ تیری یہ حسرت بھی پوری ہو جائے، اسی وجہ سے صلوات میں (حضرت ابراہیمؑ وآل ابراہیمؑ) کا ذکر ہے، بہر حال اس میں مفصلاً اور مستقل طور پر تحقیق کی ضرورت ہے خداوند متعال اہل بیت علیہم السلام کے صدقے میں توفیق عطا فرمائے تا کہ اس میں تحقیق کر سکیں (۳۳)

﴿حضرت داود علیہ السلام کا ذکر﴾

اس واقعہ کو ملا حسین کاشفی کتاب (جواہر التفسیر) میں نقل فرماتے ہیں: بعض روایات میں ذکر ہوا ہے کہ ایک دن حضرت داؤد علی نبینا و آلہ نے خداوند متعال سے مناجات کی تو اپنی مناجات میں یوں کہا:

﴿یا الٰہ ابراھیمؑ ویا الٰہ اسماعیلؑ ویا الٰہ اسحاقؑ ویا الٰہ یعقوبؑ ویا الٰہ یوسفؑ ویا الٰہ موسیٰؑ ویاالٰہ ھارونؑ﴾

اسی طرح ہر ایک نبی کا نام لے کر ذکر کر رہے تھے، کہ حکم ہوا: اے داودؑ! تو کیا چاہتا ہے؟ تو عرض کی: بارالہا! مجھ پر احسان فرما اور ایسا راستہ بتا، کہ میں جلدی اپنے مقصد کو پہنچ جاؤں، تو ارشاد ہوا کہ مجھے (اللّٰہم) سے خطاب کیا کرو کیونکہ میرے اس نام میں تمام اسماء الحسنیٰ آجاتے ہیں، (اسکی تفصیل کو کتاب التوحید باب ۳۱ ص ۲۳۰ میں شیخ صدوق ؒ نے (بسم اللہ الرحمٰن الرحیم) کے حروف کے معنی میں مفصل بیان فرمایا ہے، اسی طرح جلاء الافہام ص ۷۲ میں مفصل بحث (اللّٰہم اور یا اللہ) کے بارے میں ذکر ہوئی ہے) اس سلسلے میں وہاں رجوع فرمائیں! اس واقعہ کو ذکر کرنے کا مقصد یہ تھا کہ بعد میں جو احادیث آنے والی ہیں وہ "لفظ اللّٰہم" سے شروع ہوتی ہیں، تا کہ ہمارے قارئین کے لئے معلوم ہو سکے کہ "لفظ اللّٰہم" کو ہر دعا سے پہلے (اللّٰھم) کیوں ذکر کیا جاتا ہے؟! (۳۴)

﴿عذاب قبر اور صلوات﴾

محترم حجۃ الاسلام فرحزاد نے اپنی ایک تقریر میں عارف بزرگ مرحوم آیۃ اللہ بہاء الدینی سے بات منسوب کرتے ہوئے فرمایا، کہ آغا نے ایک شخص کو، جو انتقال کر چکے تھے، خواب میں دیکھا، تو وہ بہت ہی مشکل اور پریشانی میں تھے، تو آغا! نے ان کے لئے صلوات کے ورد کرنے کا حکم دیا، تا کہ اسے ہدیہ کیا جائے، پھر دوبارہ جب اس کو خواب میں دیکھا تو وہ بہت خوشحال تھا، اس نے کہا: آغا کی صلوات کی برکت

تھی، جو آپ نے مجھے ہدیہ کی، جس سے مجھے یہ خوشی نصیب ہوئی ہے اور قبر کا عذاب ٹل گیا ہے (۳۵)

﴿مریضہ کی صحت یابی﴾

شہر اصفہان کا واقعیہ ہے، کہ ایام فاطمیہ کی مجالس ہو رہی تھیں، ایک دوست کی بیوی مریض تھی، میں نے فون کیا، دوست سے بات ہوئی تو اسکی زوجہ نے فون لے کر کہا، میرے لئے دعا کرو کہ خدا! یا تو شفاء دے یا موت دے، بہت تاکید کر رہی تھی، اچانک مجھے یاد آیا کہ آج رات (ھیئۃ ابوالفضلؑ) میں مجالس فاطمیہ کا پروگرام ہے، میں پابندی وقت کے ساتھ وہاں پہنچ گیا، اور ذاکرین حضرات سے درخواست کی کہ اس مریضہ کی شفاء یابی کیلئے دعا کریں، اور میں نے (۵۳۰) مرتبہ صلوات کے ورد کرنے کی گزارش کی، تقریباً اس (2000) کے مجمع نے مل کر جب صلوات پڑھی، تو عجیب سا روحانی سماں تھا، قبولیت کے آثار نظر آنے لگ گئے، دوسرے دن میں نے جب فون کیا، تو اسی نے اٹھایا، فورا اس نے کہا کہ خدا نے مجھے شفاء عنایت فرمائی ہے، میں نے جب اس سے تفصیل پوچھی، تو اس نے بتایا، رات ۵، ۱۱ کا وقت تھا، کہ بی بی سیدہ کونین سلام اللہ علیہا خواب میں تشریف لے آئیں، اور حکم دیا، کہ تم ٹھیک ہو، اٹھو گھر کا کام کرو، یہ وہی وقت تھا، کہ جس وقت ہم دعا مانگ رہے تھے، (۳۶)

حوالہ جات.....

(۱). نقل از مہدی پور، (۲) خزینۃ الجواھر، ص ۵۸۹ (۳). لمعات الانوار، ص ۵۱ (۴). لمعات الانوار :نقل از غرائب الحکایات (۵). فضیلت صلوات، ص ۱۷۱ (۶). خزینۃ الجواھر فی زینۃ المنابر، ص ۵۸۷. جذب القلوب الیٰ دیار المحبوب، ص ۲۳۶ (۷). فوائد الصلوات، ص ۴۹ (۸). نقل از مہدی پور (۹) احقاق الحق، ج ۹، ص ۶۴۰. خزینۃ الجواھر، ص ۵۸۸. تفسیر روح البیان، ج ۹، ص ۲۳۵ (۱۰) نقل از آقای رحیمی (۱۱) نقل از آقای رحیمی (۱۲). فوائد الصلوات ص ۵۹، شرح صلوات مقدم، ص ۶۴ (۱۳). شرح و فضایل صلوات، ص ۱۵۸ (۱۴) فضیلۃ الصلوات، ص ۱۶۳ (۱۵). امالی صدوق، ج ۳، ص ۴۳۷، باب خواص الصلوات (۱۶) نقل از محقق داماد آیۃ اللہ گلپایگانی (۱۷). فوائد الصلوات، ص ۱۵۴ (۱۸). دار السلام، ج ۲، ص ۱۳۲ (۱۹). دار السلام،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

ج ۲ ، ص ۱۳۳ (۲۰). فضیلة الصلوات ، ص ۹۲ (۲۱) داستانهای شگفت ، ص ۲۰۳ (۲۲). داستانهای جالب از سید حسن صحفی ، ص ۲۲۶ (۲۳). نقل از آقای شرعی، (۲۴) ذخیرة العباد (فاضل بسطامی) ، ص ۲۳۰ (۲۵).نقل از آقای ستوده یزدی(۲۶)مولف کاعینی مشاهده (۲۷) شرح فضائل وصلوات ،ص ۵۰ (۲۸).احقاق الحق :ج۱۰،ص۵۱۸و۵۱۹.بحارالانوار :ج۳۶ ، ص ۳۴۲،باب ۳۸ (۲۹).شرح فضائل صلوات :ص ۵۰ (۳۰).احقاق :ج۱۵،ص۵۱۸.بحار:ج۳۶،ص۹،ح۱۱.ج۶۹،ص۳۴۳باب ۱۳۸ (۳۱) .تفسیر برهان: ج۱،ص۱۰۸ و تفسیرالامام العسکری،ص۲۷۳ (۳۲).شرح وفضائل صلوات :ص ۶۲ (۳۳) .جلاء الافهام:ص۲۴۶(۳۴) .شرح وفضائل صلوات :ص۱۷۲(۳۵)شرح فضائل :ص ۱۴۹ (۳۶) نهضت فاطمیہ علیہا السلام ،ص ۵۰۵

☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿حصہ چہارم﴾

صحیفہ سجادیہ کی دعائیں

اور صلوات

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

پیش لفظ صحیفہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال الکریم: ادعونی استجب لکم... خداوند متعال کی نعمتوں میں سے ایک عظیم نعمت یہ ہے کہ اس نے ہمیں یہ اجازت عنایت فرمائی ہے کہ ہم اس سے راز و نیاز کریں اور اپنی حاجات کو اس کے سامنے بیان کریں یہ دعا اس کی طرف سے رحمت اور احسان کا دستر خوان ہے جس کو اس نے اپنی مخلوق کے سامنے بچھا دیا ہے۔ امام سجاد علیہ السلام اپنی پندرہ مناجات کی تیرھویں دعا میں فرماتے ہیں: "ومن اعظم النعم علینا جریان ذکرک علی السنتاء اذنک لنا بدعاک"

اے پروردگار یہ تیری بہت بڑی نعمتیں ہیں جو ہماری زبانوں پر جاری ہوتی ہیں کہ تو نے ہمیں اجازت فرمائی ہے کہ ہم دعا کریں اور تیرا ذکر اپنی زبان پر لائیں۔ دوسرے مقامات پر خود خالق آسمان و زمین سرچشمہ فیض و کمالات اپنے ضعیف و ناتوان بندہ کو دعوت دے رہا ہے: "ادعونی استجب لکم" اپنی دل کی باتوں کو میرے سامنے رکھو تا کہ میں تمہارا جواب دے سکوں یہ کتنا ہمارے لئے قابل فخر ہے کہ اس کے اس حکم پر لبیک کہیں، اسی دعا کے بارے میں قرآن مجید میں اور جگہ پر ارشاد ہوتا ہے: "قل ما یعبؤبکم ربی لولا دعاؤکم" اے پیغمبرؐ اپنی امت کو کہہ دو اگر تمہاری دعا نہ ہوتی تو تمہارا پروردگار تمہاری پرواہ نہ کرتا۔ خداوند متعال اور مقام پر دعا سے دور رہنے والوں کو متکبرین میں سے شمار کر رہا ہے:

"انّ الذین یستکبرون ان عبادتی سیدخلون جھنم داخرین"

"جو لوگ میری عبادت (دعا مانگنے) کو انجام دینے میں تکبر کرتے ہیں وہ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہونگے" امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں: اس عبادت سے مراد دعا ہے، ایک شخص نے حضرتؑ سے سوال کیا! ایّ العباده افضل ؟ کون سی عبادت افضل ترین ہے؟! حضرت اس کے جواب میں فرماتے ہیں:

"ما من شئ افضل عندالله عزّوجل من ان یسأل ویطلب مما عنده وما احدٌ ابغض الی اللّٰه عزّوجل ممن یستکبر عن عبادته ولا یسأل ما عنده"

امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں اس سے بہتر شئی اور کوئی نہیں کہ ذات اقدس کا انسان، سوالی بنے اور اس

سے زیادہ مبغوض شئی کوئی نہیں، کہ اسکی عبادت سے انکار کرے اور تکبر کرے اور اس سے کچھ طلب نہ کرے، ابن عمار نقل کرتے ہیں: میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کی آقا! دو شخص مسجد میں اکٹھے داخل ہوئے لیکن ایک نے قرآن مجید کی تلاوت زیادہ کی اور دوسرے نے طلب دعا زیادہ کی! تو کس نے عبادت زیادہ انجام دی؟ حضرت نے فرمایا: دونوں نے نیک اور اچھا کام انجام دیا، پھر اس نے عرض کی کہ آقا! ان میں بہترین عمل کس کا تھا، تو پھر امامؑ نے فرمایا: کہ دعا مانگنا افضل ترین عمل ہے؛ کیا آپ نے نہیں سنا: پھر انہوں نے آیت کریمہ "انّ الذین یستکبرون" کی تلاوت فرمائی! دوسری اور روایت میں ہے، کہ برید نے امام باقر علیہ السلام سے سوال کیا: "فانھا افضل کثرة القراة او کثرة الدعا"؟ ان میں سے کون سی عبادت افضل ہے تو حضرت نے فرمایا: کثرة الدعا افضل زیادہ دعا کرنا افضل ہے، تو پھر حضرت نے فرمایا کیا تم نے یہ نہیں سنا: قل ما یعبؤبکم ربی لولا دعاؤکم، دعا کے لئے بھی شرائط ہیں، جو دعا کی استجابت میں موثر ہیں ان میں سے ایک ذکر صلوات ہے اگر انسان ابتدا و آخر دعا کو ذکر صلوات سے شروع اور ختم کرے تو حتماً اسکی دعا قبول ہوتی ہے، کیونکہ امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: اذا دعا احدکم فلیبد بالصلاة علی النبیؐ فانّ الصلاة علی النبیؐ مقبول ولم یکن اللّٰه لیقبل بعض الدعا ویرد بعض؛ امام فرماتے ہیں کہ اپنی دعا کو ذکر صلوات سے شروع کریں کیونکہ صلوات خدا کے نزدیک دعائے مقبولہ میں سے ہے، یہ نہیں ہو سکتا کہ خدا آدھی دعا کو قبول کرے اور آدھی کو رد کر دے؛ کیونکہ دوسری روایت میں ارشاد ہوتا ہے: لا یزال الدعا مھجوباً حتیٰ یصلی علی محمدؐ و آل محمدؐ: دعا درگاہ الٰہی میں کوئی قیمت نہیں رکھتی مگر یہ کہ دعا کرنے والا پیغمبر اسلامؐ اور اہل بیتؑ پر صلوات نہ بھیجے، جس طرح کائنات پر جو برکات نازل ہوتی ہیں اور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، اہل بیت علیہم السلام کے صدقے سے تمام مخلوقات کو فیض ملتا ہے، جو مبدأ فیض سے فیض حاصل کر کے کائنات کو دیتے ہیں کیا ان پر صلوات سے دعا قبول نہ ہوگی۔

روزی رسان خدااست ولکن کلید رزق در دست بکفایت آل محمدؐ است

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حجۃ الاسلام والمسلمین آقای شیخ محمد ظریف خراسانی

مدرسہ الامام المہدی قم المقدسہ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

﴿حصہ چہارم﴾

صحیفہ سجادیہ کی دعائیں

اور صلوات

(۱)دعا: ۲۔دعاؤہ صلواۃ علی محمدؐ وٴ آلہٖ

﴿رسالت گرامی ﷺ پر دُرود وسلام﴾

یہ پوری دُعا ہی آنحضرت ﷺ پر صلوات کے بارے میں ہے، (صحیفہ میں رجوع کیا جائے)

(۲)دُعا: ۵۔دعاؤہ لنفسہ وخاصّتہ

﴿آپ کی دُعا اپنے لئے اور اپنے چاہنے والوں کے لئے:﴾

۞ یا من لا تنقضی عجآئب عظمتہ صلّ علی محمدؐ وٴ آلہ وَسَلِّمْ و

احجُبنا عنْ الالحادِ فی عظمتِکَ ۞ اے پروردگار جس کی عظمت کے عجائب تمام ہونے والے نہیں ہیں محمد ﷺ وآلِ محمد علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہمیں اپنی عظمت کے بارے میں کج فکری سے محفوظ رکھ ۞ ویا من لا تنتہی مُدّۃ مُلکِہٖ صَلّ علی محمدٍ وٴ آلہ وَسَلِّمْ واُغتِقْ رقابَنا من نقیمتک ۞ اے وہ کہ جس کی شاہی اور فرمانروائی کی مدت ختم ہونے والی نہیں، تو رحمت نازل فرما محمد ﷺ اور اس کی آل علیہم السلام پر اور ہماری گردنوں کو اپنے غضب اور عذاب (کے بندھنوں) سے آزاد رکھ ۞ ویا من لا تفنیٰ خزائنُ رحمتہٖ صلّ علی محمدٍ وٴ آلہ واجعل لنا نصیباً فی رحمتک ۞ اے وہ جس کی رحمت کے خزانے ختم ہونے والے نہیں محمد ﷺ اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور اپنی رحمت میں ہمارا بھی حصہ قرار دے ۞ ویا من تنقطعُ دون رویتہٖ الابصار صلّ علی مُحَمَّدٍ وٴ آلہٖ وَسَلِّمْ وادنا الی قربک ۞ اے وہ کنز مخفی! جس کی ذات تک نگاہوں کی رسائی نہیں ہے، محمد ﷺ وآل محمد علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہمیں اپنی بارگاہ کے قریب تر کر لے ۞ ویا من تُصغرُ عند خطرہ

الاخطار صلّ علی مُحَمَّدٍ وٴ آلہ و کرّمْنا علیکَ ۞ اور اے وہ جس کی عظمت کے سامنے تمام عظمتیں حقیر ہیں محمد ﷺ وآل محمد علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہمیں صاحب عزت وکرامت بنا دے ۞ ویا من تظہر عندہ بواطن الاخبار صلّ علی مُحَمَّدٍ وٴ آلہ و لا تفضحنا لدیک ۞ اور اے وہ جس کے سامنے پوشیدہ خبریں بھی نمایاں ہیں محمد ﷺ وآل محمد علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہمیں اپنی بارگاہ میں رُسوا نہ کرنا ۞ اللّٰھم صلّ علی محمدٍ وٴ آلہ واکفنا حدّ نوآئب الزّمان وشرّ مصائد الشیطان ومرارۃ صولۃِ السُّلطان ۞ اے معبود! تو محمد ﷺ اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہمیں زمانہ کے حوادث کی سختی اور شیطان کے ہتھکنڈوں کی فتنہ انگیزی اور سلطان کے قہر وغلبہ کی تلخ کلامی سے اپنی پناہ میں رکھ ۞ اَللّٰھُمَّ اِنَّمَا یَکْتَفِی الْمُکْتَفُونَ بِفَضْلِ قوّتک فصلّ علی محمدٍ وٴ آلہ واکفنا وانّما یُعطی المُعطُون من فضل جدّتک فَصلّ علی محمدٍ وٴ آلہ واعطنا وانّما یھتدی المھتدون بنوروجھک فَصلّ علی محمدٍ وٴ آلہ واھدِنا ۞ خدایا! بے شک مطمئن ہونے والی تیری قوت ہی کے فضل وکرم سے مطمئن ہوتے ہیں لہٰذا محمد ﷺ وآل محمد علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہمارے لئے کافی ہو جا اور یقیناً عطا کرنے والے تیری بخشش کے اضافہ سے عطا کرتے ہیں لہٰذا محمد ﷺ وآل محمد علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہمیں بھی عطا فرما دے۔

(۳)دُعا: ۶۔دُعاؤہ عند الصباح والمساءِ:

﴿دعائے صبح شام﴾

۞ اللّٰھم صَلّ علی محمدٍ وٴ آلہ وارزقنا حُسن مصاحبتہ و اعصِمنا من سوءِ مفارقتہٖ بارتکابِ جریرۃٍ او اقترافِ صغیرۃٍ او کبیرۃٍ... ۞ اے اللہ! تو محمد ﷺ اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہمیں اس دن کی اچھی رفاقت نصیب کرنا اور کسی خطا کے ارتکاب کرنے یا صغیرہ وکبیرہ گناہوں میں مبتلا ہونے سے بچائے رکھنا ۞ اللّٰھم صلّ علی محمدٍ وٴ آلہٖ واجعلہ ایمن یوم عھدناہ ۞ بارالہا! محمد ﷺ اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور آج کے دن کو تمام گذشتہ دنوں سے زیادہ مبارک دن قرار دے ۞ اللّٰھم صلّ علی محمدٍ وٴ آلہٖ اکرصلیت

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

علی احد من خلقک ۞ اے اللہ! محمد ﷺ اوران کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما جیسے ہر ایک پر رحمت نازل فرماتا ہے ایسی رحمت کثیر، جو ابھی تک کسی پر نہیں بھیجی ہو،

(۴) دُعا: ۷۔ دعاؤہ فی المھمّات

﴿مشکل ومصیبت کے وقت کی دُعا﴾

۞ لا ناصر لمن خذلت فصلّ علی مُحمّدٍ و ءٰ آلہ وافتح لی یا رَبّ باب الفَرَج بطولک ۞ جسے تو نظر انداز کردے اسے کوئی مدد کرنے والا نہیں، رحمت نازل فرما محمد ﷺ اوران کی آل علیہم السلام پر اور اپنی کرم نوازی سے میرے لئے آسائش کا دروازہ کھول دے۔

(۵) دُعا: ۹۔ دعاؤہ فی الاشتیاق

﴿طلب مغفرت کی دُعا﴾

۞ اللّٰھم صَلّ علی محمّدٍ و ءٰ آلہٖ وصیّرنا الی محبوبک من التوبہ ☆ اللّٰھم فصلّ علی محمّدٍ و ءٰ آلہٖ واجعل ھمسات قلوبنا ۞ اے اللہ! رحمت فرما محمد ﷺ اوران کی آل علیہم السلام پر اور ہماری توجہ اس توبہ کی طرف مبذول فرمادے جو تجھے پسند ہے بارالہا! رحمت نازل فرما محمد ﷺ اور انکی آل علیہم السلام پر اور ہمارے خیالوں کو ثواب کی طرف مائل فرما۔

(۶) دُعا: ۱۱۔ دعاؤہ بخواتم الخیر

﴿انجام خیر کی دُعا﴾

۞ صلّ علی محمّدٍ و آلہٖ و لشغل قلوبنا بذکرک عن کلّ ذکر ۞ رحمت نازل فرما محمد ﷺ اور ان کی آل علیہم السلام پر اور ہمارے دلوں کو اپنی یاد میں ایسے مصروف رکھ دے کہ کسی اور کی یاد کی طرف توجہ نہ کریں۔

(۷) دُعا: ۱۲۔ دعاؤہ فی الاعتراف

﴿اعتراف گناہ اور طلب توبہ کی دعا﴾

۞ اللّٰھم صَلّ علی محمّدٍ و ءٰ آل محمّدٍ وھب لی ما یجب علیَّ لکَ وعافنی ممّا استوجبہ منکَ و اجرنی ممّا یخافہ اھل الا سائۃ فانّک ملیٌّ بالعفو مَرجُوّ للمغفرۃ ۞ اے اللہ! رحمت

نازل فرما محمد ﷺ اوران کی آل علیہم السلام پر اور تیرے جو حقوق میرے ذمہ عائد ہوتے ہیں انہیں بخش دے، اور جس سزا کا میں مستحق ہوں اس سے معافی دے اور مجھے اس عذاب سے پناہ دے جس کے گنہگار مستحق ہیں اس لئے کہ تو معاف کردینے پر قادر ہے اور تجھ ہی سے مغفرت کی امید کی جاسکتی ہے۔

(۸) دُعا: ۱۳ دعاؤہ فی طلب الحوائج

﴿طلب حاجات کی دُعا:﴾

۞ اللّٰھم فصلّ علی محمّدٍ و ءٰ آلہ واحملنی بکرمک علی التفضّل لا تحملنی بعَدلک علی الاستحقاق ۞ اے اللہ! محمد ﷺ اوران کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور اپنے کرم سے میرے ساتھ تفضّل واحسان فرما اور میرے استحقاق کو دیکھ کر عدل سے فیصلہ نہ فرما ۞ وصلّ علی محمّدٍ و آلہ صلوٰۃ دائمۃ نامیۃ لا انقطاع لأبدھا ولا منتھی لأمدھا واجعل ذالک عونا لی وسببًا لنجاح طلبتی انک واسعٌ کریم ۞ اور محمد ﷺ اور اسکی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما ایسی رحمت جو دائمی اور روز افزوں ہو جس کا زمانہ ختم ہونے والا نہ ہو اور جس کی مدت بے پایاں ہو اور میرے لئے مددگار اور مقصد برآری کا ذریعہ قرار دے، بے شک وسیع رحمت کے وجود وکرم کا مالک ہے۔

(۹) دُعا: ۱۴ دعاؤہ فی الظلمات

﴿ظالموں کے شر سے محفوظ رہنے کی دُعا:﴾

۞ اللّٰھم فصلّ علی محمّدٍ و ءٰ آلہ وخُذ ظالمی و عدوّی عن ظلمی بقوتک ۞ اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد ﷺ اوران کی آل علیہم السلام پر اور اپنی قوت وتوانائی سے مجھ پر ظلم ودشمنی کرنیوالوں کو روک دے۔

(۱۰) دُعا: ۱۶۔ دعاؤہ فی الاستقالہ من ذنوبہ

﴿گناہوں سے معافی کی دُعا﴾

۞ اللّٰھی فصلّ علی محمّدٍ و ءٰ آلہ ولا تعرض عَنّی وقد اقبلت علیک ولا تحرمنی ۞ خداوند! رحمت نازل فرما محمد ﷺ اوران کی آل علیہم السلام پر اور مجھ سے روگردانی اختیار نہ کر جبکہ میں تیری طرف متوجہ ہو چکا ہوں، اور مجھے ناامید نہ فرما۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(۱۱)دعا: ۱۸ دعاؤہ فی المحذورات

﴿شیطان کے شر سے محفوظ رہنے کی دُعا:﴾

اللّٰھم صلّ علی محمدؐ وءٰ آلہٖ واشغلہ عنّا ببعض اعدآءک واعصمنا منہ بحسن رعایتک اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر اور اس (شیطان) کو ہمارے بہکانے سے دور رکھ اور اپنی نیک محافظت کے ذریعے محفوظ فرما اللّٰھم صلّ علی محمدؐ وءٰ آلہٖ وحوّل سلطانہ عنّا واقطع رجائہ منّا اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر اور شیطان کے تسلط کو ہم سے ہٹا دے اور اسکی اُمیدیں ہم سے قطع فرما۔

(۱۲)دُعا: ۱۹ دعاؤہ فی الاستسقاء

﴿طلب باران کی دُعا:﴾

اللّٰھم صلّ علی محمدؐ وءٰ آل محمدؐ وارزقنا من برکات السمٰوات الارض اِنّک علی کُلّ شئی قدیر بارالہا! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر ہمیں آسمان وزمین کی برکتوں سے بہرہ مند کر اس لئے کہ تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

(۱۳)دُعا: ۲۰۔دعاؤہ فی مکارم الاخلاق:

﴿پسندیدہ اخلاق کی دُعا:﴾

اللّٰھم صلّ علی محمدؐ وءٰ آلہٖ وبلّغ بایمانی اکمل الایمان واجعل یقینی افضل الیقین بارالہا! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور میرے ایمان کو کامل ترین ایمان کی حد تک پہنچا دے اور میرے یقین کو بہترین یقین قرار دے اللّٰھم صلّ علی محمدؐ وءٰ آلہٖ واکفنی مایشغلنی الاھتمام بہ بارالہا! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور مجھے ان کی مصروفیات سے جو عبادت میں مانع ہوں بے نیاز کر دے اللّٰھم صلّ علی محمدؐ وءٰ آلہٖ ولا ترفعنی فی الناس درجۃً الاّ حططتنی عند نفسی مثلھا بارالہا! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور لوگوں میں میرا درجہ جتنا ہی بلند کرے اتنا ہی مجھے خود اپنی نظروں میں پست کر دے۔

اللّٰھم صلّ علی محمدؐ وآل محمدؐ ومتّعنی بھدی صالح لا استبدل بہ بارالہا! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور مجھے ایسی نیک ہدایت سے بہرہ مند فرما کہ جسے دوسری چیزوں سے تبدیل نہ کروں اور ایسے صحیح راستے پر لگا جس سے منہ نہ موڑوں اللّٰھم صلّ علی محمدؐ وءٰ آل محمدؐ وابدلنی من بغضۃ اھل الشّنان المحبۃ بارالہا! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر میری نسبت کینہ توزی کرنے والوں کے کینہ کو محبت میں بدل دے اللّٰھم صلّ علی محمدؐ وءٰ آلہٖ ومتّعنی بالاقتصاد واجعلنی من اھل السِداد بارالہا! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام اور مجھے بے نیازی کا تاج پہنا اور متعلقہ کاموں کو احسن طریقے سے انجام دینے کی توفیق عطا فرما اللّٰھم صلّ علی محمدؐ وءٰ آلہ وتوجنی بالغایۃ وسُمّنی حُسن الولایۃ بارالہا! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام اور مجھے الفت عطا فرما اور اچھے دوستوں کی دوستی سے مالا مال فرما اللّٰھم صلّ علی محمدؐ وءٰ آلہٖ واکفنی مؤنۃ الاکتسابِ وارزقنی من غیر احتساب فلا اشتغل عن عبادتک بارالہا! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر اور مجھے کسب معیشت کے رنج وغم سے بے نیاز فرما اور بے حساب روزی عطا فرما تاکہ معاش میں الجھ کر تیری عبادت سے رُوگردان نہ ہو جاؤں اللّٰھم صلّ علی محمدؐ وءٰ آلہٖ کافضل ماصلّیت علی احدٍ من خلقک قبلہ وانت مصلٍ علی احد بعدہٗ وءاتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاخرہ حسنۃ وقنا برحمتک عذاب النّار خدایا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما وہ بہترین رحمت جو تو نے ان سے پہلے کسی بندہ پر نازل کی ہو یا ان کے بعد کسی پر نازل کرنے والا ہو اور ہمیں دنیا وآخرت میں نیکیاں عطا فرما اور اپنی رحمت کے طفیل آتش جہنم سے محفوظ بنا دے۔

نوٹ:۔ دُعائے ۲۰ میں اکثر جملات صلوات سے شروع ہوتے ہیں اس بارے صحیفہ سے رجوع کیا جائے،

(۱۴)دُعا: ۲۱۔دعاؤہ اذا حزنہ الامر:

﴿غم کو دور کرنے والی دُعا﴾

فصلّ علی محمدؐ وءٰ آلہ واجرِ ھربی وانجح مطلبی پس تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور میرے گریز کو اپنے دامن میں پناہ دے اور میری حاجت برلا اللّٰھم

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

صلّ علی محمّدٍ وٰ آلہٖ ولا تجعلنی ناسیا لذکرک فیما اولیتنی ❁ پس تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور جو تو نے عطایا دیں ہیں ان کو فراموش نہ کرنے کی توفیق عطا فرما ❁ اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وٰ آلہٖ واجعلنی لھم قرینا واجعلنی لھم نصیرا ❁ پس تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما مجھے ان کا ہم نشین اور مددگار قرار دے۔

(۱۵) دُعا ۲۲ ۔ دعاؤہ عند الشدۃ:

﴿مشکلات کے وقت کی دُعا﴾

❁ اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وٰ آلہٖ وخلّصنی من الحسد واحصرنی عن الذنوب.

❁ اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر اور حسد سے نجات دے اور گناہوں کے ارتکاب سے روک دے ❁ اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وٰ آلہٖ وارزقنی الرغبۃ فی العمل لک لآخرتی حتی اعرف صدق ذلک من قلبی ❁ اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر اور آخرت کے پیش نظر صرف اپنے لئے عمل کی رغبت عطا کر یہاں تک کہ میں اپنے دل میں اسکی سچائی کا احساس کرلوں ❁ اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وٰ آلہٖ وارزقنی خوف غم الوعید وشوق ثواب الموعود حتی اجد لذۃ ما ادعوک بہ وکآبۃ ما استجیر بک منہ ❁ اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر اور اندوہ وعذاب کا خوف اور ثواب آخرت کا شوق میرے اندر پیدا کر دیتا کہ جس چیز کا تجھ سے طالب ہوں اس کی لذت اور جس سے پناہ مانگتا ہوں اس کی تلخی محسوس کرسکوں ❁ اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وٰ آلہٖ وارزقنی سلامۃ الصدر من الحسد حتی لا احدّ من خلقک علی شیء من فضلک ❁ اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر اور میرے سینے کو حسد سے پاک کردے تاکہ میں مخلوقات میں سے کسی ایک پر اس چیز کی وجہ سے جو تو نے اسے اپنے فضل وکرم سے عطا کی ہے حسد نہ کروں ❁ اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وٰ آلہٖ وارزقنی التحفّظ من الخطایا والاحتراس من الزلل فی الدنیا والاٰخرۃ فی حال الرضا والغضب ❁ اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر اور دنیا و آخرت کے امور میں خواہ خوشنودی کی حالت ہو یا غضب کی مجھے خطاؤں سے تحفظ اور لغزشوں سے اجتناب کی توفیق عطا فرما۔

(۱۶) دُعا: ۲۳ ۔ دعاؤہ بالعافیہ:

﴿طلب عافیت کی دُعا:﴾

❁ اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وٰ آلہٖ والبسنی عافیتک وجلّلنی عافیتک وحصنی بعافیتک واکرمنی بعافیتک واغنی بعافیتک ❁ اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر اور مجھے اپنی عافیت کا لباس پہنا اپنی عافیت کی ردا اوڑھا، اپنی عافیت کے ذریعے محفوظ رکھ، اپنی عافیت کے ذریعے عزت ووقار عطا فرما، اپنی عافیت کے ذریعے بے نیاز کردے۔

(۱۷) دُعا: ۲۴ ۔ دعاؤہ لابویہ:

﴿والدین کے حق میں دُعا:﴾

❁ اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وٰ آلہٖ وذرّیتہ واخصص ابوی بافضل ما خصصت بہ آباء عبادک المؤمنین وامّھا تھم یا ارحم الرحمین ❁ اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اسکی اولاد پر اور میرے ماں باپ کو اس سے بڑھ کر امتیاز دے جو مؤمن بندوں کے ماں باپ کو تو نے عطا کیا ہے اے سب رحم کرنے والوں میں سے زیادہ رحم کرنے والے ❁ اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ عبدک ورسولک واھل بیتہ الطاھرین واخصصھم بافضل صلواتک ورحمتک وبرکاتک وسلامک ❁ خدایا! اپنے بندہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت نازل فرما اور ان کی اہل بیت طاہرین علیہم السلام پر بھی اور ان سب کو بہترین صلوات، رحمت، برکات اور سلام کے ساتھ مخصوص فرما۔

(۱۸) دعا: ۲۶ ۔ دعاؤہ لجیرانہ:

﴿ہمسایوں اور دوستوں کے حق میں دُعا﴾

❁ اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وٰ آلہٖ وتولّنی فی جیرانی وموالیّ العارفین بحقنا والمنابذین لا عدائنا بافضل ولایتک ❁ اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور میری اس سلسلہ میں بہترین نصرت فرما کہ میں اپنے ہمسایوں اور ان کے دوستوں کے حقوق کا لحاظ رکھوں جو ہمارے حق کو پہچاننے والے اور ہمارے دشمنوں کے مخالف ہیں ❁ اُوجب لھم ما اوجب

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

لحآمّتی وارعی لهم ما ارعی لخآصّتی واللّهم صلّ علی مُحمّدٍ وءٰالهٖ وارزُقنی مِثلَ ذلک منهم ❁ اور جو چیزیں اپنے خاص قریبوں کے لیئے ذریعے ضروری سمجھوں، ان (ہمسایوں) کیلئے بھی ضروری سمجھوں اور جو مراعات اپنے مخصوصین سے کروں وہی مراعات ان سے بھی کروں، اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور مجھے بھی ان سے ویسے ہی سلوک کا روادار قرار دے۔

(۱۹) دُعا: ۲۷۔ دعاؤہ لا ھل الثغور:

﴿سرحدوں کی حفاظت کرنے والوں کے لئے دُعا:﴾

☆ اللّھم صل علی محمدٍ وآلہٖ، وحصن ثغور المسلمین بعز تک وا یدحماتها بقوتک، بارالہا! تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور مسلمانوں کی سرحدوں کی اپنی عزت کے ساتھ کی پاسداری فرما اور اپنی قوت کے ساتھ ان کی حفاظت کرنے والوں کی مدد فرما، ❁ اللّھمّ صلّ علی محمدٍ عبدک ورسولک و ءٰآل محمدٍ صلوۃ عالیۃً علی الصلواتِ مُشرفۃ فوق التحیات صلوۃ لا ینتھی آمدھا ولا ینقطع عَددُھا کاتمّ ما مضیٰ من صلواتک علی احَدٍ من اولیآنک انک المَنّان الحمید المُبدی ء المُعید الفعّال لّما تُرید ❁ خدایا! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت نازل فرما جو تیرے بندہ اور رسول ہیں اور آل محمد علیہم السلام پر بھی وہ صلوات نازل فرما جو تمام صلواتوں سے بلند ہو اور تمام تجلیات میں سب سے نمایاں ہو، وہ صلوات جس کی مدت تمام نہ ہو اور جس کے عدد کا سلسلہ ختم نہ ہو، ایسی مکمل ترین صلوات جو تو نے ماضی میں کسی بھی ولی پر نازل فرمائی ہو کیونکہ تو بہترین احسان کرنے والا، قابل حمد، ایجاد کرنے والا، پلٹا کر واپس لانے والا اور اپنے ارادہ کے مطابق ہر عمل کو انجام دینے والا ہے۔

(۲۰) دُعا: ۳۰۔ دعاؤہ فی المعونۃ علی قضاء الدین

﴿ادائے قرض کی دعا﴾

❁ اللھم صلّ علی محمدٍ وءٰآلہٖ وھب لی العافیہ من دین تخلق به وجھی ویحارفیه ذھنی ❁ اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور مجھے اپنے قرض سے نجات دے جس سے میری آبرو پر حرف آئے اور میرا ذہن پریشان و پراکندہ رہے۔

(۲۱) دُعا: ۳۱۔ دعاؤہ بالتوبہ: ﴿توبہ کی دُعا﴾

❁ اللّھم فصلّ علی محمدٍ وءٰآلہٖ والقنی بمغفرتک کما لقیتُک باقراری ❁ خداوندا! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور اپنی مغفرت میرے شامل حال فرما کہ جس طرح میں (اپنے گناہوں کا) اقرار کرتے ہوئے تیری طرف متوجہ ہوا ہوں ❁ اللّھم صلّ علی محمدٍ وءٰآله واشفع فی خطایای کرمک وعدلّ علیّ سیسناتی بعفوک ❁ اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور اپنے کرم و بخشش کو میری خطاؤں کا شفیع قرار دے اور اپنے فضل سے میرے گناہوں کو بخش دے

❁ اللّھم صلّ علی محمدٍ وءٰآلہٖ کما ھدیتنا به وصلّ علی محمدٍ وءٰآلہٖ کما استنقذتنا به وصلّ علی محمدٍ وءٰآلہٖ صلاۃ تشفع لنایوم القیامۃ ویوم الفاقۃِ الیک انک علی کل شئٍ قدیر وھو علیک یَسیرٌ ❁ اے اللہ: محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور انکی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما، جس طرح ان کے ذریعے ہمیں (گمراہی کے بھنور سے) نکالا ہے، تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اسکی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما، ایسی رحمت جو قیامت کے روز اور تجھے احتیاج کے دن ہماری سفارش کرے، اس لئے کہ تو ہر چیز پر قادر ہے اور یہ کام تیرے لئے سہل و آسان ہے ❁ اللّھم فصلّ علی محمدٍ وءٰآلہٖ والقنی بمغفرتک کما لقیتُک باقراری ❁ خداوندا! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور اپنی مغفرت میرے شامل حال فرما کہ جس طرح میں (اپنے گناہوں کا) اقرار کرتے ہوئے تیری طرف متوجہ ہوا ہوں ❁ اللّھم فکما امرت بالتوبۃ وضمنتَ القبول و حثثت علی الدعاء ووعدت الاجابۃ فصلّ عَلی مُحمّدٍ وءٰآلہٖ واقبل توبتی ❁ خدایا! جب کہ تو نے توبہ کا حکم دیا ہے اور قبول کرنے کا ذمہ لیا ہے اور دعا پر آمادہ کیا ہے اور قبولیت کا وعدہ فرمایا ہے تو رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اسکی آل علیہم السلام پر اور میری توبہ کو قبول فرما۔

(۲۲) دُعا: ۳۳۔ دعاؤہ لاستخارۃ ﴿دُعائے استخارہ﴾

❁ اللّھم انی استخیرُک بعلمک فصلّ علی محمدٍ وءٰآلہٖ واُقض لی بالخیرۃ ❁ بارالہا! میں تیرے علم کے ذریعے تجھ سے خیر و بہبود چاہتا ہوں تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اسکی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور میری اچھائی کا فیصلہ صادر فرما۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(۲۳)دُعا: ۳۵۔دعاؤہ فی الرضا بالقضاء

﴿رضائے الٰہی پر راضی رہنے کی دُعا﴾

﴿اللّٰھم صَلِّ عَلی مُحمَّدٍ وءٰالہٖ ولا تفتینی بما اعطیتھم ﴿اے اللہ! محمد ﷺ اور اسکی آل علیہم السلام رحمت نازل فرما اور مجھے ان چیزوں سے جو دوسروں کو دیں ہیں ان سے مجھے پریشان و آشفتہ نہ ہونے دے ﴿اللّٰھم صَلِّ عَلی مُحمَّدٍ وءٰالہٖ وطیب بقضائک نفسی ووسع بمواقع حکمک صدری ﴿اے اللہ! محمد ﷺ اور انکی آل پر رحمت نازل فرما اور مجھے اپنے قضاوقدر پر شادمان رکھ اور اپنے مقدرات کی پذیرائی کے لئے میرے سینے میں وسعت پیدا کردے۔

(۲۴)دُعا: ۳۷۔دعاؤہ عند سماع الرّعد

﴿آسمانی بجلی کی آواز سنتے وقت کی دُعا:﴾

﴿اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وءٰالہٖ وانزل علینانفع ھذہ السحائب ﴿اے اللہ! محمد ﷺ اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہم پر ان بادلوں کی برکت و رحمت نازل فرما۔

(۲۵)دُعا: ۳۸۔دعاؤہ فی اعتذار

﴿حقوق العباد میں معذرت کرنے کی دعا﴾

فصَلِّ علی محمدٍوءٰالہٖ واجعل ندامتی علی ما وقعتُ فیہ عن الزّلات وعزمی علی ترک مایعرض لی من السیئات توبۃً ﴿تو محمد ﷺ اور ان کی آل پر رحمت نازل عطا فرما اور ان لغزشوں سے جن سے میں دوچار ہوا ہوں میری پشیمانی کو اور پیش آنے والی برائیوں سے دست بردار ہونے کے ارادے کو توبہ قرار دے دے۔

(۲۶)دُعا: ۳۹۔دعاؤہ فی طلب العفو: ﴿طلب عفو و رحمت کی دُعا﴾

﴿اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وءٰالہٖ واکسر شھوتی عن کلّ محرم وازو حرصی عن کلّ ماثم وامنعنی عن اذی کلّ مومن ومومنۃ و مسلم و مسلمۃ ﴿بارالہا! محمد ﷺ اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہر حرام کام سے میری خواہش (کا زور) توڑ دیا ور ہر گناہ سے میری حرص کا رخ موڑ دیا ور ہر مومن و مومنہ مسلم اور مسلمہ کی ایذا رسانی سے مجھے باز رکھ۔

(۲۷)دُعا: ۴۰۔دعاؤہ عند ذکر الموت

﴿موت کی خبر سنتے وقت کی دُعا﴾

﴿اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وءٰالہٖ واکفنا طول الامل ﴿اے اللہ! محمد ﷺ اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہمیں طول طویل امیدوں سے بچا رکھ ﴿اللّٰھم صلّی علی محمّدٍ وءٰالہٖ وبارک لنا حلول دار البِلی ﴿اے اللہ! محمد ﷺ اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما، مٹی کی تہوں اور بوسیدہ گھروں میں اترنے کو مبارک قرار دے

(۲۸)دُعا: ۴۱۔دعاؤہ فی طلب السّر والوقایۃ

﴿عیوب کی پردہ پوشی کرنے کی دعا﴾

﴿اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وءٰالہٖ افرشنی مھاد کرامتک و اوردنی مشارع رحمتک ﴿بارالہا! رحمت نازل فرما محمد ﷺ اور ان کی آل پر اور میرے لئے اعزاز و اکرام کی مسند بچھا دے، مجھے رحمت کے سرچشموں پر اتار دے

(۲۹)دُعا: ۴۲۔دعاؤہ عند ختم القرآن ﴿ختم قرآن کی دُعا:﴾

﴿اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وءٰالہٖ واحطُط بالقرآن عناثقل الاوزار ﴿اے اللہ! محمد ﷺ اور اسکی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور قرآن مجید کے وسیلہ سے ہماری گناہوں کا بھاری بوجھ ہمارے سر سے اتار دے ﴿اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وءٰالہٖ وادم بالقرآن صلاح ظاھرنا ﴿اے اللہ! محمد ﷺ اور اسکی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور قرآن مجید کے ذریعے ہماری ظاہر کی ہمیشہ اصلاح فرما

وَاللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وءٰال محمدٍ واجبر بالقرآن خلتنا من عدم الاملاق وشق الینا بہ رغد العیش ☆ اے اللہ! محمد ﷺ اور اسکی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور قرآن مجید کے ذریعے ہمارے فقر و بدحالی کو دور فرما ﴿اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وءٰالہٖ واجعل القرآن لنا فی ظلم اللیالی مونسا ومن نزغات الشیطان وخطرات الوساوس حارسا ﴿اے بارالہا! محمد ﷺ اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور قرآن مجید کو رات کی تاریکیوں میں ہمارا مونس اور شیطان کے مفسدوں اور

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

دل سے گزرنے والے وسوسوں سے نگہبان قرار دے ۞ اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وٰ آلہٖ واجعلنا ممّن یعتصمُ بحبلہ ویاویٰ من المتشابہات الی حرز معقلہ ۞ اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوران کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہمیں ان لوگوں سے قرار دے جو اسکی رسی سے وابستہ ہوں اور مشتبہ امور میں اسکی محکم پناہ گاہ کا سہارا لیتے ہوں ۞ فصلّ علی محمّدٍ وٰ آلہٖ واجعل القرآن وسیلۃً لنا الی اشرف منازل الکرامۃ ۞ پس محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوراس کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہمارے لئے عزت وبزرگی کے مقامات تک پہنچنے کا وسیلہ قرار دے ۞ اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وٰ آلہٖ وھوّن بالقرآن عند الموت علی انفسنا کَربِ السیّاق وجھد الانین و ترادف الحشّارج اذابلغت النفوس التراقی ۞ اے بارالہا! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوران کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اوراس قرآن مجید کے وسیلہ سے موت کے وقت جب جان گلے تک پہنچ جائے نزع کی اذیتوں، کراہنے کی سختیوں اور جان کنی کی لگاتار ہچکیوں کو ہم پر آسان فرما۔

(۳۰) دُعا: ۴۳۔ دعاؤہ اذانظر الی الھلال ﴿دُعا رویت ہلال﴾

۞ ان یصلّی علی محمدٍ وٰ آلہٖ وان یجعلک ھلال برکۃ لا تمحقھا الایّام وطھارۃ لا تدنّسھا الا ثام ھلال امن من الآفات ۞ اے بارالہا! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوران کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما، اور تجھے ایسی برکت والا چاند قرار دے، جسے دنوں کی گردشیں زائل نہ کرسکیں اور ایسی پاکیزگی والا جسے گناہ کی کثافتیں آلودہ نہ کرسکیں، ایسا چاند جو آفتوں سے دور اور برائیوں سے محفوظ ہو ۞ اللّٰھم صلّی علی محمّدٍ وٰ آلہٖ واجعلنامن ارضی من طلعَ ۞ اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوران کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور جن زمینوں پر یہ روشنی پھیلاتا ہے اس سے بڑھ ہمیں خوشحال فرما۔

(۳۱) دُعا: ۴۴۔ دعاؤہ لدخول شھر رمضان

﴿ماہ مبارک رمضان کے شروع کی دعا﴾

۞ اللّٰھم صلّی علی محمّدٍوٰ آلہٖ فی کلّ وقت وکلّ اوان وعلی کلّ حال عدد ما صلّیت علی من صلّیت علیہ واضعاف ذلک کلّہ بالا ضعاف التی لا یحصیھا غیرک انک فعّال لّما تری

۞ خدایا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر ہر وقت، ہر آن اور ہر حال میں اتنی رحمت نازل فرما جس قدر تو

نے اپنے کسی بھی بندے پر نازل کی ہو اور پھر اسے اس قدر دگنا کردے جسے شمار نہ کیا جاسکے، کہ تو جس چیز کا ارادہ کرلیتا ہے اسے پورا کرتا ہے ۞ اللّٰھم صلّی علی محمّدٍ وٰ آلہٖ والھمنا معرفۃ فضلہ واجلال حرمتہٖ ۞ اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوران کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہمیں ہدایت فرما کہ ہم اس مہینے کے فضل وشرف کو حاصل کرسکیں ۞ اللّٰھم صلّی علی محمّدٍ وٰ آلہٖ وقفنا فیہ علی مواقیت الصلوات الخمس بحدودھا الّتی حدّدت فروضھا الّتی فرَضتَ ۞ اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوران کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہمیں اس میں نماز پنجگانہ کے وہ اوقات جو تو نے معین کئے ہیں ان سے آگاہی عطا فرما اور وہ واجبات جو تو نے اس میں فرض کئے ہیں ان سے آشنائی عطا فرما، ۞ ان تصلّی علی محمّدٍ وٰ آلہٖ وان تعرّفنا فیہ لما وعدت اولیائک من کرامتِک ۞ کہ تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوران کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور جس عزت وکرامت کا تو نے اپنے دوستوں سے وعدہ کیا ہے اسکا ہمیں اہل بنا ۞ اللّٰھم صلّی علی محمّدٍ وٰ آلہٖ وجنّبنا الالحادَ فی توحیدک ۞ اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوران کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہمیں اس چیز سے بچائے رکھ کہ تیری توحید میں کج روی اختیار کریں ۞ اللّٰھم صلّی علی محمّدٍ وٰ آلہٖ واذا کان لک فی کل لیلۃٍ من لیالی شھرنا ھذا رقاب یعتقھا عفوک ۞ اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوران کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور جب اس مہینے کی راتوں میں ہر رات میں تیرے کچھ ایسے بندے ہوتے ہیں جنہیں تیرا عفو کرم آزاد کرتا ہے، ہمیں بھی ان بندوں میں سے قرار دے ۞ اللّٰھم صلّی علی محمّدٍ وٰ آلہٖ وامحق ذنوبنا مع امحاق ھلالہ ☆ اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور چاند کے چھپ جانے کے ساتھ ساتھ ہمارے گناہ بھی ختم کردے، ۞ اللّٰھم صلّی علی محمّدٍ وٰ آلہٖ وان ملأنا فیہ فعدّ لنا ۞ اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوران کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور اس مہینہ میں اگر ہم حق سے منہ موڑیں تو ہمیں سیدھے راستے پر لگادے

(۳۲) دُعا: ۴۵۔ دعاؤہ لوداع شھر رمضان

﴿وداع ماہ مبارک رمضان کی دعا﴾

۞ اللّٰھم صلّی علی محمّدٍ نبیاوٰ آلہٖ کما صلّیت علی انبیائک المرسلین وصلّ علیہ وٰ آلہٖ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

كما صلّيت على عبادك الصّالحين وافضل من ذلك يا ربّ العالمين صلاةً تبلغنا بركتها و ينا لنا نفعها و يستجاب لها دعآوء نا انك اكرم من رغب اليه واكفىٰ من توكّل عليه هواعطٰى من سُئل من فضله وانت على كلّ شئ قدير ۞ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر رحمت نازل فرما جس طرح تو نے اپنے نیک کردار بندوں پر رحمت نازل کی، بلکہ اس سے بہتر اے عالمین کے پروردگار وہ صلوات جس کی برکتیں ہم تک پہنچ جائیں اور اس کا نفع ہمارے شامل حال ہو جائے اور اس کے بارے میں ہماری دعا مستجاب ہو جائے تو وہ بہترین ہستی ہے جس کی طرف توجہ کی جائے اور ان سب سے زیادہ کام آنے والا ہے جن پر بھروسہ کیا جاتا ہے اور ان سب سے بہتر عطا کرنے والا ہے جن کے فضل وکرم کا سوال کیا جاتا ہے اور تو ہر شئے پر قدرت رکھنے والا ہے ۞ فصلّ على محمدٍ وٓ آلهٖ واسترنا بسترك واعف عنّى بعفوك ولا تنصبنا فيه لا عين الشّامتن ولا تبسط علينا فيه السن الطّاغين ۞ تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہمیں اپنے پردہ میں ڈھانپ لے اور اپنے عفو ودرگزر سے کام لیتے ہوئے معاف کر دیا ور ایسا نہ ہو کہ اس گناہ کی وجہ سے طنز کرنے والوں کی آنکھیں مجھے گھوریں اور طعنہ زنی کرنے والوں کی زبانیں ہم پر کھلیں ۞ اللّهم صلى علىٰ محمدٍ وٓ آلهٖ واجبر مصيباً بشهرنا وبارك لنا فى يو م عيدنا و فطرنا ۞ اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور اس مبارک مہینے کے چلے جانے سے جو کمی واقع ہوئی ہے اسکو پورا فرما اور عید کے دن کو اور روزہ کے اختتام کو ہمارے لئے مبارک قرار دے ۞ اللّهم صلّى علىٰ محمدٍ وٓ آلهٖ واكتب لنا مثل اجور من صا مه اوتعبدلك فيه الىٰ يو م القيا مة ۞ اے اللہ تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور انکی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور جو لوگ روزِ قیامت تک اس ماہ کے روزے رکھیں یا تیری عبادت کریں ان کے اجر وثواب کی مانند ہمارے لئے اجر وثواب عطا فرما۔

(۳۳) دُعا: ۴۶۔ دعاؤہ للعیدین و الجمعہ

﴿عیدین اور جمعہ کے دن کی دعا﴾

۞ فصّل على محمدٍ وٓ آلهٖ واسمع نجوای واستجب دعائى ولا تخم يو مى بخيبتى ۞ تو محمد وآل محمد علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور میری راز ونیاز کی باتوں کو سُن اور میری دعا کو شرف قبولیت بخش اور میرے دن کو ناکامی کے ساتھ ختم نہ کر

(۳۴) دُعا: ۴۷۔ دعاؤہ لعرفہ ﴿دعا روز عرفہ﴾

۞ ربّ صلّ على محمدٍ وآل محمدٍ المنتخب المصطفىٰ المكرّم المقرب افضل صلواتك وبارك عليه اتمّ بركاتك ۞ اے پروردگار! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما! وہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو برگزیدہ جو معزز وگرامی اور مقرب ہیں ان پر اپنی کامل برکات کو نازل فرما ۞ ربّ صلّ على محمدٍ وٓ آلهٖ صلواة زاكيةً لا تكون صلواة ازكىٰ منها ۞ اے پروردگار! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما ایسی پاک وپاکیزہ رحمت جو اس سے زیادہ کوئی پاک وپاکیزہ نہ ہو ☆ رب صلّ على محمدٍ وٓ آلهٖ صلواة ترضيه يزيد على رضاه ☆ اے پروردگار! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما کہ اس سے زیادہ پسندیدہ رحمت نہ ہو ۞ ربّ صل على محمدٍ وٓ آلهٖ صلواةً تجاوز رضوانك ويتصل اتصالها ببقآئك ۞ اے پروردگار! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر ایسی صلوات نازل فرما جس رضامندی کے وہ مستحق ہیں اور وہ تیری بقاء ودوام سے متصل ہو جائے

۞ رب صلّ على محمدٍ وٓ آلهٖ صلواةً تجزل لهم بها من نحلك وكرامتك ۞ پروردگارا! محمد اور انکی آل علیہم السلام پر ایسی رحمت نازل فرما جس کے ذریعے تو ان کے لیے بخشش وکرامت کو فراواں کر دے ۞ ربّ صلّ عليه وعليهم صلوةً لا امد فى اوّلها ولا غاية لآمدها ۞ پروردگارا! ان پر اور انکی اہلبیت علیہم السلام پر ایسی رحمت نازل فرما کہ نہ اس کی ابتداء کی مدت ہو اور نہ ہی اس کی انتہا ہو ۞ رب صلّ عليه وٓ آلهٖ صلوة تحيط بكل صلوة سالفة و مستانفة وصلّ عليه وعلىٓ آلهٖ صلاة مرضية لك ولمن دونك و تنشى مع ذلك صلوات تضاعف معنا تلك الصلوات عندها و تز يدها على كرور الايّام زيادة فى تضاعيف لا يعدُّها غيرك ۞ پروردگارا! آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور انکی آل پر ایسی رحمت نازل فرما جو گزشتہ اور آئندہ سب رحمتوں پر محیط ہو اور ان پر اور انکی آل پر ایسی رحمت نازل فرما جو تیرے نزدیک اور تیرے علاوہ دوسرے کے نزدیک پسندیدہ ہو اور ان رحمتوں کے ساتھ ایسی رحمتیں بھیجتا رہے کہ ان کو بھیجتے وقت پہلی رحمتوں کو دوگنا کر دے اور انہیں زمانے کے گزرنے کے ساتھ دوچند کر کیا تنا بڑھاتا جائے کہ جن کو تیرے علاوہ کوئی شمار نہ کر سکے ۞ رب صلّ عليهم زنة عرشك

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

وما دونه و ملاء سمواتک وما فوقهن وعدد ارضیک وما تحتهن وما صلاة تقربهم منک زلفی وتکون لک ولهم رضی ومتصلة بنظائر هن ابدا ❁ خدایا ان پر اس قدر رحمت نازل فرما جو تیرے عرش وغیر عرش کے ہم وزن آسمان اور اس کے مافوق کے وسعت کے برابر زمین اور اس کے نچلے طبقات اور ان کے درمیانی وسعتوں کے ہم عدد ہوں وہ صلوات جو انہیں تجھ سے قریب بنا سکے اور تو ان سے راضی ہو جائے اور وہ تجھ سے راضی ہو جائیں اور پھر ایسی ہی صلواتوں کا سلسلہ برقرار رہے ❁ اللّٰھم صلّی علی اولیا ئھم المعترفین بمقامهم المتّبعین مَنهجهم المقتفین ءاثارهم المستمسکین بعروتهم المتمسکین بولا یتهم الموتمّین بِاِ مامتهم المسلّمین لا مرهم المجتهدین فی طاعتهم المنتظرین ایّا مهم المادّین الیهم اعینهم الصّلوات المبارکات الزاکیات النّامیات الغادیات الرائحات وسلّم علیهم وعلی ارواحهم واجمع علی التّقوی امرهم واصلح لهم شئونهم وتُب علیهم انک انت التّواب الرّحیم وخیر الغافرین واجعلنا معهم فی دار السّلام برحمتک یاارحم الرّاحمین ❁ خدایا اپنی صلوات نازل فرما اپنے ان اولیاء پر جو ان کے مقام کے معترف، ان کی ولایت سے وابستہ، ان کے نقش قدم پر چلنے والے، اپنے کو ان کے احکام کے حوالے کر دینے والے، ان کی اطاعت کی کوشش کرنیوالے، ان کے اقتدار کا انتظار کرنے والے، ان کی راہ میں آنکھیں بچھانے والے ہیں وہ صلوات جو بابرکت، پاکیزہ، مسلسل بڑھنے والی اور صبح شام نازل ہونے والی ہو، اپنی سلامتی نازل فرما اور ان کی ارواح طیبہ پر اور ان کے امور کو تقویٰ پر جمع کر دے اور ان کے حالات کو اصلاح کر دے اور انکی توجہ کو قبول فرمالے کہ تو ہر توجہ کا قبول کرنے والا ہے اور مہربان ہے اور بہترین بخشنے والا ہے مجھے اپنی رحمت کے سہارے ان کے ساتھ دار السلام میں جگہ عنایت فرمادے اے بہترین رحم کرنے والا۔

(۳۵) دُعا: ۴۸۔ دعاؤہ لاضحیٰ والجمعہ ﴿عیدالضحیٰ اور جمعہ کی دعاء﴾

❁ فاسئلک بجودک وکرمک وهوان ماسألتک علیک ان تصلّی علی محمّدٍ وءالهٖ ❁ (اے اللہ)! میں تیرے جود وکرم کو دیکھتے ہوئے اور اس امید سے کہ تو میری حاجت روائی میں آسانی فرمائے گا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اس کی پاک آل علیہم السلام پر ❁ اللّٰھم بانّ لک الملک والحمد لا الٰه الاّ انت ان تصلّی علی محمّدٍ وآل محمّدٍ عبدک ورسولک وحبیبک

وصفوتک وخیرتک من خلقک وعلی ءآل محمدٍ الابرار الطّاهرین الاخیار صلوة لا یقوی علی احصآئها الاّ انت ❁ اے اللہ! ملک وملکوت تیرے لئے اور تیرے ہی لئے حمد وستائش ہے اور کوئی معبود نہیں تیرے سوا، لہذا تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو رحمت نازل فرما اپنے عبد، رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حبیب، منتخب اور برگزیدہ خلائق محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کے اہلبیت علیہم السلام پر جو نیکوکار، پاک وطاہر اور بہترین خلق ہیں ایسی رحمت جس کے شمار پر تیرے علاوہ کوئی اور قادر نہ ہو ❁ وانی بمغفرتک ورحمتک واوثق منّی بعملی ولمغفرتک ورحمتک اوسع من ذنوبی فصلّ علی محمّدٍ وءآل محمّدٍ تولّ قضآء کلّ خاجة هی لی بقدرتک علیها ❁ اور بے شک بہترین مغفرت ورحمت کا دامن میرے گناہوں سے کہیں زیادہ وسیع ہے لہذا تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور میری ہر حاجت کو برلانے والا ہے، اپنی اس قدرت سے جو تجھے اس پر حاصل ہے ❁ اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وءآل محمّدٍ ولا تخیب الیوم ذلک من رجائی ❁ اے میرے معبود! تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور آج کے دن میری امیدوں میں مجھے ناکام نہ کر ❁ فیا من رحمتهٗ واسعة وعفوه عظیم یا عظیم یا عظیم یا کریم یا کریم صلّ علی محمّدٍ وءآل محمّدٍ وعُدعلیّ برحمتک ❁ اے وہ جو جسکی رحمت وسیع اور عفو وبخشش عظیم ہے اے بزرگ! اے عظیم! اے بخشندہ! اے کریم! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور اپنی رحمت سے مجھ پر احسان فرما ❁ اللّٰھم صلّ علی محمّدٍ وءآل محمّدٍ انک حمید مجید کصلوتک وبرکاتک وتحیّاتک علی اصفیآئک ابراهیمؑ وآل ابراهیمؑ وعجّل الفرج والرّوح والنّصرة والتّمکین والتّاید لهم ❁ اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آل محمد علیہم السلام پر رحمت نازل فرما کہ تو قابل حمد بھی ہے اور بزرگ تر بھی ویسی ہی صلوات وبرکات اور تحیات جو نازل کی گئی ہے حضرت ابراہیمؑ اور اس کی آل پر اور ان کے لئے کشائش وراحت ونصرت وقدرت اور تائید میں جلدی کر ❁ اللّٰھم لیس یردُّ غضبک الاّ حلمک ولا یردّ سخطک الاّ عفوک ولا یُجیر من عقابک الاّ رحمتک ولا تحفی منک الاّ التضرّع الیک وبین یدیک فصلّ علی محمّدٍ وءآل محمّدٍ ❁ بارالہا! تیرے حلم کا سواء کوئی چیز تیرے غضب کو ٹال نہیں سکتی اور تیرے عفو ودرگزر کے سواء کوئی چیز تیری ناراضگی کو دور نہیں کر سکتی اور تیری رحمت کے علاوہ اسے گناہوں سے بچنے سے مدد کا خواہاں ہوں پس تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور انکی آل پر رحمت نازل فرما اور مجھے گناہوں سے بچا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(۳۶)دُعا: ۵۴۔دعاؤہ فی استکشاف الھموم ﴿غم سے نجات کی دعا﴾

﴿اللّٰھم صلّ علی محمّدٌ علی آل محمّدٌو قبض علی الصّدق نفسی واقطع من الدنیاحاجتی واجعل فیما عندک رغبتی شوقاً الی لقائک وھب لی صدق التوکل علیک﴾ اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور انکی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور مجھے حق وصداقت پر موت دے اور دنیا سے میری حاجت وضرورت کا سلسلہ ختم کردے اور اپنی ملاقات کے اشتیاق کا جذبہ عطا فرما اور مجھے تیری ذات پر توکل کرنے کی توفیق عطا فرما ﴿یا فارج الھمّ و کاشف الغمّ یا رحمن الدنیا والآخرۃ ورحیمُھما صلّ علی محمّدٌ وآل محمّدٌ وافرج ھمیّ واکشف غمّی یا واحدُ یا احد یا صمد یامن لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفواً احدٌ﴾ اے رنج واندوہ کے برطرف کرنے والے اور غم والم کے دور کرنے والے، اے دنیا وآخرت میں رحم کرنے والے اور دونوں جہانوں میں مہربانی فرمانے والے تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور انکی آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور میری بے چینی کو دور فرمادے، اے واحد اور اے یکتا! اے بے نیاز، اے وہ کہ جسکی کوئی اولاد تھی اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور نہ اسکا کوئی ہمسر ہے۔

(۳۷)دُعا: ۵۵۔ ومن دعائہ فی ذکرء آل محمّدٌ

﴿حضرت علیہ السلام کی دعا جو ذکر آل محمد علیہم السلام پر مشتمل ہے﴾

﴿اللّٰھم یا من خُصَّ محمّدٌ وءٓالہٗ بالکرامۃ و حباھم بالرّسالۃ وخصّصھم بالوسیلۃ وجعلھم ورثۃ الانبیآء وختم بھم الاوصیآء والا ئمّۃ وعلّمھم علم ماکان وعلم ما بقی وجعل افئدۃ من النّاس تھوی الیھم صلّ علی محمّدٌ وءٓالہٗ الطّاھرین وافعل بنا ما انت اھلہ فی الدین والدنیا والآخرۃ انک علی کلّ شئ قدیر﴾ اے اللہ! اے وہ جس نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام کو عزت وبزرگی کے ساتھ مخصوص کیا اور جنہیں منصب رسالت عطا کیا اور وسیلہ بنا کر امتیاز خاص بخشا، جنہیں انبیاء کا وارث قرار دیا اور جن کے ذریعے اوصیاء اور آئمہ کا سلسلہ ختم کیا، جنہیں گزشتہ وآیندہ کا علم سکھایا اور لوگوں کے دلوں کو جن کی طرف مائل کیا بارالہا! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی پاک آل علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہمارے ساتھ دین، دنیا اور آخرت میں وہ برتاؤ کر، جس کا تو سزاوار ہے یقیناً تو ہر چیز پر قادر و توانا ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

﴿حصہ پنجم﴾

احادیث فضائل صلوات

اور کتب اہل سنت وشیعہ

Presented by: https://jafrilibrary.com

پیش لفظ احادیث

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صل علی محمدؐ وآل محمدؐ وعجل فرجھم واھلک اعدائھم اجمعین

الحمد للہ رب العالمین صلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین وآلہ الطیبین الطاہرین اما بعدہ...

شعبان المعظم کا مہینہ، عصر جمعہ کا وقت تھا، کچھ لوگ استخارہ کرنے کے لئے کمرہ میں جمع تھے، میں بھی ان کے ساتھ بیٹھ گیا موقعہ پا کر میں نے عرض کی: آغا! ﴿حضرت آیۃ اللہ سید محمد باقر الموحد دام ظلہ﴾ اگر صلوات کے بارے میں کوئی کرامت آپکی ذات یا جاننے والے اشخاص کے ساتھ رونما ہوئی ہو تو مرحمت فرمائیں کیونکہ میں اس کے بارے میں کچھ واقعات جمع کر چکا ہوں، میری طرف متوجہ ہوئے اور کہا: "من ھم درباره صلوات احادیث جمع کردم، بنام اربعین مخطوط"

میں نے عرض کی آقا! وہ مجھے عنایت فرمائیں تا کہ اس کتاب کے ساتھ ان کو بھی ملا دوں تا کہ اس کتاب کے لئے نور کا موجب بن سکے، بہر حال ابو حاتم! (مسئول کتابخانہ) کی کافی دنوں کی انتظار کے بعد کچھ کاغذ ہاتھ لگے جن کی ترتیب اور حوالہ لگانے میں کافی کام باقی تھا، میں اپنے اس خیال میں کہ کام تو ختم ہو گیا، حالانکہ اسکی ابھی ابتداء ہی ہو رہی تھی پھر بندہ نے کوشش کر کے احادیث کی دوسری کتابوں سے بھی احادیث کو جمع کیا تا کہ علماء ماسلف کے طریقہ و روش پر عمل کر سکوں اور روز قیامت سگ آل عبا بن کران کے قدم کے نقش کو چوم سکوں، بندہ دست بدعا ہے کہ خداوند متعال اس کے صدقے میں تمام مؤمنین و مؤمنات کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور صدر اسلام سے لے کر آج تک جو بھی آل زہراء علیہا السلام کی محبت میں مظلومیت کے ساتھ شہید کر دیئے گئے ہیں اور اس دنیا سے تاریک قبروں میں چلے گئے ہیں کہ جہاں محتاجی کے علاوہ کچھ بھی نہیں ان کے لئے اس کتاب کو ہدیہ کرتا ہوں خداوند متعال ناچیز کے اس ہدیہ کو قبول فرمائے، اور قارئین سے گزارش ہے کہ دس مرتبہ صلوات کی تلاوت فرما کر تمام مؤمنین و مؤمنات، مرحومین کے لئے ہدیہ فرما دیویں، والسلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہ

خواجہ عابد رضا محسنی

﴿حصہ پنجم﴾

احادیث فضائل صلوات

اور کتب اہل سنت و شیعہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صل علی محمدؐ وآل محمدؐ وعجل فرجھم

(۱): ﴿معنی الصلوٰۃ والتسلیم﴾

صلوات و تسلیم کا معنی

حدیث ۱: عن أمیر المومنین علیہ السلام فی قولہ تعالیٰ ﴿ان اللہ وملائکتہ..﴾ الآیۃ قالؑ: لھذہ الآیۃ ظاھر وباطن فالظاھر قولہ: (صلوا علیہ) والباطن قولہ: "وسلموا تسلیماً" ای سلموا لھن وصاہ واستخلفہ علیکم فضلہ (فضلہ علیکم) وماعھد بہ الیہ تسلیماً وھذا ممّا أخبرتک: انہ لا یعلم تأویلہ الاّ اللہ الاّ من لطف حسہ وصفی ذھنہ وصحّ تمییزہ. (۱)

"امیر المؤمنین علیہ السلام نے آیت ﴿انّ اللہ وملائکتہ...﴾ کے بارے میں فرمایا کہ اس کا ایک ظاہر ہے اور ایک باطن، ظاہر (صلوا علیہ) آنحضرتؐ پر درود و سلام بھیجنا ہے اور اس کا باطن (وسلموا تسلیماً) یعنی تسلیم کرو اس شخص کو جس کی تمہیں وصیت کی گئی ہے اور جس کو تم پر خلیفہ بنایا گیا ہے اس کی فضیلت کو قبول کرو ﴿جو اس کی فضیلت و برتری تم پر ہے﴾ اور جس شئی کے بارے میں تم سے وعدہ لیا گیا ہے اس کو دل سے تسلیم کرو بلکہ یہ کہوں یہ ایسی آیت ہے کہ اس کی تاویل و تفسیر خدا کے علاوہ کوئی نہیں جانتا مگر جس پر خداوند متعال لطف و مہربانی کرے اور اس کے ذہن کو پاک و صاف کرے"

حدیث ۲: حدثنی جعفر بن محمد الفرازی عن أبی ھاشم قال: کنت مع الامام جعفر صادقؑ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

بن امام محمد باقر علیہ السلام فی المسجد الحرام فصعد الی المنبر یخطب یوم الجمعة فقال: ﴿انّ اللّٰہ وملائکتہ...﴾ فقال امام جعفر صادقؑ یاأباھاشم لقدقال مالایعرف تفسیرہ قالؑ: وسلّموا الولایة لعلّی تسلیما(۲) "جعفر فرازی اَبی ہاشم سے نقل کرتا ہے کہ میں امام جعفر صادقؑ کے ساتھ مسجد الحرام میں تھا کہ جمعہ کا دن تھا خطیب جمعہ کا خطبہ دینے کے لئے جب منبر پر گیا تو اس نے اس آیت کریمہ ﴿ان اللہ وملائکتہ..﴾ کی تلاوت فرمائی تو اس وقت حضرتؑ نے فرمایا اس کو اس کی تفسیر کا علم نہیں ہے بلکہ اس سے مراد مولا کائنات علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی ولایت کو اس طرح تسلیم کرنا ہے جس طرح تسلیم کرنے کا حق ہے"

حدیث:۳. عن ابی حمزہ عن ابیہ قال سالت ابا عبداللہؑ عن قول اللہ عزوجلّ(ان اللہ و ملائکتہ یصلون علی النبی یا ایھا الذین آمنوا صلّوا علیہ و سلّموا تسلیما) فقال الصلاۃ من اللہ عزوجل رحمۃ ومن الملائکۃ تزکیۃ ومن الناس دعاء و اما قولہ عزوجل وسلموا تسلیما فانہ یعنی التسلیم لہ فیما ورد عنہ قال فقلت لہ فکیف نصلی علی محمدؐ و آلہ قال تقولون صلوات اللہ و صلوات ملائکتہ و انبیائہ و رسلہ و جمیع خلقہ علی محمدؐ و آل محمدؐ و السلام علیہ و علیھم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ قال فقلت فما ثواب من المؤمنین؟ قال: یرزؤنہ ویعرّفونہ بأن اللہ قدیرًا من کل نقص ھوفی المخلوقین من الآفات الّتی نصیبھم فی بُنیۃ خلقتھم،فمن عرّفہ ووصفہ بغیر ذلک ،فما صلیّ علیہ قلت:فکیف نقول نحن اِذا صلّینا علیھم؟قال تقولون:اللّٰھمّ اِنّا نصّلی علی محمّدؐ نبیک وعلی آل محمّدؐ کماأمرتنابہ،و کماصلیت أنت علیہ، فکذلک صلاتنا علیہ(۳)

"ابن کثیر نے معصومؑ سے اس آیت کریمہ ﴿ان اللہ وملائکتہ...﴾ کے بارے میں سوال کیا تو حضرتؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی صلوات آسمان میں ذکر تزکیہ ہے تب اس نے پھر سوال کیا: آقا! اللہ تبارک وتعالیٰ کے تزکیہ سے کیا مراد ہے؟ حضرتؑ نے فرمایا: اس کا تزکیہ اس کی ذات کو ہر نقص وآفت جو مخلوقات میں ہوتے ہیں، اس سے اس کو بری ومنزہ سمجھنا ہے، پھر میں نے عرض کی مؤمنین کی صلوات سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: ان کا یہ اقرار واظہار کرنا کہ یہ ذات اقدس مخلوقات کی آفات وبلیات ونقائص

جوان کی مٹی وطینت میں رکھے گئے ہیں، ان سے پاک وپاکیزہ ہے اس نے پھر حضرتؑ سے سوال کیا! ان انوار قدسیہ پر کس طرح صلوات پڑھیں؟ فرمایا: اس طرح صلوات پڑھیں: بارالٰہا! ہم تیرے نبیؐ پر اور اس کی آلؑ پر صلوات بھیجتے ہیں, جس طرح تو نے ہمیں حکم دیا ہے اور جس طرح تیری ذات ان پر صلوات بھیجتی ہے، پس ہم بھی اسی طرح ان پر صلوات بھیجتے ہیں"

حدیث۴: عن ابی المغیرہ! قال سمعت ابا الحسنؑ قال :قلت لہ:. ما معنی صلوات اللہ وملائکتہ و صلوات المؤمن؟ قال: صلوات اللہ رحمۃ من اللہ ،صلوات الملائکتہ تزکیہ منھم لہ،وصلوات مؤمنین دعا منھم لہ.(۴)

"ابی المغیرہ امام موسیٰ کاظمؑ سے سوال کرتا ہے مولا! اللہ کی صلوات اور اس کے ملائکہ کی صلوات اور مومن کی صلوات کا کیا معنی ہے، تو حضرتؑ نے فرمایا (صلوات اللہ رحمت الٰہی) ہے، ملائکہ کی صلوات، اللہ کی طرف سے ان کے لئے تزکیہ ہے اور مومن کی صلوات ان کے لئے دُعا وطلبِ رحمت ہے"

حدیث۵: قال امام صادقؑ (مثل ھذا ...)(۵) اسی طرح کی روایت ابن بابویہ نے امام جعفر صادقؑ سے نقل کی ہے کہ جب ان سے آیت کریمہ (ان اللہ و ملائکتہ...) کے بارے میں سوال کیا گیا کہ اس کا کیا معنی ہے تو انہوں نے بھی اسی طرح کا جواب دیا"

حدیث۶: القمي:قال علیہ السلام:صلوٰۃ اللّٰہ علیہ:تزکیۃ لہ وثنائہ علیہ،وصلوٰۃ الملائکۃ:مدحھم لہ، وصلوٰۃ النّاس:دعاؤھم لہ والتصدیق والاقرار بفضلہ ،وقولہ: ﴿وسلّموا تسلیماً﴾ یعني:سلّموا لہ بالولایۃ وبماجاء بہ(۶)

"قمیؒ نقل کرتے ہیں کہ معصومؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی ان پر صلوات ان کے لئے تزکیہ اور ان کی فضیلت کو بیان کرنا ہے اور ملائکہ کی صلوات ان کی تعریف وثناء کرنا ہے اور مؤمنین کی صلوات ان کے لئے طلب رحمت کرنا اور ان کے فضل وفضیلت کا اقرار کرنا اور اس کی تصدیق کرنا ہے اور قولہ ﴿وسلّموا تسلیماً﴾ سے مراد ولایت آئمہ ومعصومینؑ کو اس طرح تسلیم کرنا ہے جس طرح خداوند متعال کی طرف سے نازل ہوئی ہے"

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

حدیث ۷: عن ابی حمزہ عن ابیہ قال سالت ابا عبد اللّٰہ عن قول اللّٰہ و عزوجل: (ان اللہ وملائکتہ...) فقال الصلوٰۃ من اللّٰہ عزو جل رحمۃ ومن الملائکۃ تزکیۃ ومن الناس دعاء(۷) ''ابی حمزہ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے آیہ کریمہ (ان اللہ وملائکتہ...) کے بارے میں سوال کیا تو حضرت نے فرمایا: صلوات خدا کی طرف سے رحمت، ملائکہ کی طرف سے توصیف وتزکیہ اور مومنین کی طرف سے دعا رحمت کے معنی میں ہے''

حدیث ۸: حدثنا أحمد بن محمد بن عبدالرحمٰن المقریقال حدثّنی أبی یذیدبن الحسن قال: حدثّنی موسیٰ بن جعفرؑ قال: قال الصادق بن محمدعلیهم السلام: من صلّی علی النبیّ وآله فمعناه أنّی: أنا علی المیثاق والوفاء الّذی قبلت حین قوله (ألست بربکم قالوا بلی)(۸) ''أحمد المقری کہتا ہے کہ امام موسیٰ کاظمؑ نے فرمایا کہ میں نے اپنے والد گرامی امام جعفر صادق علیہ السلام سے سنا ہے کہ انھوں نے فرمایا کہ محمدؐ وآل محمدؐ پر جو شخص صلوات بھیجتا ہے وہ حقیقت میں یہ کہتا ہے کہ میں اس وعدے پر ہوں اور اس کی وفاء کر رہا ہوں جب میں نے خداوند متعال سے (ألست بربکم قالوا بلی) اقرار وعہد و پیمان کیا تھا''

حدیث: ۹. عن عبدالرحمٰن بن کثیر قال: سألته عن قول اللّٰہ تبارک وتعالیٰ:

﴿ان اللّٰہ وملائکتہ...﴾ فقال: صلاۃ اللّٰہ: تزکیۃ له فی السماء: قلت: مامعنی تزکیۃ اللّٰہ ایّاہ؟ قال: زکّاہ بأن برّأہ من کلّ نقص وآفۃ یلزم مخلوقاً. قلت: فصلواۃ المؤمنین؟ قال: یبرّؤنه ویعرّفونه بأن اللّٰہ قدیراً من کل نقص هوفی المخلوقین من الآفات الّتی نصیبهم فی بُنیۃ خلقهم، فمن عرّفه ووصفه بغیر ذلک، فما صلیّ علیه قلت: فکیف نقول نحن إذا صلّینا علیهم؟ قال تقولون: اللّٰهمّ إنّا نصّلی علی محمّد نبیک وعلی آل محمّد کمااُمرتنابه، وکماصلیت أنت علیه، فکذلک صلاتنا علیه. (۹) ''ابن کثیر نے معصومؑ سے اس آیت کریمہ ﴿ان اللّٰہ وملائکتہ..﴾ کے بارے میں سوال کیا! تو حضرتؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی صلوات آسمان میں ذکر تزکیہ ہے تب اس نے پھر سوال کیا: آقا! اللہ تبارک وتعالیٰ کے تزکیہ سے کیا مراد ہے؟ حضرتؑ نے فرمایا: اس

کا تزکیہ اس کی ذات کو ہر نقص وآفت جو مخلوقات میں ہوتے ہیں، اس سے اس کو بری ومنزہ سمجھنا ہے، پھر اس نے عرض کی مؤمنین کی صلوات سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: ان کا یہ اقرار واظہار کرنا کہ یہ ذات اقدس مخلوقات کی آفات وبلیات ونقائص جو ان کی مٹی وطینت میں رکھے گئے ہیں ان سے پاک وپاکیزہ ہے، اس نے پھر حضرتؑ سے سوال کیا ان انوار قدسیہ پر کس طرح صلوات پڑھیں؟ فرمایا: اس طرح صلوات پڑھو! بارالٰہا! ہم تیرے نبیؐ پر اور اس کی آلؑ پر صلوات بھیجتے ہیں جس طرح تو نے ہمیں حکم دیا ہے اور جس طرح تیری ذات ان پر صلوات بھیجتی ہے، پس ہم بھی اسی طرح ان پر صلوات بھیجتے ہیں۔ ﴿ح-۱﴾

(۲) الصلوٰۃ علی آل النبیّ في صلاۃ لیلۃ الرغائب

﴿لیلۃ الرغائب کی نماز میں صلوات﴾

حدیث ۱: قال في کیفیۃ صلاۃ الرّغائب في أوّل لیلۃ الجمعۃ من شهر رجب بهذا اللفظ: فإذا فرغ من الصلوٰۃ علی النبیّ سبعین مرّۃ یقول: اللّٰهمّ صلّ علی النبی الاُمّی محمّدؐ وآلهٖ. (۱) ''ماہ رجب المرجب کی پہلی شب جمعہ کی نماز جو لیلۃ الرغائب کے نام سے مشہور ہے اس کے بارے میں کہا گیا ہے کہ جب اس نماز سے انسان فارغ ہو جائے تو ستر مرتبہ یہ صلوات پڑھے، بارالٰہا! نبی الامی محمدؐ اور اس کی آل پاک پر درود وسلام نازل فرما'' ﴿ح-۲﴾

(۳) کیفیّۃ الصلوٰۃ علی النبیّ صلّی اللّٰہ علیه وآله

﴿رسالتمآبؐ پر صلوات پڑھنے کا طریقہ﴾

حدیث ۱: في حدیث مفصّلٍ: عن رسول اللّٰہ قال جبرائیلؑ هکذا نزلت بهنّ من عندربّ العزّۃ: اللّٰهمّ صلّ علی محمّدؐ وعلی آل محمّدؐ کماصلّیت علی إبراهیمؑ إنّک حمیدمجید، اللّٰهمّ بارک علی محمّدؐ وعلی آل محمّدؐ کما بارکت علی إبراهیمؑ وعلی آل إبراهیمؑ إنّک حمید مجید، اللّٰهمّ ترحّم علی محمّدؐ وعلی آل محمّدؐ کماترحّمت علی ابراهیمؑ وعلی آل ابراهیمؑ إنّک حمید مجید، اللّٰهمّ تحنّن علی محمّدؐ وعلی آل محمّدؐ کماتحنّنت علی إبراهیمؑ وعلی آل ابراهیمؑ إنّک حمیدمجید، اللّٰهمّ سلّم علی محمّدؐ وعلی آل محمّدؐ کماسلّمت علی ابراهیمؑ وعلی آل ابراهیمؑ إنّک حمید مجید. (۱)

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

﴿حدیث مذکورہ کے راوی اگرچہ کثرت کی وجہ سے حذف کر دیئے ہیں اور اصل متن کو ذکر کرنے کی کوشش کی گئی ہے﴾

"رسالتمآبؐ سے نقل ہے کہ جبرائیلؑ نے کہا کہ ربّ العزت سے صلوات اس طرح ذکر ہوئی ہے: بارالٰہا! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اس کی پاک آلؑ پر اس طرح درود و صلوات نازل فرما، جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ پر نازل فرمائی، بیشک تو قابل حمد و مجد ہے، بارالٰہا! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اس کی پاک آل علیہم السلام پر ایسے برکت نازل فرما جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ اور اس کی آل پاک علیہم السلام پر نازل فرمائی، بے شک تو لائق حمد و بزرگی ہے، بارالٰہا! محمدؐ اور اس کی پاک آلؑ پر رحم فرما جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ اور اس کی پاک آلؑ پر رحم فرمایا، بے شک تو لائق حمد و مجد ہے، بارالٰہا! محمدؐ اور ان کی پاک آلؑ پر شفقت و مہربانی فرما جس طرح تو نے ابراہیمؑ اور آل ابراہیمؑ پر شفقت و مہربانی فرمائی ہے، بے شک تو قابل حمد و تعریف ہے، بارالٰہا! محمدؐ و آل محمدؐ پر خیر و سلامتی کو نازل فرما جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ اور ان کی آلؑ پر خیر و سلامتی عطا فرمائی ہے، بے شک تو قابل مجد اور بزرگ و عظیم ہے۔

حدیث ۲: عن کعب بن عجزه قال: لما نزلت: ﴿ان اللّٰه وملائکته﴾ قمت اِلیه فقلت: السلام علیک قدعرفناه، فکیف الصلوٰة علیک یارسول اللّٰه؟ و کیف السلام علیک، قال: قل: اللّٰهمّ صلّ علی محمّدٌ وعلی آل محمّدٌ کم صلّیت علی ابراهیمؑ وعلی آل ابراهیمؑ انّک حمید مجید واللّٰهمّ صلّ علی محمّدٌ وعلی آل محمّدٌ کمابارکت علی آل ابراهیمؑ اِنّک حمید مجید.(۲)

"کعب کہتا ہے جب یہ آیت کریمہ ﴿ان اللّٰه وملائکته...﴾ نازل ہوئی تو میں رسالتمآبؐ کی طرف متوجہ ہوا اور کہا: یارسول اللہؐ! آپؐ پر کیسے درود و سلام کو بھیجیں؟ تو حضرتؐ نے فرمایا مذکورہ بالا صورت میں صلوات بھیجا کریں۔

حدیث ۳: روی نقلاً عن البخاری ومسلم عن أبی سعید الخدری، عن رسول اللّٰهؐ قال: قولوا اللّٰهمّ صلّ علی محمّدٌ وعلی آل محمّدٌ کماصلّیت علی ابراهیمؑ اِنّک حمیدمجید، اللّٰهمّ بارک علی محمّدٌ وعلی آل محمّدٌ کما بارکت علی ابراهیمؑ وعلی آل ابراهیم اِنّک حمید مجید"(۳)

"أبی سعید الخدری رسالتمآبؐ سے نقل کرتا ہے کہ صلوات کو مذکورہ بالا طریقے سے پڑھا جائے"

(اس کا ترجمہ شروع میں گذر چکا ہے)

حدیث ۴: فی الدّر المنثور فی تفسیر آیت کریمه ﴿ان اللّٰه وملائکته...﴾ احمد وعبدبن حمید وابن مردویة عن بریده قال: قلنایارسول اللّٰهؐ اقدعلمناکیف نسلم علیک، فکیف نصلّی علیک؟ قال: قالوا: اللّٰهمّ اجعل صلواتک ورحمتک وبرکاتک علی محمّدٌ وعلی آل محمّدٌ کماجعلتها علی ابراهیمؑ اِنّک حمید مجید.(۴)

"بریدہ نے کہا کہ ہم نے رسالتمآبؐ سے سوال کیا یارسول اللہؐ! ہمیں بتائیں کہ آپؐ کی ذات پر کس طرح درود و سلام عرض کریں تو فرمایا (مذکورہ بالا) طریقے سے انجام دیا کرو"

حدیث ۵: عن أبی هریرة: أنّهم سألوا رسول اللّٰهؐ: کیف نصلّی علیک؟ قال: قالوا: اللّٰهمّ صلّ علی محمّدٌ وآل محمّدٌ وبارک علی محمّدٌ وعلی آل محمّدٌ کما صلّیت وبارکت علی ابراهیمؑ وآل ابراهیمؑ فی العالمین اِنّک حمید مجید والسلام کماقدعلمتم (۵).

"ابوہریرہ کہتا ہے کہ ہم نے سوال کیا یارسول اللہؐ! آپؐ کی ذات پر کس طرح صلوات بھیجا کریں، فرمایا: مذکورہ بالا طریقے سے صلوات پڑھا کریں" (اس کا ترجمہ گذر چکا ہے)

حدیث ۶: البخاری فی الأدب المفرد، عن أبی هریرة، عن النبیؐ قال: من قال: اللّٰهمّ صلّ علی محمّدٌ وآل محمّدٌ کما صلّیت علی ابراهیمؑ وآل ابراهیمؑ وبارک علی محمّدٌ وعلی آل محمّدٌ کمابارکت علی ابراهیمؑ وآل ابراهیمؑ وترحّم علی محمّدٌ وعلی آل محمّدٌ کماترحّمت علی ابراهیمؑ وعلی آل ابراهیمؑ شهدت له یوم القیامة بالشهادة وشفعت له.(۶)

"ابی ہریرہ کی اس روایت کو بخاری لأدب المفرد نقل کرتا ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا! کوئی شخص بالا مذکورہ صلوات، اگر کوئی پڑھے گا تو قیامت کے دن اس کی گواہی دوں گا اور اس کی شفاعت کروں گا"

حدیث ۷: عن عمر ابن خطاب عن سعدبن عبادة عن بشیربن سعدقال: أمرنا اللّٰه ان نصلّی علیک یارسول اللّٰهؐ کیف نصلّی علیک قال فصمت رسول اللّٰهؐ حتّی تمنّینا انّه لم یسأله ثم قال رسول اللّٰهؐ قولوا اللّٰهمّ صلّ علی محمّدٌ وآل محمّدٌ کما صلّیت علی ابراهیمؑ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

وآل ابراهيمؑ وبارک علی محمّدؐ وعلی آل محمّدؐ کمابارکت علی ابراهيمؑ وآل ابراهيمؑ فی العالمين اِنّک حميد مجيد.(۷) "عمر ابن خطاب روایت کرتے ہیں کہ ہم نے رسالتمآبؐ سے عرض کی یارسول اللہؐ! اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی ذات پر کس طرح صلوات بھیجنے کا حکم دیا ہے فرمایا: اللّٰهمّ صلّ علی محمّدوآل محمّد.. الخ

حدیث۸: عن مالکٍ، عن عبدالله بن دينار: قال: رأيت عبدالله بن عمريقف علی قبر النبیؐ فيُصلی علی النبیؐ(۸) "مالک نقل کرتے ہیں کہ عبداللہ بن دینار نے کہا میں نے عبداللہ بن عمر کو قبر نبیؐ پر کھڑے ہوئے دیکھا کہ وہ اس طرح صلوات پڑھ رہے تھے "اللّٰهمّ صلّ علی محمّدوآل محمّد کما صلّيت علی ابراهيم وآل ابراهيم...

حدیث۹: قال يارسول اللّٰهؐ (کيف نصلّی عليک اذانحن صلّينا عليک فی صلاتنا) ثم قالؐ اذا انتم صليتم عليّ فقولوا اللّٰهمّ صلّ علی محمّدالنبی الاُمّیؐ وعلی آل محمّدؐ کما صلّيت علی ابراهيمؑ وآل ابراهيمؑ وبارک علی محمّدالنبی الاُمّیؐ وعلی آل محمّدؐ کمابارکت علی ابراهيمؑ وآل ابراهيمؑ فی العالمين انک حميدمجيد(۹) "نقل کرتے ہیں کہ ہم نے رسالتمآبؐ سے سوال کیا یارسول اللہؐ! نماز میں آپؐ پر کس طرح ذکر صلوات پڑھیں، تب آنحضرتؐ نے فرمایا! جب تم مجھ پر صلوات بھیجنا چاہو تو اس طرح صلوات بھیجا کرو اللّٰهمّ صلّ علی محمّدالنبی الاُمّیؐ...

حدیث۱۰: عبدالرحمٰن بن ابی ليلی عن کعب بن عجزه فقلنا له يارسول اللّٰهؐ قدعلمنا کيف نسلم عليک نصّلی عليک، قالؐ اللّٰهمّ صلّ علی محمّدؐ وآل محمّدؐ کما صلّيت علی ابراهيمؑ وآل ابراهيمؑ اللّٰهمّ بارک علی محمّدؐ وعلی آل محمّدؐ کمابارکت علی ابراهيمؑ وآل ابراهيمؑ فی العالمين انک حميد مجيد(۱۰) "کعب بن عجزہ سے عبدالرحمٰن بن ابی لیلی نقل کرتا ہے کہ ہم نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ کیسے آپ کی ذات گرامی پر درود وسلام بھیجیں، فرمایا: "اللّٰهمّ صلّ علی محمّدؐ وآل محمّدؐ کما صلّيت...

حدیث۱۱: عن موسی بن طلحه قال: سألت زيدبن خارجه قال: أنا سألت رسول اللّٰهؐ: فقال: صَلّوا عليّ وأجتهدوا فی الدعاء وقولوا: اللّٰهمّ صلّ علی محمّدؐ وآلمحمّدؐ(۱۱) "موسیٰ

بن طلحہ کہتا ہے، کہ میں نے زید بن خارجہ سے پوچھا جس نے خود آنحضرتؐ سے سوال کیا تھا کہ کس طرح صلوات پڑھا کریں تب آنحضرتؐ نے فرمایا مجھ پر صلوات بھیجا کرو اور اپنی دعا میں ضرور ذکر کیا کرو اور کہا کرو: اے بارالہا! محمدؐ وآل محمدؐ پر درود وسلام نازل فرما"

حديث۱۲: عن أبی هريره أنه قال يارسول اللّٰهؐ کيف نصّلی عليک يعنی فی الصلاة قالؐ: قولوا اللّٰهمّ صلّ علی محمّدؐ وآل محمّدؐ کما صلّيت علی ابراهيمؑ وآل ابراهيمؑ و بارک علی محمّدؐ وعلی آل محمّدؐ کمابارکت علی ابراهيمؑ وآل ابراهيمؑ ثمّ تسلّمون علیّ(۱۲) "ابوہریرہ نقل کرتا ہے کہ میں نے رسالتمآبؐ سے سوال کیا یارسول اللہؐ آپؐ کی ذات پر کیسے صلوات وسلام بھیجا کریں؟ فرمایا: اللّٰهمّ صلّ علی محمّدؐ وآل محمّدؐ...

حديث۱۳: عن عبدالله بن سنان قال: کنّا عندأبی عبداللّٰهؑ جماعة من أصحابنافقال لنا ابتداءً: کيف تصلّون علی النبیؐ فقلنا: نقول: اللّٰهمّ صلّ علی محمّدؐ وآل محمّدؐ. فقال: کأنکم تأمرون الله عزّوجلّ أن يصلّی عليهم. فقلنا: کيف نقول؟ قال: تقولون: اللّٰهمّ سامک المسموکات وداحي المدحوات وخالق الأرض والسماوات أخذت علينا عهدک واعترفنا بنبوّة محمّدؐ وأقررنا بولاية علیّ بن أبي طالبؑ، فسمعنا وأطعنا وأمرتنا بالصلوة عليهم، فعلمنا أنّ ذلک حقّ فاتّبعناه، اللّٰهمّ انّي أشهدک وأشهد محمّداً وعلیّاً والثمانية حملة العرش والاربعة الاملاک خزنة علمک اِنّ فرض صلاتي لوجهک ونوافلي وزکاتي وما طالب لي من قول وعمل، عندک (هکذا) فصلّ علی محمّدؐ وآل محمّدؐ وأسلک اللّٰهمّ أن توصلني بهم و تقربني بهم لديک کماأمرتني بالصلوة عليه وأشهدک أنّي مسلم له ولأهل بيتهٔ غيرمستکف ولامستکبرفزکا بصلواتک ملائکتک انّه في وعدک وقولک هوالّذي يصلّي عليکم وملائکته ليخرجکم من الظلمات الی النور وکان بالمؤمنين رحيماً، تحيتهم يوم يلقونه سلام وأعدلهم أجراً کريماً، فاز لفنا بتحيتک وسلامک وامنن علينا بأجر کريم من رحمتک واخصصنا من محمّدبأفضل صلواتک وصل عليهم اِنّ صلاتک سکن لهم، وزکاً بصلاته وصلوة أهل بيتهٔ واجعل ماآتينا من علمهم ومعرفتهم مستقراً، عندک مستقرّاً ومستودعاً يارحم الراحمين (۱۳) "عبداللہ بن سنان کہتے ہیں کہ میں امام جعفر صادقؑ

Presented by: https://jafrilibrary.com
Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

کی خدمت میں تھا کہ ایک جماعت ہمارے دوستوں میں سے حضرتؑ کی خدمت میں حاضر ہوئی تو آتے ہی کہا کہ ہم نبی اکرم ﷺ پر کس طرح درود وسلام بھیجیں، تو حضرتؑ نے فرمایا: اللّٰھمّ صلّ علی محمّدٍ و آل محمّدٍ: پھر حضرتؑ نے فرمایا خداوند متعال اس طرح ان پر درود وسلام بھیجتا ہے، پس ہم نے عرض کی کس طرح آقا! تب انہوں نے بتایا کہ اس طرح تم کہا کرو: اے بارالٰہا! اے تمام آسمانوں کی بلندیوں سے بلند، اے تمام سرداروں کے سردار، اے خالق ارض وسموات، تو نے ہم سے عہد و پیمان لیا تھا اور ہم نے محمدؐ کی نبوت کا اعتراف کیا تھا اور اس کے وصی علی ابن ابی طالبؑ کی ولایت کا اقرار کیا تھا پس ہم نے تیرے حکم کو سنا اور اس کی اطاعت کی اور تو نے ان پر درود وسلام بھیجنے کا حکم دیا ہے، پس ہم نے جان لیا یہ تیرا ہم پر حکم ہے، پس ہمیں اس کی اطاعت کرنی چاہئے، بارالٰہا! میں گواہی دیتا ہوں تیری اور تیرے نبیؐ کی اور علی ابن ابی طالبؑ کی اور ان آٹھ چیزوں کی جنہوں نے عرش کو اٹھا کر رکھا ہے اور ان چار مملکتوں کی جو تیرے علم کا خزانہ ہیں بے شک میری فرائض نمازیں اور نوافل اور میری زکات اور میرا قول وعمل جو تیرے نزدیک اہمیت رکھتا ہے، وہ سب تیری خوشنودی کے لئے ہے پس تو محمدؐ وآل محمدؐ پر درود وسلام کو نازل فرما، اے بارالٰہا! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ ان کو میرے لئے وسیلہ اور تیرے تقرب کا ذریعہ قرار دے۔ جس طرح تو نے ان پر درود وسلام بھیجنے کا حکم دیا ہے اور میں اس کی گواہی دیتا ہوں کہ میں نے محمدؐ اور ان کی آلؑ پر ایمان لایا ہوں۔ جس میں کوئی انکار اور ہٹ دھرمی کی گنجائش نہیں ہے اور اپنی اور اپنے ملائکہ کی ان پر صلوات کے ذریعے ہمارے نفس کو تزکیہ عطا فرما بے شک یہ تیرا وعدہ ہے اور تو مؤمنین پر رحیم ہے اور یوم قیامت تک ہمارے سلام ودرود ان تک پہنچا دے اور ان کے لئے اجر عظیم عطا فرما۔ پس ہمیں اپنی سلامتی وتحیت کے قریب کر دے اور ہمیں اپنی رحمت کے اجر عظیم سے نوازش فرما اور محمدؐ کو اپنی بہترین صلوات سے نواز، جو ان کے لئے سکون واطمینان کا موجب ہو اور ہماری مغفرت فرما، محمدؐ وآل محمدؐ پر صلوات کو بھیجنے سے اور ان کو جو تو نے علم ومعرفت عطا فرمایا ہے ان سے ہمیں بہرہ مند فرما اور شفاعت کا وسیلہ تیرے ہاتھ میں ہے ہمیں ناامید نہ فرما بے شک تو سب پر رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

حدیث ۱۴: الحدیث متّفق علیه: قولوا: اللّٰھمّ صلّ علی محمّدٍ و علی آل محمّدٍ (۱۴)

"شیعہ وسنی سے متفق علیہ روایت ہے کہ صلوات کو اس طرح پڑھا جائے: اے بارالٰہا! محمدؐ اور اس کی آلؑ پر رحمت نازل فرما"

حدیث ۱۵: قال رسول اللّٰہؐ: قولوا: اللّٰھمّ صلّ علی محمّدٍ عبدک و رسولک و أھل بیتہٖ (۱۵) "رسالتمآبؐ فرماتے ہیں کہ صلوات کو اس طرح پڑھا کرو، اے بارالٰہا! اپنے بندے اور رسول محمدؐ پر اور اس کی اہلبیتؑ پر درود وسلام کو نازل فرما"

حدیث ۱۶: قال رسول اللّٰہؐ: اللّٰھمّ صلّ علی محمّدٍ و آل محمّدٍ، إلی أن قال: و بارک علی محمّدٍ و علی آل محمّدٍ (۱۶) "رسالتمآبؐ نے فرمایا صلوات کا طریقہ یہ ہے بارالٰہا! محمدؐ اور آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما پھر فرمایا محمدؐ وآل محمدؐ پر برکت عطا فرما"

حدیث ۱۷: و کان رسول اللّٰہؐ یقول: إذا صلّیتم علیّ فقولوا: اللّٰھمّ صلّ علی محمّدالنبی الأمّیّ و علی آل محمّدٍ، اللّٰھمّ وسلّم علی محمّدٍ و آل محمّدٍ. (۱۷)

"رسالتمآبؐ فرماتے ہیں کہ جب تم چاہو کہ مجھ پر صلوات بھیجو پس اس طرح کہو: اے بارالٰہا! اپنے نبی الامی محمدؐ اور آل محمدؐ پر درود وسلام نازل فرما اے بارالٰہا! محمدؐ وآل محمدؐ پر سلامتی کو نازل فرما"

حدیث ۱۸: قالؐ: اللّٰھمّ صلّ علی محمّدٍ و آل محمّدٍ في الأوّلین و الآخرین و في الملاء الأعلی إلی یوم الدّین (۱۸) "رسالتمآبؐ نے فرمایا! اس طرح صلوات پڑھا کرو: اے بارالٰہا! محمدؐ وآل محمدؐ پر اولین وآخرین کی رحمت نازل فرما اور ملأ اعلیٰ علیین میں قیامت کے دن تک رحمت نازل فرما" ﴿فتاوی حدیثیہ میں اس جملے کا اضافہ کیا گیا ہے کہ محمدؐ اور آل محمدؐ پر رحم فرما﴾

حدیث ۱۹: و رواہ ابن أبي عاصم بلفظ: قلنا: یارسول اللّٰہؐ! قد عرفنا السّلام علیک، فکیف نصلّي علیک؟ قال: قولوا: اللّٰھمّ اجعل صلواتک و رحمتک و برکاتک علی سیّد المرسلین و إمام المتّقین و خاتم النّبیّین محمّدٍ عبدک و رسولک امام الخیر و رسول الرّحمة اللّٰھمّ ابعثہ مقاماً محموداً یغبطہ بہ الأوّلون و الآخرون، اللّٰھمّ صلّ علی

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

محمّدٌ وأبلغه الوسيلة والدرّجة الرّفيعة من الجنّة،اللّهمّ في المصطفين محبّته وفي المقرّبين مودّته وفي العلّيين ذكره والسّلام عليه ورحمة الله وبركاته، اللّهمّ صلّ على محمّدٌ وعلى آل محمّدٌ كماصلّيت على إبراهيمؑ وآل ابراهيمؑ إنک حميد مجيد اللّهمّ بارک على محمّدٌ وعلى آل محمّدٌ كما باركت على إبراهيمؑ وآل إبراهيمؑ إنک حميد مجيد (۱۹)

"ابن عاصم نقل کرتا ہے کہ ہم نے رسالتمآبؐ سے سوال کیا کہ کس طرح آپؐ پر درود وسلام بھیجا کریں، آنحضرتؐ نے فرمایا: اسطرح کہا کرو؛ بارالہا! اپنی صلوات ورحمت وبرکت کو سید المرسلین اور امام المتقین اور خاتم المرسلین محمد مصطفیٰؐ پر جو تیرا عبد اور رسولؐ ہے اور امام الخیر اور رسول رحمت ہے، اس پر نازل فرما، بارالہا! ان کا ایسا مقام محمود کا درجہ عطا فرما جس پر اوّلین وآخرین رشک کریں، بارالہا! محمد مصطفیٰؐ پر صلوات نازل فرما اور ان کو جنت میں مقام بلند عطا فرما اور ہمارے لئے وسیلہ قرار دے، بارالہا! اپنے منتخب لوگوں میں ان کی محبت اور مقربین میں ان کو مودت اور علیین میں ان کے تذکرہ کو بلند فرما اور سلام اور اللہ تعالیٰ کی رحمت وبرکات ان پر ہوں، بارالہا! محمدؐ اور ان کی آلؑ پر صلوات بھیج جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ اور ان کی آلؑ پر صلوات نازل فرمائی تھی بے شک تو لائق حمد وستائش اور بزرگ ہے، بارالہا! محمدؐ اور ان کی آلؑ پر برکت نازل فرما جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ اور آل ابراہیمؑ پر نازل فرمائی تھی بے شک تو قابل حمد وثناء اور بزرگ ہے۔

حدیث ۲۰: روي، عن عبدالله بن عمر! أنّ رجلاً قال له: كيف صلوة على النبيؐ ؟فقال: اللّهمّ صلواتک وبركاتک ورحمتک على سيّدالمرسلين وإمام المتّقين وخاتم النّبيّين محمّدٌ عبدک ورسولک امام الخير وقائدالخير، اللّهمّ ابعثه يوم القيامة مقاماً محموداً يغبطه الأوّلون والآخرون، وصلّ على محمّدٌ وعلى آل محمّدٌ كماصلّيت على إبراهيمؑ وآل ابراهيمؑ إنک حميد مجيد. (۲۰) "عبداللہ ابن عمر روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے آنحضرتؐ سے سوال کیا کہ کس طرح آپؐ پر صلوات بھیجی جائے تو آنحضرتؐ نے فرمایا اس طرح ذکر صلوات کیا کرو: بارالہا! اپنی صلوات ورحمت وبرکت کو سید المرسلین، امام المتقین، خاتم النبیینؐ اپنے

بندے ورسول اور امام الخیر اور قائد الخیر محمد مصطفیٰؐ پر نازل فرما، بارالہا! قیامت کے دن ایسا مقام محمود عطا فرما کہ اوّلین وآخرین ان پر رشک کریں اور محمدؐ وآل محمدؐ پر اس طرح رحمت نازل فرما جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ اور آل ابراہیمؑ پر نازل فرمائی تھی بے شک تو لائق حمد ومجد ہے۔

حدیث ۲۱: واخرج عبدالرزّاق وعبدبن حميد، عن ابن عباس: أنّه كان إذا صلّى على النبيؐ قال: اللّهمّ تقبّل شفاعة محمّدٌ الكبرو ارفع درجته العليا وأعطه سؤله في الآخرة والاولى كما آتيت ابراهيمؑ وموسىؑ اللّهمّ صلّ أبداً أفضل صلواتک على سيّدنا عبدک ونبيّک ورسولک محمّدٌ وآلهٖ وسلّم عليه تسليماً؛ وزده تشريفاً وتكريماً، وأنزله المنزل المقرّب، عندک يوم القيامة (۲۱) "ابن عباس نقل کرتے ہیں جب تم محمد مصطفیٰؐ پر صلوات بھیجنا چاہو تو اس طرح کہو: بارالہا! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عظیم کی شفاعت کو قبول فرما اور ان کو بلند درجہ عطا فرما اور ان کو آخرت ودنیا میں بلند درجہ عطا فرما جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ وموسیٰؑ کو عطا فرمایا تھا، بارالہا! اپنی بافضیلت صلوات کو ہمیشہ اپنے بندے ونبی ورسول محمد مصطفیٰؐ اور ان کی آلؑ پر نازل فرما اور سلامتی نازل فرما جس طرح سلامتی بھیجنے کا حق ہے اور قیامت کے دن ان کے شرف وعزت کو زیادہ فرما اور اپنے قرب کی منزل عطا فرما۔

حدیث ۲۲: الفتوحات الربانيّة: ابن مسعود البدري أنّهم قالوا: يارسول اللّهؐ: أمّا السلام عليک فقد عرفناه، فكيف بصلّي عليک إذا نحن صلّينا في صلاتنا قال: قولوا: اللّهمّ صلّ على محمّدٌ وآل محمّدٌ، (الحديث) ﴿صحّحه الترمذي وابن خزيمة والحكم، ومرادهم بالسلام الّذي عرفوه سلام التشهّد﴾. (۲۲) "ابن مسعود البدری نقل کرتا ہے کہ انہوں نے کہا یارسول اللہؐ! ہم نے تشہد میں سلام کے بارے میں تو جان لیا لیکن نماز میں آپؐ پر صلوات کس طرح پڑھیں؟ فرمایا: اس طرح کہو بارالہا! محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت نازل فرما"

حدیث ۲۳: مجمع الزوائد: عن ابن مسعود قال: علّمني رسول اللّهؐ التحيّات لله والصّلوات والطيّبات: السّلام عليک أيّها النبيؐ ورحمة الله وبركاته، السلام علينا

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

"ابن مسعود نے کہا مجھے رسالتمآبؐ نے ذکر صلوات کو یوں تعلیم فرمایا: خداوند متعال کے سلام وصلوات وطیبات آپؐ پر ہوں اے نبی اللہؐ! آپؐ پر سلام، رحمت، برکات ہوں اور ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر سلام ہوں، میں گواہی دیتا ہوں اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں محمدؐ اس کا بندہ اور رسولؐ ہے، بارالہا! محمدؐ اور اس کی آلؑ پر رحمت نازل فرما جس طرح حضرت ابراہیمؑ پر نازل فرمائی تھی بے شک تو لائق حمد و بزرگ و بالاتر ہے، اور ان کے ساتھ ہم پر رحمت نازل فرما، بارالہا! محمدؐ و آل بیت محمدؐ پر برکت نازل فرما۔

حدیث ۲۴: (الاعلام بفضل الصلوة على النبيؐ): عن مجاهد، قال: أخذ بيدي ابن أبي ليلى وأبو معمّر، قال: علّمني ابن مسعود التّشيّدي وقال: علّمنيه رسول اللّهؐ كما كان يعلّمنا السّورة من القرآن التّحيّات للّه والصّلوات والطّيّبات: السّلام على النبيّ ورحمة اللّه وبركاته، السّلام علينا وعلى عباد اللّه الصّالحين، أشهد أن لا إله إلاّ اللّه، وأشهد أنّ محمّداً عبده ورسوله، اللّهمّ صلّ على محمّدؐ وعلى آل بيتهؑ كما صلّيت على ابراهيمؑ إنّك حميد مجيد، اللّهمّ صلّ علينا معهم، اللّهمّ بارك على محمّدؐ وعلى أهل بيتهؑ كما باركت على آل ابراهيمؑ إنّك حميد مجيد، اللّهمّ بارك علينا معهم صلوات اللّه وصلوات المؤمنين على محمّد النبيّ الأمّيؐ، السّلام عليكم ورحمة اللّه وبركاته. (۲۴) (یہ حدیث اس سے پہلے بھی گذر چکی ہے لیکن اس میں اللّهمّ بارك علينا سے السّلام عليكم ورحمة اللّه وبركاته تک اضافہ ہے)" کتاب الاعلام بفضل الصلوٰۃ علی النبیؐ میں ہے کہ ابو معمر نے کہا کہ مجھے ابن مسعود نے کہا ہے کہ رسالتمآبؐ نے اس طرح صلوات تعلیم فرمائی ہے۔ ﴿جو اوپر ذکر ہے﴾

حدیث ۲۵: عن امرأة عجوزة علوية رآها في دار خديجة سلام اللّه عليها بمكّة في حكاية طويلة فيها معجزة، عن الحجة عليه السلام أنّها قالت له يقول اي الحجة عليه السلام لك إذا صلّيت على نبيّك كيف تصلّي عليه؟ فقلت: أقول: اللّهمّ صلّ على محمّد وآل محمّد وبارك على محمّد وآل محمّد كأفضل ما صلّيت وباركت وترحّمت على إبراهيمؑ وآل ابراهيمؑ إنّك

حميد مجيد. فقال لها: إذا صلّيت فصلّ عليهم كلّهم وسمهم فقلت: نعم، فلمّا كان من الغد نزلت ومعها دفتر صغير فقالت: يقول لك: إذا صلّيت على النبيؐ فصلّ عليه وعلى أوصيائه على هذه النسخة وهي موجودة في المطولات (۲۵)

"اس روایت میں ہے کہ ایک نے ایک ضعیفہ سیدہ کو حضرت خدیجہؑ کے گھر میں مکہ مکرمہ میں دیکھا اس کے ساتھ ایک معجزہ [illegible] اس نے کہا کہ میں نے محمدؐ و آل محمدؐ پر مخصوص صلوات پڑھی تھی جس کی وجہ سے معجزہ رونما ہوا تو اس نے کہا کیسی صلوات پڑھی؟ جواب دیا: صلوات یہ تھی: بارالہا! محمدؐ و آل محمدؐ پر درود و سلام نازل فرما اور ان پر برکت نازل فرما اور ان پر رحم فرما جس طرح حضرت ابراہیمؑ و آل ابراہیمؑ پر تو نے نازل فرمائی بے شک تو لائق حمد و مجد ہے اور جس کو اس بوڑھیا نے دیکھا اس نے فرمایا کہ تمام ارواح مقدسہ پر صلوات بھیجا کرو کہا صلوات کو مجھے لکھ کر بھی دیا کہ تمام اوصیاء پر بھی صلوات بھیجا کرو یہی معجزہ صلوات بڑی کتابوں میں بھی موجود ہے۔

حدیث ۲۶: فاللّه تعالى أمر بالصلوٰة على نبيّهؐ وقد فسر النبيؐ ذلك (أي آية الصّلوات) بالصّلوٰة عليه وعلى آله (۲۶) "اللہ تعالیٰ نے جو اپنے نبی اکرم ﷺ پر صلوات پڑھنے کا حکم دیا وہ صلوات محمدؐ اور اس کی آلؑ پر صلوات ہے"

حدیث ۲۷: عن عبدالرحمان بن كثير عن الصادقؑ في حديث إلى أن قال: قلت فكيف نقول نحن إذا صلينا عليهم؟ قال: تقولون: اللّهمّ إنّا اصلّي على محمّدؐ نبيّك وعلى آل محمّدؐ كما أمرتنا به، وكما صلّيت أنت عليه فكذلك صلواتنا عليه. (۲۷) "عبدالرحمان بن کثیر نے امام جعفر صادقؑ سے پوچھا آقا! کیسے ہم آپؑ پر صلوات بھیجیں؟ فرمایا اس طرح کہا کرو! بارالہا! بے شک ہم محمدؐ تیرے نبی اور اس کی آلؑ پر صلوات بھیجتے ہیں جس طرح تو نے حکم دیا ہے اور جس طرح تو اس پر بھیجتا ہے اور اسی طرح ہم بھی اس پر صلوات بھیجتے ہیں"

حدیث ۲۸: عن زيد بن خارجة: أنّه صلّى قال: صلّوا عليّ واجتهدوا في الدعاء وقولوا: "اللّهمّ صلّ على محمّدؐ وعلى آل محمّدؐ، وبارك على محمّدؐ وآل محمّدؐ كما

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

بارکت علی ابراھیمؑ و آل ابراھیمؑ اِنک حمید مجید"(۲۸) "زید بن خارجہ رسالتمآبؐ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: مجھ پر صلوات بھیجا کرو اور دعا میں کوشش کرو کہ اس صلوات کو پڑھو: بارالٰہا! محمدؐ اور اس کی آلؑ پر رحمت نازل فرما اور ان پر برکت نازل فرما جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ اور آل ابراہیمؑ پر نازل فرمائی بے شک تو قابل حمد و ستائش اور مجد ہے"

حدیث ۲۹: عن قتادة، قوله: "اِنّ اللّٰه وملائكته يصلّون على النبيّ يا ايّها الّذين آمنوا صلّوا عليه وسلّموا تسليماً" قال: لمّا نزلت هذه الآية قالوا: يارسول اللّٰهؐ! قد علمنا السلام عليك، فكيف الصلوٰة عليك؟ قال: قولوا: اللّٰهمّ صلّ على محمّدؐ، كما صلّيت على اِبراهيمؑ، وبارك على محمّدؐ، كما باركت على ابراهيمؑ". (۲۹) "قتادہ نقل کرتا ہے کہ جب یہ آیت کریمہ (اِنّ اللّٰه وملائكته...) نازل ہوئی، تو ہم نے عرض کی یارسول اللہؐ! آپؐ پر سلام بھیجنے کو تو ہم نے جان لیا، لیکن صلوات بھیجنے کا کیا طریقہ ہے؟ تو حضرتؐ نے فرمایا اس طرح پڑھا کرو: اے بارالٰہا! تو محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت و برکت نازل فرما جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ پر نازل فرمائی"

حدیث ۳۰: عن بريده قال: قلنا: يارسول اللّٰهؐ! قد علمنا كيف تسلم عليك، فكيف نصلّي عليك؟ قال: قولوا: اللّٰهمّ اجعل صلواتك ورحمتك وبركاتك على محمّدؐ وعلى آل محمّدؐ كما جعلتها على ابراهيمؑ اِنّك حميد مجيد. (۳۰) "درمنثور میں بریدہ سے نقل ہے کہ ہم نے رسالتمآبؐ سے عرض کی یارسول اللہؐ! کیسے آپؐ پر درود و سلام بھیجا کریں؟ فرمایا اس طرح کہا کرو: بارالٰہا! اپنی صلوات و رحمت و برکات کو محمدؐ و ان کی آلؑ پر نازل فرما جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ پر نازل فرمائی بے شک تو قابل حمد و بزرگ ہے۔

حدیث ۳۱: عن ابن مسعود قال: قلنا: يارسول اللّٰهؐ! قد عرفنا كيف السلام عليك، فكيف نصلّي عليك؟ قال: قولوا: اللّٰهمّ صلّ على محمّدؐ وأبلغه درجة الوسيلة من الجنّة اللّٰهمّ اجعل في المصطفين محبّته وفي المقرّبين مودّته وفي عليّين ذكره وداره والسلام عليك ورحمة اللّٰه وبركاته اللّٰهمّ صلّ على محمّدؐ وعلى آل محمّدؐ كما صلّيت على

اِبراهيمؑ وعلى آل ابراهيمؑ اِنّك حميد مجيد وبارك على محمّدؐ وعلى آل محمّدؐ (۳۱). ترجمہ: ابن مسعود نقل کرتے ہیں کہ ہم نے رسالتمآبؐ سے سوال کیا آقا! آپ کی ذات پر کس طرح درود و سلام کو بھیجا کریں؟ آنحضرتؐ نے فرمایا اس طرح کہا کرو: بارالٰہا! محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور جنت میں ان کو وسیلہ کا درجہ عطا فرما، بارالٰہا! اور جن لوگوں کو تو نے منتخب کیا ہے ان کے اندر ان کی محبت رکھ دے اور اپنے مقربین میں ان کی مودت کو رکھ دے اور علیین اور دارالسلام میں ان کے ذکر کو رکھ دے اور اس پر سلامتی اور تیری رحمت و برکت ہو، بارالٰہا! محمدؐ اور آل محمدؐ پر درود و سلام کو نازل فرما جس طرح تو نے حضرت اب ابراہیمؑ اور آل ابراہیمؑ پر نازل فرمائی بے شک تو لائق حمد و بزرگ ہے اور محمدؐ اور اس کی آلؑ میں برکت نازل فرما۔

حدیث ۳۲: عن ابن مسعود قال: اِذا صليتم على النبيؐ فاحسنوا الصّلوٰة عليه فانكم لاتدرون لعلّ ذلك يعرض عليه قالوا: فعلّمنا؟ قال: قولوا: اللّٰهمّ اجعل صلواتك ورحمتك وبركاتك على سيّد المرسلين وإمام المتّقين وخاتم النّبيّين محمّد عبدك ورسولك امام الخير وقائد الخير ورسول الرّحمة اللّٰهمّ ابعثه مقاماً محموداً يغبطه به الأوّلون والآخرون، اللّٰهمّ صلّ على محمّدؐ وعلى آل محمّدؐ كما صلّيت على اِبراهيمؑ وآل ابراهيمؑ اِنّك حميد مجيد (۳۲) "ابن مسعود نے کہا کہ جب رسالتمآبؐ پر صلوات بھیجا کرو تو اچھی صلوات بھیجا کرو کیونکہ تم نہیں جانتے ہو یہ تمہارے سامنے پیش کی جائے گی تو لوگوں نے پوچھا: کس طرح صلوات بھیجیں ہمیں تعلیم فرمائیں" (بقیہ ترجمہ حدیث ۲۱ میں ذکر ہے)

حدیث ۳۳: أبي كثير بن أبي مسعود الأنصاري قال: نزلت: ﴿اِنّ اللّٰه وملائكته يصلّون على النبيّ﴾ الآية قالوا: يارسول اللّٰهؐ! هذا السلام عليك قد عرفناه، فكيف الصلوٰة عليك؟ وقد غفر لك ما تقدّم من ذنبك وما تأخّر قال: قولوا: اللّٰهمّ صلّ على محمّدؐ كما صلّيت على اِبراهيمؑ اللّٰهمّ بارك على محمّدؐ كما باركت على آل ابراهيمؑ (۳۳) "أبو کثیر انصاری نقل کرتے ہیں کہ جب یہ آیت کریمہ (اِنّ اللّٰه وملائكته ...) نازل ہوئی تو ہم نے کہا یارسول اللہؐ! آپؐ پر سلام کرنا

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

تو ہم نے جان لیا، لیکن آپؐ پر کیسے صلوات بھیجیں؟ خدا آپ پر پہلے بھی اور بعد میں بھی رحمت نازل فرمائے، تو آپ نے فرمایا اس طرح پڑھا کرو: بارالٰہا! محمدؐ پر رحمت و برکت نازل فرما جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ اور ان کی آلؑ پر برکت و رحمت نازل فرمائی ہے۔

حدیث ۳۴: عن أبي مسعود الأنصاري أنّ بشير بن سعد قال: يارسول اللّٰهؐ! أمرنا اللّٰه أن نصلّي عليك، فكيف نصلّي عليك؟ فسكت حتّى تمنينا أنّا نسأله، ثمّ قال: قولوا: اللّٰهمّ صلّ على محمّدؐ وعلى آل محمّدؐ كما صلّيت على إبراهيمؑ، وبارك على محمّدؐ وعلى آل محمّدؐ كما باركت على ابراهيمؑ في العالمين إنّك حميد مجيد والسلام كما قد علمتم (۳۴) ''ابی مسعود انصاری بشر بن سعد سے نقل کرتے ہیں کہ ہم نے کہا یارسول اللہؐ! اللہ تعالیٰ نے ہم پر حکم کیا ہے کہ آپؐ پر صلوات بھیجیں آقا! بتائیں کہ کس طرح آپؐ پر صلوات بھیجیں آنحضرتؐ ساکت ہوگئے ہم نے دل میں سوچا کہ ہم ایسا سوال نہ کرتے تھوڑی دیر کے بعد فرمایا: بارالٰہا! محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ اور ان کی آلؑ پر رحمت نازل فرمائی اور محمدؐ و آل محمدؐ پر برکت نازل فرما جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ پر عالمین میں برکت نازل فرمائی بے شک تو قابل حمد و ستائش اور بزرگ ہے﴾ ہم نے کہا! آپؐ پر سلام بھیجنے کو ہم نے جان لیا ہے﴿

حدیث ۳۵: ابن خزيمة والحاكم وصححه والبيهقي في سننه، عن أبي مسعود عقبة بن عمرو: أنّ رجلاً قال: يارسول اللّٰهؐ! أمّا السلام عليك فقد عرفناه، فكيف نصلّي عليك إذا نحن صلّينا عليك في صلاتنا؟ فصمت! فقال: اللّٰهمّ صلّ على النبيّ الأمّيّ وعلى آل محمّدؐ كما صلّيت على إبراهيمؑ وعلى آل ابراهيمؑ، وبارك على محمّد النبيّ الأمّيّ وعلى آل محمّدؐ كما باركت على ابراهيمؑ وعلى آل ابراهيمؑ إنّك حميد مجيد (۳۵) ''ابن خزیمہ ابن مسعود سے نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص نے رسالتمآبؐ سے سوال کیا یارسول اللہؐ! ہم نے آپؐ پر سلام کو تو جان لیا (کیونکہ نماز میں پڑھتے ہیں) لیکن آپؐ پر صلوات کو کیسے پڑھیں تو آنحضرتؐ کچھ دیر کے لئے خاموش ہوگئے پھر فرمایا (اوپر والی حدیث ۵۸ میں اس کا معنی ذکر ہو چکا ہے)۔

حدیث ۳۶: عن أبي هريرة قال: قلنا: يارسول اللّٰهؐ قد علمنا كيف السلام عليك فكيف نصلّي عليك: قال: قولوا: اللّٰهمّ اجعل صلواتك وبركاتك على آل محمّدؐ كما جعلتها على آل ابراهيمؑ إنّك حميد مجيد (۳۶) ''ابو ہریرہ نقل کرتا ہے ہم نے عرض کی یارسول اللہؐ! ہم نے آپؐ پر سلام بھیجنے کو تو سمجھ لیا لیکن آپؐ پر صلوات بھیجنے کے بارے میں فرمایئے، آنحضرتؐ نے فرمایا! اے بارالٰہا! اپنی صلوات و برکات کو آل محمدؐ پر نازل فرما جس طرح آل ابراہیمؑ پر نازل فرمایا بے شک تو قابل حمد و مجد ہے۔

حدیث ۳۷: فيما احتج الرضاؑ على علماء المخالفين بمحضر المامون في تفضيل العتره الطاهرة، قال و اما الاية السابقة فقول الله تعالىٰ: (ان الله و ملائكته يصلون على النبي يا ايها الذين آمنوا صلوا عليه و سلموا تسليما) و قد علم المعاندون منهم انه لما نزلت هذه الايه قيل يا رسول اللّٰه قد عرفنا التسليم عليك فكيف الصلاة عليك فقال تقولون اللّٰهمّ صلّ على محمّدؐ و آل محمّد كما صليت على ابراهيمؑ و على آل ابراهيمؑ انك حميد مجيد فهل بينكم معاشر الناس في هذا خلاف فقالوا لا قال المامون هذا ما لا خلاف فيه اصلا و عليه اجماع الامّة فهل عندك في آل شئ اوضح من هذا في القرآن قال ابو الحسنؑ نعم اخبروني عن قول الله عزوجل (يس و القرآن الحكيم انك لمن المرسلين على صراط مستقيم) فمن عنى بقوله يٰس قالت العلماء (يٰس محمدؐ) لم يشك فيه أحدٌ قال ابو الحسنؑ فان الله عزوجل اعطى محمداؐ و آل محمدؐ من ذلك فضلا لا يبلغ احدًا كنه و وصفه الّا من عقله وذلك ان الله عزوجل لم يسلم على احد الّا على الانبياء صلوات الله عليهم فقال تبارك و تعالى سلام على نوح في العالمين و قال سلام على ابراهيمؑ و قال سلام على موسىؑ و هارونؑ و لم يقل سلام على آل نوح و لا قال سلام على آل موسىؑ و هارونؑ و قال عزوجل سلام على آل يٰسؑ يعني آل محمدؐ (۳۷) ''امام رضاؑ کا ارشاد: اس روایت میں امام رضاؑ کا مامون کے دربار میں کچھ علماء کے ساتھ اس آیت کریمہ (ان الله و ملائكته يصلون) کے بارے میں مناظرہ کو ذکر کرتے ہیں کہ جب آیت کریمہ نازل ہوئی تو اصحاب نے آنحضرت ﷺ سے سوال کیا کہ صلوات کا

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

طریقہ کیا ہے تو حضرتؑ نے فرمایا: (اللّٰھمّ صلّ علی محمّدٍ و آل محمّدٍ کما صلیت علی ابراھیمؑ و علی آل ابراھیمؑ انک حمید مجید) تو وہ حضرتؑ سے مخاطب ہوئے اور کہا کہ اس ذکر صلوات میں کسی کو اختلاف ہے؟ تو مامون نے جواب دیا کہ نہیں بلکہ سب اس پر اتفاق کرتے ہیں، لیکن حضرتؑ سے سوال ہوا کہ اہلبیتؑ پر صلوات کا ہونا کسی طرح ثابت ہوتا ہے؟ تو حضرتؑ نے جواب دیا، کیا ﴿یٰس والقرآن الحکیم ...﴾ سے کون مراد ہے تو سب نے ایک ہو کر کہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مراد ہیں تو مامون نے کہا کہ اس میں کسی کو اختلاف نہیں! تب حضرتؑ نے فرمایا کیا قرآن میں

﴿سلام علی ابراھیمؑ سلام علی نوحٍ سلام علی موسیٰ و ھارونؑ ...﴾ کے ساتھ ﴿سلام علی آل نوح، سلام علی آل موسیٰ و ھارون ...﴾ ذکر ہوا ہے، کہا ہرگز نہیں! لیکن ﴿سلام علی آل یٰس..﴾ ذکر ہوا ہے اس سے مراد محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آلؑ مراد ہیں۔

حدیث ۳۸: عن الأصبغ بن نباته، عن عليٍّ قال؛ ان لكلّ شيء ذروة الجنان الفردوس في بطنان العرش فيها قصران من لؤلؤتين: واحدة بيضاء وواحدة صفراء، وإنّ في البيضاء لسبعين ألف قصر مسكن محمّدٌ و آل محمّدٌ وانّ في الصفراء لسبعين ألف مسكن ابراهيمؑ و آل ابراهيمؑ فإذا صلّيتم على محمّدٌ و آل محمّدٌ فصلّوا على ابراهيمؑ و آل ابراهيمؑ (۳۸)

"اصبغ بن نباتہ مولا کائنات علی ابن ابی طالبؑ سے نقل کرتے ہیں کہ ہر شی کے لئے ایک چوٹی ہوتی ہے اور جنت الفردوس کی چوٹی عرش کے پہلو میں ہے اس میں لؤلؤ کے محل ہیں ان میں سے ایک محل سفید ہے اور دوسرا زرد رنگ کا ہے اور سفید محل میں ستر ہزار محل ہیں جو محمدؐ و آل محمدؐ کا مسکن ہے اور زرد محل میں ستر محل ہیں جو حضرت ابراہیمؑ اور آل ابراہیمؑ کا مسکن ہے"

حدیث ۳۹: باسناده عن زيدأبي أسامة، عن أبي عبداللّٰهؑ في حديث الى أن قال: قلت كيف أصلّي عليهم؟ قال: يقول: اللّٰهمّ اجعل صلواتك وصلوات ملائكتك والنبيائك ورسلك وجميع خلقك على محمّدٌ وأهل بيت محمّد عليهم السلام ورحمة اللّٰه وبركاتهم (۳۹) "زید ابی اُسامہ حضرت امام جعفر صادقؑ سے نقل کرتے ہیں حدیث طولانی ہے"

لیکن مختصر کرتے ہوئے عرض کرتے ہیں کہ اس نے سوال کیا آقا! آپ حضراتؑ پر کس طرح صلوات بھیجا کریں؟ حضرتؑ نے فرمایا کہا کرو اے بارالٰہا! اپنی، اپنے ملائکہ، اپنے انبیاء و رسل اور تمام خلق کی صلوات کو محمدؐ و اھل بیت محمدؐ پر نازل فرما اور اپنی رحمت و برکات کو بھی ان پر نازل فرما۔

حدیث ۴۰: عن حريز قال: قلت لأبي عبداللّٰهؑ: جعلت فداك، كيف الصلوة على النبيؐ؟ فقال قل اللّٰهمّ صلّ على محمّدٌ وأهل بيتهٔ الّذين أذهب اللّٰه، عنهم الرجس وطهرهم تطهيراً. قال: فقلت في نفسي: اللّٰهمّ صلّ على محمّدٌ وأهل بيتهٔ. فقال لي: ليس هكذا قلت لك قل: اللّٰهمّ صلّ على محمّدٌ وأهل بيتهٔ قال! فقلت: اللّٰهمّ صلّ على محمّدٌ وأهل بيتهٔ قال فقال لي ليس هكذا قلت لك قل اللّٰهمّ صلّ على محمّدٌ وأهل بيتهٔ قال: فقلت: اللّٰهمّ صلّ على محمّدٌ وأهل بيتهٔ فقال لي: إنّك لحافظ ياحريز، فقل: كما أقول لك: اللّٰهمّ صلّ على محمّدٌ وأهل بيتهٔ الّذين أذهب اللّٰه، عنهم الرجس وطهرهم تطهيراً. قال: فقلت كما قال: فقال لي: قل: اللّٰهمّ صلّ على محمّدٌ وأهل بيتهٔ الّذين الهمتهم علمك واستحفظتهم كتابك واسترعيتهم عبادك، اللّٰهمّ صلّ على محمّدٌ وأهل بيتهٔ الّذين أمرت بطاعتهم وأوجبت حبّهم ومودّتهم، اللّٰهمّ صلّ على محمّدٌ وأهل بيتهٔ الّذين جعلتهم ولاة أمرك بعد نبيّك (۴۰) "حریز کہتا ہے کہ میں نے امام جعفر صادقؑ سے عرض کی آقا! آپؑ پر فدا ہوں رسالتمآبؐ پر صلوات کس طرح بھیجوں؟ حضرتؑ نے فرمایا! اس طرح کہا کرو بارالٰہا! محمدؐ و اہل بیتؑ جن سے تو نے رجس کو دور کیا اور اس طرح پاک رکھا جس طرح پاک رکھنے کا حق ہے ان پر رحمت نازل فرما اور یہ کہو: بارالٰہا! محمدؐ و آل بیت محمدؐ پر رحمت نازل فرما پھر میں نے کہا کیا ایسا نہ کہوں؟ فرمایا اس طرح کہو بارالٰہا! محمدؐ و آل بیت محمدؐ جس سے رجس کو دور فرمایا ہے، اور ان کو ایسے پاک رکھا جس طرح پاک رکھنے کا حق ہے اور ہمارے لئے اس طرح صلوات پڑھا کرو، بارالٰہا! محمدؐ و اہل بیت محمدؐ پر جن کو تو نے اپنے علم کو عطا فرمایا اور جن کے ذریعے تو نے اپنی کتاب قرآن مجید کی حفاظت فرمائی اور جن کو اپنی مخلوق سے فضیلت دی، ان پر رحمت نازل فرما، بارالٰہا! محمدؐ و اہل بیت محمدؐ پر جن کو تو نے نبیؐ کے بعد اپنے امور کا ولی قرار دیا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

حدیث ۴۱: عن الامام الحسن بن علی علیہ السلام في خطبة له: وفرض الله عزّوجلّ الصلوٰة على نبيّه على كافّة المؤمنين، فقالوا: يارسول اللّٰهؐ كيف الصلوٰة عليك؟ فقال: قالوا: ﴿اللّٰهمّ صلّ على محمّدؐ وآل محمّدؐ﴾ فحقّ على كلّ مسلم أن يصلّي علينا مع الصلوٰة على النبيؐ فريضة واجبة. (۴۱) ترجمہ: امام حسنؑ اپنے خطبہ میں فرماتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا مومنین پر محمدؐ وآل محمدؐ پر صلوات کو فرض کیا ہے تو لوگوں نے عرض کی یارسول اللہ آپؐ پر کیسے صلوات پڑھی جائے تو آنحضرتؐ نے فرمایا (اللّٰهمّ صلّ على محمّدؐ وآل محمّدؐ) پس ہر مسلمان پر فرض ہے کہ ہر نماز میں نبیؐ پر صلوات پڑھے۔ ﴿ح۔۳﴾

(۴) من فصّل بيني وبين آلي بعليّ

﴿میرے اور آل علیؑ کے درمیان جو فاصلہ ڈالتا ہے﴾

حدیث ۱: تجهيز الجيش: وروي أنّه سئل، عن كيفيّة الصلوٰة؟ فقالؑ قولوا: اللّٰهمّ صلّ على محمّدؐ وآل محمّدؐ فقال رجل من الصّحابة: وعلى آل محمّدؐ؟ فقالؑ نعم! من فصّل بيني وبين آلي بعليؑ لم ينل شفاعتي ومن طريق آخر: فليس من أمّتي، ﴿وجدت بخط فخر المحقّقين في اجوبته لمسائل السيّدحيدر الآملي ما لفظه: فقد نقل، عن النبيؐ أنّه قال: لا تفرّقوا بيني وبين آلي بعليؑ﴾ (۱) "لشکر کو آنحضرتؐ آمادہ فرما رہے تھے کہ ان سے کیفیت صلوات کے بارے میں سوال کیا گیا تو فرمایا: بارالہا! محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت نازل فرما، تو صحابہ میں سے ایک شخص نے کہا کیا آل محمدؐ پر بھی صلوات بھیجیں؟ فرمایا: ہاں اور جو شخص میرے اور میری آلؑ جو علیؑ سے ہے اس میں جدائی ڈالے گا وہ میری شفاعت کو نہیں پا سکے گا، فخر محققین سے نقل ہے کہ آنحضرتؐ نے اس طرح فرمایا میرے اور میری آلؑ جو علیؑ سے ہے ان کے درمیان جدائی مت ڈالو"

حدیث ۲: عن أبي عبداللّٰهؑ قال: سمع أبي رجلاً متعلقاً بالبيت وهو يقول: اللّٰهمّ صلّ على محمّدؐ فقال له أبي: ياعبدالله! لاتبترها، لاتظلمنا حقنا، قل اللّٰهمّ صلّ على محمّدؐ وأهل بيته (۲) امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ میں گھر میں تھا کہ گھر کے افراد میں سے کسی

نے فقط محمدؐ پر صلوات بھیجی تو اسی وقت میرے والد بزرگوار امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: آدھی صلوات نہ پڑھا کرو اور ہمارے حق پر ظلم نہ کرو بلکہ اس طرح کہا کرو: بارالہا! محمدؐ واہل بیتؑ محمدؐ پر درود وسلام نازل فرما"

حدیث ۳: روي مرسلاً أنّ بعض الصحابة قال: وعلى آل محمّدؐ، فقال النبيؐ من فرق بيني وبين آلي بعليؑ فليس من أمّتي. (۳) "بعض اصحاب کرام سے یہ نقل ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا جس نے میرے اور میری آلؑ جو علیؑ سے ہے ان کے درمیان صلوات میں جدائی ڈالی تو وہ میری امت سے نہیں ہے۔

حدیث ۴: قال رسول اللّٰهؐ من صلّى عليّ ولم يصل على آليؑ لم يجد ريح الجنه و ان ريحها لتوجد من مسيره خمسمائه عام" رسالت مآبؐ فرماتے ہیں جو شخص مجھ پر صلوات بھیجے لیکن میری آلؑ پر صلوات نہ بھیجے وہ کبھی بھی جنت کی خوشبو نہیں سونگھ سکے گا بلکہ وہ ۵۰۰ سال اس راستے سے بھی دور ہو گیا" ﴿ح۔۴﴾

(۵) ﴿النهي، عن الصلوٰة اهل البتراء﴾

﴿ناقص صلوات سے نہی﴾

حدیث ۱: روي أنّه قال رسول اللّٰهؐ: لاتصلّوا عليّ الصلوٰة البتراء فقالوا: ما الصّلوٰة البتراء؟ قال: "اللّٰهمّ صلّ على محمّدؐ" وتمسكون، بل قولوا: اللّٰهمّ صلّ على محمّدؐ وعلى آل محمّدؐ (۱) "آنحضرتؐ نے فرمایا مجھ پر آدھی و ناقص صلوات نہ بھیجا کرو، تو اصحاب نے سوال کیا ناقص صلوات کونسی ہے؟ فرمایا: تم ایسا نہ کہا کرو، بارالہا! محمدؐ پر رحمت نازل فرما فقط، پھر رک جاؤ بلکہ ایسا کہا کرو، بارالہا! محمدؐ اور آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما"

حدیث ۲: لب اللباب: عن النبيؐ قال: من صلّى عليّ ولم يصلّ على آليؑ ردّت عليه (۲) "لب اللباب میں رسالتمآبؐ سے روایت ہے جو شخص مجھ پر صلوات بھیجے اور میری آلؑ پر صلوات نہ بھیجے اس کی صلوات کو اس کے منہ پر ماری جاتی ہے"

حدیث ۳: مارواه الشيخ أبوجعفر محمد بن بابويه، باسناده، عن عبداللّٰه ابن سنان، عن أبي عبداللّٰهؑ أنّه قال: قال رسول اللّٰهؐ لأمير المؤمنينؑ ذات يوم: ألا أبشّرك؟ قال: بلى بأبي

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

أنت وأُمّي فإنک لم تزل مبشّراً بکلّ خير. فقال: أخبرني جبرئيلُ آنفاً بالعجب، فقال أمير المؤمنينؑ: ماالّذي أخبرک به يارسول اللّهؐ؟قال: أخبرني أنّ الرجل من أُمّتي إذا صلّى عليّ وأتبع بالصلوة على أهل بيتيؑ فتحت له أبواب السماء وصلّت عليه الملائكة سبعين صلوة ،و(إن كان مذنباً) خطّاء ثمّ تحاتّ، عنه الذنوب كما تحاتّ الورق، عن الشجر، ويقول اللّه تبارک وتعالىٰ: لبّيک عبدي وسعديک، ياملائكتي أنتم تصلّون عليه سبعين صلوة، وأنا أصلّي عليه سبعمائة صلوة وإذا لم يتبع بالصلوة عليّ أهل بيتيؑ كان بينها وبين السماء سبعون حجاباً، ويقول اللّه جلّ جلاله: لالبّيک (عبدي) ولاسعديک، ياملائكتي لاتصعدوا دعاءه إلاّ أن يلحق بالنبيؐ عترته، فلايزال محجوباً حتّى يلحق بي أهل بيتيؑ (۳) "عبداللہ بن سنان امام جعفر صادقؑ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دن رسالتمآبؐ نے امیر المؤمنین علی ابن ابی طالبؑ کو فرمایا: اے علیؑ! کیا آپؑ کو خوشخبری دوں؟ مولا کائنات نے عرض کی میرے ماں باپ آپؐ پر فدا ہوں آپؐ تو بے شک ہمیں خوشخبری ہی دیتے رہتے ہیں، پھر آپؐ نے فرمایا: ابھی جبرئیلؑ نے مجھے تعجب میں ڈال دیا ہے پھر امیر المؤمنینؑ نے عرض کی یارسول اللہؐ وہ کونسی ایسی خبر ہے کہ جس نے آپؐ کو تعجب میں ڈال دیا؟ پھر فرمایا: کہ جبرئیلؑ نے کہا ہے جو شخص آپؐ کی امت میں سے آپؐ پر صلوات بھیجے گا اور اس صلوات میں میری اہل بیتؑ کا ذکر کرے گا خداوند متعال اسکے لئے آسمان کے دروازوں کو کھول دے گا اور اس پر ستر مرتبہ ملائکہ صلوات بھیجیں گے اگرچہ وہ گنہگار اور خطا کار ہی کیوں نہ ہو، اس کے گناہ اس طرح گر جائیں گے جس طرح درخت کے خشک پتے گر جاتے ہیں اس شخص کے لئے خداوند متعال ارشاد فرماتا ہے: اے میرے بندے! تو کتنا سعادتمند ہے کہ میرے ملائکہ تم پر ستر مرتبہ صلوات بھیجتے ہیں اور میں تم پر سات سو مرتبہ صلوات بھیجتا ہوں، اگر صلوات میں اہل بیتؑ کا ذکر نہیں ہوتا تو اس صلوات اور آسمان کے درمیان ستر حجاب حائل ہو جاتے ہیں تب خداوند متعال ارشاد فرماتا ہے کہ میرے ملائکہ تیری دعا کو اوپر نہیں لا سکیں گے جب تک تو محمدؐ کی عترت کو ساتھ ذکر نہیں کرے گا اور ہمیشہ یہ صلوات پردے میں رہے گی جب تک تو اس صلوات کے ساتھ اہلبیتؑ کو ذکر نہیں کرے گا"

حديث ۴: عن عليٍّ عن رسول اللّهؐ قال: لاتصلّوا عليّ صلواة مبتورة بل صلّوا الى أهل بيتيؑ ولاتقطعوهم فإنّ كلّ نسب وسبب يوم القيامة منقطع إلاّ نسبي (۴) "امیر المؤمنینؑ نے رسالتمآبؐ سے نقل کرتے ہوئے فرمایا کہ مجھ پر ناقص صلوات کو نہ بھیجا کرو بلکہ میری اہل بیتؑ پر بھی صلوات بھیجا کرو اور ان کو مجھ سے جدا نہ کیا کرو پس تم جان لو قیامت میں ہر حسب و نسب ختم ہو جائے گا مگر میرا حسب و نسب ان کے ساتھ باقی رہے گا۔

حديث ۵: عن عليّ بن الحسينؑ، عن أبيه، عن جدّه قالؑ: إنّ اللّه فرض على العالم الصلوة على رسول اللّهؐ وقرننا به فمن صلّى على رسول اللّهؐ ولم يصلّ علينا لقى اللّه تعالىٰ وقد بتر الصّلوة عليه وترک أوامره (۵) "امام زین العابدین علیہ السلام رسالتمآبؐ سے روایت کرتے ہیں کہ بے شک خداوند متعال نے ہر عالم پر رسول اللہؐ پر صلوات کو واجب قرار دیا ہے اور جو شخص آنحضرتؐ پر صلوات پڑھے اور ہمیں چھوڑ دے تو وہ قیامت کے دن خداوند متعال سے ملاقات کرے گا درحالانکہ اس نے ناقص صلوات پڑھ کر اس کے احکام اور اوامر سے منہ موڑا ہے۔ ﴿ح۔۵﴾

﴿نوٹ﴾ اگرچہ باب ۳ کی حدیث ۷، ۱۳ اس باب کے عنوان کے ساتھ بھی مربوط ہے

(۶) ﴿ذم ترک الصلوٰة على النبيّ﴾

﴿النبیؐ پر صلوات نہ پڑھنے کی مذمت﴾

حديث ۱: البخاري في الأدب، عن جابر بن عبداللّه، أنّ النبيؐ رقى المنبر، فلما رقي الدرجة الأولى قال: آمين! ثمّ رقى الثانية فقال: آمين! ثمّ رقى الثالثة، فقال آمين! فقالوا يارسول اللّهؐ سمعناک تقول آمين! ثلاث مرات قال: لمّا رقيت الدرجة الأُولى جاء ني جبرئيلؑ فقالؑ: شقى عبد أدرک رمضان فانسلح منه ولم يغفر له فقلت: آمين، ثمّ قال: شقى عبد أدرک والديه أو أحدهما فلم يدخلاه الجنّة فقلت: آمين ثمّ قالؑ: شقى عبد ذكرت، عنده ولم يصل عليک فقلت: آمين. (۱) بخاری فی الأدب: میں جابر بن عبداللہ سے روایت نقل کرتے ہیں، کہ رسالتمآبؐ منبر پر قدم رکھنے لگے تو پہلی سیڑھی پر جب حضرتؐ نے قدم رکھا تو آمین! کہا اسی طرح

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

تینوں سیڑھیوں پر قدم رکھتے ہوئے (آمین) کہا تو میں نے عرض کی یارسول اللہؐ! آپؐ نے (آمین) کیوں کہا تو آنحضرتؐ نے فرمایا جب میں منبر کی طرف جانے لگا تو جبرئیلؑ نازل ہوئے تو انھوں نے کہا جو شخص ماہ مبارک رمضان کو پائے اور وہ ختم ہو جائے اور اپنے گناہ نہ بخشا سکے، وہ بدبخت ہے تو میں نے (آمین) کہا پھر جبرئیل نے کہا وہ بدبخت ہے جو اپنے والدین یا ایک کو پائے اور ان کی خدمت نہ کرے تا کہ جنت حاصل کر لے تو میں نے (آمین) کہا پھر جبرئیلؑ نے کہا، وہ بدبخت ہے جس کے سامنے آپؐ کا نام لیا جائے اور آپؐ پر صلوات نہ بھیجے تو میں نے (آمین) کہا۔

حدیث ۲: ینابیع الموده وفي جواهر العقدین: انّ اللّه تعالی جعل أهل بیت نبیّه مطابقاً له في أشیاء کثیرة عد فخر الدین الرازي منها خمسة أشیاء والثانیة في الصلوة علی النبيّ وعلی آلهٖ کما في التشهد وغیره حیث لاتکون الصلواة علیه وسلّم الصلوة البتراء (۲) "فخر الدین رازی نے اہل بیتؑ کے لئے چند چیزیں مخصوص کیں ہیں ان میں سے نماز میں تشہد ہے اگر کوئی اہلبیتؑ پر تشہد میں صلوات نہیں بھیجے گا تو اس کی نماز ناقص ہوگی"

حدیث ۳: عن رسول اللّهؐ قال: وأمّا أجفا الناس فرجل ذکرت بین یدیه فلم یصلّ علي (۳) "رسالتمآبؐ نے فرمایا ظالم ترین شخص لوگوں میں سے وہ ہے کہ جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر صلوات نہ بھیجے۔

حدیث ۴: عن ابی عبد اللّهؑ قال اذا صلیّ احدکم و لم یذکر النبی و آلهٖ فی صلاته یسلک بصلاته غیر سبیل الجنّه وقال رسول اللّهؐ من ذکرت عنده فلم یصل علیّ دخل النار فابعده اللّه وقالؐ ومن ذکرت عنده فنسی الصلوة علیّ خطئ به طریق الجنّه (۴) "جب کوئی اپنی نماز میں رسالت مآب ﷺ اور اسکی آل پاکؑ کا نام نہ لے تو وہ نماز بہشت کے علاوہ کسی اور راستے کی طرف چلی جاتی ہے، اور رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ جس شخص کے سامنے میرا نام لیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے تو جہنم میں داخل ہوگا اور رحمت الٰہی سے دور ہوگا اور جس کے سامنے میرا نام لیا جائے اور وہ مجھ پر صلوات بھیجنا بھول جائے تو حقیقت میں وہ بہشت کے راستے کو بھول گیا ہے"

حدیث ۵: عن أبي هریرة: أنّ النبيّؐ رقیٰ المنبر فقال: آمین! آمین! آمین!، قیل له: یارسول اللّهؐ! ما کنت تصنع هذا؟ قال جبرئیلؑ: رغم أنف عبد أدرک أبویه أو أحدهما لم یدخله الجنّة قلت: آمین! ثمّ قالؑ رغم أنف رجل دخل علیه رمضان فلم یغفر له فقلت: آمین! ثمّ قال رغم أنف امرئ ذکرت عنده فلم یصل علیک فقلت: آمین (۵) "اس حدیث میں اور حدیث (۱) میں ایک جملہ کا فرق ہے وہاں (شقی عبد) ہے اور اس میں (رغم أنف) ہے کہ خداوند متعال اس کی ناک کو زمین پر رگڑ دے"

حدیث ۶: عن جابر عبداللّه، عن النبيّؐ قال: من ذکرني فلم یصلّ علیّ فقد شقي الخبر. ومنه: قال رسول اللّهؐ: یؤمر بقوم الی الجنة فیخطئون الطریق، قالوا: یارسول اللّهؐ! ولِمَ ذاک؟ قال: سمعوا اسمي ولم یصلّوا علي (۶) "جابر عبداللہ رسالتمآبؐ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا! جو کوئی میرا نام لے اور مجھ پر صلوات نہ بھیجے، بے شک وہ بدبخت ہے، پھر رسول اللہؐ نے فرمایا: ایک قوم کو جنت جانے کا حکم دیا جائے گا لیکن وہ راستہ بھول جائیں گے تو پوچھا گیا وہ کون ہوں گے؟ فرمایا جو میرا نام سنیں گے، لیکن مجھ پر صلوات نہیں بھیجیں گے"

حدیث ۷: عن جابر بن عبداللّه عن النبيّؐ قال من ذکرني فلم یصلّ علیّ فقد شقی الخبر (۷) "جابر بن عبداللہ رسالتمآبؐ سے نقل کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا اگر کسی نے میرا نام لیا اور مجھ پر صلوات نہیں بھیجی بے شک وہ بدبخت ہے۔

حدیث ۸: عن أبي هریرة قال: قال رسول اللّهؐ: رغم أنف رجل ذکرت عنده فلم یصل علیّ. الامامة والتبصرة: باسناده عن موسی بن اسماعیل بن موسی بن جعفر عن أبیه عن آبائهٖ قال رسول اللّهؐ: مثله (۸) "ابو ہریرہ نے کہا کہ رسالتمآبؐ نے فرمایا کہ جس شخص کے سامنے میرا نام لیا جائے اور وہ مجھ پر صلوات نہ بھیجے اس کی ناک رگڑ دی جائے" اسی طرح کی روایت الامامة والتبصرة میں موسیٰ بن اسماعیل بن موسیٰ بن جعفرؑ نے بھی رسول اللہؐ سے نقل کی ہے"

حدیث ۹: الدر المنثور لقاضي اسماعیل، عن الحسنؑ قال: قال رسول اللّهؐ: کفیٰ به

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

شحا أن يذكرني قوم فلايصلّون عليّ (۹) "درمنثور میں قاضی اسماعیل امام حسنؑ سے نقل کرتے ہیں کہ رسالتمآبؐ نے فرمایا کہ اس قوم کے لئے یہ بخل و کنجوسی کافی ہے کہ ان کے سامنے میرا نام لیا جائے اور وہ مجھ پر صلوات نہ بھیجیں"

حدیث ۱۰ :أحمد والترمذي، عن الحسين بن عليّ أنّ رسول الله قال: البخيل من ذكرت، عنده فلم يصلّ (۱۰) "احمد و ترمذی امام حسینؑ سے نقل کرتے ہیں کہ رسالتمآبؐ نے فرمایا کہ جس کے سامنے میرا نام لیا جائے اور مجھ پر صلوات نہ بھیجے وہ بخیل ہے"

حدیث ۱۱ :عن عمارة بن عزية، عن عبدالله بن عليّ بن الحسينؑ، عن أبيه قالؑ: قال رسول اللهؐ البخيل كلّ البخيل الّذي إذا ذكرت، عنده لم يصلّ علي (۱۱) "عمارہ بن عزیہ نے عبداللہ بن علیؑ بن الحسینؑ سے نقل کرتے ہوئے کہا کہ میرے والد گرامی نے رسالتمآبؐ سے نقل فرمایا ہے کہ جس شخص کے سامنے میرا نام لیا جائے اور وہ مجھ پر صلوات نہ بھیجے وہ بخیلوں کا بخیل ہے"

حدیث ۱۲ :عن أبي جعفرؑ قالؑ: قال رسول اللهؐ من ذكرت، عنده فلم يصلّ عليّ فلم يغفر الله له فأبعده الله. (۱۲) "امام باقرؑ رسالتمآبؐ سے نقل کرتے ہیں کہ جس کے سامنے میرا نام لیا جائے اور وہ صلوات نہ پڑھے اس کو خداوند متعال نہیں بخشے گا اور وہ رحمت الٰہی سے دور ہو جائے گا۔

حدیث ۱۳ :عن علي بن أبي طالبؑ عن النبيؐ أنّه قال له: ياعليّ من نسي الصلوٰة عليّ (فقد-فقيه) أخطا طريق الجنّة (۱۳) "امیر المومنینؑ فرماتے ہیں کہ رسالتمآبؐ نے فرمایا جو شخص مجھ پر صلوات پڑھنا بھول جائے دراصل وہ جنت کا راستہ بھول گیا"

حدیث ۱۴ :عن أبي عبدالله عن رسول اللهؐ قال من ذكرت، عنده فنسي الصلوة عليّ خطئ به طريق الجنّة "امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ رسالتمآبؐ نے فرمایا کہ جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر صلوات پڑھنا بھول جائے حقیقت میں وہ جنت کا راستہ بھول گیا ہے۔

حدیث ۱۵ :لب اللباب: عن جعفر بن محمدؑ قال في حديث: وفساد المعرفة في ترك الصلوٰة على خير الأنام. (۱۴) "کتاب لب اللباب میں امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں

کہ معرفت الٰہی کی بربادی کا سبب رسول الانام پر صلوات کو ترک کرنا ہے"

حدیث ۱۶ :قال رسول اللهؐ من صلّى عليّ ولم يصل على آلي لم يجد ريح الجنّة و ان ريحها لتوجد من مسيره خمسمائه عام (۱۶) "رسالت مآبؐ فرماتے ہیں جو شخص مجھ پر صلوات بھیجے لیکن میری آلؑ پر صلوات نہ بھیجے وہ کبھی بھی جنت کی خوشبو نہیں سونگھ سکے گا بلکہ وہ ۵۰۰ سال اس راستے سے بھی دور ہو گیا" ﴿ح-۶﴾

(۷) ﴿الصلوٰة على النبيّ و آل النبيؐ في قنوت الوتر﴾

﴿قنوت وتر میں محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوات﴾

حدیث ۱ :الامام الحسنؑ يقول: علّمني رسول اللهؐ كلمات اقولهنّ في قنوت الوتر: اللّهمّ اهدني فيمن هديت عافني فيمن عافيت، وتولّني فيمن تولّيت، وبارك لي فيما أعطيت، وقني شرّ ماقضيت فانّك تقضي ولايقضي عليك وانّه لايذل من واليت، ولايعزّ من عاديت، تباركت ربّناوتعاليت، اللّهمّ صلّ على محمّدٍ و آل محمّدٍ وسلّم ﴿وكان على ابن ابي طالبؑ يقنت بهذا في صلوة الصبح.﴾ (۱) امام حسنؑ فرماتے ہیں کہ میرے جدّ بزرگوار نے مجھے یہ دعا تعلیم دی کہ نماز وتر کے قنوت میں پڑھو: بارالٰہا! مجھے اس سے ہدایت فرما جسے تو نے ہادی بنایا مجھے اس سے عافیت و سلامتی دے جس کو تو نے عافیت عطا کی اور میرا وہ ولی قرار دے جس کو تو نے ولی قرار دیا اور جو تو نے عطا کیا ہے اس میں مجھے برکت عطا فرما جو شر و مصیبت میرے مقدر میں ہے مجھ سے ٹال دے اور کوئی ایسا نہیں فقط تیرے سوا، جس کو تیری طرف بھیج سکے، بے شک جس کو تو نے ولی و سرپرست قرار دیا ہے وہ گمراہ نہیں کر سکتا اور جس کو تو نے ذلیل کیا ہے وہ کبھی لائق احترام و عزت نہیں ہو سکتا، اے میرے پروردگار! تو بابرکت اور بلند مرتبے والا ہے، بارالٰہا! محمدؐ اور اس کی آلؑ پر رحمت اور سلامتی عطا فرما" ﴿یہی دعا مولا کائنات علی ابن ابی طالبؑ نماز صبح کے قنوت میں پڑھتے تھے﴾

حدیث ۲ :عن عبدالرحمٰن بن كثير عن الامام الصادقؑ كيف نصلّي؟ قال اللّهمّ إنّا نصلّي على محمّدٍ نبيّك وعلى آلِ محمّدٍ كما أمرتنا به وكما صلّيت أنت عليه. (۲)

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

''عبدالرحمن بن کثیر امام جعفر صادقؑ سے سوال کرتا ہے آقا! کیسے صلوات پڑھیں؟ حضرتؑ نے فرمایا اس طرح پڑھا کرو: بارالٰہا! بے شک ہم تیرے تو بھی ان پر صلوات بھیجتا ہے''

(اگرچہ حدیث طولانی ہے لیکن مورد بحث کو ذکر کیا ہے) ﴿ح۔۷﴾

(۸) صلوٰۃ لأهل القبور

﴿اہل قبور کی صلوات﴾

امام رضاؑ سے روایت ہے کہ جو شخص اس صلوات کو قبرستان میں پڑھے گا تو اہل قبور پر ۶۰ سال تک عذاب نہیں آئے گا اور خود اس صلوات کو تلاوت کرنے والے کے ۱۰ سال کے گناہ معاف ہو جائیں گے، اگر کسی قبر پر اسکی تلاوت کی جائے، تو قیامت تک اس قبر پر عذاب نہیں ہوگا بشرطیکہ کسی کا حق اس کی گردن پر نہ ہو، وہ صلوات یہ ہے: اللّٰهمّ صَلّ علی محمّدٌ و آل محمّدٌ مادامت الصلوات وصَلّ علی محمّدٌ و آل محمّدٌ ما دامت البرکات وصَلّ علی روح محمّدٌ و آل محمّدٌ فی الارواح وصَلّ علی جسدمحمّدٌ و آل محمّدٌ فی الاجساد وصَلّ علی قبر محمّدٌ و آل محمّدٌ فی القبور وصَلّ علی صورة محمّدٌ و آل محمّدٌ فی الصُّور وصَلّ علی تربة محمّدٌ و آل محمّدٌ فی التراب وصَلّ علی نورمحمّدٌ و آل محمّدٌ فی الانوار برحمتک یاارحم الراحمین ''بارالٰہا! محمدؐ اور اس کی آلؑ پر رحمت نازل فرما، جب تک تیری رحمت ہے اور محمدؐ اور اس کی آلؑ پر رحمت نازل فرما جب تک تیری برکات ہیں اور روح محمدؐ اور اس کی آلؑ کی ارواح پر رحمت نازل فرما اور محمدؐ کے جسم اور آل محمدؐ کے اجساد پر رحمت نازل فرما اور قبر محمدؐ اور آل محمدؐ کی قبور پر رحمت نازل فرما اور محمدؐ کی صورت پر اور آل محمدؐ کی صورتوں پر رحمت نازل فرما اور محمدؐ کی تربت پر اور آل محمدؐ کی تربت پر رحمت نازل فرما اور نور محمدؐ پر اور آل محمدؐ کے انوار پر رحمت نازل فرما اپنی ہی رحمت کو اے سب سے زیادہ رحم کرنے والا''

﴿وادی السلام قم کے قبرستان کے دروازے پر یہ صلوات لکھی ہوئی ہے﴾

(۹) من صلّی علی النبیؐ صَلّی اللّٰه وملائکته علیه

﴿جو کوئی رسالت مآبؐ پر صلوات بھیجتا ہے خداوند متعال اور اسکے فرشتے اس پر صلوات بھیجتے ہیں﴾

حدیث ۱: عن ابی عبد اللّٰهؑ قال ان ذکر النبیؐ فاکثروا الصلاة علیه فانه من صلّی علی النبیؐ صلوةٍ واحدةً صلّی اللّٰه علیه الف صلاه فی الف صف من الملائکة و لم یق شئی ممّا خلقه اللّٰه الاّصلی علی العبد لصلاة اللّٰه علیه و صلاةملائکته فمن لم یرغب فی هذا فهو جاهل مغرور قد برئ اللّٰه منه و رسوله و اهل بیتهٖ(۱) ''امام جعفر صادقؑ کے سامنے آنحضرتؐ کا نام لیا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ رسالت مآب ﷺ پر بہت صلوات و درود بھیجا کریں، کیونکہ جو شخص آنحضرت ﷺ پر ایک مرتبہ صلوات بھیجتا ہے تو خداوند متعال اس پر ایک ہزار مرتبہ اور ہزار صف میں کھڑے ہوئے فرشتے اس کے لئے صلوات بھیجتے ہیں اور خداوند متعال کی مخلوق میں سے کوئی ایسی شئی نہیں رہ جاتی جو اس پر صلوات نہ بھیجے، اتنے اجر و ثواب ہونے کے باوجود کوئی اس کو ترک کرے حقیقت میں اس جیسا نادان اور متکبر شخص کوئی نہ ہوگا اور ایسے شخص سے خداوند متعال اور اسکا رسولؐ اور اس کے اہل بیتؑ بیزاری کا اظہار کرتے ہیں''

حدیث ۲: قال ابو عبد اللّٰهؑ یا اسحاق بن فروخ! من صلّی علی محمدٌ و آل محمدٌ عشرا صلّی اللّٰه علیه وملائکته مائة مرة و من صلّی علی محمّدٌ و آل محمّدٌ مائة مرة صلّی اللّٰه علیه و ملائکته الفاً ما تسمع قول اللّٰه عزّوجل (هو الذی یصلّی علیکم و ملائکته لیخرجکم من الظلمات الی النور و کان بالمومنین رحیما).(۱) ''امام جعفر صادقؑ اسحاق بن فروخ سے فرماتے ہیں جو شخص محمد ﷺ اور اسکی آلؑ پر دس مرتبہ درود و صلوات بھیجے گا تو خداوند متعال اور فرشتے اس پر ایک سو مرتبہ صلوات بھیجتے ہیں اور جو شخص ایک سو مرتبہ صلوات بھیجتا ہے تو اس پر خداوند متعال اور فرشتے ایک ہزار مرتبہ صلوات بھیجتے ہیں کیا تم نے (سورہ احزاب آیت ۴۳) کی تلاوت نہیں کی کہ جسمیں خداوند متعال فرماتا ہے، وہی وہ ذات ہے، جو تم پر رحمت نازل کرتا ہے اور اس کے فرشتے بھی، تاکہ تمہیں تاریکیوں سے نکال کر نور کی منزل تک لے آئے اور وہ صاحبان ایمان پر بہت مہربان ہے،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

حدیث ۳: قال رسول اللّٰہؐ: جاء ني جبرئيلؑ وقال لي : يارسول اللّٰہؐ: لايصلّي عليک أحداً إلاّ ويصلّي عليه سبعون ألفاً من الملائكة (۳) "آنحضرتؐ نے فرمایا کہ جبرائیلؑ نے مجھے آکر بتایا: اے اللہ کے رسول آپ کی ذات گرامی پر ہر کوئی صلوات نہیں بھیجتا مگر یہ کہ اس پر ستر ہزار ملائکہ صلوات پڑھتے ہیں۔

حدیث ۴: وفي رواية عن عبدالرحمن بن عوف: قال رسول اللّٰہؐ: جاء ني جبرئيلؑ وقالؑ: انّه لايصلّي عليک أحد إلاّ ويصلّي عليه سبعون ألف ملک كان من أهل الجنّة (۴) (حدیث ۴ مثل حدیث ۳ کے ہے مگر کچھ اضافہ ہے) کہ جس پر ستر ہزار ملائکہ صلوات بھیجتے ہیں، وہ کس طرح اہل جنت میں سے نہیں ہوسکتا،

حدیث ۵: عن ابي هريرة قال: قال رسول اللّٰہؐ: صلّوا عليّ صلّى اللّٰه عليكم "ابوہریرہ، رسالتمآبؐ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرتؐ نے فرمایا: مجھ پر صلوات بھیجو تا کہ خداوند متعال تم پر رحمت نازل فرمائے (۵)

حدیث ۶: عبدالرزّاق وابن أبي شيبة والطبراني والحاكم في الكنى عن عامر بن ربيعة قال: قال رسول اللّٰہؐ: من صلّى عليّ صلاة صلّى اللّٰه عليه فاكثروا (۶) "رسالتمآبؐ سے روایت ہے کہ جو مجھ پر صلوات بھیجتا ہے خداوند متعال اس پر صلوات بھیجتا ہے اسی وجہ سے تم مجھ پر بہت زیادہ صلوات بھیجا کرو"

حدیث ۷: عن أنس بن مالک قال: قال رسول اللّٰہؐ من صلّى عليه صلّت عليه الملائكة، ومن صلّت عليه الملائكة صلّى اللّٰه عليه، ومن صلّى اللّٰه عليه فلم يبق شيء في السماوات ولافي الأرض إلاّ صلّى عليه. (۷) "رسالتمآبؐ فرماتے ہیں: جو شخص مجھ پر صلوات بھیجتا ہے اس پر ملائکہ صلوات بھیجتے ہیں اور جس پر ملائکہ صلوات بھیجتے ہیں تو اس پر ربّ العزت رحمت نازل کرتا ہے زمین و آسمان میں کوئی ایسی چیز باقی نہیں رہ جاتی جو اس پر صلوات نہ بھیجے"

حدیث ۸: في خطبة خطبها امير امومنينؑ بعد وفاة النبيؐ قالؑ: با لشها دتين تدخلون

الجنّه و بالصلواة تنالون الرحمة فا كثروا من الصلوٰة على نبيكم و آلهؐ (ان اللّٰہ و ملائكته يصلون على النبّي يا ايّهاالذّين آمنوا صلوا عليه و سلّموا تسليما) (۸) "مولا کائناتؑ نے رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد ایک خطبہ ارشاد فرمایا اس میں فرمایا جو شخص توحید و رسالت کی گواہی دے گا جنت میں داخل ہوگا اور درود و صلوات سے رحمت کا نزول ہوتا ہے تم رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اسکی آلؑ پر کثرت سے صلوات پڑھا کرو پھر آیت کریمہ کی تلاوت فرمائی (انّ اللّٰہ وملائكته يصلون على النبّي...) (پہلے بھی یہ روایت گزر چکی ہے)

حدیث ۹: عن ابي عبد اللّٰہؑ قالؑ قال رسول اللّٰہؐ من صلى عليّ صلّى اللّٰه عليه و ملائكته و من شاء فليقل و من شاء فليكثر (۹) "امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ رسالت مآبؐ نے فرمایا جو مجھ پر صلوات بھیجے گا اس پر خداوند متعال اور اس کے ملائکہ صلوات بھیجیں گے اب اسکی مرضی کم صلوات بھیجے یا زیادہ"

حدیث ۱۰: عن ابي عبد اللّٰہؑ قالؑ قال رسول اللّٰہؐ ذات يوم لعليؑ آلا ابشرک! فقال بلى! بابي انت و امي فانک لم تزل مبشرا بكل خير فقالؑ اخبرني جبرئيلؑ آنفا با لعجب فقالؑ له عليؑ وما الذي اخبرک يا رسول اللّٰہؐ فقال اخبرني ان الرّجل من امتي اذا صلّى عليّ و اتبع بالصلوٰة على اهل بيتيؑ فتحت له ابواب السماء و صلت عليه الملائكة سبعين صلوٰة (۱۰)

"امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ ایک دن رسالت مآب مولا کائناتؑ علی ابن ابی طالب کو فرماتے ہیں یا علیؑ کیا میں آپ کو خوشخبری دوں، عرض کی کیوں نہیں آقا! فرمایا ابھی جبرائیل نے مجھے خبر دی ہے کہ جو شخص میرے اور میری اہلبیتؑ پر درود بھیجے گا خداوند متعال اس کے لئے جنت کے ستر دروازے کھول دے گا اور ملائکہ اس پر ستر مرتبہ درود بھیجیں گے" ح﴿۹﴾

(۱۰) صلواة توجب قرب الربّ وقرب النّبي

﴿صلوات تقرب الٰہی اور تقرب رسالتمآبؐ کا سبب ہے﴾

حدیث ۱: قال رسول اللّٰہؐ: إنّ اللّٰه تعالى أوحى إلى موسىؑ إن أردت أن أكون إليک

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

أقرب من كلامک إلى لسانک ومن روحک لجسدک فأكثر الصلوٰة على النبّي الأُمّي (۱) "رسالتمآب کا ارشاد ہے کہ خداوند متعال نے حضرت موسیٰؑ کو وحی کی: اے موسیٰ! تو چاہتا ہے کہ تیری گفتگو سے جتنا قریب زبان ہے اور تیرے جسم سے جتنا قریب روح ہے اس سے بھی تو میرے زیادہ قریب ہو جانا چاہتا ہے تو میرے نبیؐ پر صلوات بھیجا کر"

حدیث ۲: قال رسول اللّٰه أقربكم منّي منزلاً يوم القيامة أكثركم علّي صلاة. (۲) رسالتمآبؐ فرماتے ہیں: قیامت میں مجھ سے زیادہ نزدیک وہ ہوگا جو مجھ پر سب سے زیادہ صلوات بھیجتا ہے،

حدیث ۳: قال رسول اللّٰهؐ أقربكم منّي مجلساً أكثركم علّي صلواة. (۳) "رسالتمآبؐ فرماتے ہیں: میری محفل میں مجھ سے زیادہ قریب وہ ہوگا جو مجھ پر بہت زیادہ صلوات بھیجے گا"

حدیث ۴: قال رسول اللّٰهؐ: إنّ أقربكم منّي يوم القيامة في كلّ موطن أكثركم علّي صلوٰة في دار الدنيا. (۴) "رسالتمآب کا ارشاد ہے کہ قیامت میں تم میں سے وہ شخص ہر مقام پر میرے زیادہ قریب ہوگا جو دنیا میں مجھ پر سب سے زیادہ صلوات بھیجے گا"

حدیث ۵: الدر المنثور الترمذي وحسنة وابن حبان، عن ابن مسعود: إنّ رسول اللّٰه قال: أولى الناس بيّ يوم القيامة أكثرهم علّي صلوٰة. (۵) "ابن مسعود سے روایت ہے کہ رسالتمآبؐ نے فرمایا قیامت میں وہ شخص مجھ سے زیادہ قریب ہوگا جو مجھ پر بہت زیادہ صلوات بھیجتا ہے"

حدیث ۶: روي، عن عبداللّٰه بن مسعود: إنّ رسول اللّٰهؐ قال أولى الناس بيّ يوم القيامة أكثرهم علّي صلوٰة في دار الدنيا (۶) ابن مسعود سے روایت ہے کہ رسالتمآبؐ نے فرمایا کہ قیامت میں میرے نزدیک بلند مرتبہ والا شخص وہ ہوگا جس نے دنیا میں مجھ پر بہت زیادہ صلوات بھیجی ہے۔

حدیث ۷: قال رسول اللّٰهؐ صلّى عليه صلوٰة واحدة أمر اللّٰه حافظيه أن لا يكتبا عليه ذنباً ثلاثة أيّام. (۸) "رسالتمآب کا ارشاد ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ صلوات بھیجتا ہے خداوند متعال اس شخص کے مؤکلین کو حکم دیتا ہے کہ تین دن تک اس کا کوئی گناہ نہ لکھیں"

(۱۱) فضل صلوات مرة ﴿ایک مرتبہ ذکر صلوات کی فضیلت﴾

حدیث ۱: عن ابن عبّاس، عن النبيؐ: أنّه قال من صلّى عليّ صلواة واحدة صلّى اللّٰه عليه ألف في ألف صف من الملائكة ولم يق رطب ولا يابس إلّا وصلّى على ذلك العبد لصلوٰة اللّٰه عليه. (۱) "ابن عباس رسالتمآبؐ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جو مجھ پر ایک مرتبہ صلوات بھیجتا ہے تو خداوند متعال اس پر ہزار مرتبہ صلوات بھیجتا ہے کہ ملائکہ کی ہزار صفیں وہاں موجود ہوتی ہیں، کوئی خشک و تر باقی نہیں رہ جاتا جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس بندہ پر صلوات نہ بھیجے۔

حدیث ۲: قال رسول اللّٰه: من صلّى علّي مرّة صلّى اللّٰه عليه عشراً، ومن صلّى علّي عشراً صلّى اللّٰه عليه مائة مرّة، ومن صلّى علّي مائة مرة صلّى اللّٰه عليه ألف مرّة، ومن صلّى علّي ألف مرّة ولا يعذبه اللّٰه في النار أبداً. (۲) "رسالتمآب کا ارشاد ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ صلوات بھیجتا ہے خداوند متعال اس پر دس مرتبہ صلوات بھیجتا ہے اور جو شخص مجھ پر دس مرتبہ صلوات بھیجتا ہے خداوند متعال اس پر ایک سو مرتبہ صلوات بھیجتا ہے اور جو شخص ایک سو مرتبہ صلوات بھیجتا ہے خداوند متعال اس پر ایک ہزار مرتبہ صلوات بھیجتا ہے اور خداوند متعال اس شخص پر جہنم کا کوئی عذاب نہیں بھیجے گا"

حدیث ۳: عن واثلة بن الأسقع، قال: لمّا جمع رسول اللّٰهؐ عليّاً و فاطمةؑ والحسنؑ والحسينؑ عليهم السلام تحت ثوبه قالؐ: اللّٰهمّ قد جعلت صلواتك ورحمتك ومغفرتك ورضوانك على إبراهيمؑ وآل ابراهيمؑ، اللّٰهمّ منّي وأنا منهم فاجعل صلواتك ورحمتك ومغفرتك ورضوانك علّي وعليهم "واثلة بن الاسقع روایت کرتا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ کو ایک چادر کے نیچے جمع کر چکے تو فرمایا: اے بارالہا! جسطرح تو نے اپنی صلوات و رحمت و مغفرت اور رضوان کو ابراہیمؑ اور اس کی پاک آلؑ پر نازل فرمائی ہے، اے بارالہا! یہ (سب) مجھ میں سے ہیں اور میں ان میں سے ہوں اور اپنی صلوات و رحمت و مغفرت اور رضوان کو مجھ اور ان پر نازل فرما (۳)

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

حدیث ۴: علي بن ابراهيم، قال: إنّ موسىٰ ناجاه الله تبارک وتعالىٰ فقالَ له في مناجاته. وقد ذكر محمّداً فصلّ عليهم يابن عمران فإني أُصلي عليه وملائكتي (۴) علی بن ابراہیم سے روایت ہے کہ خداوند متعال نے حضرت موسیٰؑ کو حکم دیا یابن عمران! اپنی مناجات میں محمدؐ اور اس کی آل پاک علیہم السلام پر درود بھیجا کرو کیونکہ میں اور میرے ملائکہ بھی اس پر درود وسلام بھیجتے ہیں۔

حدیث ۵: قال النبيّ لقيني جبرئيلُ فبشرني قال: إنّ الله عزّوجلّ يقول: من صلّى عليک صلّيتُ عليه ومن سلّم عليک سلّمتُ عليه، فسجدت لذلک. (۵) "آنحضرتؐ فرماتے ہیں کہ، جبرائیلؑ میرے پاس آئے اور مجھے، خوشخبری دی، اور کہا: خداوند عزوجل ارشاد فرمارہا ہے جو شخص تجھ پر درود بھیجتا ہے میں اس پر درود بھیجتا ہوں اور جو شخص تجھ پر سلام بھیجتا ہے میں اس پر سلام بھیجتا ہوں بس تو اس ذات اقدس کے لئے سجدہ شکر بجالا"

حدیث ۶: عن أنس ومالک بن أوس بن الحدثان: إنّ النبيّ قال إنّ جبرئيلُ جاء ني فقال: من صلّى عليک واحدة صلّى الله عليه عشراً ورفع له عشر درجات (۶) انس بن مالک رسالتمآبؐ سے روایت کرتے ہیں کہ جبرائیلؑ میرے پاس آئے اور کہا کہ خداوند متعال فرماتا ہے جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ صلوات بھیجتا ہے تو میں اس پر دس مرتبہ صلوات بھیجتا ہوں اور اس کے دس درجات کو بلند کردیتا ہوں"

حدیث ۷: عبدالرزّاق قال: قال رسول اللّٰهؐ: أتاني آت من ربي فقال: فقال: رجل يارسول الله فقال: لايصلّي عليک عبد صلوة إلّا صلّى عليه عشراً فقال: رجل يارسول اللّٰهؐ، ألا أجعل نصف دعائي لک؟ قال: إن شئت قال: ألا أجعل كلّ دعائي لک؟ قال: إذن يكفيک الله بالدنيا والآخرة. (۷) "عبدالرزاق رسالتمآبؐ سے روایت کرتا ہے کہ رسالتمآبؐ نے فرمایا: خداوند متعال کی طرف سے مجھے پیغام ملا کہ خداوند متعال فرماتا ہے کہ کوئی شخص بھی مجھ پر صلوات نہیں بھیجتا مگر میں اس پر دس مرتبہ صلوات بھیجتا ہوں تو سامنے بیٹھے ہوئے شخص نے کہا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: میں اپنی آدھی دعا کو آپؐ کی ذات کے لئے قرار دوں گا تو حضرتؐ نے فرمایا تو اگر اس طرح کرے گا، تو حقیقت میں اپنی پوری دعا کو، تو نے میرے لئے قرار دیا، تو اس وقت اللہ تعالیٰ دنیا وآخرت میں تیرے لئے کافی ووافی ہوگا"

حدیث ۸: ابن أبي شيبة وأحمد وعبدبن حميد والترمذي، عن أبي طلحة الأنصاري قال: أصبح رسول اللّٰهؐ يوماً طيّب النفس يرى في وجهه البشر قالوا: يارسول اللّٰهؐ أصبحت اليوم طيباً يرى في وجهک البشر. قال: أتاني آت من ربّي فقال: من صلّى عليک من أُمّتک صلوٰة كتب الله له بها عشر حسنات، ومحاعنه سيّئات، ورفع له عشر درجات، وردّ عليه مثلها وفي لفظ فقال: أتاني الملک فقال: يامحمّدؐ! أما يرضيک أنّ ربّک يقول: إنّه لا يصلّي عليک أحد من أُمّتک إلّا صلّيت عليه عشراً ولا يسلم عليک أحد من أُمّتک الاّ سلّمت عليه عشراً قال لي. (۸) "ابی طلحہ انصاری رسول اللہؐ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دن رسالتمآبؐ کو دیکھا کہ خوش وخرم تھے تو ہم نے کہا یارسول اللہؐ! آج ہم آپؐ کے چہرے پر خوشی کے آثار دیکھ رہے ہیں تو آنحضرتؐ نے فرمایا کہ خداوند متعال کی طرف سے آنے والے نے مجھے خبر دی ہے کہ اے اللہ کے رسولؐ! جو شخص تیری امت میں سے مجھ پر ایک مرتبہ صلوات بھیجے گا تو خداوند متعال اس کے لئے دس نیکیاں لکھ دے گا اور اس کی برائیوں کو مٹادے گا اور اس کے دس درجات بلند کردے گا اور اسی کی طرح اس پر صلوات بھیجے گا، دوسری عبارت میں یوں ہے کہ رسالتمآبؐ نے فرمایا کہ میرے پاس ایک فرشتہ آیا اور کہا اے محمدؐ! تیری امت میں سے کوئی صلوات نہیں بھیجے گا مگر یہ کہ خداوند متعال اس پر دس مرتبہ صلوات بھیجے گا اور کوئی بھی تیری امت میں سے تجھ پر سلام نہیں بھیجے گا مگر میں اس پر دس مرتبہ سلام بھیجوں گا"

حدیث ۹: عن موسى بن جعفر عن آبائهؑ، عن أمير المؤمنينؑ: أنّه قال في جواب اليهودي الّذي سأله، عن فضل النبيّ على سائر الأنبياءؑ، فذكر اليهودي أنّ أسجد ملائكته لآدمؑ فقال: وقد أعطى الله محمّداً أفضل من ذلک، وهو أنّ الله صلّى عليه وأمر ملائكته أن يصلّوا عليه، وتعبّد جميع خلقه بالصلوٰة عليه إلى يوم القيامة، فقال جلّ ثناؤه: ﴿إنّ الله و ملائكته يصلّون على النبيّ يا أيّها الّذين آمنوا صلّوا عليه وسلّموا تسليماً﴾ فلا يصلّ عليه أحد في حياته ولا بعد وفاته إلّا صلّى الله عليه بذلک عشراً، وأعطاه من الحسنات عشراً بكلّ صلوٰة صلّى عليه، ولا يصلّ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

علیه أحد بعدوفاته اِلّا وهویعلم بذلک، ویردّ علی المصلّي والسلام مثل ذلک،لأنّ اللّٰه جلّ وعزّ جعل دعاء اُمّته فیما یسألون ربّهم جلّ ثناؤه موقوفاً،عن الاجابة حتّی یصلّوا علیه فهذا أکبر وأعظم ممّا أعطی اللّٰه آدم ثمّ ذکر علیہ السلام في بیان مافضّل اللّٰه به اُمّته :ومنها أنّ الله جعل لمن صلّی علی نبیّه عشر حسنات،ومحا،عنه عشر سیّئات،ورداللّٰه سبحانه علیه مثل صلاته علی النبّي (۹) ”جناب امیرالمؤمنینؑ سے نقل ہے کہ کسی یہودی نے رسالتمآبؐ کی دوسرے انبیاءؑ پر فضلیت کے بارے میں سوال کیا اور کہا کہ حضرت آدمؑ کو ملائکہ نے سجدہ کیا ہے تو مولا کائنات امیرالمؤمنینؑ نے جواب دیا کہ آنحضرتؐ کو اس سے زیادہ عطا فرمایا ہے اور وہ ذکر صلوات ہے جو خداوند متعال خود بھی بھیجتا ہے اور ملائکہ کو بھی صلوات بھیجنے کا حکم دیا ہے اور تمام مخلوق کو حکم دیا ہے کہ قیامت تک صلوات بھیجتے رہیں اور خود ارشاد رب العزت ہے:” بے شک اللہ اور اس کے ملائکہ رسولؐ پر صلوات بھیجتے ہیں تو اے صاحبان ایمان! تم بھی ان پر صلوات وسلام بھیجتے رہو “پس کوئی شخص بھی خواہ آنحضرتؐ کی زندگی میں ہو یا اس دنیا سے رحلت کرنے کے بعد ہو ایک مرتبہ صلوات نہیں بھیجتا مگر ربّ العزت اس پر دس مرتبہ صلوات بھیجتا ہے اور اس پر اس کو ہر ایک صلوات پر دس نیکیاں عطا کرتا ہے اور ان کی وفات کے بعد کوئی بھی صلوات نہیں بھیجتا مگر حضرتؐ کو اس کا علم ہوتا ہے اور صلوات بھیجنے والے پر اس کی طرف درود وسلام اس کے لئے پڑھا جاتا ہے کیونکہ ذات اقدس نے دعا کی اجابت کو صلوات پڑھنے پر موقوف کر دیا ہے اور یہ اس سے کہیں زیادہ ہے جو حضرت آدمؑ کو عطا کیا گیا ہے، پھر حضرتؐ نے فرمایا کہ آنحضرتؐ کی امت کو یہ فضیلت عطا فرمائی کہ اگر کوئی ان میں سے آنحضرتؐ پر صلوات بھیجتا ہے تو خداوند متعال اس کو دس نیکیاں عطا فرماتا ہے اور اس کی دس برائیوں کو مٹا دیتا ہے اور اسی طرح کے درود وسلام کو اس کی طرف بھی بھیجتا ہے۔

حدیث ۱۰ :در اللئالي:في حدیث اِلی أن قال.:من صلّی علّي صلوة صلّی اللّٰه علیه وملائکته سبعین صلاة (۱۰) ”ایک طولانی حدیث میں یہ جملہ ہے کہ جو رسالتمآبؐ پر صلوات بھیجتا ہے خداوند متعال اور ملائکہ اس پر ستر مرتبہ صلوات بھیجتے ہیں“

حدیث ۱۱ :قال رسول اللّٰہؐ:من قال صلّی اللّٰه علی محمّدؐ وآله قال اللّٰه جلّ جلاله صلّی اللّٰه علیک فلیکثر من،ذلک (۱۱) ”رسالتمآبؐ نے فرمایا: جس نے کہا کہ اے اللہ تو محمدؐ اور اس کی پاک آلؑ پر درود وسلام نازل فرما، تو خداوند متعال بھی اس شخص کے لئے رحمت نازل فرماتا ہے پس آپ بھی اس کو زیادہ سے زیادہ پڑھا کریں“

حدیث ۱۲ :قال رسول اللّٰہؐ:ما من أحد صلّی علّي مرّة واسمع حافظیه اّلا أن لایکتبا ذنباً له ثلاثة أیّام. (۱۲) رسالتمآبؐ کا ارشاد ہے کہ کوئی شخص بھی مجھ پر ایک مرتبہ صلوات نہیں بھیجتا کہ جس کو اس کے دو مؤکل فرشتوں نے سن لیا ہے مگر یہ کہ وہ مؤکل فرشتے تین دن تک اس کے گناہ کو نہیں لکھتے“

حدیث ۱۳ :لب اللباب:مجهول القطب الراوندي،عن النبّيؐ:قال من صلّی علّي وعلی آلي صلّت علیه الملائکة،ومن صلّت الملائکة صلّی اللّٰه علیه،ومن صلّی اللّٰه علیه لم یبق في السماوات والأرض ملک اِلاّ ویصلّون علیه،ومن صلّی علّي وعلی آلي واحدة أمر اللّٰه حافظیه أن لایکتبا علیه ثلاثة أیّام. (۱۳) ”قطب الدین راوندی اپنی کتاب لب اللباب میں رسالتمآبؐ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ جو شخص مجھ پر اور میری آل پاکؑ پر صلوات بھیجتا ہے تو ملائکہ اس پر صلوات بھیجتے ہیں اور جس پر ملائکہ صلوات بھیجیں، تو رب العزت اس پر صلوات بھیجتا ہے اور جس پر ربّ العزت صلوات بھیجے تو زمین وآسمان میں کوئی فرشتہ باقی نہیں رہ جاتا کہ اس پر صلوات نہ بھیجے اور جو شخص مجھ پر اور میری آل پر ایک مرتبہ صلوات بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس انسان کے مؤکل فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ تین دن تک اس کے کوئی گناہ نہ لکھے جائیں“

حدیث ۱۴ :قال النبّيؐ من قال:اللّٰهم صلّ علی محمّدؐ وآل محمّدؐ أعطاه اللّٰه أجر اثنین وسبعین شهیداً وخرج من ذنوبه کیوم ولدته أمه (۱۴) ”رسالتمآبؐ کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس طرح درود بھیجے:”اللّٰهم صلّ علی محمّدؐ وآل محمّدؐ“ تو خداوند متعال اس کو

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

۷۲ شہداء کا اجر عطا فرماتا ہے اور قیامت میں ایسے اٹھے گا کہ گناہوں سے اس طرح پاک ہوگا کہ ابھی ماں کے پیٹ سے، متولد ہوا ہو"

حدیث ۱۵ :قال رسول اللّٰہؐ من صلّی علیّ مرّة لم یبق له من ذنوبه ذرة (۱۶) :رسالتمآبؐ نے فرمایا جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ بھی درود بھیجے گا تو اس کے گناہوں کا ایک ذرہ بھی باقی نہیں رہ جائیگا

حدیث ۱۶ ::قال رسول اللّٰہؐ من صلّی علیّ مرّة خلق اللّٰه من قوله ملکاً له جناحان جناح بالمشرق وجناح بالمغرب رأسه وعنقه تحت العرش وهویقول اللّٰهم صلّ علی عبدک مادام یصلّي علی نبیّک .(۱۷) "رسالتمآبؐ نے فرمایا جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ صلوات بھیجتا ہے تو خداوند متعال اس کے قول سے ایک فرشتے کو خلق کرتا ہے جس کے دو پر ہوتے ہیں ایک پر مشرق میں اور ایک مغرب میں اور اس کا سر اور گردن عرش کے نیچے ہوتی ہے تو وہ کہتا ہے اے اللہ! کے بندے! تجھ پر درود و سلام ہو جب تک تم اپنے نبی گرامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوات بھیجتا رہے گا"

حدیث ۱۷ :قال رسول اللّٰہؐ:من صلّي علیّ مرّة کتب اللّٰه له عشر حسنات، ومحا، عنه عشر سیّئات، ورفع له عشر درجات (۱۸) "رسالتمآبؐ کا ارشاد ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ صلوات بھیجتا ہے خداوند متعال اس کو دس نیکیاں عطا فرماتا ہے اور اس کی دس برائیوں کو مٹا دیتا ہے اور اس کے دس درجات کو بلند فرماتا ہے۔

حدیث ۱۸ : قال النّبيؐ:من صلّی علیّ مرّة خلق اللّٰه تعالی یوم القیامة علی رأسه نوراً وعلی یمینه نوراً وعلی شماله نوراً وعلی فوقه نوراً وعلی تحته نوراً وفي جمیع أعضائه نوراً(۱۹) رسالتمآبؐ کا ارشاد ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ صلوات بھیجتا ہے تو قیامت میں خداوند متعال اس کے سر سے ایک نور کو خلق فرماتا ہے اسی طرح اس کے دائیں طرف سے اور اس کے بائیں طرف سے اور اس کے اوپر اور نیچے سے ایک نور کو خلق فرماتا ہے بلکہ اس کے تمام اعضاء سے نور ہی نور کو پیدا فرماتا ہے"

حدیث ۱۹ :قال النّبيؐ:من صلّی علیّ مرّة فتح اللّٰه علیه باباً من العافیة (۲۰) "رسالتمآبؐ کا ارشاد ہے جو شخص ایک مرتبہ مجھ پر صلوات بھیجتا ہے خداوند متعال اس کے لئے خیر و عافیت کا دروازہ کھول دیتا ہے"

حدیث ۲۰ :عن الصادقؑ:من صلّی علی النّبيؐ مرّة واحدة بنیة وإخلاص من قلبه قضی اللّٰه له مائة حاجة منها ثلاثون للدنیا وسبعون للآخرة. (۲۱) "امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص خلوص دل کے ساتھ ایک مرتبہ مجھ پر درود بھیجتا ہے خداوند متعال دنیا میں اس کی تیئس حاجات کر برلاتا ہے اور آخرت میں ستر حاجات کو پورا فرمائے گا"

حدیث ۲۱ :عن انس بن مالک قال قال رسول اللّٰہؐ:من صلّ علّی صلاةً واحدةً صلّ اللّٰه علیه عشر صلوات وحطّت عنه عشرٌ خطیئات ورُفعت له عشر درجات (۲۲) "انس بن مالک رسول اللہؐ سے روایت کرتے ہیں کہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ صلوات بھیجے گا خداوند متعال اس پر دس مرتبہ صلوات بھیجے گا اور اس کے دس گناہوں کو معاف فرمادے گا اور دس درجات کو بلند فرمادے گا۔

حدیث ۲۲ :فحدّثنا عن عبداللّٰه بن أبی طلحه عن أبیه أن رسول اللّٰہؐ:جاء ذات یوم والبشریٰ فی وجهه فقُلنا إنّا لفریٰ البشریٰ فی وجهک فقال إنّه أتانی الملک فقال یامحمدؐ انّ ربّک یقول أمّا یُرضیک أنّه لایُصلّی علیک أحدٌ إلاّ صلّیتَ علیه عشراً ولا یُسلّمُ علیک أحدٌ الاّ سلّمت علیه عشراً. (۲۳) "أبی طلحہ کا والد رسالتمآبؐ سے روایت کرتا ہے کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرے پر خوشی کے آثار تھے تو ہم نے سوال کیا اس خوشی کا کیا سبب ہے؟ تو آنحضرتؐ نے جواب دیا کہ ابھی ایک فرشتہ خداوند متعال کی طرف سے پیغام لے کر آیا ہے اور اس نے کہا ہے اے محمدؐ! کیا تو اس پر راضی ہے کہ کوئی بھی تجھ پر ایک مرتبہ صلوات نہیں بھیجے گا مگر میں اس پر دس مرتبہ صلوات بھیجوں گا اور کوئی بھی تجھ پر ایک مرتبہ سلام نہیں بھیجے گا مگر میں اس پر دس مرتبہ صلوات بھیجوں گا" ح ﴿۱۱﴾

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(۱۲) فضل الصلوٰة ثلاث مرّات

﴿تین مرتبہ ذکر صلوات کی فضیلت﴾

حدیث ۱ :دعوات الراوندی عن الصادقؑ من صلیّ علی النبیؐ و آلہٖ مرة واحدة بنیّه و الخلاص من قبله قضی اللہ له مائة حاجة منها ثلاثون للدنیا و سبعون للاخره و قال النبیؐ من صلّ علی کل یوم ثلاث مرات و فی کل لیله ثلاث مرات حبا لی و شوقا الی کان حقا علی اللہ عزوجل ان یغفر له ذنوبه تلک اللیله و ذلک الیوم(۱) قطب الدین راوندی اپنی کتاب دعوات میں امام صادقؑ میں سے روایت کرتے ہیں کہ جو شخص محمد ﷺ اور اسکی پاک آلؑ پر خلوص دل کے ساتھ ایک مرتبہ بھی صلوات بھیجے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی ایک سو حاجات بر لائے گا جس میں سے تیئس دنیا میں اور ستر آخرت میں پھر فرمایا کہ رسالت مآب نے فرمایا ہے جو شخص تین مرتبہ دن اور تین مرتبہ رات کو ہماری محبت کے شوق میں ہم پر صلوات بھیجے گا تو خداوند متعال اس کے اس دن ورات کے گناہ بخش دے گا۔

حدیث ۲ قال المعصومؑ و وردت فضلیة للصلوات علیه ثلث مرات فی کل یوم و ثلث مرات لیلة حبّا و شوقاً الیه و ان افضل الاعمال فی الاخرة الصلوات علی محمد و سقی الماء وحب علی بن ابی طالبؑ (۲) معصوم فرماتے ہیں: صلوات کی فضیلت میں بہت سی روایات ہیں لیکن انسانوں کو حکم دیا گیا ہے کہ کم از کم دن ورات میں تین تین مرتبہ صلوات بھیجیں، تا کہ محمد ﷺ اور ان کی پاک آلؑ کی طرف محبت اور لگاؤ کا اظہار کرے اور آخرت میں افضل ترین اعمال محمدؐ اور ان کی پاک آلؑ پر صلوات بھیجنا اور پانی پلانا اور حُبِ علی ابن ابی طالبؑ کا رکھنا ہے ح ﴿۱۲﴾

(۱۳) من صلّی علیه عشراً

﴿دس مرتبہ ذکر صلوات کی فضیلت﴾

حدیث ۱ :قال رسول اللہؐ :من صلّی علیّ فی صباح عشراً محیت،عنه ذنوب اربعین سنة .(۱) "رسالتمآب کا ارشاد ہے کہ جو شخص مجھ پر دن میں دس مرتبہ صلوات بھیجتا ہے

خداوند متعال اس کے چالیس سال کے گناہ معاف کر دیتا ہے۔

حدیث ۲ :ابن أبي شیبة أحمد والبخاري في الأدب،عن أنس بن مالک ، عن النبیؐ صلّی صلواة واحدة صلّی اللہ علیه عشر صلوات وحطّ عنه عشر خطیات(۲): بخاری نے رسالتمآبؐ سے روایت کی ہے کہ جو شخص مجھ پر صلوات بھیجے گا تو خداوند متعال اس پر دس مرتبہ صلوات بھیجتا ہے اور اس کے دس گناہوں کو محو کر دیتا ہے (کتاب اللئالی میں اس کو اضافہ کے ساتھ بیان کیا گیا ہے) کہ اس کے دس درجات کو بھی بلند فرما دیتا ہے

حدیث ۳:الدر المنثور: مسلم وأحمد وأبو داود والترمذي والنسائي وابن حبان ، عن أبي هریرة قال: قال رسول اللہؐ: من صلّی علّي واحدة صلّی الله علیه عشراً .(۳) ترجمہ: درالمنثور میں اہلسنت سے روایت ہے کہ رسالتمآبؐ نے فرمایا جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا خداوند متعال اس پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے۔

حدیث ۴:وقال رسول اللہؐ:من صلّی علیّ صلوات صلّی اللہ بها عشر صلوات،ومحاعنه عشر سیئات ،وأثبت له بها عشر حسنات، واستبقاه الملکان الموکّلان به أیهما یبلغ روحي منه السلام: رسالتمآبؐ فرماتے ہیں جو شخص مجھ پر صلوات بھیجے گا خداوند متعال اس پر دس مرتبہ صلوات بھیجتا ہے اور اس کی دس برائیوں کو مٹا دیتا ہے اور دس نیکیوں کو لکھ دیتا ہے اور اس کے لئے دو فرشتوں کو مؤکل و مامور فرماتا ہے جو میری طرف سے اس کو سلام بھیجتے رہتے ہیں"

(۱۴) فضل مجلس یصلي فیه علی النبيّ

﴿محفل ذکر صلوات کی فضیلت﴾

حدیث ۱ :الدر المنثور :الخطیب في تاریخه،عن عائشة قالت:زیّنوا مجالسکم بالصلوٰة علی النبیؐ :حضرت عائشہ سے نقل ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: اپنی مجالس ومحافل کو صلوات کے ذکر سے مزیّن ومنور کرو" (۱)

حدیث ۲ :عن رسول اللہؐ أنّه قال:أُسري بي لیلة المعراج الی السماء فرأیت ملکاً

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

له ألف يدلكل يدألف اصبع وهويحاسب ويعد بتلك الأصبع فقلت لجبرئيلؑ: من هذا الملك؟ وما الّذي يحاسبه؟ قال: هذا ملك موكّل على قطرة المطر يحفظها كم قطرة تنزل من السماء إلى الأرض. فقلت للملك: أنت تعلم منذ خلق الله الدنيا كم قطرة نزلت من السماء إلى الأرض؟ فقال: يارسول اللّٰهؐ! فوالّذي بعثك بالحقّ إلى خلقه غير أنّي أعلم كم قطرة نزلت من السماء إلى الأرض أعلم تفصيلاً كم قطرة نزلت في البحر وكم قطرة نزلت في البر وكم قطرة نزلت في العمران وكم قطرة نزلت في البستان وكم قطرة نزلت في السبخة وكم قطرة نزلت في القبور فقال رسول اللّٰهؐ: فتعجبت من حفظه وتذكّره حسابه فقال: يارسول اللّٰهؐ! حساب لا أقدر عليه بما، عندي من الحفظ والتذكّر والأيدي والأصابع. فقال: أي حساب هو؟ فقال: قوم من اُمّتك يحضرون مجمعاً فيذكر اسمك، عندهم فيصلون عليك فأنا لا أقدر على حصر ثوابهم. (۲)

"رسالتمآبؐ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جب معراج کی رات کو آسمان پر مجھے لے جایا گیا تو ایک فرشتے کو دیکھا جسکے ایک ہزار ہاتھ تھے اور ہر ہاتھ کی ایک ہزار انگلیاں تھیں وہ حساب وکتاب کرنے میں، اسی انگلیوں سے مدد حاصل کرتا تھا حضرتؐ نے جبرائیل سے پوچھا یہ فرشتہ کون ہے؟ اور کیا حساب وکتاب کر رہا ہے تو جبرائیلؑ نے عرض کی آقا: یہ فرشتہ مأمور ہے جو بھی بارش کا قطرہ زمین پر گرے اسکا حساب کرے، تب حضرتؐ نے فرشتے سے پوچھا: کیا تو یہ جانتا ہے کہ جب سے اس دنیا کو ربّ العزت نے خلق کیا ہے اس زمین پر بارش کے کتنے قطرے گرے ہیں اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسولؐ! اس ذات کی قسم جس نے اپنی مخلوق کے لئے تجھے برحق پیغمبر بنا کر بھیجا ہے یہ جانتا ہوں کہ آسمان سے زمین پر کتنے بارش کے قطرے نازل ہوئے اس کے علاوہ بھی میں تفصیل سے اور دقیق طور پر جانتا ہوں کہ کتنے قطرے سمندر میں نازل ہوئے اور کتنے قطرے خشکی پر گرے اور کتنے قطرے آبادی پر آئے اور کتنے قطرے باغوں پر گرے اور کتنے قبروں پر، آنحضرتؐ نے فرمایا وہ ذات کتنی علیم وخبیر ہے کہ جس نے تم جیسے فرشتے کو خلق کیا؛ تو فرشتے نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ حساب وکتاب

کی اتنی انگلیوں اور ہاتھوں کے ہوتے ہوئے اور اس تمام دقت والے ذہن کو رکھتے ہوئے ابھی تک ایک چیز کا حساب نہیں کر سکتا ہوں تو حضرتؐ نے پوچھا وہ کون سی چیز ہے؟ اس نے عرض کی: جب آپ کی امت کا ایک گروہ آپؐ کا اسم سن کر آپؐ پر صلوات بھیجتا ہے تو میں اس صلوات کے ثواب کا حساب نہیں کر سکتا ہوں"

حدیث ۳: عن أبي هريرة قال: قال رسول اللّٰهؐ: لاتجعلوا بيوتكم قبوراً وصلّوا عليّ، فإن صلاتكم تبلغني حيثما كنتم (۳): ابوہریرہ رسالتمآبؐ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ اپنے گھروں کو قبریں نہ بناؤ اور مجھ پر صلوات بھیجا کرو جس وقت بھی اور جس حالت میں بھی تم مجھ پر صلوات بھیجتے ہو وہ مجھ تک پہنچ جاتی ہے" ﴿ح-۱۴﴾

(۱۵) مجلس لا يصلّى فيه على النبيّ

﴿ذکر صلوات کو ترک کرنے والی محفل﴾

حديث ۱: عن أبي عبداللّٰهؑ: قال رسول اللّٰهؐ: مامن قوم اجتمعوا في مجلس فلم يذكروا اسم اللّٰه عزّوجلّ ولم يصلّوا على نبيّهم إلّا كان ذلك المجلس حسرة و وبالاً عليهم. (۱): امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ رسالتمآبؐ نے فرمایا کہ کوئی بھی قوم کسی جگہ پر جمع ہو جائے اور ذکر خداوند متعال نہ کرے اور اپنے نبی گرامی ﷺ پر صلوات نہ بھیجے تو وہ ان کا جمع ہونا ان کے لئے مصیبت اور افسردگی کا موجب ہوگا"

حديث ۲: قال رسول اللّٰهؐ: مااجتمع قوم في مجلس لم يصلّ عليّ فيه إلّا تفرّقوا كقوم تفرّقوا، عن ميّت ولم يغلوه. (۲): رسالتمآبؐ کا ارشاد ہے اگر کوئی قوم ایک جگہ پر جمع ہوں اور اس مجلس میں مجھ پر صلوات بھیجے بغیر چلے جائیں تو ایسے ہیں جیسے میت کو برہنہ چھوڑ کر متفرق ہو جائیں۔

حديث ۳: عن جابر قال: قال رسول اللّٰهؐ: مااجتمع قوم ثمّ تفرّقوا، عن غير ذكر اللّٰه وصلوة على النبيّ إلّا قاموا، عن أنتن جيفة. (۳): جابر رسالتمآبؐ سے نقل کرتے ہیں کہ اگر کوئی قوم کہیں جمع ہوں اور پھر بغیر کسی ذکر الٰہی اور مجھ پر صلوات بھیجنے کے آپس سے جدا ہو جائیں تو وہ مثل

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

ایسے ہیں کہ جمع نہیں ہوئے مگر جب وہ اٹھے تو مردار کی مانند تھے"

حدیث ۴: عن أبي هريرة، عنه، عن النبيؐ قال: ماجلس قوم مجلساً لم يذكروا الله فيه ولم يصلّوا على نبيّهم إلاّ كان عليهم ترة فإن شاء عذّبهم وإن شاء غفرلهم (۴): ابی ہریرہ رسالتمآبؐ سے نقل کرتا ہے کہ کوئی قوم کہیں جمع ہو اور اپنی مجلس میں اللہ کا ذکر نہ کریں اور اپنے نبیؐ پر صلوات نہ بھیجیں تو خداوند متعال ان پر یہ حق رکھتا ہے کہ ان پر عذاب کرے یا ان کو بخش دے کیونکہ انہوں نے باطل کا راستہ اختیار کیا"

حدیث ۵: عن أبي سعيد الخدري عن النبيؐ قال: لايجلس قوم مجلسا لايصلّون فيه على النبيؐ إلاّ كان عليهم حسرة وإن دخلوا الجنّة لمّا يرون من الثواب (۵): ابی سعید خدری رسالتمآبؐ سے نقل کرتا ہے کہ آنحضرتؐ فرماتے ہیں کہ کوئی قوم کسی جگہ جمع ہوں اور اس مجلس میں مجھ پر صلوات نہ بھیجیں، تو وہ مجلس نہیں ہوگی مگر اس کے لئے ایک غمکدہ ہوگا اگرچہ وہ جنت میں داخل ہو بھی جائیں تو کوئی اجر و ثواب نہیں پائیں گے" ﴿ح۔۱۵﴾

(۱۶) ملک مؤکل علی ارسال الصلوٰۃ الی النبیؐ

﴿ذکر صلوات کو آنحضرتؐ تک پہنچانے والا فرشتہ﴾

حدیث ۱: عن عمار بن ياسر قال: سمعت عن رسول اللهؐ يقول: إنّ الله أعطى ملكاً من الملائكة أسماء الخلائق كلّهم وأسماء آبائهم فهو قائم على قبري إذا متّ الى يوم القيامة، فليس أحد يصلّي صلوا ة إلّا قال يامحمّدؐ! صلّى عليك فلان بن فلان بكذا و كذا، وإنّ ربّي كفل لي أن يصلّي علّي ذلك العبد بكلّ واحدة عشراً (۱): عمار یاسرؓ رسالتمآبؐ سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرتؐ سے سنا ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ خداوند متعال نے تمام خلائق اور ان کے آباء و اجداد کے سب اسماء ملائکہ میں سے ایک فرشتہ کو عطا فرمائے ہیں، وہ میری قبر پر قیامت تک موجود رہے گا پس کوئی ایسا نہیں ہے جو مجھ پر صلوات نہ بھیجے اور وہ اس کا نام لے کر مجھے کہتا ہے: اے محمدؐ! فلان نے آپؐ پر اس طرح صلوات بھیجی ہے اور بے شک رب العزت نے اس کی ذمہ داری لی ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ صلوات بھیجے گا خداوند متعال اس پر دس مرتبہ صلوات بھیجے گا۔

حدیث ۲: باسناده، عن علیؑ قال: قال رسول اللهؐ: أربع جعلن شفعاء: الجنّة والنار والحور العين وملك، عند رأسي في القبر، فأذا قال العبد من أمتي: اللّهمّ زوّجني من الحور العين، قلن: اللّهمّ زوجنا وأذا قال العبد اللّهمّ آجرني من النار، قالت: اللّهمّ آجره منّي، وإذا قال اللّهمّ اسألك الجنّة، قالت الجنّة: اللّهمّ هبني له، وإذا قال: اللّهمّ صلّ على محمّدؐ وآل محمّدؐ، قال الملك الّذي، عند رأسي: يامحمّدؐ إن فلان بن فلان صلّى عليك، فأقول: صلّى الله عليه كما صلّى علّي. (۲): امیر المؤمنینؑ نے رسالتمآبؐ سے نقل کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: چار چیزیں ہماری شفاعت کریں گی جنت، جہنم، حور العین اور وہ فرشتہ جو میری قبر کے سرھانے موجود رہتا ہے پس جب کوئی شخص میری امت سے یہ کہتا ہے: اے بار الٰہا! میری حور العین سے شادی کر دے تو حور العین اس کے جواب میں کہتی ہے ہماری اس سے شادی کر دے اور جب انسان کہتا ہے بار الٰہا! مجھے جہنم سے نجات عطا فرما تو اس کے جواب میں جہنم کہتی ہے مجھے اس سے دور رکھ، اور جب وہ اللہ تعالیٰ سے جنت کا سوال کرتا ہے تو اس کے جواب میں جنت کہتی ہے مالک مجھے اس کو عطا فرما دے اور جب وہ شخص محمدؐ اور اس کی آل پاک پر درود بھیجتا ہے تو وہ فرشتہ جو میرے سرھانے موجود ہے تو کہتا ہے! یا رسول اللہ! فلان شخص نے آپؐ پر صلوات بھیجی ہے تو میں اسے کے جواب میں کہتا ہوں بار الٰہا! جس طرح اس نے مجھ پر صلوات بھیجی ہے تو بھی اسی طرح اس پر صلوات نازل فرما۔

حدیث ۳: عن أبي جعفرؑ قال: إنّ ملكاً من الملائكة سأل الله أن يعطيه سمع العباد، فأعطاه، فذلك الملك قائم حتّى تقوم الساعة ليس أحد من المؤمنين يقول: صلّى الله على محمّدؐ وآلهؐ وسلّم إلاّ وقال الملك: وعليك السلام، ثمّ يقول الملك: يارسول الله! إنّ فلانا يقرئك السلام، فيقول رسول الله صلّى الله وعليه وسلّم كما صلّى وسلّم علّي (۳): امام محمد باقرؑ سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ فرشتوں میں سے ایک فرشتہ نے

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ مجھے انسان کی بات کو سننے کی طاقت عطا فرما پس خداوند متعال نے اسے عطا فرمائی پس وہ فرشتہ قیام قیامت تک اس قوت سماعت پر باقی رہے گا اور جب مؤمنین میں سے ایک بھی آنحضرتؐ پر صلوات وسلام بھیجتا ہے تو فرشتہ اس کا جواب سلام دیتا ہے پھر وہ فرشتہ کہتا ہے اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کہ فلاں شخص آپؐ پر سلام بھیج رہا ہے تو میں بھی اس کے جواب میں کہتا ہوں بارالہا! تو بھی اس پر درود وسلام بھیج، جس طرح اس نے مجھ پر بھیجے ہیں۔

حدیث ۴: عن أبی عبداللّٰہؑ: وکّل اللّٰہ بقبر النبیؐ ملکاً یقال له: ظهلیل، إذا صلّی علیه أحدکم سلم علیه قال: یارسول اللّٰہ! فلان سلّم علیک وصلّی علیک قال: فیرد النبیؐ السلام. (۴): امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ خداوند متعال نے قبر نبیؐ پر ایک فرشتہ کو مامور کیا ہے جس کا نام ظہلیل ہے پس جب بھی کوئی شخص آنحضرتؐ پر درود وسلام بھیجتا ہے تو وہ فرشتہ آنحضرتؐ کو عرض کرتا ہے کہ فلاں شخص نے آپؐ پر درود وسلام کو بھیجا ہے تو پھر آنحضرتؐ بھی اس پر درود وسلام کو بھیجتے ہیں۔

حدیث: ۵ عن ابی عبداللّٰہؑ قال: أربعة تواسع، الخلائق: النبیؐ وحور العین، والجنّة، والنار، فما من عبد یصلّي علی النبیؐ ویسلّم علیه إلاّ بلغه ذلک والحدیث طویل أخذنا منه موضع الحاجة. (۵): امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ چار چیزیں ہیں جو خلائق کی بات کو سنتے ہیں، آنحضرتؐ، حورالعین، جنت اور جہنم ہیں پس کوئی شخص بھی نبیؐ پر درود وسلام نہیں بھیجتا مگر فرشتہ آنحضرتؐ تک اس کو پہنچاتا ہے، (حدیث طولانی تھی لیکن مورد بحث کو ہم نے اس سے حاصل کیا ہے) ح ﴿۱۶﴾

(۱۷) الصلوٰة أفضل الأعمال وأشرفها

﴿ذکر صلوات افضل ترین عمل﴾

حدیث ۱: قال قلت لأبي عبداللّٰہؑ إنّي دخلت البیت ولم یحضرني شيء من الدعاء إلاّ الصلوٰة علی محمدؐ وآل محمدؐ فقال: لم یخرج أحد بأفضل ممّا خرجت به (۱): ایک شخص نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کی یابن رسول اللہؐ جب میں گھر جاتا ہوں اور ذہن میں کوئی دعا

نہیں آتی، تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اس کی پاک آل علیہم السلام پر صلوات بھیجتا ہوں تو حضرتؑ نے اس کے جواب میں فرمایا کہ کوئی بھی تمہارے اس مقام ومنزلت کو نہیں پہنچ پائے گا۔

حدیث ۲: الامام أبو محمّد العسکریؑ قال: إن أشرف أعمال المؤمنین فی مراتبهم الّتی قد رتّبوا فیها من الثری إلی العرش الصلوٰة علی محمدؐ وآله الطیبینؐ، واستدعاء رحمة اللّٰہ ورضوانه لشیعتهم المتّقین واللعن للمتابعین لأعدائهم المجاهرین المنافقین، وانّ اللّٰہ وکلّ ملک وهو یبلّغ الصلوٰة بالنبیؐ (۲).

امام حسن عسکریؑ نے فرمایا: تحت الثریٰ سے لے کر عرش معلیٰ تک مؤمنین کے نیک اعمال میں سے افضل ترین عمل محمدؐ اور اس کی پاک آلؑ ہر درود وسلام ہیں اور اللہ تعالیٰ سے طلب رحمت کرنا اور متقین شیعوں کے لئے درجات کی بلندی کو طلب کرنا اور ان پر ظلم کرنے والے دشمنوں پر لعنت بھیجنا ہے اور خداوند متعال نے ایک فرشتہ کو مامور کیا ہے کہ اس صلوات وسلام کو نبی اکرمؐ تک پہنچائے۔

حدیث ۳: قال رسول اللّٰہؐ: إنّ اللّٰہ تعالیٰ وکّل بقبري ملکاً أعطاء اللّٰہ أسماء الخلائق کلّها، فلا یصلّي علیّ أحد الی یوم القیامة إلّا بلغني اسمه وقال: یارسول اللّٰہؐ إنّ فلان بن فلانة صلّی علیک. (۳): رسالتمآبؐ نے فرمایا کہ بے شک خداوند متعال میری قبر پر ایک فرشتے کو مامور کرے گا اور اس کو تمام خلائق کے اُسماء عطا فرمائے گا پس کوئی بھی قیامت تک مجھ پر صلوات نہیں بھیجے گا مگر اس کا نام میرے تک پہنچ جائے گا اور پھر وہ فرشتہ کہے گا اے اللہ کے رسولؐ فلان بن فلان نے آپؐ پر درود وسلام بھیجے ہیں،، ح ﴿۱۷﴾

(۱۸) الصلوٰة علی النّبيؐ یوجب إجابة الدعاء

﴿ذکر صلوات اجابت دعا کا سبب﴾

حدیث ۱: أخرج الدیلمي: أنّه قال: کل الدعاء محجوب حتّی یصلّی علی محمدؐ وأهل بیتهؑ اللّٰهم صلّ علی محمدؐ وآلهؐ (۱): روایت ہے کہ ہر دعا ٹھہر جاتی ہے جب تک محمدؐ واہل بیت علیہم السلام پر صلوات نہ بھیجی جائے،،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

حدیث ۲ :قال علی علیہ السلام،قال رسول اللہؐ:الدعاء محجوب،عن اللہ عزّوجلّ تصلی علی محمدؐ و آل بیتہٖ. (۲):امیرالمؤمنینؑ رسالتمآبؐ سے نقل کرتے ہیں کہ دعا خداوندمتعال سے اس وقت تک پردے میں رہتی ہے جب تک اور اس کی اہلبیتؑ پر درود نہ بھیجا جائے،،

حدیث ۳:قال رسول اللہؐ:الدعاء بعدالصلوٰۃ علیّ لایرد .:رسالتمآبؐ کا ارشاد ہے کہ دعا صلوات کے بعد رد نہیں ہوتی،،(۳)

حدیث ۴:وعن عائشہ قالت:من صلّ علی رسول اللہؐ عشر مرّات وصلّی رکعتین:ودعا اللہ تعالیٰ تقبل صلاتہ وتقضی حاجتہ ودعاؤہ مقبول غیرمردود (۴):حضرت عائشہ نقل کرتی ہیں کہ جو شخص رسالتمآبؐ پر دس مرتبہ صلوات بھیجے اور دو رکعت نماز ادا کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا طلب کرے تو خداوندمتعال اس کی دعا کو قبول کرتا ہے اور اس کی حاجت کو پورا فرماتا ہے اور اس کی دعا مقبول ہوتی ہے اور کبھی رد نہیں ہوتی،،

حدیث ۵:قال علی علیہ السلام قال رسول اللہؐ:صلاتکم علیّ محوزۃ لدعائکم ومرضاۃ لربّکم وزکاۃ لابدانکم. (۵):حضرت امیرالمؤمنین علیہ السلام رسالتمآبؐ سے نقل کرتے ہیں تمہاری صلوات تمہاری دعاؤں کے لئے حرز وامان کا سبب ہے،اور رضاالٰہی کی خوشنودی ہے اور تمہارے جسموں کی زکاۃ ہے۔

حدیث ۶ :قال رسول اللہؐ مامن دعاء اِلاّ بینہ وبین السمّاء حجاب،حتّی یصلّی علی محمدؐ وعلی آل محمدؐ،فاذا فعل ذلک انخرق ذلک الحجاب ودخل الدّعاء،واذا لم یفعل ذلک رجع ذلک الدعاء. (۶):رسالتمآبؐ کا ارشاد ہے کہ کوئی بھی دعا نہیں ہے کہ اس کے اور آسمان کے درمیان پردہ حائل نہ ہو جب تک محمدؐ اور اس کی پاک آلؑ پر درود نہ بھیجا جائے جب وہ صلوات پڑھے گا تو وہ حجاب ہٹ جاتا ہے اور دعا عرش کی طرف چلی جاتی ہے اور جب وہ ذکر صلوات نہیں کرتا تو دعا واپس لوٹ جاتی ہے،،

حدیث:۷قال ابی عبد اللہ علیہ السلام: قال رسول اللہؐ لا تجعلونی کقدح الراکب فان الراکب یملا قدحہ فیشربہ اذا شاء اجعلونی فی اوّل الدعاء و فی آخرہ و فی وسطہ(۷)

امام جعفرصادق علیہ السلام فرماتے ہیں:رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اونٹ سوار کی مشک کی طرح قرار نہ دو،کیونکہ اونٹ سوار پانی کو مشک میں بھر لیتا ہے تاکہ جب چاہئے اس پانی سے پیاس بجھا لے،بلکہ مجھے دعا سے پہلے،بعد اور درمیان میں قرار دیا جائے،،

حدیث۸:عن ابی عبداللہؑ قالؑ: قال رسول اللہؐ:صلاتکم علیّ اِجابۃ لدعائکم وزکاۃ لاعمالکم. (۸):امام جعفرصادق علیہ السلام رسالتمآبؐ سے نقل کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا ہم پر تمہاری صلوات تمہاری دعا کی اجابت کا سبب ہے اور تمہارے اعمال کے لئے زکات ہے،،

حدیث ۹ :وفیہ:فیما علّم أمیر المؤمنین علیہ السلام أصحاب من الأربع مائۃ باب ممّا یصلح للمسلم فی دینہ ودنیاہ:صلوا علی محمدؐ آل محمدؐ؛فان اللہ تعالیٰ یقبل دعائکم،عندذکر محمدؐ ودعاء کم وحفظکم ایاہ اذا قرأتم:﴿انّ اللہ وملائکتہ یصلّون علی النبیّ﴾فصلّوا علیہ فی الصلاۃ کنتم أوفی غیرھا (۹). :حضرت امیرالمؤمنین علیہ السلام نے اپنے اصحاب کو چار سو علوم الٰہی کے ابواب تعلیم فرمائے ان سب سے ایک باب میں ہر مسلمان کے لئے دین ودنیا کی بھلائی تھی وہ محمدؐ اور اس کی پاک آلؑ پر صلوات تھی پس بے شک اللہ تعالیٰ اس صلوات کے صدقے سے تمہاری دعاؤں کو قبول فرمائے گا اور تمہیں اپنی حفظ وامان میں رکھے گا جب تم اس آیت کریمہ ﴿انّ اللہ وملائکتہ یصلّون علی النّبیّ﴾ کی تلاوت کرو گے اور تم نماز اور نماز کے علاوہ آنحضرتؐ پر درود وسلام بھیجو گے"

حدیث ۱۰ :قال ابی عبدا للہ علیہ السلام:لا یزال الدعاء محجوبا حتی یصلی علی محمدؐ و آل محمدؐ (۱۰): امام جعفرصادق علیہ السلام فرماتے ہیں:دعا اور اس کی قبولیت میں پردہ حائل ہوتا ہے جب تک محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اسکی آل پاک پر صلوات نہ بھیجی جائے تب تک وہ پردہ حائل ہی رہتا ہے،،

حدیث ۱۱ :قال أبو عبداللہ علیہ السلام:من کانت لہ صلّی اللہ عزّوجلّ حاجۃ فلیبدأ بالصلوٰۃ علی محمدؐ وآلہٖ،ثمّ یسأل حاجتہ ثمّ یختم بالصلوٰۃ علی محمدؐ وآل محمدؐ،فانّ اللہ عزّوجلّ أکرم من أن یقبل الطرفین ویدع الوسط،اذ کانت الصلوٰۃ علی محمدؐ وآل محمدؐ لاتحجب (۱۱):حضرت امام جعفرصادق علیہ السلام فرماتے ہیں جس

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

کوخداوند سے طلب حاجت کرنی ہے اسے چاہیے کہ وہ اپنی دعا کو صلوٰۃ محمدؐ وآلہؑ سے شروع کرے پھر اپنی حاجت کو طلب کرے اور اپنی حاجت کو محمدؐ وآلہؑ سے ختم کرے خداوند متعال جس دعا کے اوّل وآخر کو قبول کرے اور اس کے وسط میں دعا ہو تو وہ دعا کبھی واپس لوٹ نہیں سکتی۔

حدیث ۱۲ :قال الامام الصادق علیہ السلام :اذا دعا أحدكم فليبداء بالصلوٰة على النبيؐ مقبولة ولم يكن الله يقبل بعض الدعاء وبرد بعضاً (۱۲):امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں تم میں سے جو شخص بھی دعا کو صلوات نبیؐ سے شروع کرے تو وہ دعا مقبول ہے اور یہ ممکن نہیں کہ خداوند متعال کچھ دعا کو قبول کرے اور کچھ کو رد کردے،،

حدیث ۱۳ :قال أبو عبدالله:إذا أردت أن تدعو فمجد الله عزّوجلّ واحدة،وسبعه وهلّله واثن عليه وصلّ على محمّد النبيّ وآله،ثمّ سلّ تعط.(۱۳):حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو کوئی تم میں سے خداوند متعال سے حاجت طلب کرنا چاہتا ہے اسے چاہئے کہ پہلے خدا وحدہ لاشریک کی حمد وثنا کرے اور اس کی تسبیح وتہلیل کرے پھر محمدؐ اور اس کی پاک آلؑ پر درود وصلوات بھیج کر اللہ تعالیٰ سے سوال کرے گا تو خداعزّ وجل اسے عطا کرے گا،،

حدیث ۱۴ :عن ابی بصیر قال سالت ابا عبد اللہؑ ما معنی اجعل صلواتی کلها لک فقال یقدمه بین یدی کل حاجه فلا یسال اللہ عزوجل شیئا حتی یدابا لنبیؐ فیصلی علیه ثم یسال اللہ حوائجه(۱۴):امام جعفر صادقؑ سے سوال کیا گیا مولا!(اجعل صلواتی کلها لک؟) کا کیا معنی ہے،حضرتؑ نے فرمایا تمام حاجات کو رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے لایا جاتا ہے جب کوئی شخص حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوات بھیجتا ہے تب خداوند متعال اسکی حاجات کی طرف نظر رحمت فرماتا ہے،،

حدیث ۱۵ :عن ابی عبد اللہؑ قال من قال (یا رب صلّ علی محمدؐ و آل محمدؐ) مائة مرة قضیت له مائة حاجه ثلاثون للدنیا و الباقی للاخرة(۱۵)امام جعفر صادقؑ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل فرماتے ہیں،جو شخص ایک مرتبہ (یا رب صلّ علی محمدؐ و آل محمدؐ) کہے گا خداوند متعال انکی ایک سو حاجات کو پورا فرمائے گا جسمیں تیس اس دنیا میں اور بقیہ آخرت میں پوری ہوں گی،،

حدیث ۱۶ :عن ابی عبد اللہؑ قال من دعا و لم یذکر النبیؐ رفرف الدعاء علی راسه فاذکر ذکر النبیؐ رفع الدعاء"امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں:جو شخص دعا کرتا ہے لیکن رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوات نہیں بھیجتا تو اسکی دعا اس کے سر کا چکر لگاتی رہتی ہے جب تک وہ صلوات نہیں بھیجتا،ح﴿۱۸﴾

(۱۹)الصلوٰة تعدل عند الله التسبيح و التحليل و التكبير

﴿ذکر صلوات اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتہلیل وتکبر کے مساوی ہے﴾

حدیث ۱ :عن النبيؐ انّه قال: لمّا خلق الله تعالىٰ العرش خلق سبعين الف ملك،وقال لهم:طوفوا بعرش النور وسبحوني واحملوا عرشي فطافوا وسبحوا وارادوا أن يحملوا العرش فما قدروا فقال لهم الله:طوفوا بعرش النور فصلّوا على نور جلالي محمّدؐ حبيبي واحملوا عرشي،فطافوا بعرش الجلال وصلّوا على محمّدؐ وحملوا العرش فأطاقوا حمله فقالوا:ربّنا أمرتنا تسبيحك وتقديسك،فقال لهم الله:يا ملائكتي!إذا صلّيتم على حبيبي محمّدؐ فقد سبحتموني وقدّستموني وهللتموني.(۱):رسالتمآبؐ ارشاد فرماتے ہیں کہ جب خداوند متعال نے عرش کو خلق فرمایا تو اس کے ساتھ ستر ہزار(۷۰،۰۰۰)فرشتوں کو بھی خلق فرمایا پھر ان کے لئے حکم فرمایا کہ عرش نور کا طواف کرو اور اس کی تسبیح کرو اور میرے عرش کو اٹھاؤ پھر تم طواف کرو اور میری تسبیح وتقدیس کرو،جب انھوں نے عرش کو اٹھانا چاہا تو ان میں یہ قدرت وطاقت نہیں تھی تب خداوند متعال نے حکم دیا کہ تم نور کے عرش کا طواف کرو پھر ربّ عزت وجلال نے حکم دیا کہ نور محمدؐ جو میرا حبیب ہے اس پر درود وسلام بھیجو پھر میرے عرش کو اٹھانے کی کوشش کرو پھر انھوں نے ایسا ہی کیا اس کے عرش جلال کا طواف کیا اور محمدؐ پر درود وسلام بھیجا تب عرش کو اٹھایا تو وہ اٹھ گیا اور ان میں عرش کو اٹھانے کی طاقت آگئی پھر انھوں نے کہا اے ہمارے ربّ!تم نے ہمیں اپنی تسبیح وتقدیس کا حکم دیا تھا تو خداوند ربّ العزت نے انھیں جواب دیا اے میرے ملائکہ!جب تم میرے حبیب محمدؐ پر صلوات بھیجتے ہو تو وہ مثل اس کے ہے کہ تم نے میری تسبیح وتقدیس تہلیل کی ہے۔

حدیث ۲ :عن ابی عبد اللہ البرقی یرفعه الی أبي عبدالله علیہ السلام:قالؑ:قال له رجل:جعلت

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

فداک أخبرني، عن قول اللّٰه تبارک وتعالیٰ وما وصف من الملائکة: ﴿یسبّحون اللیل والنّهار لایفترون﴾ ثمّ قال: ﴿إنّ اللّٰه وملائکته یصلّون علی النبیّ یاایّها الّذین آمنوا صلّوا علیه وسلّموا تسلیماً﴾ کیف لایفترون وهم یصلّون علی النّبیّ؟ فقال أبو عبداللّٰهؑ: إنّ اللّٰه تبارک وتعالی لمّا خلق محمّدً أمر الملائکة فقال: انقصوا من ذکري بمقدار الصلوٰة علی محمّدً، فقول الرّجل صلّی اللّٰه علی محمّدً في الصّلاة مثل قوله سبحان اللّٰه والحمد للّٰه ولا إله إلاّ اللّٰه واللّٰه أکبر (۲) ترجمہ: حضرت امام جعفر صادقؑ سے عبداللہ برقی نقل کرتے ہیں کہ حضرتؑ کے پاس ایک شخص آیا اور عرض کی: آقا! اس آیت کریمہ ﴿یسبّحون اللیل والنّهار لایفترون﴾ اور ﴿إنّ اللّٰه وملائکته یصلّون علی النّبیّ یاایّها الّذین آمنوا صلّوا علیه وسلّموا تسلیماً﴾ کی کیا تفسیر ہے؟ تو حضرتؑ نے فرمایا: جب خداوند متعال نے نور محمدؐ کو خلق فرمایا تو ملائکہ کو حکم دیا کہ میرے ذکر سے تم کچھ کم کرو اور اتنی مقدار میں محمدؐ و اس کی آلؑ پر صلوات بھیجو، تب اس شخص نے کہا کہ پھر صلوات ایسے ہی ہے جیسے کہ نماز میں "سبحان اللّٰہ والحمد للّٰہ ولا إله إلاّ اللّٰه واللّٰه أکبر.

حدیث ۳: عن الامام رضاؑ: قال: الصلوٰة علی محمّدً وآل محمّدً تعدل عند اللّٰه عزّوجلّ التسبیح والتهلیل والتکبیر (۳): امام رضاؑ فرماتے ہیں کہ محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوات پڑھنا ایسے ہے جیسا کہ خداوند متعال کی تسبیح و تہلیل و تکبیر کرنا ہے، ح ﴿۱۹﴾

(۲۰) الصلوٰة توجب الغفران: ﴿ذکر صلوات مغفرت کا سبب ہے﴾

حدیث ۱: قال رسول اللّٰهؐ: أتاني جبرئیلؑ یوماً وقال: یامحمّدً! جئتک بشارة لم آت بها أحداً قبلک، وهي أن اللّٰه تعالی یقول لک: من صلّی علیک من أمّتک ثلاث مرّات غفر اللّٰه له إن کان قائماً قبل یقعد وإن کان قاعداً غفر له قبل أن یقوم فعند ذلک خرّ ساجداً للّٰه شاکراً. (۱): رسالتمآبؐ ارشاد فرماتے ہیں کہ میرے پاس ایک دن جبرائیلؑ تشریف لائے اور کہا اے محمدؐ! کیا آپ کو ایسی خوشخبری دوں کہ اس سے پہلے کسی نبی و رسول کو نہیں دی گئی اور وہ خوشخبری یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرما رہا ہے جو شخص آپ کی

آپکی ذات گرامیؐ پر تین مرتبہ صلوات بھیجے گا تو خداوند متعال اس کو بخش دے گا اگر وہ کھڑا ہے تو بیٹھنے سے پہلے اگر وہ بیٹھا ہے تو کھڑے ہونے سے پہلے، پس وہ ذکر صلوات میں ایسے ہے جیسے اللہ تعالی کا شکر کرتے ہوئے سجدے کی حالت میں ہو۔

حدیث ۲: عن جابر بن عبداللّٰه قال: قال رسول اللّٰهؐ: مامن مسلم یقف عشیّة عرفة بالموقف فیستقبل القبلة بوجهه ثمّ یقول: ﴿لا إله إلاّ اللّٰه وحده لاشریک له، له الملک وله الحمد، یحیي ویمیت، وهو علی کلّ شيء قدیر﴾ مائة مرّة، ثمّ یقرأ: ﴿قل هو اللّٰه أحد﴾ مائة مرّة ثمّ یقول: ﴿اللّٰهم صلّ علی محمّدً وعلی آل محمّدً کما صلّیت علی ابراهیمؑ وآل ابراهیمؑ انک حمید مجید وعلینا معهم﴾ مائة مرّة، إلاّ قال اللّٰه تعالی: یاملائکتي! ماجزاء عبدي هذا سبحني وهللني وکبرني وعظمني وعرفني وأثني علیّ وصلّی علی نبیّي، اشهدوا ملائکتي أنّي قد غفرت له وشفعته في نفسه، ولو سألني عبدي هذا لشفعته في أهل الموقف (۲): جابر ابن عبد انصاری رسالتمآبؐ سے نقل کرتے ہیں رسالتمآبؐ فرماتے ہیں: اگر کوئی مسلمان عرفات کے میدان میں عرفہ کی رات کو رو بقبلہ ہو کر سو مرتبہ ﴿لا إله إلاّ اللّٰه وحده لاشریک له، له الملک وله الحمد، یحیي ویمیت، وهو علی کلّ شيء قدیر﴾ پھر ﴿قل هو اللّٰه أحد﴾ کو سو مرتبہ کہے پھر مذکورہ بالا صلوات کو ایک سو مرتبہ پڑھے، ابھی اس کا ذکر ختم نہیں ہوا ہوتا کہ خداوند متعال اپنے ملائکہ کو حکم دیتا ہے کہ میرے اس بندے کی کیا جزا ہے جس نے میری تسبیح و تہلیل و تکبیر کی اور مجھے میری عظمت و بزرگی اور حمد و ثنا سے یاد کیا اور میرے حبیبؐ پر صلوات بھیجی، اے ملائکہ! تم گواہ رہنا، میں نے اسے بخش دیا ہے اور قیامت کے دن اس کی اپنی ذات کے لئے سفارش قبول کروں گا اور یاد رکھو! اگر اس میرے بندے نے مجھ سے یہ حاجت طلب کی ہوتی کہ قیامت کے دن تمام اہل عرفات کے لئے اسے شفیع قرار دے دوں، تو میں اس کی اس حاجت کو قبول کر لیتا۔

حدیث ۳: الطبراني وابن مردویه وابن النجّار، عن الحسن بن علیؑ قال: قالوا: یارسول اللّٰهؐ أرایت قول اللّٰه: ﴿إنّ اللّٰه وملائکته یصلّون علی النّبي﴾؟ قال: إنّ هذا

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

لمن المكتوم ولولا انكم سألتموني، عنه ما أخبرتكم أنّ الله وكلّ بي ملكين لا أذكر، عند عبد مسلم فيصلّي عليّ إلاّ قال ذلك الملكان: غفر الله لك، وقال الله وملائكته جوابا لذينك الملكين: آمين، ولا أذكر، عند عبد مسلم فلا يصلّي عليّ إلاّ قال ذلك الملكان لا غفر الله لك، وقال الله وملائكته لذينك الملكين: آمين. (۳): امام حسن ابن علی علیہ السلام رسالتمآبؐ سے نقل کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ سے لوگوں نے سوال کیا کہ ﴿إنّ اللّٰه وملائكته يصلّون على النبي ...﴾ سے کیا مراد ہے تو آنحضرتؐ نے فرمایا اس آیت کریمہ کے بارے میں اگر تم مجھ سے سوال نہ کرتے تو میں آپ کو یہ نہ بتاتا کہ خداوند متعال نے میرے لئے دو فرشتوں کو مامور قرار دیا ہے کہ جو شخص جونہی مجھ پر صلوات بھیجتا ہے تو فوراً یہ فرشتے خداوند متعال سے مغفرت کی دعا کرتے ہیں تو خداوند متعال ان فرشتوں کے جواب میں خود اور تمام ملائکہ (آمین) کہتے ہیں، اسی طرح جو شخص مجھ پر سلام نہیں بھیجتا مگر وہ دو فرشتے اس کی مغفرت کی دعا خداوند متعال سے کرتے ہیں تو تمام ملائکہ اور خداوند متعال اس کے جواب میں (آمین) کہتے ہیں،،

حدیث ۴: قال رسول اللّٰهؐ: إنّ لله ملائكة سيّاحين في الأرض يبامون الصلوٰة عليّ أمّتي فاستغفر لهم (۴): رسالتمآبؐ ارشاد فرماتے ہیں کہ خداوند متعال نے زمین کے لئے کچھ فرشتوں کو سیاح قرار دیا ہے جو گھومتے پھرتے رہتے ہیں اور جو شخص میری امت سے مجھ پر صلوات بھیجتا ہے تو وہ اس کے لئے استغفار کرتے ہیں،،

حدیث ۵: روی عن جابر قال: قال رسول اللّٰهؐ: من أصبح وأمسى وقال: اللّٰهمّ ياربّ محمّدٌ وآل محمّدٌ صلّ على محمّدٌ وآل محمّدٌ واجز محمّدٌ ماهو أهله، أتعب كاتبيه ألف صباح ولم يق لنبيّه محمّدٌ حقّ إلاّ أدّاه إيّاه وغفر له ولوالديه وحشر مع محمّدٌ وآل محمّدٌ. (۵): جابر ابن عبداللہ انصاری رسالتمآبؐ سے نقل کرتے ہیں کہ جو شخص صبح و شام مذکورہ بالا صلوات کا ذکر کرے گا اس نے ایسے ذکر کیا ہے کہ جیسے اس نے ہزار صبح و شام کو یہ کام انجام دیا ہے اور اس نے رسالتمآبؐ کا جو اس پر حق تھا اس کو ادا کر دیا، خداوند اس کو اور اس کے والدین کو بخش دیتا ہے اور اس کو محمدؐ و آل محمدؐ کے ساتھ محشور کرے گا۔

حدیث ۶: عن انس بن مالک قال: قال النبيؐ: من قال: اللّٰهم صلّ على محمّدٌ وآل محمّدٌ وكان قاعداً غفر الله له قبل أن يقوم، وإن كان قائماً غفر له قبل أن يقعد (۶): انس بن مالک رسالتمآبؐ سے نقل کرتے ہیں کہ جو شخص محمدؐ اور اس کی آلؑ پر صلوات بھیجے گا اگر وہ بیٹھا ہوگا تو کھڑے ہونے سے پہلے اور اگر وہ کھڑا ہوگا تو بیٹھنے سے پہلے خداوند متعال اس کو بخش دے گا۔

حدیث ۷: عن أبي عبدالله علیہ السلام: قال: من قال: ياربّ البتة فقال كذا (۳۲) مرّة صلّ على محمّدٌ اهل بيتهٌ، عفا اللّٰه له البتة، فقلت له: قال رسول اللّٰهؐ البتة؟ فقال: كذا قال رسول اللّٰهؐ (۷): امام جعفر صادق علیہ السلام: فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ کہے (یاربّ) پھر ۳۲ مرتبہ محمدؐ اور اس کی آلؑ پر صلوات بھیجے بے شک خداوند متعال اس کے گناہوں کو بخش دے گا (تو سائل نے سوال کرتے ہوئے کہا) یا ابن رسول اللہؐ، رسول اللہؐ نے ایسے ہی فرمایا ہے حضرتؑ نے کہا: بے شک ایسے ہی فرمایا ہے۔

حدیث ۸: قال امير المؤمنين علیہ السلام: قال الصلوٰة على النبيّ أمحق للخطايا من الماء للنار، والسلام على النبيّ أفضل من عتق (عشر نل) رقاب وحبّ رسول اللّٰهؐ أفضل من مهج الأنفس أو قال: ضرب السيوف في سبيل الله (۸): حضرت امیر المؤمنینؑ فرماتے ہیں محمدؐ پر صلوات پڑھنا ایسے ہے جیسے آگ کے لئے پانی، اور آنحضرتؐ پر سلام بھیجنا دس غلاموں کو آزاد کرنے سے زیادہ ثواب ہے اور آنحضرتؐ کی محبت دلوں کو خوش کرنے یا، اللہ کی راہ میں تلوار چلانے سے افضل ہے۔

حدیث ۹: باسناده، عن الرضا علیہ السلام: قال: من لم يقدر على مايكفّر به ذنوبه فليكثر من الصلوٰة على محمّدٌ وآلهٌ فانها تهدم الذنوب هدماً (۹): امام رضا علیہ السلام: فرماتے ہیں جو شخص اپنے گناہوں کو معاف کرانے کی قدرت نہیں رکھتا، اسے چاہئے کہ محمدؐ و آل محمدؐ پر کثرت سے صلوات بھیجے کیونکہ صلوات گناہوں کو معدوم کر دیتی ہے۔

حدیث ۱۰: عن الباقر عن آبائهٌ قال ورحمة الله وبركاته قال فقلت فما ثواب من صلّى على النبيّ وآلهٌ بهذه الصلواة قالٌ الخروج من الذنوب والله كهيئه يوم ولدته امه (۱۰)

امام باقرؑ اپنے والدین گرامی سے روایت کرتے ہیں، جو صلوات (اللّٰهم صلى على محمدٌ وآلهٌ)

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اس طرح پڑھے گا، وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو جائے گا جس طرح ابھی اپنی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے۔

حدیث ۱۱ قال امام رضا علیہ السلام: من لم یقدر علی ما یکفر به ذنوبه فلیکثر من الصلوٰة علی محمدٍ و آلهٖ، فانها تهدم الذنوب هدماً (۱۱) امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں: جو کچھ اپنے گناہوں کو معاف کرانے کی قدرت نہیں رکھتا پس اسے چاہئے کہ بہت ہی کثرت کے ساتھ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اسکی پاک آلؑ پر صلوات بھیجے تاکہ اس کے گناہ مٹ جائیں۔ ح ﴿۲۰﴾

(۲۱) الصلوٰة موجب لازدیاد المال و حفظه

﴿ذکر صلوات رزق میں برکت کا باعث ہے﴾

حدیث ۱: في حدیث طویل (ذیل قصة ذبح البقره) فأوحی الله إلیه: یاموسیٰ! قل لبني اسرائیل: من أحب منکم أن أطیّب في الدنیا عیشه، وأعظّم في جنّاتي محلّه، وأجعل لمحمّدٍ و آله الطیبین فیها منادمته، فلیفعل کما فعل هذا الفتی إنّه کان قد سمع من موسی بن عمران ذکر محمّدٍ و علیٍّ و آلهما الطیبین، فکان علیهم مصلّیاً، ولهم علی جمیع الخلائق من الجنّ والإنس والملائکة مفضلاً، فلذلک صرفت إلیه هذا المال العظیم لیتنعّم بالطیّبات، ویتکرّم بالهبات والصلوٰة، ویتحبب بمعروفه الی ذوي المودّات، ویکبت بنفقاته ذوي العداوات، قال الفتی: یانبي الله! کیف أحفظ هذه الأموال؟ أم کیف أحذر من عداوة من یعادیني فیها وحسد من یحسدني لاجلها؟ قال: قل علیها من الصلوٰة علی محمّدٍ و آله الطیبین ما کنت تقوله قبل ان تنالها، فإنّ الّذي رزقکها بذلک القول مع صحّة الاعتقاد یحفظها علیک ایضاً. (۱): حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں گائے والے قصے کے سلسلے میں ایک لمبی طولانی حدیث ہے اس میں سے مورد بحث حصہ کو ہم لیتے ہیں کہ حضرت موسیٰؑ کو خداوند متعال نے وحی کی اے موسیٰؑ! تم میں سے کون یہ چاہتا ہے کہ دنیا میں اچھی زندگی بسر کرے اور جنت میں اس کا بہت بڑا محل ہو اسے چاہئے محمدؐ اور اس کی آل پاکؑ کو دل میں یاد کرے پس جس

طرح اس جوان نے اپنے نبی حضرت موسیٰؑ سے سن کر محمدؐ و علیؑ اور ان کی آل طاہرینؑ پر صلوات بھیجی اور ان کو تمام جن و انس کی مخلوق سے افضل سمجھا اور اس کی تبلیغ و ترویج کے لئے اپنے اموال کو خرچ کیا اور دشمنوں سے اپنے مال و اسباب کو محفوظ رکھا، اس جوان نے سوال کیا اے اللہ کے نبیؑ! میں اس مال کی کس طرح حفاظت کروں ان لوگوں سے جو اس مال کی وجہ سے مجھ سے دشمنی اور حسد کرتے ہیں تو حضرتؑ نے فرمایا: جب بھی تمہاری ان سے ملاقات ہو اور اس مال و غیرہ کے بارے میں سوال کریں تو ذکر صلوات کیا کرو اس سے ایسا ہی کیا جس کی بدولت خداوند متعال نے اس مال کی حفاظت بھی کی اور اس میں برکت بھی عطا فرمائی۔ ح (۲۱)

(۲۲) الصلوٰة توجب القضاء الحوائج

﴿ذکر صلوات حاجات کی برآوری کا سبب ہے﴾

حدیث ۱: قال انس بن مالک عن النبيؐ قال: من کانت له حاجة إلی الله، فلیسبغ الوضوء ولیصلّ رکعتین یقرأ في الأولی بفاتحة الکتاب و آیة الکرسي، وفی الثّانیة بالفاتحة و آمن الرّسول، ثمّ یتشهّد ویسلّم ویدعو بهذا الدّعاء: اللّهمّ یامونس کلّ وحید، ویاصاحب کلّ فرید، ویاقریباً غیر بعید، ویاشاهداً غیر غائب، ویا غالباً غیر مغلوب، یاحيّ یاقیوم، یاذاالجلال، یابدیع السّماوات والأرض، أسالک باسمک الرّحمان الرّحیم، الحيّ القیّوم الّذي عنت له الوجوه، وخشعت له الأصوات، ووجلت له القلوب من خشیته، أن تصلّي علی محمّدٍ و علی آل محمّدٍ و أن تفعل بي کذا، فإنّه یقضي حاجته (۱): انس بن مالکؓ سے نقل کرتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کو خداوند متعال سے حاجت رکھتا ہو تو اسے چاہئے وضو کر کے دو رکعت نماز بجالائے پہلی رکعت میں حمد کے بعد آیۃ الکرسی اور دوسری رکعت میں حمد کے بعد (آمن الرسول بما انزل ...) والی آیت کی تلاوت کرے پھر تشہد بجالائے پھر سلام کے بعد رب العزت سے دعا کرے پھر مذکورہ بالا دعا پڑھے اور پھر صلوات پڑھے تو خداوند متعال اس کی حاجت کو پورا فرمائے گا جو بھی وہ دعا مانگے گا۔

حدیث ۲: أخرجه الدیلمي في مسنده، و أبو القاسم التیمي في ترغیبه، (اربعین مخطوط، الحدیث

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

السادس عشر): قال رسول اللّٰہؐ وآلہؑ: من جعل عبادته الصلوٰة عليّ قضى اللّٰه له حاجة الدنيا والآخرة.(۲)

:رسالتمآبؐ فرماتے ہیں جومجھ پرصلوات کواپنی عبادت قراردے خداوندمتعال اس کی دنیا اورآخرت کی حاجات کوپورافرماتاہے،،

حدیث ۳: قال: سمعت أباعبداللّٰهؑ يقولؑ: من قال في دبر كلّ صلاة الصبح وصلاة المغرب قبل أن يثني رجليه أويكلم أحداً: ﴿إنّ اللّٰه وملائكته يصلّون على النبيّ ياايّها الّذين آمنوا صلّوا عليه وسلّموا تسليماً﴾ اللّٰهمّ صلّ على محمّدؐ وذريته قضى اللّٰه له مائة حاجة سبعين في الدنيا وثلاثين في الآخرة قال: قلت: مامعنى صلوة اللّٰه وملائكته وصلوة المؤمن قال صلوات اللّٰه رحمة من اللّٰه وصلوة الملائكة تزكية منهم له وصلوة المؤمنين دعاء منهم له(۳)

:حضرت امام جعفرصادق علیہ السلام فرماتے ہیں جوشخص نمازصبح ومغرب کے تمام کرنے کے بعد اپنے پاؤں کوسیدھا کرنے سے پہلے اس آیت کریمہ ﴿إنّ اللّٰه وملائكته يصلّون على النبيّ يا ايّها الّذين آمنوا صلّوا عليه وسلّموا تسليماً﴾ کی تلاوت کرے پھرمحمدؐ وآل محمدؐ پرصلوات بھیجے توخداوندمتعال اس کی ایک سوحاجات کوپورافرماتاہے جس میں تیس آخرت میں اورستر دنیا میں پوری ہوتی ہیں پھرسوال کرنے والے سے حضرتؑ سے سوال کیا کہ صلوات خداوندمتعال کی نسبت سے اورملائکہ اورمؤمنین کی نسبت سے کیامعنی رکھتی ہے! توحضرتؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی صلوات اس کی رحمت ہے اورملائکہ کی صلوات تزکیہ ہے اورمؤمنین کی صلوات ان کے لئے دعاہے۔

حدیث ۴: قال امام رضاؑ في آية الكريمه: ان اللّٰه و ملائكته (۴)

الامام الرضاؑ نے فرمایا: کوئی شخص نمازصبح ومغرب کے بعداس آیت کریمہ (ان اللّٰہ وملائکتہ یصلون النبی) کی تلاوت کرنے کے بعد (اللّٰھم صلّ علی محمدؐ و ذریتہ) کہے توخداوندمتعال اسکی ستر۷۰ دنیاوی اورتیس آخروی حاجات کوپورافرماتاہے۔ح(۲۲)

(۲۳) الصلوٰة تذهب النفاق

﴿ذکرصلوات سے نفاق دورہوتاہے﴾

حديث ۱: عن أبي عبداللّٰهؑ قال سمعت يقول: قال رسول اللّٰهؐ أرفعوا أصواتكم بالصلوٰة عليّ فإنها تذهب بالنفاق(۱): حضرت امام جعفرصادق علیؑ کوفرماتے ہوئے سناہے کہ حضرتؐ نے فرمایا: رسول اللہؐ کاارشادہے صلوات کوبلندآواز سے پڑھاکرواس سے نفاق دورہوتاہے۔

حديث ۲: عن ابی عبدا للّٰهؑ قال قال رسول ا للّٰه صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الصلاة عليّ و على اهل بيتيؑ تذهب با لنفاق: حضرت امام جعفرصادقؑ کوفرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایاجوشخص مجھ پراورمیری آلؑ پرصلوات بھیجے گااس سے نفاق دورہوجائے گا۔ح﴿۲۳﴾

(۲۴) الصلوٰة توجب زوال الوسواس

﴿ذکرصلوات سے وسواس دورہوتاہے﴾

حديث ۱: في حديث، ألا فاذكروا يا اُمّة محمّدٍ محمّداً عند نوائبكم وشدائدكم لينصر اللّٰه به ملائكتكم على الشياطين الّذين يقصدونكم، فإنّ كلّ واحد منكم معه ملك، عن يمينه يكتب حسناته وملك، عن يساره يكتب سيئاته، ومعه شيطان من، عند إبليس يغويانه فمن يجد منكم وسواساً في قلبه، وذكر اللّٰه وقال: لاحول ولاقوة إلاّ باللّٰه العلّي العظيم وصلّى على محمّدٍ وآله الطيبين، خنس الشيطانان.(۱) ح﴿۲۴﴾

”حدیث میں ہے: اے محمدؐ کی امت! مشکلات اورمصیبتوں میں محمدؐ اوراس کی پاک آلؑ کویادکیاکروتاکہ شیاطین کے مقابلے میں ملائکہ تمہاری مدد کریں کیونکہ ہرشخص کے ساتھ دائیں طرف ایک فرشتہ ہوتاہے جونیکیوں کولکھتاہے اورایک فرشتہ بائیں طرف ہوتاہے جوبرائیوں کولکھتاہے اوران کے ساتھ شیطان بھی ہوتاہے جواس شخص کواغواء کرنے کے لئے اس کے دل میں وسواس ڈالتاہے اورجب وہ اللہ کاذکرکرتاہے اور(لاحول ولاقوۃ الاّ باللّٰہ العلّی العظیم) پڑھتاہے اورمحمدؐ اوراس کی آل پاکؑ پرصلوات بھیجتاہے توشیاطین بھاگ جاتے ہیں“

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(۲۵) الصلوٰة توجب التزكية

﴿ذکر صلوات پاکیزگی کا سبب ہے﴾

حدیث ۱: عن أبي هريرة قال: قال رسول اللّٰه صلّوا عليّ فإن صلاتكم عليّ زكاة لكم واسألوا اللّٰه لي الوسيلة. (۱): ابوہریرہ رسالتمآبؐ سے روایت کرتا ہے کہ آنحضرتؐ فرماتے ہیں مجھ پر صلوات بھیجا کرو کیونکہ صلوات تمہارے لئے زکات ہے اور صلوات خداوند متعال سے سوال کرنے کا وسیلہ ہے، ح﴿۲۵﴾

(۲۶) الصلوٰة توجب ردّ اجنحة الملائكة

﴿ذکر صلوات سے ملائکہ کو پر و بال ملتے ہیں﴾

حدیث ۱: قال رسول اللّٰهؐ: إنّ ملكاً أمره اللّٰه تعالى باقتلاع مدينة غضب عليها فرحمها ذلك ولم يبادر الى اقتلاعها فغضب اللّٰه عليه وكسر أجنحته، فمرّ به جبرئيلؑ فشكاله قال اللّٰه فيه فأمره أن يصلّي على النبيّ فصلّى عليه فغفر اللّٰه ورد عليه أجنحته ببركة الصلوٰة على النبيّ (۱): رسالتمآبؐ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ خداوند متعال نے ایک فرشتہ کو حکم دیا کہ فلاں بستی کو نابود کردو اسے اس بستی پر رحم آیا اس نے عذاب دینے میں تاخیر کی تو خداوند متعال اس پر غضبناک ہوا اور اس کے پروں کو توڑ دیا ایک مرتبہ جبرئیلؑ کا وہاں سے گذر ہوا تو اس سے التجا کی اس نے خداوند متعال سے التماس کی تو حکم ملا کہ نبی اکرمؐ پر صلوات بھیجے، اس نے ایسا ہی کیا خداوند متعال نے اس کو بخش دیا اور صلوات کی برکت سے اسے دوبارہ پر و بال نصیب ہوئے۔

حدیث ۲: لب اللباب: وروی ان العمل الصالح هو قال اللّٰهمّ صلّ على محمّدٍ وآل محمّدٍ:

مرحوم قطب الدین راوندی نقل کرتے ہیں کہ نیک عمل محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوات بھیجنا ہے، ح﴿۲۶﴾

(۲۷) الصلوٰة توجب دفع الاعداء

﴿صلوات دشمن سے محافظت کرتی ہے﴾

حدیث ۱: الامام أبو محمّد العسكري عليه السلام في قوله تعالى: ﴿والصابرين في البأساء﴾ يعني: محاربة الأعداء، ولا عدو يحاربه أعدى من إبليس ومردته يهتف به ويدفعه بالصلوٰة على محمّدٍ وآل

محمّدٍ الطيبين صلّى اللّٰه عليهم أجمعين، والضراء الفقر والشدة ولا فقر أشد من فقر على مؤمن يلجأ الى التكفف من أعداء آل محمّدٍ يصبر على ذلك ويرى ما يأخذه من مالهم مغنماً يلعنهم به وستعين بما يأخذه على تجديد ذكر ولاية الطيبين والطاهرين وحين البأس، عند شدة القتال يذكر اللّٰه ويصلّي على محمّد رسول اللّٰه على عليّ وليّ اللّٰه ويوالي بقلبه ولسانه أولياء اللّٰه ويعادي كذلك أعداء اللّٰه؛ (۱) ح﴿۲۷﴾: امام حسن عسکریؑ ﴿والصابرين في البأساء﴾ کی تفسیر ﴿یعنی دشمنوں سے جنگ کرنے کے سلسلے﴾ میں فرماتے ہیں کہ ابلیس سے کوئی زیادہ دشمن نہیں! اس دشمن کو ذکر صلوات سے دور کیا جاسکتا ہے اور فقر و تنگدستی کے بارے میں فرماتے ہیں کہ مؤمن کے لئے اس سے زیادہ تنگدستی اور کیا ہوگئی کہ دشمن آل محمدؐ کے درمیان گھر جائے اور اس پر صبر کرے، جو اس کے مال کو مال غنیمت سمجھتے ہیں اور اس کو برا بھلا کہتے ہیں تو اسے چاہئے کہ ان مشکلات میں آل محمدؐ کے ذکر سے مدد حاصل کرے جب کبھی مشکل و پریشانی میں ہو اور جب جنگ کی شدت ہو تو اللہ کا ذکر کرے اور محمدؐ و علیؑ پر دل و زبان سے صلوات و درود بھیجے تا کہ اللہ کے دشمنوں پر غلبہ حاصل کر سکے۔

(۲۸) الصلوٰة توجب شفاء الأذن

﴿صلوات چغل خوری سے دور کرتی ہے﴾

حدیث ۱: ويقول اذ طنّت أُذنه (أي لشفائها) اللّٰهمّ صلّ على محمّدٍ وعلى آل محمّدٍ، واذكرني بخير، واذكر من ذكرني بخير. (۱): معصومؑ فرماتے ہیں جب تمہیں بدگمانی کا شبہ ہو اور دور کرنا چاہتے ہو، تو محمدؐ و آل محمدؐ پر درود و سلام بھیجو تم جب کسی کو اچھائی سے یاد کرو گے تمہیں بھی اچھائی سے یاد کیا جائے گا (۱) ح﴿۲۸﴾

(۲۹) الصلوٰة نجاة من المهالك والمخاوف

﴿صلوات خوف و ہلاکت سے نجات دیتی ہے﴾

حدیث ۱: عن الحسين بن علي عليه السلام: قال لعليّ بن أبي طالب عليه السلام إذا هالك أمر فقل: اللّٰهمّ صلّ على محمّدٍ وعلى آل محمّدٍ، اللّٰهمّ إنّي أسألك بحقّ محمّدٍ وآل

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

محمدؐ أن تكفيني ماأخاف أحذر، فإنک تکفي ذلک الأمر (۱): امام حسین علیہ السلام مولا کائناتؑ سے نقل کرتے ہیں جب تمہیں کسی کام میں پھنس جانے اور مشکل میں گرفتار ہونے کا خطرہ ہو تو محمدؐ وآل محمدؐ پر صلوات بھیجو اور ان سے ان ہستیوں کا واسطہ دو تا کہ تمہاری مشکلات دور ہو جائیں۔

حدیث ۲: باسناده، عن مصدق بن صدقة، عن عمار بن موسى الساباطي قال: كنت، عندأبي عبدالله علیہ السلام فقال رجل اللّهم صلّ على محمدؐ وأهل بيت محمدؐ فقال (له-خ) أبو عبدالله علیہ السلام: ياهذا القد ضيقت علينا أما علمت أنّ أهل البيت خمسة أصحاب الكساء فقال الرجل: كيف أقول؟ قال: قل: "اللّهمّ صلّ على محمدؐ وعلى آل محمدؐ" فيكون نحن وشيعتنا قد دخلنا فيه (۲): ساباطی کہتے ہیں کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کے پاس تھا کہ حضرتؑ کے سامنے ایک شخص نے یوں صلوات پڑھی (اللّهمّ صلّ على محمدؐ واهل بيت محمدؐ) تو حضرتؑ نے فرمایا صلوات کے دائرے کو کیوں تنگ کرتا ہے (کیوں تو صلوات کو اصحاب کساء خمسہ میں منحصر کرتا ہے) تو اس نے عرض کی یا بن رسول اللہؐ: کس طرح پڑھوں فرمایا پڑھو:-(اللّهمّ صلّ على محمدؐ وعلى آل محمدؐ) اس میں ہمارے تمام شیعہ شامل ہو جاتے ہیں۔ ح﴿۲۹﴾

(۳۰) الصلوٰة أوجبت الخُلّة لابراهيمؑ

﴿صلوات کی برکت سے ابراہیمؑ کو خلیل اللہ کا لقب ملا﴾

حديث ۱: عن عبدالعظيم بن عبدالله الحسني قال: سمعت عليّ بن العسكري علیہ السلام يقول: إنّما اتّخذ الله عزّوجلّ ابراهيمؑ خليلاً لكثرة صلوٰة على محمدؐ وأهل بيته صلوات اللّٰه عليهم (۱): شاہ عبدالعظیمؒ نے امام حسن عسکری علیہ السلام سے نقل فرمایا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا: ابراہیمؑ کو خلیلیت، محمدؐ وآل محمدؐ پر کثرت سے صلوات پڑھنے کی وجہ سے ملی۔

حديث ۲: قال رسول اللّٰهؐ: ملائكة في الهوآء بأيديهم قراطيس من نور لايكتبون إلاّ الصلوة علىّ وعلى أهل بيتي (۲): رسالتمآبؐ کا ارشاد ہے کہ فضاء میں ایسے ملائکہ موجود ہیں جن کے ہاتھوں میں نور کے اوراق ہیں وہ صرف محمدؐ وآل محمدؐ پر جو صلوات بھیجتا ہے اس کو لکھتے ہیں۔ ح﴿۳۰﴾

(۳۱) الصلوٰة نور على الصراط

﴿صلوات پل صراط کے لئے نور ہے﴾

حديث ۱: قال رسول اللّٰهؐ: الصلوٰة عليّ وعلى آلي نور على الصراط (۱)

"رسالتمآبؐ فرماتے ہیں مجھ پر اور میری آلؑ پر صلوات پڑھنا، پل صراط کے لئے نور ہے۔

حديث ۲: قال رسول اللّٰهؐ: الصلوٰة عليّ نور على الصراط، وقال عليه الصلوٰة والسلام: لايلج النّار من يصلّي عليه (۲): رسالتمآبؐ فرماتے ہیں کہ صلوات کا ذکر پل صراط کے لئے نور ہے پھر حضرتؐ نے فرمایا: جو صلوات پڑھے گا جہنم کی آگ اس کو چھو نہیں سکے گی۔

حديث ۳: قال رسول اللّٰهؐ: الصلوٰة عليّ نور على الصراط ومن كان على الصراط من النور لم يكن من أهل النار (۳): رسالتمآبؐ فرماتے ہیں مجھ پر صلوات پڑھنے سے پل صراط پر نور ملے گا جس کے پاس یہ نور ہوگا وہ اہل جہنم میں سے نہیں ہوگا۔

حديث ۴: قال رسول اللّٰهؐ: أكثروا الصلوٰة عليّ فانّ الصلوٰة عليّ نور في القبر ونور على الصراط ونور في الجنّة. (۴): رسالتمآبؐ فرماتے ہیں مجھ پر کثرت سے صلوات پڑھو کیونکہ مجھ پر ذکر صلوات سے قبر میں اور پل صراط میں اور جنت میں نور حاصل ہوگا۔

حديث ۵: قال رسول اللّٰهؐ: من صلّى عليّ كنت شفيعه يوم القيامة ومن لم يصلّ عليّ فأنا بريء منه (۵): رسالتمآبؐ کا ارشاد ہے جو شخص مجھ پر صلوات بھیجے گا میں قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں گا اور جو مجھ پر صلوات نہیں بھیجے گا میرا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔

حديث ۶: عن أبي هريرة قال: قال رسول اللّٰهؐ: من صلّى عليّ عند قبري سمعته، ومن صلّى عليّ نائيا كفى أمر دنياه آخرته وكنت له شهيداً وشفيعاً يوم القيامة (۶): ابوہریرہ رسالتمآبؐ سے نقل کرتا ہے کہ جو شخص میری قبر پر آ کر مجھ پر صلوات بھیجتا ہے میں اس کو سنتا ہوں اور وہ میری نیت سے صلوات پڑھتا ہے تو دنیا و آخرت میں اس کا کفیل ہوں اور اس کی گواہی دوں گا اور قیامت میں اس کی شفاعت کروں گا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

حدیث ۷: وقال النّبيّ في الوصية: ياعليّ! من صلّى عليّ كلّ يوم أو كلّ ليلة وجبت له شفاعتي ولو كان من أهل الكبائر (۷): رسالتمآبؐ نے مولا کائنات کو وصیت کرتے ہوئے فرمایا: جو شخص مجھ پر ہر روز و شب صلوات بھیجتا ہے خواہ وہ گناہ کبیرہ کا مرتکب ہی کیوں نہ ہو میری شفاعت اس پر واجب ہے۔

حدیث ۸: قال رسول اللّٰہ: من أراد التوسّل إلي وأن يكون له عندي يد أشفع له بها يوم القيامة فليصل على أهل بيتي ويدخل السرور عليهم (۸): رسالتمآبؐ فرماتے ہیں جو شخص یہ چاہتا ہے کہ قیامت میں اس پر میری شفاعت کا ہاتھ ہو اور مجھے وسیلہ قرار دے کہ میں اس کے ہمراہ ہوں تو اسے چاہئے کہ مجھ پر اور میری آلؑ پر صلوات بھیجے تاکہ ہم اس سے خوش ہوں۔

حدیث ۹: ونقل، عن بعض السلف أنّه قال: كنّا في البحر على السفينة، فإذا هبّ ريح يقال له: افلا بية، مشهورة بين الملاّحين بان النجاة منه قليل نادر، وقع الاضطراب بين أهل السفينة بحيث ارتفعت الضجّة منهم، وكانوا يودع كلّ منهم صاحبهم؛ فبينما نحن كذلك فغلبني نعاس، فرأيت النبيّؐ وهو يقول: قل لأهل هذه السفينة أن يصلّوا عليّ بهذا النحو ألف مرّة: اللّهمّ صلّ على سيّدنا محمّد وعلى آل سيّدنا محمّد، صلوة تنجينا بها من جميع الأهوال والآفات، وتقضي لنا بها جميع الحاجات، وتطهرنا بها من جميع السيئات، وترفعنا بها، عندك اعلى الدرجات، وتبلغنا بها أقصى الغايات من جميع الخيرات في الحياة وبعد الممات، فاستيقظت من نومي وأخبرت أهل السفينة بذلك، فاشتغلنا على الصلوة عليه بهذه الكيفية ولم يتمّ ثلاث مائة مرّة حتّى سكن الريح وسلمنا من هذه البلية (۹): بعض بزرگان نے اس واقعہ کو نقل کیا ہے کہ ایک مرتبہ وہ خود کشتی پر سوار تھے کہ جب کشتی سمندر کے درمیان پہنچی تو ایک زبردست اندھی چلی جس کو (افلابیہ) سے وہ یاد کرتے تھے اور ملاحوں کے درمیان یہ بات مشہور تھی کہ اس سے نجات بہت ہی ندرت سے ہوتی ہے تو اس وقت کشتی کے مسافرین میں اضطراب آ گیا تو انھوں نے چیخ وپکار شروع کر دی ہر ایک اپنے پیر و مرشد کو بلانے لگ گیا میں بھی انھیں میں سے تھا پس اسی وقت

مجھے اونگھ سی آئی تو خواب میں رسالتمآبؐ کی زیارت نصیب ہوئی تو انھوں نے فرمایا کہ کشتی کے مسافرین سے کہو کہ وہ اس طرح ہزار مرتبہ صلوات پڑھیں جو اوپر ذکر ہے: ﴿اللّهمّ صلّ على سيّدنا..... في الحياة وبعد الممات﴾ پس اسی وقت میں خواب سے بیدار ہوا تو میں نے کشتی کے مسافرین کو صلوات کا طریقہ بتایا ابھی انھوں نے تین سو مرتبہ ہی یہ صلوات نہیں پڑھی تھی کہ طوفانی ہوا تھم گئی اور ہم نے اس مصیبت سے نجات حاصل کر لی۔

حدیث ۱۰: وعن ابن عباس قال: قال لي النّبيّؐ رايت في مايرى النائم عمّي حمزة بن عبد المطلب و اخي جعفر بن طالب و بين يدهما طبق من نبق فاكلا ساعة فتحول النبق عنبا فاكلا ساعة فتحول العنب لهما رطبا فاكلا ساعة فدنوت منهما و قلت بابي انتما ايّ الآ عمال وجدتما افضل قالا فدينا ك بالآ باء وا لامهات وجدنا افضل الا عمال الصلو اقعليك وسقى الماء وحب علي بن ابي طالب وقال النبيؐ اكثروا الصلاة عليّ فان الصلاة على نور في القبر و نور على الصراط نور في الجنه (۱۰): ابن عباس رسالت مآبؐ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے خواب میں اپنے چچا حمزہ ابن عبدالمطلب اور اپنے بھائی جعفر ابن ابی طالب کو دیکھا کہ ان کے درمیان پھلوں کا طبق رکھا ہوا تھا جو انگوروں سے بھرا ہوا تھا جب انہوں نے تناول فرمایا تو کچھ دیر بعد وہ کھجوروں میں تبدیل ہو گیا تو انہوں نے اس کو تناول فرمایا تو میں ان کے قریب گیا سلام کیا تو میں نے پوچھا کون سا عمل آخرت میں بہتر عمل ہے تو انہوں نے کہا! یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپؐ پر ہمارے آباؤ اجداد فدا ہوں سب سے افضل ترین عمل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات گرامی پر صلوات بھیجنا اور پیاسوں کو پانی پلانا ہے اور علیؑ ابن ابی طالب سے محبت رکھنا ہے تب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مجھ پر کثرت سے صلوات بھیجا کرو کیونکہ صلوات قبر میں، پل صراط پر، اور جنت میں نور کی طرح آپ کے ساتھ ساتھ ہوگی۔ ح﴿۳۱﴾

(۳۲) فضل كتابة الصلوٰة على النّبيّ

﴿صلوات کو لکھنے کی فضیلت﴾

حدیث ۱: قال رسول اللّٰہ: من صلّى عليّ في كتاب لم تزل الملائكة عليه مالم يندرس

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اسمي من ذلک الکتاب :رسالتمآبؐ فرماتے ہیں کسی جگہ کوئی میری صلوات کو لکھے تو اس وقت ملائکہ اس پر صلوات بھیجتے رہتے ہیں جب تک اس کتاب میں میرا نام درج ہو۔(۱)

حدیث ۲ :من صلی علیّ فی کتاب لم تنزل الملائکته تستغفرله،مادام اسمی فی ذلک الکتاب (۲) رسالت مآبؐ فرماتے ہیں: جس کتاب میں میرا نام ہو اور کوئی اس کتاب کو پڑھے اور مجھ پر صلوات بھیجے تو جب تک میرا نام اس کتاب میں موجود رہے گا فرشتے اس کے لئے استغفار کرتے رہے گے۔ ح﴿۳۲﴾

(۳۳)الصلوٰة تؤجب قبول الحسنات

﴿صلوات نیکیوں کی قبولیت کا سبب ہے﴾

حدیث ۱ :قال رسول اللّٰہؐ:لوأن عبداً جاء یوم القیامة بحسنات أهل الدنیا ولم یکن فیهاالصلوٰة علیّ ردّت علیه ولم تقبل منه (۱) رسالتمآبؐ نے فرمایا! قیامت میں اگر کسی شخص کے پاس تمام اہل دنیا کی نیکیاں ہوں اور اس میں میرے اوپر صلوات نہ پڑھی ہو تو اس کی تمام نیکیوں کو منہ پر مارا جائے گا اور اس سے کوئی نیکی قبول نہیں کی جائے گی۔

حدیث ۲ :قال رسول اللّٰہؐ:من کان آخر کلامه الصلوٰة علیّ وعلی علیؑ دخل الجنّة (۲): رسالتمآبؐ کا ارشاد ہے جو اپنی گفتگو کے آخر میں مجھ پر اور علی علیہ السلام پر صلوات بھیجتا ہے جنت میں داخل ہوگا۔ ح﴿۳۳﴾

(۳۴)الصلوٰة یؤجب النجاة من أهوال یوم القیامة ودخول الجنّة

﴿صلوات قیامت کی سختیوں سے نجات اور جنت میں داخل ہونے کا سبب ہے﴾

حدیث ۱ :عن أنس قال:قال رسول اللّٰہؐ:إنّ أنجاکم یوم القیامة من أهوالها ومواطنها أکثرکم علیّ فی دارالدنیا صلوٰة أنّه قدکان فی اللّٰہ وملائکته کفایة ولکن خصّ المؤمنین بذلک لیثیبهم علیه.(۱): انس بن مالک رسالتمآبؐ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے

کی سختیوں اور سوال و جواب کے مقامات سے جو تمہیں نجات دے گی وہ دنیا میں مجھ پر صلوات بھیجنا ہے حقیقت میں یہ صلوات خداوند متعال وملائکہ کے ساتھ مخصوص تھی اسی کو مؤمنین کے ساتھ خاص کرنے کا مقصد یہ تھا کہ مؤمنین بھی ملائکہ سے مشابہت رکھتے ہیں۔ ح﴿۳۴﴾

(۳۵)الصلوٰة تؤجب النجاة من النار

﴿صلوات جہنم سے نجات کا سبب ہے﴾

حدیث ۱ :قال رسول اللّٰہؐ:لن یلج النّار من صلّی علّی(۱): رسالتمآبؐ فرماتے ہیں جو شخص مجھ پر صلوات بھیجے گا اس پر آگ اثر نہیں کرے گی۔ ح﴿۳۵﴾

(۳۶)فضل الصلوٰة علی النبیؐ عندالمیزان

﴿میزان عمل میں صلوات کی فضیلت﴾

حدیث ۱ :قال رسول اللّٰہؐ:یؤمربرجل الی النارفأقول ردّوه الی المیزان فأضع له شیئًا کالأفلة معي في میزانه وهوالصلوٰة علیّ فترجح میزانه وینادي سعد فلان.(۱): رسالتمآبؐ فرماتے ہیں قیامت میں ایک شخص کو جہنم میں ڈالنے کا حکم دیا جائے گا پس میں کہوں گا اس کو واپس لوٹاؤ اس کی امانت میرے پاس ہے تو میں ایک شئی کو اس کے نامہ اعمال میں رکھ دوں گا جو اس نے مجھ پر صلوات بھیجی تھی تو اعمال کا ترازو بھاری ہو جائے گا، تو منادی ندا دے گا فلاں شخص سعادت مند ہو گیا۔

حدیث ۲ :قال رسول اللّٰہؐ:أناعندالمیزان یوم القیامة فمن ثقلت سیئاته علی حسناته جئت بالصلوٰة علیّ حتیّ اثقل بهاحسناته(۲): رسالتمآبؐ نے فرمایا قیامت کے دن جس کی برائیاں اس کی نیکیوں سے زیادہ ہونگی، تو وہ ذکر صلوات جسکو اس نے دنیا میں انجام دیا ہے، اس کو نامہ اعمال میں زیادہ کیا جائے گا تو اس کی نیکیاں بڑھ جائیں گئیں۔

حدیث ۳: عن احدهماقال ما فی المیزان شئی اثقل من الصلو اة علی محمدؐ و ال محمدؐ و ان الرجل لتوضع اعماله فی المیزان فتمیل به فیخرج الصلوٰة علیه

Presented by: https://jafrilibrary.com
Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

فیضعها فی میزانه فیرجح به.(۳):ام محمد باقرؑ یاامام جعفرصادق علیہ السلام نے فرمایا: قیامت میں میزان اعمال کے اندر محمدؐ وآل محمدؐ پرصلوات سے زیادہ سنگین ترکوئی چیز نہیں ہوگی۔ جب اسکا میزان اعمال ہلکا ہوجائے گا تو صلوات کو جب اس میں رکھا جائے گا تو اس کے اعمال کا میزان بہت سنگین ہوجائے گا۔

حدیث ۴:عن أبي عبداللّٰهؑ أوعن أبي جعفرؑ قال:أثقل مایوضع في المیزان یوم القیامة الصلوٰة علی محمدؐ وعلی أهل بیتهٖ.

(۴):امام جعفرصادقؑ یاامام باقرؑ نے فرمایا: قیامت کے دن ترازو اعمال میں بھاری چیز محمدؐ وآل محمدؐ پرصلوات ہے۔

حدیث ۵:عن احدهما :.قال اثقل ما یوضع فی المیزان یوم القیامة الصلوات علی محمدؐ و علی اهل بیتهٖ(۵) امام باقرؑ یاامام صادقؑ سے روایت ہے کہ قیامت میں میزان اعمال میں سنگین ترین شئے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوراس کی پاک اہلبیتؑ پرصلوات ہوگی۔

حدیث ۶:اقول سیاتی فی خطبة النّبیؐ فضل شهر رمضان من اکثرؐ فیه من الصلاة علی تقل اللہ میزانه یوم تخف الموازین (۶) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد: ماہ مبارک رمضان کی فضیلت کے بیان میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جوخطبہ ارشاد فرمایا اس میں فرمایا کہ جوشخص کثرت سے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوراس کی آلؑ پردرود بھیجے گا تو قیامت کے دن خداوند متعال عزّ وجلّ اس کے نیک اعمال کو سنگین کردے گا۔ح﴿۳۶﴾

(۳۷)الصلوٰة علی النبیؐ عنددخول المسجد و الخروج منه

﴿مسجد میں داخل ہونے اور نکلتے وقت کی صلوات﴾

حدیث ۱ :روی عن أنس قال کان النّبیؐ:اِذا دخل المسجد قال:بسم اللّٰه،اللّٰهمّ صلّ علی محمّدؐ وعلی آل محمّدؐ،واِذاخرج قال مثل ذلک(۱)انس بن مالک رسالتمآبؐ سے نقل کیا ہے کہ مسجد میں جب داخل ہوں تو یہ صلوات(اللّٰهمّ صلّ علی محمّدؐ وعلی آل محمّدؐ) پڑھیں،اسی طرح جب مسجد سے نکلیں تب بھی اس طرح پڑھیں,

حدیث ۲ :قال علیؑ :اِذا مررتم بالمسجد فصلّوا علی النّبیؐ.(۲)

''مولا کائناتؑ فرماتے ہیں جب تم مسجد سے گزرو تو نبیؐ پرصلوات بھیجو''

حدیث۳:اذا ارادَ دخول المسجد فلیقدم رجله الیمنی ویؤخررجله الیسریٰ ویقول:بسم اللّٰه،السّلام علی رسول اللّٰهؐ،اللّٰهمّ صلّ علی محمّدؐ وعلی آل محمّدؐ واغفرلي ذنوبي (الی ان قال):فاِذا فرغ وأراد الخروج رجله الیسری ویؤخّرالیمنی ولیقل:بسم اللّٰه،السّلام علی رسول اللّٰهؐ،اللّٰهمّ صلّ علی محمّد وعلی آل محمّد واغفرلي ذنوبي الخ. (۳):جب انسان مسجد میں داخل ہونا چاہے تو دائیں پاؤں کو مقدم کرے یااگر وہ نکلنا چاہے تو بائیں پاؤں کو مقدم کرے تو یہ صلوات پڑھے:''اللہ تعالیٰ کے نام سے،رسول اللہ پرسلام ہو،اے اللہ! محمدؐ وآل محمدؐ پررحمت نازل فرما اور میرے گناہ معاف فرمادے۔''پس جب نکلنے کا ارادہ کرے تو بائیاں پاؤں باہر رکھے اور پھر یہی کہے:''اے اللہ! محمدؐ وآل محمدؐ پررحمت نازل فرما اور میرے گناہ معاف فرمادے۔''

(۳۸)الصلوٰة عندقبر النّبیؐ

﴿قبر نبیؐ پرذکر صلوات﴾

حدیث ۱ :عن محمد بن مسعود قال رأیت أباعبداللّٰهؑ :انتهی الی قبر النّبیؐ فوضع یده علیه وقال:أسأل اللّٰه الّذي اجتباک واختارک وهداک وهدی بک أن یصلي علیک؛ثمّ قال:﴿اِنّ اللّٰه وملائکته یصلّون علی النّبیّ یاایّها الّذین آمنوا صلّوا علیه وسلّموا تسلیما﴾(۱):ابن مسعود امام جعفرصادقؑ کے بارے میں کہتا ہے کہ جب رسالتمآبؐ کی قبر کے قریب پہنچے تو اپنے ہاتھ کو قبر پر رکھا اور کہا: میں اللہ تعالیٰ سے سوال کرتا ہوں جس نے تجھے چنا اور اختیار کیا اور تجھے ہدایت دی اور تیرے صدقے میں ہمیں ہدایت ملی تجھ پرصلوات بھیجتا ہوں پھر آیت کریمہ ﴿اِنّ اللّٰه وملائکته یصلّون علی النّبیّ یاایّها الّذین آمنوا صلّوا علیه وسلّموا تسلیما﴾ کی تلاوت فرمائی۔

حدیث ۲ :عن اِسحاق بن عمّار قال:سمعت أباعبداللّٰهؑ،یقول ،وهوقائم،عندقبررسول اللّٰهؐ مثله اِلاّ أنّ بدل قوله''اجتباک،وهوقائم،عندقبررسول اللّٰهؐ مثله اِلاّ أنّ بدل

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

قولہ "اجتباک واختارک"، "انتجبک واصطفاک واصفاک"۔ (۲): اسحاق بن عمار امام جعفر صادق علیہ السلام سے اسی طرح کی روایت کرتے ہیں لیکن "اجتباک واختارک" کی جگہ پر "انتجبک واصطفاک واصفاک" کو ذکر کیا ہے۔

(۳۹) الصلوٰۃ علی النبیؐ عند العطاش

﴿چھینکنے کے وقت کی صلوات﴾

حدیث ۱: عن ابی سعید الخدری قال: عن النّبیؐ قال: من عطس، فقال: الحمدللّٰہ علی کلّ حال، ماکان من حال وصلّی اللّٰہ علی محمّدؐ وعلی أھل بیتہٖ، أخرج اللّٰہ من منخرہ الأیسر طائراً یقول: اللّٰھمّ اغفر لقائلھا۔ (۱): سعید الخدری رسالتمآبؐ سے نقل کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جب کسی کو چھینک آئے تو جس حالت میں ہو تو کہے: الحمدللہ علی کلّ حال، اور اگر وہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجے گا تو خداوند متعال اس کے ناک کے بائیں سوراخ سے ایک پرندہ خلق کرے گا وہ صلوات کہنے والے کے لئے استغفار کرتا رہے گا۔

حدیث ۲: عن أبي عبداللّٰہ قال: من عطس ثمّ وضع یدہ علی قصبۃ أنفہ ثمّ قال: الحمدللّٰہ ربّ العالمین کثیراً کماھو أھلہ وصلّی اللّٰہ علی محمد النّبیّ وآلہ وسلم خرج من منخرہ الأیسر طائر أصغر من الجراد وأکبر من الذباب حتّی یصیر تحت العرش یستغفر اللّٰہ لہ الی یوم القیامۃ۔ (۲): امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو شخص چھینکنے کے بعد اپنی ناک کی ہڈی پر ہاتھ رکھ کر کہے: (الحمدللّٰہ ربّ العالمین کثیراً کماھو أھلہ) پھر محمدؐ وآل محمدؐ پر درود وسلام بھیجے تو اس کی ناک کی بائیں نتھنا سے خداوند متعال ایک چھوٹے سے پرندے کو خلق کرتا ہے جو ٹڈی سے چھوٹا اور مکھی سے بڑا ہوتا ہے جو عرش کے قریب چلا جاتا ہے اور قیامت تک اس کے لئے استغفار کرتا ہے۔

حدیث ۳: عن الاعمش، عن جعفر بن محمدؑ قال: ھذہ شرائع الدین الی أن قالؑ: والصلوٰۃ علی النّبیؐ وآلہ واجبۃ في کلّ المواطن وعندالعطاس والریاح وغیر ذلک

(۳): امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں! شریعت میں ہے کہ ہر مقام پر صلوات کی پابندی کریں، چھینک آنے کے بعد، ہواؤں کے چلتے وقت، وغیرہ

حدیث ۴: عن الفضل بن شاذان (في حدیث محض الإسلام)، عن الرضا علیہ السلام والصلوٰۃ علی النّبیؐ واجبۃ في کل موطن وعندالعطاس وذبائح وغیر ذلک: فضل بن شاذان امام رضا علیہ السلام سے نقل کرتے ہیں ہر مقام پر صلوات کی پابندی کریں، چھینک آنے کے بعد، جانور ذبح کرتے وقت وغیرہ، حدیث ۵: عن صفوان بن یحي، قال: کنت، عندالرضا علیہ السلام فعطس، فقلت: صلّی اللّٰہ علیک، ثمّ عطس، فقلت صلّی اللّٰہ علیک، ثمّ عطس، فقلت: صلّی اللّٰہ علیک، وقلت لہ: جعلت فداک إذا عطس مثلک نقول لہ کمایقول بعضنا لبعض برحمک اللّٰہ أو کماتقول؟ قال: نعم أ لیس تقول صلّی اللّٰہ علی محمدؐ وآل محمدؐ؟ قلت بلی، قال: قلت: إرحم محمّداً وآل محمّدؐ؟ قال بلی وقد صلّی اللّٰہ علیہ ورحمہ وإنّما صلاتنا رحمۃ علیہ لناوقربۃ۔ (۵): صفوان بن یحییٰ کہتا ہے کہ میں امام رضا علیہ السلام کی خدمت میں تھا تو ان کو چھینک آئی تو میں نے ان پر صلوات بھیجی خداوند متعال آپؑ پر رحمت نازل فرمائے اسی طرح تین مرتبہ ایسے ہوا اس کے بعد میں نے سوال کیا اے آقا! آپؑ پر میری جان فدا ہو، کیا چھینک آنے کے بعد (یرحمک اللہ) ہم کہہ سکتے ہیں جس طرح دوسرے بھی کہتے ہیں تو حضرتؑ نے فرمایا: ایسا ہی ہے کیا تو صلوات کہنا پسند نہیں کرتا! کہا مولا! کیوں نہیں! کہا اس طرح کہا کرو (ارحم محمدؐ وآل محمدؐ) فرمایا: ہاں! خداوند متعال ان پر صلوات ورحمت نازل فرماتا ہے اور آنحضرتؐ پر صلوات ہمارے لئے رحمت اور قرب الٰہی کا موجب ہے۔ ح﴿۳۹﴾

(۴۰) الصلوٰۃ عندشم الریاحین

﴿خوشبو سونگھتے وقت کی صلوات﴾

حدیث ۱: قال مالک الجھني: فناولت أباعبداللّٰہؑ شیئاً من الریاحین فأخذہ فشمّہ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

ووضعه على عينيه ثمّ قال: من تناول [أخذ] ريحانة فشمها ووضعها على عينه ثمّ قال: اللّهمّ صلّ على محمّدٍ وآل محمّدٍ لم تقع على الأرض حتّى يغفرله(۱) مالک کہتا ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام کے پاس خوشبو والی چیز میں سے ایک چیز لائی گئی جب حضرتؑ نے اس کو لیا اور سونگھا اور آنکھوں سے لگایا پھر حضرتؑ نے فرمایا: جو شخص خوشبو کو پائے اور سونگھنے کے بعد آنکھوں سے لگائے اور پھر محمدؐ وآل محمدؐ پر صلوات بھیجے ابھی تک وہ اس کو زمین پر نہیں رکھے گا کہ خداوند متعال اس کو بخش دے گا۔ ح﴿۴۰﴾

(۴۱) الصلوٰة عند ذكر الله جلّ جلاله

﴿ذکر اللہ کے وقت کی صلوات﴾

حديث ۱: بإسناده عن عبيدالله بن عبدالله الدهقان قال: دخلت على أبي الحسن الرضا عليه السلام: قال لي: ما معنى قوله: ﴿وذكر اسم ربّه فصلّى﴾؟ قلت: كلّما ذكر اسم ربّه قام فصلّى، فقال لي: لقد كلّف الله عزّوجلّ هذا شططاً فقلت جعلت فداك! فكيف هو فقال؟ كلّما ذكر اسم ربّه صلّى على محمّدٍ وآله. عبیداللہ دھقان امام رضا علیہ السلام سے سوال کرتا ہے آقا! ﴿وذکر اسم ربہ فصلّی﴾ کا کیا معنی ہے؟ تو حضرتؑ نے جواب دیا جب بھی اللہ کا ذکر ہو تو صلوات بھی ساتھ ذکر ہو پھر فرمایا: بے شک خداوند متعال نے اس حصے کو ضروری قرار دیا ہے تو اس نے عرض کی آپؑ پر میری جان فدا ہو یہ کیسے پڑھوں، فرمایا: جب بھی اللہ تعالیٰ کا نام لیا جائے تو محمدؐ وآل محمدؐ پر درود وسلام بھیجنا چاہئے۔ ح﴿۴۱﴾

(۴۲) الصلوٰة عند سماع ذكر النبيّ

﴿ذکر النبیؐ کے وقت کی صلوات﴾

حديث ۱: وروى زرارة، عن أبي جعفرٍ أنّه قال: وصلّ على النبيّ كلّما ذكرته أو ذكره ذاكر عندك في أذان أو غيره والحديث طويل أخذنا منه موضع الحاجة(۱): زرارہ، امام محمد باقر علیہ السلام سے نقل کرتے ہیں کہ حضرتؑ نے فرمایا: جب بھی رسالتمآبؐ کا ذکر ہو یا اذان کہنے والا یا کوئی

اور آنحضرتؐ کا نام لے تو ان کی ذات گرامیؐ پر صلوات بھیجو، (حدیث اگرچہ طولانی تھی لیکن مورد بحث کو اس سے حاصل کیا ہے) ح﴿۴۲﴾

(۴۳) قصّه وصيّة النبيّ بكثرة الصلوٰة

﴿کثرت صلوات پر رسالتمآبؐ کی تاکید﴾

حديث ۱: وروى أبونعيم وابن بشكوال، عن سفيان الثوري أيضاً قال: بينما أنا حاج إذ دخل عليّ شاب لايرفع قدماً ولايضع أُخرى إلاّ وهو يقول: اللّهمّ صلّ على محمّدٍ وعلى آل محمّدٍ. فقلت له: أبعلم تقول هذا؟ قال: نعم، ثمّ قال: من أنت: قلت: سفيان الثوري. قال: العراقي؟ قلت: نعم. قال: هل عرفت الله؟ قلت: نعم. قال: بما عرفته؟ قلت: بأنّه يولج الليل في النهار ويولج النهار في الليل ويصوّر الولد في الرحم. قال: ياسفيان! ما عرفت الله حقّ معرفته. قلت: كيف تعرفه أنت؟ قال: بفسخ العزائم والهمم ونقض العزيمة، هممت همتي وعزمت، فنقض عزمي، فعرفت أنّ لي رباً يدبّرني، قال: قلت: فما صلاتك على النبيّ؟ قال: كنت حاجّاً ومعي والدتي، فسألتني أن أدخلها البيت، ففعلت فوقعت وتورّم بطنها واسودّ وجهها، قال: فجلست عندها وأنا حزين، فرفعت يدي نحو السماء، فقلت: ياربّ هكذا تفعل من دخل بيتك، فاذا بغمامة قد ارتفعت من قبل تهامة وإذا رجل عليه ثياب بيض فدخل البيت وأمرّ يده على وجهها فابيض، وأمرّ يده على بطنها فابيضّ فسكن المرض ثمّ مضى ليخرج فتعلقت بثوبه فقلت: من أنت الّذي فرجت عنّي؟ قال: أنا نبيّك محمّدٌ قلت: يارسول اللّه! فأوصني! قال: لايرفع قدماً ولاتضع أُخرى إلاّ وأنت تصلّي على محمّدٍ وعلى آل محمّدٍ. (۱): سفیان ثوری کہتا ہے میں حج بیت اللہ الحرام کے لئے جا رہا تھا تو میں نے کچھ لوگوں کو دیکھا کہ ان میں ایک نوجوان شخص تھا نہ ہی قدم اٹھاتا تھا و نہ ہی قدم رکھتا تھا مگر یہ کہ ہر ایک قدم پر محمدؐ وآل محمدؐ پر صلوات بھیجتا تھا تو میں نے اس سے سوال کیا: کیا تو اس صلوات کی معرفت رکھتا ہے؟ اس نے کہا، ہاں! پھر اس نے مجھ سے سوال کیا تو کون ہے؟ میں نے کہا: میں

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

سفیان ثوری ہوں، کہا تو عراق کا رہنے والا ہے؟ میں نے کہا، ہاں، اس نے سوال کیا کیا تو اللہ کی معرفت رکھتا ہے؟ میں نے کہا، ہاں! کہا کیسے تو نے اس ذات اقدس کو پہچانا؟ میں نے کہا یہ وہ ذات ہے جو دن کو رات میں اور رات کو دن میں تبدیل کرتی ہے اور رحم مادر میں بچے کی تصویر بناتی ہے پھر اس نے کہا کہ تو واقعاً اس کی معرفت رکھتا ہے؟ تب سفیان ثوری کہتا ہے میں نے اس سے سوال کیا کہ تو نے پروردگار کو کیسے پہچانا؟ اس نے جواب دیا: اپنے ارادوں کے پورے نہ ہونے سے، کیونکہ جو میں ارادہ وقصد کرتا ہوں میرے ارادے پورے نہیں ہوتے تو میں سمجھ لیتا ہوں کہ ایک ذات ہے جو میری پروردگار ہے جو میرے امور کو منظم ومرتب فرماتی ہے، سفیان ثوری کہتا ہے پھر میں نے سوال کیا تو نے اپنا ذکر، ذکر صلوات کو کیوں قرار دیا تو اس نے ایک واقعہ ذکر کیا کہ ایک مرتبہ میں حج بیت اللہ کے مشرف ہوا تو میری والدہ بھی میرے ساتھ تھیں جو مریضہ تھیں بیماری کی وجہ سے ان کا چہرہ سیاہ ہو گیا تھا اور پیٹ پھول گیا تھا جب میں مسجد الحرام کے قریب گیا تو دعا کی: بارالہا! میں تیرے گھر میں ہوں اور میری والدہ کا یہ حال ہے اور تیرے گھر میں ہوتے ہوئے بھی غمگین ہوں اور جو تیرا مہمان ہو اس کے ساتھ تو ایسا سلوک کرتا ہے پس اسی وقت بادل کا ٹکڑا سامنے سے گذرا اس سے پہلے ایک جنوبی حجاز کا شخص سامنے سے گذرا اس کے سر پر سفید کپڑا تھا وہ مسجد حرام میں داخل ہوا اس نے میری ماں کے چہرے پر ہاتھ پھیرا اس کا چہرہ سفید ہو گیا اور اس کے پیٹ پر ہاتھ پھیرا، تو اسے بیماری سے شفا مل گئی، پھر وہ جانا چاہتا تھا کہ میں نے اس کے دامن کو تھام لیا تو پوچھا: تو کون ہے میری مشکل کشائی کرنے والا؟ تو فرمایا: میں تیرا رسول، محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوں تجھے تاکید کرتا ہوں کہ ذکر صلوات کو ترک نہ کرنا، ہر قدم پر صلوات بھیجنے کا سبب یہ معجزہ ہے۔ ح﴿۴۳﴾

(۴۴) الصلوٰة عند خروج من بيته

﴿گھر سے نکلنے وقت کی صلوات﴾

حديث ۱: روي عن أبي هريرة قال: كان رسول اللّٰه يقول إذا خرج من بيته: بسم

اللّٰه، التكلان على اللّٰه، لاحول ولاقوة إلّا باللّٰه، وفي رواية أُخرى: ثمّ يرفع رأسه إلى السماء ثمّ يقول: "اللّٰهمّ صلّ على محمّدٍ وعلى آل محمّدٍ، اللّٰهمّ إنّي أعوذبك أن أزل أوأُزل أواضل أواُضل أواجهل أويجهل عليّ" (۱): ابوہریرہ نے رسول اللہؐ سے سنا ہے کہ جب وہ گھر سے باہر تشریف لاتے تو یہ دعا (بسم اللّٰه، التكلان على اللّٰه، لاحول ولاقوة إلّا باللّٰه) پڑھتے تھے دوسری روایت میں ہے کہ آسمان کی طرف ہاتھوں کو بلند کرتے محمدؐ وآل محمدؐ پر صلوات بھیجتے تھے پھر مذکورہ بالا دعا (اللّٰهمّ إنّي أعوذبك...) کی تلاوت فرماتے: الٰہی! مجھے لغزش میں مبتلا ہونے اور کسی کو مبتلا کرنے اور گمراہ ہونے اور کرنے اور جہالت اور کسی کو جاہل قرار دینے سے امان دے۔ ح﴿۴۴﴾

(۴۵) صلوٰة الملائكة على النبيؐ وعليؑ

﴿ملائکہ کی صلوات النبیؐ وعلیؑ پر﴾

حديث ۱: رحمة اللّٰه: بإسناده الى أنس بن مالك قال: قال رسول اللّٰهؐ: صلّت الملائكة عليّ وعلى عليٍّ سبع سنين، وذلك أنّه لم يرفع الى السماء شهادة أنّ لا إله إلّا اللّٰه وأنّ محمّداً رسول اللّٰه إلّا منّي ومن علي (۱): انس بن مالک رسالتمآبؐ سے نقل کرتے ہیں کہ میرے اور علیؑ کے علاوہ توحید ورسالت کی گواہی اسوقت تک آسمان پر نہیں گئی جب سات سال تک ملائکہ نے صلوات نہیں پڑھی۔

حديث ۲: عن عبدالرحمان بن سعد مولى أبي أيّوب الأنصاري، قال: قال رسول اللّٰهؐ: صلّت الملائكة عليّ وعلى عليٍّ سبع سنين، وذلك أنّه لم يصلّ معي أحد غيره. (۲): ابوایوب انصاریؓ رسالتمآبؐ سے نقل کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: سات سال تک ملائکہ نے مجھ پر اور علی امیر المؤمنینؑ پر صلوات بھیجی کہ اس صلوات میں کوئی اور شریک نہیں تھا۔ ح﴿۴۵﴾

(۴۶) بطلان الصلاة بترك الصلواة على النبيؐ وآلهؑ

﴿نماز بغیر صلوات کے باطل ہے﴾

حديث ۱: عن سهل بن سعد الساعدي: إنّ النبيؐ قال: لاصلاة لم يصلّ على

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

نبیؐ(۱): سعد ساعدی کہتا ہے کہ رسالتمآبؐ نے فرمایا: اگر کوئی نماز میں صلوات نہ پڑھے اس کی نماز ہی نہیں۔

حدیث ۲: عن ابن مسعود، عن النبیؐ: من صلّی صلاة لم یصلّ فیها علیّ وعلی أهل بیتیؑ لم تقبل منه (۲): ابن مسعود رسالتمآبؐ سے نقل کرتے ہیں کہ رسالتمآبؐ نے فرمایا: جو کوئی نماز میں میرے اور میری آلؑ پر صلوات نہیں بھیجے گا اس کی نماز قبول نہیں ہے۔

حدیث ۳: وقال الإمام أبو جعفر محمّد الباقر علیہ السلام: لو صلّیت صلاة لم اصلّ فیها علی النّبیؐ ولا علی أهل بیته لرأیت أنّها لم تتم (۳): امام باقرؑ فرماتے ہیں: جو شخص نماز میں رسول گرامیؐ اور اس کی آل پاکؑ پر صلوات نہیں بھیجتا وہ دیکھ لے کہ اس کی نماز کامل نہیں ہے۔

حدیث ۴: عن ابی عبد اللہؑ قال اذا صلّی احدکم و لم یذکر النّبیؐ و آلهؑ فی صلاته یسلک بصلاته غیر سبیل الجنّة: امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں: جب کوئی اپنی نماز میں رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اسکی آل پاک کا نام نہ لے تو وہ نماز بہشت کے علاوہ کسی اور راستے کی طرف چلی جاتی ہے۔

حدیث ۵: وقال رسول اللہؐ من ذکرت عنده فلم یصل علی دخل النار فابعده اللہ وقالؐ ومن ذکرت عنده فنسی الصلاة علی خطئ به طریق الجنّة: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کہ جس شخص کے سامنے میرا نام لیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے تو جہنم میں داخل ہوگا اور رحمت الٰہی سے دور ہوگا اور جس کے سامنے میرا نام لیا جائے اور وہ مجھ پر صلوات بھیجنا بھول جائے تو حقیقت میں وہ بہشت کے راستے کو بھول گیا ہے ح﴿۴۶﴾

(۴۷) الصلوٰة علی النبیؐ عندالتشهد ﴿تشہد میں صلوات﴾

حدیث ۱: عن ابن مسعود، عن رسول اللہؐ قال: إذا تشهّد أحدکم في الصلاة فلیقل: اللّهمّ صلّ علی محمّدؐ، وعلی آل محمّدؐ وبارک علی محمّدؐ، وعلی آل محمّدؐ، وارحم محمّداؐ وآل محمّدؐ کما صلّیت وبارکت وترحّمت علی إبراهیمؑ وعلی آل إبراهیمؑ إنّک حمید مجید (۱): ابن مسعود رسالتمآبؐ سے نقل کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: مذکورہ بالا صلوات کو تشہد میں پڑھا کریں۔ ح﴿۴۷﴾

(۴۸) الصلوٰة علی النّبیؐ فی الرکوع والسجود

﴿رکوع وسجود میں صلوات کی فضیلت﴾

حدیث ۱: قال ابو جعفرؑ من قال فی رکوعه و سجوده قیامه اللّهم صل علی محمّدؐ و آل محمّدؐ کتب اللہ له ذلک بمثل الرکوع و السجود القیام: امام باقرؑ سے روایت ہے: جو شخص نماز کی حالت میں رکوع وسجود میں ہم پر صلوات (اللّهمّ صلی علی محمّدؐ و آلهؐ) بھیجے گا تو اس صلوات کا ثواب بھی مثل رکوع وقیام کے ہوگا۔ (۱) ح﴿۴۸﴾

(۴۹) الصلوٰة علی النّبیؐ توجب رفع النسیان

﴿صلوات نسیان کو دور کرتی ہے﴾

حدیث ۱: فیما سأل خضر عن حسن ابن علی علیہ السلام: قال: اخبرنی (یا بن رسول اللہؐ) عن الرجل کیف یذکر و ینسی، قال: ان قلب الرجل فی حُقٍ وَ علی الحُقّ طبق فان صلّی الرجل عند ذلک علی محمدؐ و آل محمدؐ صلواتاً تامة انکشف ذلک الطبق عن ذلک الحُقّ فاء ضاء القلب و ذکر الرجل ما کان نسی و ان هو لم یصل علی محمدؐ و آل محمدؐ اونقص آل محمدؐ من صلوٰة علیهم انطبق ذلک طبق علی ذلک الحُقّ فاظلم القلب ونسی الرجل ماکان ذکره (۱): امام حسنؑ نے فرمایا: جناب خضرؑ نے امام حسنؑ سے سوال کیا، یا ابن رسول اللہؐ! مجھے یہ بتائیں کہ انسان کیوں باتوں کو فراموش کرتا ہے اور پھر اسکو یاد آجاتا ہے؟ تو حضرتؑ نے فرمایا! انسان کا دل ایک پیالے کی مانند ہے اور اس پیالے پر ایک طبق (تھال) رکھا ہوا ہے، جب وہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجتا ہے تو وہ طبق اس دل سے ہٹ جاتا ہے اور اس کا دل روشن ہو جاتا ہے اور جو کچھ وہ بھول چکا ہوتا ہے اسے یاد آجاتا ہے۔ ح﴿۴۹﴾

(۵۰) الصلوٰة علی آل النّبیؐ عندالفراغ عن التلبیة

﴿تلبیہ کے بعد کی صلوات﴾

حدیث ۱: یستحبّ إذا فرغ من التلبیة أن یقول: "اللّهمّ صلّ علی محمّدؐ وعلی آل محمّدؐ"

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(۱): مستحب ہے کہ تلبیہ سے فارغ ہونے کے بعد محمدؐ وآل محمدؐ پر صلوات بھیجی جائے، ح﴿۵۰﴾

(۵۱)الصلوٰة على آل النبّي في الدعاء عندالوضوء

﴿وضو کے وقت کی صلوات﴾

حديث ۱ :في أذكار الوضوء،يقول عندصبّ الماء:بسم اللّٰه و كذا عندالمضمضة وعنداستنشاقه،وقد قدّمنا استحباب التّسمية عند ابتداء كلّ شيء،فيقول عندابتداء الوضوء والغسل والتّيمّم:بسم اللّٰه الرّحمن الرّحيم،فإذا فرغ منها رفع رأسه إلى السّماء واستقبل القبلة وقال قبل أن يتكلّم:أشهدأن لاإله إلاّ اللّٰه وحده لاشريك له،وأشهدأنّ محمّداً عبده ورسوله(ثلاثاً)،اللّهمّ اجعلني من التوّابين واجعلني من المتطهّرين،سبحانك اللّهمّ وبحمدك أشهدأن لا إله إلاّ أنت،أستغفرك وأتوب إليك فاغفرلي وأرحمني وتبّ عليّ إنّك أنت التوّاب الرّحيم،اللّهمّ صلّ على محمّدٍ وعلى آله وسلّم(۱):اذکار وضو میں ہے کہ وضو کو تمام کرنے کے بعد آسمان کی طرف ہاتھ بلند کر کے مذکورہ بالا دعا پڑھیں پھر محمدؐ وآل محمدؐ پر صلوات بھیجیں،(۱)ح﴿۵۱﴾

(۵۲)الصلوٰة في يوم المبعث

﴿روز مبعث کی صلوات﴾

حديث ۱ :روى الحسين بن راشد قال:قلت لأبي عبداللّٰه عليه السلام:غيرهذه الأعياد شيء؟قال:نعم،اشرفها واكملهااليوم الّذي بعث فيه رسول اللّٰه الى أن قال:قلت:فمانفعل فيه؟قال:تصوم وتكثر الصلوٰة على محمّدٍ وآله عليهم السلام(۱):حسین بن راشد امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل کرتے ہیں کہ جب ان سے پوچھا گیا ان عیدین کے علاوہ بھی کوئی عید ہے فرمایا:ہاں! روز مبعث بھی عید ہے،عرض کی آقا! اس میں کیا کرنا چاہئے فرمایا:اس دن روزہ رکھنا چاہئے اور کثرت سے محمدؐ وآل محمدؐ پر صلوات بھیجنا چاہئے،(۱)ح﴿۵۲﴾

(۵۳)الصلوٰة على النبيّ و آله في صلاة العيد

﴿نماز عید کی صلوات﴾

حديث ۱ :عبداللّٰه بن العباس الطيّالسي،نقل عن إمامناأشياء،منهاقال:سألت أحمدبن حنبل:مايقول الرّجل بين التكبيرين في العيد:قال:يقول:سبحان اللّٰه والحمدللّٰه،ولاإله إلاّ اللّٰه واللّٰه أكبر،اللّهمّ صلّ على محمّدالنبيّ الاُمّيّ،وعلى آل محمّدٍ،واغفرلناوارحمنا.وكذلك يروى عن ابن مسعود(۱):عباس طیالسی ہمارے آئمہؑ سے بہت سی چیزوں کو نقل کرتے ہیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ عید کی تکبیروں میں سبحان اللّٰہ والحمدللّٰہ ولاالٰہ الاّ اللّٰہ واللّٰہ اکبر کے ساتھ (اللّٰھمّ صلّ علی محمّدوارحمنا) بھی پڑھنا چاہئے اسی طرح ابن مسعود نے بھی روایت کی ہے۔(۱)ح﴿۵۳﴾

(۵۴)الصلوٰة على آل النبيّ في صلاة الجنائز

﴿نماز میت کی صلوات﴾

حديث ۱ :بعد التكبيرة الثّانية،فيقول:اللّهمّ صلّ على محمّدٍ وعلى آل محمّدٍ،والأفضل أن يتمّمه بقوله:كما صلّيت على إبراهيمؑ وعلى آل ابراهيمؑ في العالمين إنّك حميدمجيد(۱):نماز جنازہ میں دوسری تکبیر کے بعد صلوات (اللّٰھمّ صلّ علی محمّدٍ وعلی آل محمّدٍ) کو پڑھتے ہیں،لیکن بہتر یہ ہے کہ اس صلوات کو کامل کرتے ہوئے یوں کہا جائے (کما صلّیت علی ابراھیمؑ...انّک حمیدمجید).ح﴿۵۴﴾

(۵۵)انطق اللّٰه الناقة ببركة الصلوٰة على النبّي

﴿صلوات کی برکت سے اونٹنی بول اٹھی﴾

حديث ۱ :عن ابن عبّاس قال:جاء أعرابي إلى رسول اللّٰهؐ فأناخ ناقته على باب المسجد ثمّ دخل فقعد بازاء رسول اللّٰهؐ،فلمّا قضى إربه وأراد أن يقول قال اُناس من أصحاب رسول اللّٰهؐ:يارسول اللّٰهؐ! النّاقة الّتي مع الأعربي مسروقة فالتفت النّبيّ إليه ثمّ قال له :ماتقول؟فأطعل يضرب الأرض بسبّابته فأنفق اللّٰه تعالى الناقة من وراء الباب

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

فقالت:یارسول اللّٰہ!والّذي بعثک بالحقّ بشیراً ونذیراً ماسرقني هذاالرّجل وإنّما سرقني غیره،وإنّ هذا ابتاعني بماله وإنّه لبريء غیر آثم.قال النّبي للأعرابي:بالّذي أنطقها ببراء تک ماقلت حین أطرقت برأسک وضربت الأرض بسبّابتک؟ فقال:یارسول اللّٰہ!قلت:اللّٰھمّ لست بربّ استحدّ ثناک،ولامعک شریک في ملکک أعانک علی خلقنا أنت کماتقول وفوق مانقول،أسالک یاربّ أن تصلّي علی محمّدً وعلی آل محمّدً وتبرئني ببراء ة ممّا أنا فیه،فقال النبيّ :والّذي بعثني بالحقّ لقد رأیت الملائکة ازدحموا علی أفواه السّکک یکتبون مقالتک فمن أصابه مثل ما أصابک (قال مثل مقالتک)برّأه الله تعالی ممّا أنزل به. (۱):ابن عباس نقل کرتے ہیں کہ رسالتمآبؐ کے پاس ایک اعرابی آیا اس نے اپنی اونٹنی کو مسجد کے دروازے پر باندھ دیا پھر مسجد میں آکر رسالتمآبؐ کے سامنے بیٹھ گیا پھر جب اس کا کام ختم ہوا اور رسالتمآبؐ سے رخصت ہونے لگا تو حضرتؐ کے کچھ اصحاب نے کہا یارسول اللہ!یہ اونٹنی جو لے کر آیا ہے یہ چوری کی ہے آنحضرتؐ اس کی طرف متوجہ ہوئے اور پوچھا تو اس کے بارے میں کیا کہتا ہے اس نے اپنے سر کو جھکا لیا اپنی انگلی کو زمین پر مارنے لگا اسی دوران دروازے کے پیچھے سے خدا کی قدرت سے اونٹنی گویا ہوئی اور کہا:اے اللہ کے رسولؐ!جس ذات نے تجھے مبعوث برحق کیا اور تجھے بشیر ونذیر بنا کر بھیجا میں گواہی دیتی ہوں کہ یہ شخص چور نہیں ہے بلکہ یہ تہمت لگانے والے چور ہیں اس نے مجھے اپنے ہی مال سے خریدا ہے تب رسالتمآبؐ نے اعرابی سے پوچھا یہ کیا بات ہے کہ اونٹنی نے تیری حقانیت کی گواہی دی اور تم نے اپنی انگلی کو زمین پر مارا؟اس اعرابی نے کہا:یارسول اللہؐ!میں نے یہ دعا مانگی بارالہا!میں نے یہ کام انجام نہیں دیا اور اس کی ملکیت میں کوئی شریک بھی نہیں ہے اور تیرا حکم ہماری باتوں سے افضل ہے پھر میں نے آپؐ اور آپ کی آلؑ پر صلوات بھیجی،تب رسالتمآبؐ نے فرمایا کہ جس نے مجھے برحق نبی مبعوث کیا ہے میں نے دیکھا کہ ملائکہ کا اتنا ازدہام ہوگیا کہ نزدیک تھا شہر کی دیواریں ٹوٹ جاتیں اور ایسی گفتگو میں نے نہیں دیکھی کہ تیری سچائی کی گواہی دے رہے تھے۔(۱) ح﴿۵۵﴾

(۵۶) کانت الصلوٰة علی النّبيّ قراته هذه الاية

﴿رسالتمآبؐ پر نماز کی حالت میں آیت صلوات کا نزول اور اہل مدینہ کی صلوات﴾

حدیث ۱ :عن أبي جعفرؑ قال:لمّا قبض رسول اللّٰہؐ صلّت علیه الملائکة والمهاجرون والأنصار فوجاً فوجاًقال:وقال أمیرالمؤمنینؑ سمعت رسول اللّٰہؐ یقول في صحته وسلامته:إنّما أنزلت هذه الآیة في الصلاة علیّ بعدقبض اللّٰہ لي ’إنّ اللّٰہ وملائکته یصلّون علی النّبيّ یاایّها الّذین آمنوا صلّوا علیه وسلّموا تسلیماً“(۱):امام محمد باقرؑ فرماتے ہیں جب رسالتمآبؐ کا انتقال ہوا تو ملائکہ اور مہاجرین وانصار فوج درفوج آئے اور آنحضرتؐ پر صلوات پڑھی پھر حضرتؐ نے کہا کہ مولا کائنات علی ابن ابی طالبؑ فرماتے ہیں میں نے رسولؐ کی زندگی میں رسولؐ سے سنا تھا کہ آنحضرتؐ نے فرمایا:نماز کی حالت میں مجھ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی:”إنّ اللّٰہ وملائکته...“.

حدیث ۲ :بإسناده عن أبي خالد الکابلي،عن أبي جعفرمحمّد بن علي الباقرؑ علیه السلام قال:لمّافرغ أمیرالمؤمنینؑ من تغسیل رسول اللّٰہؐ وتکفینه وتحنیطه أذن للناس وقال:لیدخل منکم عشرة عشرة لیصلّوا علیه،فدخلوا،وقام أمیرالمؤمنینؑ بینه وبینهم وقال: (إنّ اللّٰہ وملائکته یصلّون علی النّبيّ یاایّها الّذین آمنوا صلّوا علیه وسلّموا تسلیماً) وکان الناس یقولون کمایقول،قال أبوجعفرؑ :وهکذا کانت الصلوٰة علیه،صلّی اللّٰہ علیه وآله (۲):خالد کابلی کے والد گرامی امام باقرؑ سے نقل کرتے ہیں کہ جب امیرالمؤمنین علی ابن ابی طالبؑ رسالتمآبؐ کے غسل وکفن سے فارغ ہوئے تو لوگوں کو بلایا اور فرمایا کہ دس دس ہو کر کمرہ میں آؤ اور صلوات پڑھتے ہوئے آؤ پس جب وہ داخل ہوئے تو مولا کائنات، رسولؐ اللہؐ اور ان کے درمیان کھڑے ہوگئے اور اس آیت کریمہ (إنّ اللّٰہ وملائکته..) کی تلاوت کرنے لگے تو جس طرح انہوں نے صلوات پڑھی تھی امام باقرؑ نے بھی پڑھ کر سنائی اور کہا محمدؐ اور اس کی آلؑ پر صلوات تھی۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

حدیث ۳: عن أبي جعفر علیه السلام قال: قلت له کیف کانت الصلوٰة علی النبیّ ؟قال: لمّا غسله أمیر المؤمنین علیه السلام و کفّنه سجّاه ثمّ أخذله علیه عشرة فداروا حوله ثمّ وقف أمیر المؤمنین علیه السلام في وسطهم فقال: "إنّ اللّٰه وملائکته یصلّون علی النّبیّ یاایّها الّذین آمنوا صلّوا علیه وسلّموا تسلیماً"، فیقول القول کمایقول حتّی صلّی علیه أهل المدینة وأهل العوالي (۳): امام باقر علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ رسالتمآبؐ پر کس طرح صلوات پڑھی جائے تو حضرتؑ نے فرمایا کہ جب میرے جدّ امجد، أمیر المؤمنینؑ رسولؐ کو غسل وکفن وغیرہ دے کر فارغ ہوئے تو دس دس آدمیوں کو اجازت دی گئی کہ وہ اندر آئیں، اور جنازے کا طواف کرتے ہوئے، صلوات بھیجتے رہے اور ان کے درمیان أمیر المؤمنینؑ کھڑے ہو کر اس آیت کریمہ "إنّ اللّٰه وملائکته..." کی تلاوت کرتے رہے، میں (امام باقرؑ) بھی اسی طرح صلوات پڑھ رہا ہوں جس طرح اہل مدینہ نے صلوات پڑھی۔ (۱) ح﴿۵۶﴾

(۵۷) فضل الصلوٰة مائة مرّة: ﴿ایک سو مرتبہ ذکر صلوات کی فضیلت﴾

حدیث ۱: قال رسول اللّٰهؐ صلّی علیّ یوم مائة مرّة قضیت له في ذلک الیوم مائة حاجة. (۱): رسالتمآبؐ فرماتے ہیں جو شخص مجھ پر ایک سو مرتبہ دن میں صلوات بھیجتا ہے تو اس کی اسی دن میں ایک سو حاجات پوری ہوتی ہیں۔

حدیث ۲: علیّ بن أبي طالبؑ قال: قال رسول اللّٰهؐ من صلّی علی محمّدٍ وعلی آل محمّدٍ مائة مرّة قضی اللّٰه له مائة حاجة (۲): أمیر المؤمنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام رسول اللہؐ سے نقل کرتے ہیں جو شخص محمدؐ وآل محمدؐ پر ایک سو مرتبہ صلوات بھیجے گا خداوند متعال اس کی ایک سو حاجات کو پورا فرمائے گا۔

حدیث ۳: قال الصادق علیه السلام: من صلّی علی النّبیّ وآله مائة مرّة في کلّ یوم ابتدرها سبعون ألف ملک یبلغها الی رسول اللّٰهؐ قبل صاحبه (۳): امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں

کہ جو شخص رسالتمآبؐ پر ایک سو مرتبہ صلوات بھیجتا ہے تو ستر ہزار ملائکہ اس کی مشایعت کرتے ہیں اور صلوات کو رسول گرامیؐ کی خدمت میں پہنچاتے ہیں اس سے پہلے کہ اس کی صلوات ختم ہو۔

حدیث ۴: معاویة بن عمار، عن جعفر بن محمّدؑ قال: من صلّی علی محمّدٍ وعلی أهل بیته مائة مرّة قضی اللّٰه له مائة حاجة (۴): ابن عمار امام جعفر صادقؑ سے نقل کرتے ہیں کہ جو شخص محمدؐ وآل محمدؐ پر ایک سو مرتبہ صلوات بھیجے گا خداوند متعال اس کی ایک سو حاجات کو پورا فرمائے گا۔ ح﴿۵۷﴾

(۵۸) فضل الصلوٰة علی النبیّؐ یوم الجمعة ولیلتها مائة مرّة

﴿سو مرتبہ صلوات روز جمعہ اور شب جمعہ کی فضیلت﴾

حدیث ۱: قال رسول اللّٰهؐ: من صلّی علیّ لیلة الجمعة أویوم الجمعة مائة مرّة، غفر اللّٰه له خطیئة ثمانین سنة. (۱): رسالتمآبؐ فرماتے ہیں جو شخص جمعہ کی رات اور جمعہ کے دن ایک سو مرتبہ صلوات بھیجے گا خداوند متعال اس کے اسی سال کے گناہ معاف کردے گا۔

حدیث ۲: قال رسول اللّٰهؐ من صلّی علیّ لیلة الجمعة أویوم الجمعة مائة مرّة قضی اللّٰه له مائة حاجة، ووکّل اللّٰه به ملکاً حین یدفن في قبره یبشّره کمایدخل أحدکم علی أخیه بالهدیة (۳): رسالتمآبؐ نے فرمایا جو شخص جمعہ اور روز جمعہ کو مجھ پر ایک سو مرتبہ صلوات بھیجے گا تو خداوند ایک فرشتہ کو خلق کرے گا جو ہمیشہ اس کے ساتھ رہے گا حتی قبر میں بھی ایک دوست کی طرح اس کی راہنمائی کرے گا۔

حدیث ۳: عن أنس بن مالک قال: قال رسول اللّٰهؐ: إنّ أقربکم منّي یوم القیامة في کلّ موطن أکثرکم علیّ صلوٰة في الدنیا، من صلّی علیّ یوم الجمعة ولیلة الجمعة مائة مرّة قضی اللّٰه له مائة حاجة، سبعین من حوائج الآخرة وثلاثین من حوائج الدنیا، ثمّ یوکّل اللّٰه بذلک ملکاً یدخله في قبري کمایدخل علیکم الهدایا یخبرني بمن صلّی علیّ باسمه ونسبه الی عشرة فاثبته عندي في صحیفة بیضاء (۳): انس بن مالک رسول اللہؐ سے روایت کرتے ہیں کہ قیامت میں ہر مقام پر وہ شخص میرے قریب ہوگا جس نے دنیا میں مجھ پر بہت

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

زیادہ صلوات بھیجی ہو اور جو شخص شب جمعہ اور روز جمعہ ایک سو مرتبہ صلوات بھیجے گا خداوند متعال اس کی ایک سو حاجات برلائے گا، ستر حاجات دنیا میں اور تیس حاجات آخرت میں پوری ہوں گی پھر ایک فرشتہ کو مامور فرماتا ہے جو میری قبر میں داخل ہوتا ہے جس طرح آپ کے لئے تحائف کو لایا جاتا ہے اور وہ اس صلوات کو تحفہ و ھدیہ بنا کر لائے گا اور مجھے اس صلوات پڑھنے والے کا حسب و نسب دس پشتوں تک بتائے گا کہ فلاں شخص نے آپؐ پر صلوات بھیجی ہے اور وہ صلوات ایک نورانی کتاب میں میرے پاس رکھ دی جائے گی۔

حدیث ۴: الرسالة الشهيد الثاني: عن النّبيّ قال: أكثروا من الصلوٰة عليّ في كلّ جمعة فمن كان أكثركم صلوة عليّ كان أقربكم منيّ منزلة، ومن صلّى عليّ يوم الجمعة مائة مرّة جاء يوم القيامة وعلى وجهه نور (۴): الشہید ثانیؒ اپنے رسالہ صلوات میں رسالتمآبؐ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا مجھ پر جمعہ کے دن کثرت سے صلوات بھیجا کرو پس جو شخص مجھ پر بہت زیادہ صلوات بھیجے گا وہ میرے اتنا ہی قریب ہوگا اور جو شخص جمعہ کے دن مجھ پر ایک سو مرتبہ صلوات بھیجے گا جب وہ قیامت کے دن میرے پاس آئے گا اس کے چہرے پر نور ہوگا۔

حدیث ۵: رسالة الشهيد الثاني: عن الصادق عليه السلام قال: قال رسول اللّٰه أكثروا من الصلوٰة عليّ في اللّيلة الغرّاء، واليوم الأزهر: ليلة الجمعة ويوم الجمعة. فسئل كم الكثير؟ فقال: إلى مائة وما زاد فهو أفضل (۵): الشہید ثانیؒ اپنے (رسالہ صلوات) میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ رسالتمآبؐ نے فرمایا روشن رات اور روشن دن (شب جمعہ اور روز جمعہ) کو مجھ پر کثرت سے صلوات پڑھا کرو تو پوچھا گیا کہ کثرت سے کیا مراد ہے فرمایا ایک سو مرتبہ اگر اس سے زیادہ ہو تو یہ افضل و بہتر ہے۔

حدیث ۶: عن الحسن الرّضا عليه السلام قال: قال رسول اللّٰه من صلّى عليّ يوم الجمعة مائة مرّة قضى اللّٰه له ستّين حاجة، ثلاثون منها للدّنيا وثلاثون للآخرة (۶)

امام ابوالحسن الرضا علیہ السلام نے رسالتمآبؐ سے روایت کی ہے جو جمعہ کے دن ایک سو مرتبہ ذکر صلوات کرے گا خداوند متعال اس کی ساٹھ (۶۰) حاجات کو برلائے گا تیس (۳۰) دنیا میں اور تیس (۳۰) آخرت میں،

حدیث ۷: قال علی علیه السلام: من قال: كلّ يوم ثلاث مرّات، ويوم الجمعة مائة مرّة: صلوات اللّٰه وملائكته أنبيائه ورسله وجميع خلقه على محمّدٌ وعلى آل محمّدٌ عليه وعليهما السلام ورحمة اللّٰه وبركاته فقد صلّى صلوة جميع الخلائق، وحشر يوم القيامة في زمرته، وأخذ بيده حتّى يدخل الجنّة (۷): مولا کائنات امیر المؤمنین علیہ السلام فرماتے ہیں جو شخص ہر روز تین مرتبہ اور جمعہ کے دن ایک سو مرتبہ یہ صلوات بھیجے گا اور یوں ذکر کرے گا "اللہ تعالیٰ اور اس کے ملائکہ اور انبیاءؑ و رسلؑ اور اس کی تمام مخلوقات کی صلوات محمدؐ و آل محمدؐ پر ہو اور ان پر اللہ تعالیٰ کی رحمت و برکت ہو" تو اصل میں اس پر تمام مخلوق نے صلوات پڑھی اور قیامت کے دن محمدؐ و آل محمدؐ کے ساتھ محشور ہوگا اور آنحضرتؐ اس کے ہاتھ کو پکڑ کر جنت میں ساتھ لے جائیں گے۔

حدیث ۸: سئل عن أبي عبداللّٰه عليه السلام عن أفضل الأعمال يوم الجمعة: فقال: "الصلوة على محمّدٌ وآل محمّدٌ مائة مرّة بعد العصر وما زدت فهو أفضل" (۸): امام جعفر صادق علیہ السلام سے جمعہ کے دن میں افضل ترین اعمال کے بارے میں سوال کیا گیا تو حضرتؑ نے فرمایا عصر جمعہ کو محمدؐ و آل محمدؐ پر ایک سو مرتبہ صلوات بھیجنا افضل ترین عمل ہے اگر اس سے زیادہ پڑھی جائے تو بہت بہتر ہے۔

حدیث ۹: بإسناده عن الصّادق جعفر بن محمد عليهما السلام قال: إذا كان يوم القيامة بعث اللّٰه الأيّام في صور يعرفها الخلق أنّها الأيّام، ثمّ يبعث اللّٰه الجمعة أمامها يقدمها كالعروس ذات جمال وكمال تهدى إلى ذي دين ومال. قال: فتقف على باب الجنّة والأيّام خلفها يشهد، ويشفع لكلّ من أكثر الصلوٰة فيه على محمّدٌ وآل محمّدٌ عليهم السلام قيل له: وكم الكثير من هذا؟ وفي أيّ أوقات أفضل؟ قال: مائة مرّة، ولكن ذلك بعد صلاة العصر. قال: فكيف أقول؟ قال: تقول: اللّٰهمّ صلّ على محمّدٌ وآل محمّدٌ وعجّل فرجهم (۹): امام جعفر صادق علیہ السلام

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

فرماتے ہیں کہ قیامت کے دن خداوند متعال ہفتے کے ایام کو مخصوص صورتوں میں خلق فرمائے گا لوگ ان کو پہچان سکیں گے ان کے سامنے جمعہ کا دن دلہن اور جمال وکمال کے ساتھ اور صاحب مال ودین کی طرح ہوگا وہ جمعہ کا دن انسان کی شکل میں جنت کے دروازے پر کھڑا ہوجائے گا اس کے پیچھے دوسرے ایام ہوں گے اور وہ گواہی دیں گے اور شفاعت کریں گے کہ اس سے ان دونوں میں بہت زیادہ صلوات کا ذکر کیا تھا ان کے لئے کہا جائے گا کہ کتنی کثرت سے پڑھا تو وہ کہیں گے ایک سو مرتبہ پڑھا تھا پس صلوات کے پڑھنے کی فضیلت کا وقت عصر جمعہ کو سو مرتبہ پڑھنا ہے اور اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ کہہ: "اللّٰھمّ صلّ علی محمّدٌ و آل محمّدٌ، وعجّل فرجھم".

حدیث ۱۰ عن ابی عبد اللہؑ قال اذا کانت عشیة الخمیس و لیلة الجمعة نزلت ملائکة من السماء معھا اقلام الذھب و صحف الفضة لا یکتبون عشیة الخمیس و لیلة الجمعة و یوم الجمعة الی ان تغیب الشمس الا الصلوا ة علی النبیؐ و آلہٖ صلی اللہ علیہ و آلہ (۱۰) امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: کہ جمعرات کی شام اور جمعہ کی رات کو آسمان سے ملائکہ نازل ہوتے ہیں جن کے ہاتھوں میں سونے کے قلم اور چاندی کے اوراق ہوتے ہیں وہ جمعہ کے دن کے غروب ہونے تک سوائے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اسکی آلؑ پر صلوات کے ثواب کے علاوہ کچھ نہیں لکھتے۔

حدیث ۱۱ :عن ابی عبد اللہؑ قال ما من عمل افضل یوم الجمعة من الصلاة علی محمدؐ و آلہٖ فاضاء القلب و ذکر الرجل ما کان نسی و ان ھو لم یصل علی محمدؐ و آل محمدؐ و نقص من الصلوا ة علیھم انطبق ذلک الطبق علی ذلک الحُق (القلب) فا ظلم القلب و نسی الرجل ما کان ذکرہ (۱۱) امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں: کہ جمعہ کے دن صلوات سے افضل عبادت کوئی نہیں، یہ صلوات دل کو روشن کرتی ہے اور انسان جو بھول چکا ہو اسکو یاد دلواتی ہے اور شخص محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اس کی آلؑ پر ملا کر صلوات نہ بھیجے یا اس میں کمی کرے تو خداوند متعال اس کے دل (جو پیالے کی شکل میں ہوتا ہے) پر ایک تشت کو رکھ دیتا ہے جس سے حقیقت اس پر پوشیدہ ہوجاتی ہے اور انسان کو جو یاد بھی ہو تو اسکو بھول جاتا ہے۔

حدیث ۱۲ :.عن ابی عبدا للہؑ قالؑ من قال فی آخر سجدة من النافلة بعد المغرب لیلة الجمعة و ان قال فی کل لیلة فھوا فضل اللّٰھم انّی اسئلک بوجھک الکریم و اسمک العظیم ان تصلی علی محمدؐ و ان تغفرلی ذنبی العظیم سبع مرات انصرف وقد غفرا للہ لـــہ (۱۲) حضرت امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ جو شخص شب جمعہ کو مغرب کی نافلہ نماز کے آخری سجدے میں یا ہر رات کو اس طرح کی (اللّٰھم انی اسالک بوجھلک الکریم...) صلوات سات مرتبہ پڑھے جب وہ اس کو ختم کرتا ہے خداوند متعال اسکو بخش دیتا ہے۔ح ﴿۵۸﴾

(۵۹) فضل الصلوٰة یوم الجمعة ولیلتھا ألف مرّة

﴿شب وروز جمعہ ہزار مرتبہ صلوات پڑھنے کی فضیلت﴾

حدیث ۱ :عن أنس: قال النبیؐ من صلّی علیّ یوم الجمعة ألف مرّة، لم یمت حتّی یری مقعدہ من الجنّة. وفي حدیث آخر عنہ من صلّی علیّ ألف مرّة لم یمت حتّی یبشّر لہ بالجنّة (۱): انس رسول اللہؐ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا جو شخص جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ صلوات پڑھے گا وہ مرنے سے پہلے جنت میں اپنا مقام دیکھ لے گا، دوسری حدیث میں ہے کہ جو ایک ہزار مرتبہ صلوات پڑھتا ہے مرنے سے پہلے اسے جنت کی بشارت ملتی ہے۔

حدیث ۲ :فقہ الرضا: قال علیہ السلام فی فضیلة الصلواة اکثروا من الصلوٰة علی رسول اللّٰہ في لیلة الجمعة ویومھا، وان قدرت أن تجعل ذلک ألف مرّة فافعل فإنّ الفضل فیہ (۲): فقہ الرضا میں فضیلت صلوات شب وروز جمعہ کے بارے میں حدیث ہے مولا فرماتے ہیں اگر انسان کے لئے قدرت ہو تو اس کو ایک ہزار مرتبہ ذکر صلوات کو بجالائے بے شک اس میں بہت فضیلت ہے۔

حدیث ۳: عن سھل بن عبداللّٰہ قال: من قال في یوم الجمعة بعدالعصر: اللّٰھمّ صلّ علی محمّدالنّبيّ الاُمّيّ وعلی آلہ وسلّم ثمانین مرّة غفرلہ ذنوب ثمانین عاماً. (۳): سہل بن عبداللہ کہتا ہے جو شخص عصر جمعہ کے وقت یہ صلوات (اللّٰھمّ صلّ علی محمّدالنّبيّ الاُمّيّ وعلی آلہ وسلّم) اسّی (۸۰) مرتبہ پڑھے تو خداوند متعال اسکے اسی (۸۰) سال کے گناہ معاف فرمادیتا ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

حدیث ۴: من حدیث أبي هریرة أیضاً: من صلّی صلاة العصر من یوم الجمعة، فقال قبل أن یقول من مکانه: اللّهمّ صلّ علی محمّدالنّبيّ الاُمّي وعلی آلهٖ وسلّم تسلیماً مأتین مرّة، غفرت له ذنوب ثمانین سنة وکتبت له عبادة ثمانین سنة (۴): ابوھریرہ روایت کرتا ہے کہ اگر کوئی شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد صلوات مذکورہ دوسو مرتبہ پڑھے گا ابھی وہ اپنے مقام سے بلند نہیں ہوگا کہ اس کے اسّی سال کے گناہ خدا معاف کردے گا اور اس کے لئے اسّی سال کی عبادت لکھ دے گا۔

حدیث ۵: ویکثر من الصلوٰة علی النّبيّ یوم الجمعة ولیلة الجمعة، فیصلي مائة مرّة أو ألف مرّة یقول: اللّهمّ صلّ علی محمّدٍ وعلی آل محمّدالنّبيّ الاُمّيّ (۵): روایت ہے کہ شب وروز جمعہ رسول گرامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے صلوات بھیجا کرو اور وہ ایک سو یا ایک ہزار مرتبہ ہے: (اللّهمّ صلّ علی محمّدالنّبيّ الاُمّيّ)

حدیث ۶: عن أبي هریرة قال: قال رسول اللّٰه: أکثروا الصلوٰة علی یوم الجمعة فإنّها معروضة علي (۶): ابوہریرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھ پر جمعہ کے دن کثرت سے صلوات بھیجا کرو کیونکہ اس دن کی صلوات کو میرے ہاں پیش کیا جاتا ہے۔

حدیث ۷: عن النّبيّ قال: أکثروا من الصلوٰة علیّ یوم الجمعة فإنّه یوم یضاعف فیه الأعمال (۷): رسالتمآب فرماتے ہیں جمعۃ المبارک کو کثرت سے صلوات بھیجا کرو کیونکہ اس دن کے اعمال کو دوبرابر حساب کیا جاتا ہے۔

حدیث ۸: قال رسول اللّٰه: من صلّی علی یوم الجمعة إیماناً واحتساباً استأنف العمل (۸): رسالتمآب فرماتے ہیں جو شخص جمعہ کے دن ایمان واعتقاد کے ساتھ مجھ پر صلوات بھیجے گا اس کے اس عمل کے دوبرابر اجر ملے گا۔

حدیث ۹: مارواه الشیخ الصدوق (ره) بإسناده عن الباقر علیه السلام أنّه سئل ما أفضل الأعمال یوم الجمعة؟ قال: لا أعلم عملاً أفضل من الصلوٰة علی محمّدٍ وآله (۹)

الشیخ الصدوقؒ امام باقر علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ حضرتؑ سے پوچھا گیا جمعہ کے دن افضل ترین عمل کون سا ہے؟ حضرتؑ نے فرمایا: محمدؐ وآل محمدؐ پر صلوات سے افضل ترین عمل میں نہیں جانتا۔

حدیث ۱۰: عن أبي عبدالله علیه السلام قال: مامن عمل أفضل یوم الجمعة من الصلوٰة علی محمّدٍ وآله (۱۰): حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن افضل ترین عمل محمدؐ وآل محمدؐ پر صلوات ہے۔

حدیث ۱۱: قال الصادق علیه السلام: إنّ للّٰه کرائم في عباده خصّهم بها في کلّ لیلة ویوم جمعة، فأکثروا فیها من التّهلیل والتّسبیح والثّناء علی اللّٰه والصّلوٰة علی النّبيّ (۱۱): امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ خداوند متعال کے نزدیک اپنے بندوں میں قابل احترام لوگ ہیں جن کے لئے خاص چیزوں کو شب وروز جمعہ میں ان کو مخصوص کیا ہے وہ خداوند متعال کی تہلیل وتسبیح وحمد ہے اور محمدؐ وآل محمدؐ پر صلوات ہے۔

حدیث ۱۲: عن الصادق علیه السلام أنّه قال: الصدقة لیلة الجمعة ویوم الجمعة بألف (حسنة) والصلوٰة علی محمّدٍ وآل محمّدٍ لیلة الجمعة ویوم الجمعة بألف من الحسنات، ویحطّ اللّٰه فیها ألفاً من السیّئات، ویرفع بها ألفاً من الدرجات، وإنّ المصلّي علی محمّدٍ وآله لیلة الجمعة ویوم الجمعة یزهر نوره في السماوات إلی یوم الساعة، وإنّ ملائکة اللّٰه في السماوات یستغفرون له والملک الموکّل بقبر رسول اللّٰه یستغفر له إلی أن تقوم الساعة (۱۲): امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ شب جمعہ اور روز جمعہ کا صدقہ ایک ہزار نیکی ہے اور شب جمعہ اور روز جمعہ میں ایک ہزار مرتبہ صلوات پڑھنا ان نیکیوں میں سے ایک ہے اس کے سبب خداوند متعال ایک ہزار برائیوں کو محو کردیتا ہے اور اس کے لئے ایک ہزار درجات بلند فرماتا ہے شب جمعہ اور روز جمعہ میں محمدؐ وآل محمدؐ پر صلوات بھیجنے والے سے ایک نور قیامت کے دن تک آسمانوں میں ظاہر ہوگا اور اللہ تعالیٰ کے ملائکہ اور وہ فرشتہ جو قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مأمور ہے قیامت کے دن تک استغفار کرتا رہے گا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

حدیث ۱۳ :عن جعفربن محمد علیه السلام: إنّ اللّٰه تبارک وتعالی یبعث ملائکة إذا انفجر یوم الجمعة یکتبون الصلوٰة علی محمّدٌ وآله الی اللیل (۱۳) :امام جعفرصادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ خداوندمتعال جمعہ کے دن کچھ ملائکہ کوخلق فرماتا ہے جو جمعہ کی رات تک محمدؐ وآل محمدؐ پرصلوات بھیجتے رہتے ہیں۔

حدیث ۱۴ :عن عمربن یزید،قال:قال لي أبوعبداللّٰه علیه السلام:یاعمر!إنّه إذا کان لیلة الجمعة نزل من السماء ملائکة بعددالذرّ،في أیدیهم أقلام الذهب وقراطیس الفضّة لایکتبون الی لیلة السبت إلاّ الصلوٰة علی محمّدٌوآل محمّدٌ فأکثرمنها وقال:یاعمران:من السنّة أن یصلّی علی محمّدٌوعلی أهل بیتهٗ في کلّ یوم جمعة ألف مرّة وفي سائرالأیام مائة مرّة. (۱۴):عمربن زید کہتا ہے کہ امام جعفرصادق علیہ السلام نے مجھے فرمایا:اے عمر!جمعہ کی شب خداوندمتعال ذرات کے برابر ملائکہ کوآسمان سے نازل فرماتا ہے ان کے ہاتھوں میں سونے کی قلمیں اورکاغذ ہوتے ہیں وہ فقط سنیچر کی رات تک محمدؐ وآل محمدؐ پرصلوات کولکھتے رہتے ہیں،پس تم صلوات کوکثرت سے پڑھو پھرفرمایا:یاعمران!یہ سنت میں سے ہے کہ جمعہ کے دن محمدؐ وآل محمدؐ پرایک ہزار مرتبہ صلوات بھیجواوردوسرے ایام میں کم ازکم ایک سومرتبہ ،،

حدیث ۱۵ :بإسناده قال:قال أبوعبداللّٰه علیه السلام:إذا کانت عشیّة الخمیس ولیلة الجمعة نزلت ملائکه من السماء معهم أقلام الذهب وصحف الفضّة،لایکتبون عشیّة الخمیس ولیلة الجمعة ویوم الجمعة الی أن تغیب الشمس،إلاّ الصلوٰة علی النبيّ وآلهٖ (۱۵):امام جعفرصادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ عصرجمعرات سے لےکرجمعہ کی رات تک آسمان سے ملائکہ نازل ہوتے ہیں ان کے ہاتھوں میں سونے کی قلمیں اورچاندی کے اوراق ہوتے ہیں وہ سورج کے غروب ہونے تک صرف محمدؐ وآل محمدؐ پرذکرصلوات کولکھتے ہیں۔

حدیث ۱۶ :وذکرالشیخ المفید رحمه اللّٰه في المقنعة عن الصادق علیه السلام أنّه قال:إذا کان یوم الخمیس ولیلة الجمعة نزلت ملائکة من السماء ومعها أقلام

الذهب وصحف الفضّة لایکتبون إلاّ الصلوٰة علی محمّدوآله إلی أن تغرب الشمس من یوم الجمعة (۱۶):الشیخ مفیدؒامام جعفرصادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ جمعرات کے دن اورشب جمعہ کوملائکہ آسمان سے نازل ہوتے ہیں ان کے ہاتھوں میں سونے کی قلمیں اورچاندی کے اوراق ہوتے ہیں وہ محمدؐ وآل محمدؐ پرصلوات کے علاوہ کچھ نہیں لکھتے یہاں تک کہ جمعہ کے دن کا سورج غروب ہوجاتا ہے۔

حدیث ۱۷ :بإسناده الی جعفربن محمد علیهم السلام قال:إذا کان یوم الخمیس عندالعصر أهبط اللّٰه عزّوجلّ ملائکة من السماء إلی الأرض معها صحائف من فضّة بایدیهم أقلام من ذهب تکتب الصلوٰة علی محمّدٌوآلهٗ الی عندغروب الشمس من یوم الجمعة (۱۷):امام جعفرصادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جمعرات کی شام کوآسمان سے ملائکہ نازل ہوتے ہیں جن کوخداوندمتعال حکم فرماتا ہے کہ زمین پرجائیں اوران کے ہاتھوں میں سونے کی قلمیں اورچاندی کی کتابیں ہوتی ہیں (جومومن صلوات کاذکرکرتا ہے) وہ ان میں محمدؐ وآل محمدؐ پرصلوات کوہی لکھتے ہیں یہاں تک کہ جمعہ کے دن کا سورج غروب ہوجاتا ہے۔

حدیث ۱۸ :بإسناده عن الباقر علیه السلام قال:إذا صلّیت العصریوم الجمعة فقل:اللّٰهمّ صلّ علی محمّدٌوآل محمّدٌ الأوصیاء المرضین بأفضل صلواتک،وبارک علیهم بأفضل برکاتک،والسلام علیهم علی أرواحهم وأجسادهم ورحمة اللّٰه وبرکاته،فإنّ من قالها في دبرالعصر کتب اللّٰه له مائة ألف حسنة،ومحی عنه مائة ألف سیّئة وقضی له مائة ألف حاجة ورفع له بهامائة ألف درجه (۱۸) :امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں جمعہ کے دن جب عصر کی نماز ادا کرلوتو مذکورہ بالاصلوات (اللّٰهمّ صلّ علی... وبرکاته) کی تلاوت کیا کرو جوایسا کرے تواس کے نامہ اعمال میں ایک لاکھ نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور خداوندمتعال اس سے ایک لاکھ برائیوں کومحوفرمادیتا ہے اوراس کی ایک لاکھ حاجت برلاتا ہے اوراس کے ایک لاکھ درجات کوبلند فرماتا ہے۔

حدیث ۱۹ :بإسناده عن ابن سنان،عن أبي عبداللّٰه علیه السلام قال:إذا صلّیت

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

العصر يوم الجمعة فقل: اللّهمّ صلّ على محمّدٍ وآل محمّدٍ الأوصياء المرضين بأفضل صلواتك، وبارك عليهم بأفضل بركاتك وعليه عليهم السلام وعلى أرواحهم وأجسادهم ورحمة الله وبركاته (۱۹): ابن سنان امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ جمعہ کے دن نماز عصر کو بجالانے کے بعد مذکورہ بالا صلوات کا ذکر کرنا چاہئے۔

حديث ۲۰: عن عمر بن يزيد عن أبي عبدالله عليه السلام قال: قال الصلوٰة على النبيّ بعد العصر يوم الجمعة تقول: اللّهمّ صلّ على محمّدٍ وآل محمّدٍ، وبارك على محمّدٍ وآل محمّدٍ، وارحم محمّداً وآل محمّدٍ، وارفع محمّداً وآل محمّدٍ الّذين أذهبت عنهم الرجس وطهّرتهم تطهيراً (۲۰): عمر ابن یزید امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل کرتے ہیں کہ عصر جمعہ میں نماز عصر کو ادا کرنے کے بعد مذکورہ بالا صلوات (اللّهمّ صلّ على محمّدٍ... وطهّرتهم تطهيرا) کا ورد کرنا چاہئے۔

حديث ۲۱: عن الصادق عليه السلام: من قال بعد صلاة الظهر وصلاة الفجر في الجمعة وغيرها: (اللّهمّ صلّ على محمّدٍ وآل محمّدٍ وعجّل فرجهم) لم يمتّ حتّى يدرك القائم المهدي عليه السلام (۲۱): امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جو شخص جمعہ کے دن صبح وظہر کی نماز کے بعد مذکورہ صلوات (اللّهم صلّ... وعجّل فرجهم) کو پڑھے گا اس وقت تک اسے موت نہیں آئے گی جب تک امام آخر الزمان (عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف) کی زیارت نہ کرلے گا۔

حديث ۲۲: عن الصادق عليه السلام: من قال بعد صلاة الفجر وبعد صلاة الجمعة: اللّهمّ اجعل صلواتك وصلوات ملائكتك ورسلك على محمّدٍ وآل محمّدٍ لم يكتب عليه ذنب سنة (۲۲): امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جو شخص جمعہ کے دن صبح کی نماز کے بعد مذکورہ صلوات (اللّهمّ اجعل... وآل محمّدٍ) کا ذکر کرے گا تو اس کے نامہ اعمال میں ایک سال کے گناہ نہیں لکھے جائیں گے۔

حديث ۲۳: عن أبي بصير، عن الصّادق عليه السلام أنّه قال: من قال يوم الجمعة بعد صلاة

الغداة: اللّهمّ اجعل صلوات ملائكتك وحملة عرشك وجميع خلقك وسمائك وأرضك وأنبيائك ورسلك على محمّدٍ وآل محمّدٍ لم يكتب عليه ذنب سنة (۲۳): ابو بصیر امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں جمعہ کے دن صبح کی نماز کے بعد اگر یہ صلوات (اللّهمّ اجعل صلوات... وآل محمّدٍ) کوئی بھی پڑھے گا تو سال کے گناہ اس کے نامہ اعمال میں نہیں لکھے جائیں گے۔ ح﴿۵۹﴾

(۶۰) صلواة يوم الخميس ﴿جمعرات کے دن کی صلوات﴾

حديث ۱: اللّهمّ صلّ على محمدٍ و آل محمدٍ و عجّل فرجهم و اهلك عدوهم من الجن و الانس من الاولين والاخرين ،، اے معبود! رحمت فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اسکی آلؑ پر اور ان کے ظہور میں تعجیل فرما اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمدؐ کے دشمنوں کو خواہ جن وانس کے اولین و آخرین سے ہوں ان کو ہلاک فرما۔ ح﴿۶۰﴾

﴿شیخ طوسی مفاتیح الجنان ص ۷۹ میں نقل فرماتے ہیں کہ مستحب ہے کہ جمعرات کے دن ایک ہزار مرتبہ یہ دعا پڑھی جاء

(۶۱) دعا يوم وليلة الجمعة ﴿شب وروز جمعہ کی دعاء﴾

حديث ۱: يا دآئم الفضل على البريّة يا باسط اليدين با لعطيّة يا صاحب المواهب السنية صلّ على محمدٍ و آل محمدٍ خير الورىٰ سجية و اغفرلنا يا ذا العلى فى هذه العشيّة: اے وہ ذات جسکا احسان ہمیشہ مخلوق پر ہے اے وہ جس کے دونوں ہاتھ بخشش کے لئے کھلے ہیں اے بڑی بڑی نعمتیں عطا کرنے والے اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمدؐ پر رحمت فرما جو مخلوقات میں سب سے بہتر ہیں اور بلندیوں کے مالک! اسی رات میں میرے گناہ بخش دے۔ ح﴿۶۱﴾

(۶۲) صلواة واهل الكساء ﴿صلوات اور اہل کساء﴾

حديث ۱: عن اُمّ سلمة: إنّ رسول الله قال لفاطمةؑ: ائتيني بزوجك وابنيك، فجاء ت بهم فألقى عليهم كساءً فدكياً، قال: ثمّ وضع يده عليهم ثمّ قال: اللّهمّ هؤلاء آل محمّدٍ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

فاجعل صلواتک وبرکاتک علی محمدؐ وعلی آل محمدؐ انک حمید مجید.(۱)

:ام سلمہؓ حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا سے نقل کرتی ہیں کہ رسول اللہؐ مولا کائنات امیر المؤمنینؑ اور میرے بیٹوں کے ساتھ گھر میں تشریف لائے اور ہم سب کو ایک چادر کے نیچے جمع کرنے کے بعد یہ دعا فرمائی: اے بارالہا! یہ میری آلؑ ہیں ان پر اپنی صلوات وبرکات کو نازل فرما بے شک تو لائق حمد ومجد ہے۔

حدیث ۲ :زینب بنت أبي سلمة:إنّ النّبيّ ألقى على عليٍّ وفاطمةً وحسناً وحسيناً كساءً وقال:رحمة اللّٰه وبركاته عليكم أهل البيتُ إنّه حميد مجيد،وأنا وأمّ سلمة كنّا جالستين.(۲):زینب ابی سلمہ نقل کرتی ہیں کہ ہم بیٹھے ہوئے تھے کہ ہمارے سامنے رسالتمآبؐ تشریف لائے تو اس وقت علیؑ وفاطمہؑ وحسنؑ وحسینؑ پر اپنے کملی کو ڈال کر کہا: اے بارالہا! ان پر رحمت نازل فرما یہ میرے اہلبیتؑ ہیں اور بے شک تو قابل حمد وستائش ہے۔

حدیث۳:عن اسماعيل بن عبداللّٰه بن جعفر بن أبي طالب،عن أبيه،قال:لما نظر رسول اللّٰهؐ الى الرحمة هابطة قال:ادعوا لي،ادعوا لي،فقالت صفية من يا رسول اللّٰه؟قال:أهل بيتي عليّاً وفاطمةً والحسنؑ والحسينؑ فجيء بهم:فألقى عليهم النبيؐ كسائه ثمّ قال:اللّٰهمّ هؤلاء آلي فصل على محمدؐ وعلى آل محمدؐ وأنزل اللّٰه عزّوجلّ:﴿إنّما يريد اللّٰه ليذهب عنكم الرجس﴾الآية

(۳):اسماعیل بن عبداللہ نقل کرتے ہیں کہ رسالتمآبؐ نے علیؑ وفاطمہؑ وحسنؑ وحسینؑ کو محبت وپیار کی نگاہ سے دیکھا اور اپنی طرف بلایا تو یہاں صفیہ کہتی ہے کہ رسالتمآبؐ کو کیا ہو گیا ہے لیکن دیکھا کہ آپؐ نے ان پر چادر کو ڈالا اور آسمان کی طرف اپنے ہاتھ اٹھائے اور کہا: بارالہا! یہ میری اھلبیتؑ ہیں پس محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت نازل فرما۔تب خداوند متعال نے یہ آیت کریمہ کو نازل فرمایا:(انّما يريد اللّٰه ليذهب عنكم الرجس)ح﴿۶۲﴾

(۶۳)صلوٰة وصلاة الفجر ﴿صلوات اور صبح کی نماز﴾

حدیث ۱ :روى حماد بن عثمان عن الصادق عليه السلام: من قال في دبر كل صلاة الفجر قبل كلامه:(ربّ صلّ على محمدؐ وأهل بيتهؑ)واللّٰه وجهه من نفحات النّار (۱):حماد بن عثمان

امام جعفر صادقؑ سے نقل کرتے ہیں کہ جو شخص صبح کی نماز کو ادا کرنے کے بعد بغیر کسی سے گفتگو کئے یہ صلوات "ربّ صلّ على محمدؐ وأهل بيتهؑ" پڑھے گا خداوند متعال اس کے چہرے کو آگ کے شعلوں سے محفوظ رکھے گا۔

حدیث ۲ :بإسناده،عن ابن المغيرة،عن أبي الحسن عليه السلام في حديث:ومن سرّ آل محمدؐ في الصلوٰة على النّبيؐ وآله اللّٰهمّ صلّ على محمدؐ وآل محمدؐ في الأوّلين،وصلّ على محمدؐ وآل محمدؐ في الآخرين،وصلّ على محمدؐ وآل محمدؐ في الملأ الأعلى،وصلّ على محمدؐ وآل محمدؐ في المرسلين،اللّٰهمّ أعط محمداً[وآل محمدؐ]الوسيلة والشرف والفضيلة والدّرجة الكبيرة،﴿اللّٰهمّ إنّي آمنت بمحمدؐ ولم أره،فلا تحرمني يوم القيامة رؤيته،وارزقني صحبته،وتوفّني على ملّته،واسقني من حوضه مشرباً رويّاً سائغاً هنيئاً لا أظلما بعده أبداً إنّك على كل شيء قدير،اللّٰهمّ كما آمنت بمحمدؐ ولم أره فعرّفني في الجنان وجهه،اللّٰهمّ بلّغ روح محمدؐ عنّي تحيّة كثيرة وسلاماً﴾فإنّ من صلّى على النبيؐ بهذه الصلوات هدمت ذنوبه،ومحيت خطاياه،ودام سروره،واستجيب دعاؤه،وأعطي أمله،وبسط له في رزقه،وأعين على عدوّه،وهيّئ له سبب أنواع الخير،ويجعل من رفقاء نبيّه في الجنان الأعلى.يقولهنّ ثلاث مرّات غدوة وثلاث مرّات عشيّة.(۲):ابن مغیرہ ابا الحسنؑ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرتؑ نے فرمایا: محمدؐ وآل محمدؐ پر صلوات میں ایک راز پوشیدہ ہے،اس صلوات طریقہ یہ ہے بارالہا! محمدؐ وآل محمدؐ پر اولین وآخرین کی رحمت نازل فرما،ملاء الاعلیٰ میں رحمت نازل فرما،اور مرسلین جیسی رحمت نازل فرما،بارالہا! محمدؐ وآل محمدؐ کو وسیلہ شرف وفضیلت وبلند درجہ عطا فرما،میں تیرے نبی محمدؐ پر ایمان لایا ہوں ،حالانکہ میں نے اس کی زیارت نہیں کی ہے پس قیامت کے دن اس کی زیارت سے محروم نہ کرنا اوران کی ہمراہی عطا کرنا ان کے دین پر موت دینا،انہیں کے ہاتھوں حوض کوثر سے سیراب فرمانا ،بارالہا! خوشحالی عطا کرنا کہ اس کے بعد کسی کو عطا نہ فرمائی ہو بے شک تو ہر شیئ پر قادر ہے بارالہا! جس طرح بغیر دیکھے کے تیرے رسول اللہؐ پر ایمان لایا ہوں پس مجھے جنت میں ان کے

Presented by: https://jafrilibrary.com
Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

چہرہ سے آشنا فرمانا اور ہماری سے طرف روح محمدؐ پر بہت زیادہ درود وسلام نازل فرما۔

﴿حضرتؑ فرماتے ہیں جو رسالتمآبؐ پر ایسی صلوات پڑھے گا اس کے گناہ ختم ہو جائیں گے اور اس کی غلطیوں کی پردہ پوشی ہوگی اور ہمیشہ خوشی میں ہوگا اور اس کی دعا قبول ہوگی اور اس کی امیدیں پوری ہوں گی اس کا رزق وسیع ہوگا دشمنوں پر غلبہ حاصل کرے گا اور کثیر نیکیاں کا مالک بنے گا اور جنت الاعلیٰ میں انبیاءؑ کا ساتھی ہوگا، خصوصا جو اس صلوات کو صبح وشام تین مرتبہ پڑھے گا﴾۔ ح ﴿۶۳﴾

(۶۴) الصلوٰة توجب تخفيف المشقّات

﴿صلوات مشکلات میں کمی کا باعث ہوتی ہے﴾

حديث ۱: الإمام أبو محمّد العسكري عليه السلام في قوله تعالىٰ: ﴿وإذ نجيناكم من آل فرعون يسومونكم سوء العذاب﴾ قال عليه السلام: وكان من عذابهم الشديد أنّه كان فرعون يكلّفهم عمل البناء على الطين، ويخاف أن يهربوا، عن العمل فأمرهم بتقييدهم، وكانوا ينقلون ذلك الطين على السلاليم الى السطوح، فربما سقط الواحد منهم فمات أو زمن، لا يـ ـلون بهم إلى أن أوحى الله الى موسى عليه السلام قل لهم: لا يبتدؤن عملاً إلّا بالصلوٰة على محمّدٍ وآلهٖ الطيبين ليخفّ عليهم، فكانوا يفعلون ذلك فيخف عليهم، فأمر كلّ من سقط وزمن ممّن نسي الصلوٰة على محمّدٍ وآلٖ الطيبين أن يقولها على نفسه إن أمكنه أي الصلوٰة على محمّدٍ وآلهٖ، أو يقال عليه ان لم يمكنه فإنّه يقوم ولا تقلبه يد (ولا يضره ذلك ـ خ) ففعلوها فسلّموا، قال عليه السلام: وفي قوله: ﴿يذبحون أبناكم﴾ وذلك لمّا قيل لفرعون: إنّه يولد في بني اسرائيل مولود يكون على يده هلاكك، فأمر بذبح أبنائهم، فكانت الواحدة منهنّ تصانع، عن نفسها كيلا تتمّ عليها ويتمّ حملها ثمّ يلقى ولدها في صحراء أو غار جبل أو مكان غامض ويقول عليه عشر مرّات الصلوٰة على محمّدٍ وآلهٖ فيقيّض الله عليه ملكاً يربيه ويدر من اصبح لبناً يمصه ومن أصبح طعاناً لبناً يتغذاه الى أن نشأ بنو اسرائيل وكان من سلم منهم ونشأ أكثر ممّن قتل، وقال عليه السلام: في قوله: ﴿ويستحيون نساءكم﴾

يغونّهن ويتخذوهنّ إماء، فضجّوا الى موسى عليه السلام وقالوا: يفترعون بناتنا أخواتنا، فأمر الله تلك البنات كلّما رابهنّ من ذلك ريب صلّين على محمّدٍ وآلهٖ الطيبين، فكان الله يردّ عنهنّ أولئك الرجال أمّا بشغل أو مرض أو زمانة أو لطف من ألطافه، فلم يفترش منهنّ امرأة بل رفع الله عزّوجلّ ذلك منهنّ بصلواتهن على محمّدٍ وآلٖ الطيبين، ثمّ قال الله عزّوجلّ: ﴿وفي ذلكم...﴾ و﴿يابني إسرائيل اذكروا﴾ إذ كان البلاء يصرف، عن اسلافكم ويخف بالصلوٰة على محمّدٍ وآلهٖ الطيبين، أفما تعلمون أنكم إذا شاهدتموه وآمنتم به كانت النعمة عليكم أفضل، وفضل الله عليكم أجزل (۱): امام حسن العسکری علیہ السلام آیت کریمہ ﴿وإذ نجيناكم من آل فرعون يسومونكم سوء العذاب﴾ کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ بنی اسرائیل بہت سخت عذاب میں مبتلا تھے کہ فرعون نے ان کو مٹی کی عمارتیں بنانے پر لگایا ہوا تھا وہ ڈرتا تھا کہ یہ اس سخت کام کی وجہ سے فرار نہ کر جائیں اسی وجہ سے ان کے پاؤں وگردن میں زنجیر ڈال دیئے تھے وہ اس مٹی کو سیڑھیوں سے چل کر چھتوں پر لے جاتے تھے جب بھی کوئی وہاں سے گرتا تو انتقال کر جاتا یا معذور ہو جاتا، ان کے لئے کوئی نجات کا ذریعہ نہ تھا کہ یہاں تک اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وحی فرمائی کہ اے موسیٰ! ان سے کہہ دو، کام شروع کرنے سے پہلے محمدؐ وآل محمدؐ پر صلوات بھیجا کریں، تا کہ یہ عذاب کی سختی ان پر کم ہو جائے پس انہوں نے ایسا کرنا شروع کر دیا اس کے باوجود بھی اگر کوئی گرتا یا معذور ہو جاتا وہ اس صورت میں تھا کہ وہ ذکر صلوات کو بھول جاتا تھا جب تک وہ محمدؐ وآل محمدؐ پر صلوات بھیجتے رہتے تو سلامتی میں رہے،

امام حسن العسکری علیہ السلام آیت کریمہ ﴿يذبحون أبناكم﴾ کے بارے میں فرماتے ہیں کہ جب فرعون کو یہ بتایا گیا کہ بنی اسرائیل کی قوم میں ایک شخص پیدا ہونے والا ہے کہ جس کے ہاتھوں تو ہلاک ہوگا تو اس وقت اس نے حکم دیا کہ بنی اسرائیل میں جو بچہ بھی پیدا ہوا سے قتل کر دیا جائے اس کے قتل کا حکم صادر کر دیا، تو بنی اسرائیل کی عورتوں میں سے ہر ایک پہلے تو حاملہ ہونے سے پرہیز

Presented by: https://jafrilibrary.com
Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

کرتیں اگر حاملہ ہو جاتیں تو اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے نہیں لاتیں تھیں یہاں تک کہ وضع حمل ہو جائے اور اس بچے کو صحراؤں، پہاڑوں کی غاروں اور پوشیدہ مکانوں میں چھپا کر آتیں تھیں اور اس پر دس مرتبہ صلوات پڑھ کر، وہیں چھوڑ دیتیں تھیں، تو خداوند متعال اس صلوات کے صدقے میں، ان پر ایک فرشتہ کو مامور فرما دیتا کہ اس کی تربیت کرے اور اس کی دیکھ بھال کرے اس کی ایک انگلی سے دودھ جاری ہوتا اور دوسری انگلی سے نرم غذا اس سے بنی اسرائیل کے یہ بچے نشوونما لیتے اور اکثر جو ذکر صلوات نہیں کرتے تھے وہ قتل کر دیئے جاتے تھے۔

امام حسن العسکری علیہ السلام آیت کریمہ: ﴿ویستحیون نساءکم﴾ کے بارے میں فرماتے ہیں کہ لشکر فرعون کے لوگ بنی اسرائیل کی عورتوں کو اپنے تصرف میں لاتے ان کو اپنی لونڈیاں بنا لیتے تھے جب بنی اسرائیل والے حضرت موسیٰ کے پاس شکایت لے کر آئے اور کہا کہ تمہاری بہنوں و بیٹیوں پر ظلم ہو رہا ہے تو حضرتؑ نے خدا سے دعا کی تو حکم ہوا کہ جب ان عورتوں کو یہ خوف ہو تو ان کو کہیں کہ وہ صلوات کا ذکر کیا کریں تا کہ اس کے صدقے میں خداوند متعال ان ظالم لوگوں کو کسی کام یا مرض یا کوئی اور مصیبت میں گرفتار کر دے گا اور وہ اپنے لطف کے ذریعے سے تمہیں ان سے محفوظ فرما دے گا، ہر حال خداوند متعال نے بنی اسرائیل کی قوم کو فرعون سے صلوات کی برکت سے نجات عطا فرمائی خداوند متعال نے اس کو نعمت عظیم سے یاد کیا ہے، پھر خداوند متعال نے فرمایا ﴿یا بنی اسرائیل اذکروا﴾ اس ذکر سے مراد محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوات ہے جس کو خداوند متعال بنی اسرائیل کی قوم کو نعمت عظیمہ و بزرگ سے ان کی یاد دھانی فرما رہا ہے، ح ﴿۶۴﴾

(۶۵) متفرقات

حدیث ۱: نقل الشیخ کمال الدین الدمیري عن شفاء الصّدور لابن سبع: إنّ النبي قال: من سرّه أن یلقی وهو علیه راض فلیکثر من الصلوٰة علیّ، فإنّه من صلّی علیّ في کلّ یوم خمسمائة مرّة لم یفتقر أبداً وهدمت ذنوبه ومحیت خطایاه وأدام

سروره، واستجیب دعاؤه، وأُعطي أمله، وأُعین علی عدوّه، وعلی أسباب الخیر، وکان ممن یرافق نبیّه في الجنان (۱): کمال الدین ابن سبع سے نقل کرتے ہیں کہ رسالتمآبؐ نے فرمایا کہ جو شخص یہ چاہتا ہے کہ مجھ سے خوشی میں ملاقات کرے اسے چاہئے کثرت کے ساتھ مجھ پر صلوات بھیجے۔ پس جو شخص مجھ پر پانچ سو مرتبہ صلوات بھیجتا ہے وہ کبھی بھی محتاج نہیں ہوگا اور اس کے گناہ معاف ہو جائیں گے اور اس کی غلطیوں سے چشم پوشی کی جائے گی اور وہ ہمیشہ خوشحال ہوگا اور اس کی دعا بھی قبول ہوگی اس کی امیدیں پوری ہوں گی اور دشمن پر غلبہ کرے گا اور نیکی کے لئے راستے کھلیں گے اور جنت میں اپنے نبیؐ کا ہمسایہ ہوگا۔

حدیث ۲: من احتجاج النبيّ علی الیهود قال: ثمّ إنّ اللّٰه عزّ وجلّ صلّی علیّ في کتابه العزیز، قال اللّٰه عزّ وجلّ: "إنّ اللّٰه وملائکته یصلّون علی النبيّ یاأیّها الّذین آمنوا علیه وسلّموا تسلیماً" (۲): یہودیوں سے مناظرہ کرتے ہوئے رسالتمآبؐ نے فرمایا کہ قرآن مجید میں مجھ پر صلوات بھیجی ہے اور یہ آیت کریمہ کو نازل فرمایا ہے: (إنّ اللّٰه وملائکته یصلّون علی النبيّ یاأیّها الّذین آمنوا صلّوا علیه وسلّموا تسلیماً)

حدیث ۳: عن محمّد بن مسعود قال: رأیت أباعبداللّٰه علیه السلام انتهی إلی قبر النبيّ فوضع یده علیه وقال: "أسال اللّٰه الّذي اجتباک واختارک وهداک وهدی بک أن یصلّي علیک"، ثمّ قال: "إنّ اللّٰه وملائکته یصلّون علی النبيّ یاأیّها الّذین آمنوا صلّوا علیه وسلّموا تسلیماً" (۳): ابن مسعود نقل کرتا ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو دیکھا کہ رسالتمآبؐ کی قبر پر جھک گئے اور اپنے دست مبارک کو قبر پر رکھ کر خداوند عزّ وجلّ سے سوال کرتے ہوئے کہا کہ میں سوال کرتا ہوں اس کے صدقے میں جس کو تو نے چنا اور اختیار کیا اور اسے ہادی بنایا اور اس کے ذریعے سے ہماری ہدایت فرمائی اس پر درود و سلام بھیج پھر آیت کریمہ "إنّ اللّٰه وملائکته یصلّون علی النبيّ یاأیّها الّذین آمنوا صلّوا علیه وسلّموا تسلیماً" کی تلاوت فرمائی۔

حدیث ۴: قال الامام جوادؑ: یا ذا الذی کان قبل کل شئ ثم خلق کل شئ ثم

Presented by: https://jafrilibrary.com
Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

یبقی و یفنی کل شئ ءِ یا ذالذی لیس کمثلہٖ شئ و یا ذالذی لیس کمثلہٖ شئ ء ویا ذالذی لیس فی السموات العلیٰ ولا فی الارضین السفلیٰ ولا فو فھن ولا تحتھن ولا بنھن الٰہ لیعبد غیرہ لک الحمد حمداً لا یقویٰ علیٰ احصائھا الّا انت فصل علیٰ محمدؐ و آلہٖ صلوٰۃ لا یقوی علیٰ احصائھا الّا انت :(۴) امام جواد علیہ السلام نے فرمایا: اے وہ جو ہر چیز سے پہلے موجود تھا پھر ہر ایک چیز کو پیدا کیا اور وہ جو باقی رہنے والا ہے اور ہر چیز فنا ہو جائے گی، تو وہ ذات ہے کہ جسکی مانند کوئی چیز نہیں اے وہ جو بلند آسمانوں میں ہے اور نہ پست ترین زمینوں میں ہے اور نہ ان کے اوپر ہے اور نہ ان کے نیچے ہے اور نہ درمیان میں ہے اے وہ معبود کہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں تیرے لئے ہی حمد ہے، وہ حمد کہ کوئی اسے شمار نہیں کر سکتا سوائے تیری ذات کے پس رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آل محمد علیہم السلام پر وہ رحمت کہ کوئی انہیں شمار نہ کر سکے سوائے تیری ذات کے،

حدیث ۵: قال امام جعفر صادقؑ :اللھم انی اسئلک بو جھک الکریم و اسمک العظیم ان تصلی علیٰ محمدؐ و آلِ محمدؐ و ان تغفر لی ذنبی العظیم :امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا خداوندا! میں تیری ذات کریم اور تیرے عظیم نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت نازل فرما اور میرے بہت بڑے بڑے گناہوں کو بخش دے۔

﴿دعا سحر شب جمعہ﴾

حدیث ۶ .اللھم صلِ علیٰ محمدؐ و آلہٖ وھب لی الغداۃ رضاک :اے معبود! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمدؐ پر رحمت فرما! آج کی صبح مجھے اپنی عطا فرما☆اللھم صلِ علیٰ محمدؐ و آلہٖ وھب لی ثبات الیقین: خدایا! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمدؐ پر رحمت فرما اور یقین میں پختگی عطا فرما☆یا من یعلم ما فی ضمیر الصامتین صلِ علیٰ محمدؐ و آلہٖ: اے وہ ذات جو خاموش رہنے والوں کی دلی تمناؤں کو جانتا ہے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمدؐ پر رحمت نازل فرما☆و جعل ما امتن بہٖ علیٰ عبادہ فی کفآءِ لتا دیۃ حقہ صلِ علیٰ محمدؐ و آلہٖ و لا تجعل للشیطان علیٰ عقلی سبیلا (اے وہ ذات) اور اپنے

بندوں کو اپنے حق کے ادا کرنے میں ہمت دے کر احسان عظیم فرماتا ہے، محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور شیطان ابلیس کو میری عقل میں حصہ دار قرار نہ دے۔(۶)☆اللھم صلِ علیٰ محمدؐ و آلِ محمدؐ واجعلنی من التوابین واجعلنی من المطھرین (۷)امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اے معبود! رحمت فرما محمد وآل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مجھے توبہ کرنے والوں اور پاکیزہ لوگوں میں سے قرار دے☆وَ اسئلک بفضلک و رضوانک ان تصلی علیٰ محمدؐ و اھلِ بیتہٖ (۸)امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اور تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری مہربانی و فضل اور تیرے رضوان کے صدقے میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے اہل بیت پر رحمت نازل فرما

حدیث ۹ :قال الامام الصادقؑ الصلوات علی محمدؐ و آل محمدؐ فیما بین الظھر و العصر تعدل سبعین رکعۃ (۹) امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: نماز ظہر اور عصر پڑھنے کے درمیان محمدؐ اور اس کی پاک آلؑ پر درود بھیجنے کا ثواب ستر ۷۰ رکعت نماز کے ثواب کے برابر ہے۔

☆بسم اللہ و باللہ اللّٰھم صلّ علی محمدؐ و آل محمدؐ و اغفر للمومنین والمومنات(۱۰) امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: خدا کے نام سے اور خدا کی ذات سے، اے معبود رحمت فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمدؐ پر اور مومنین و مومنات کو بخشش دے☆صلی اللہ علی محمدؐ و آلہٖ اللّٰھم انی اسئلک یا مذکر الخیر وفاعلہ والامر بہ ذکر فی ما انسانیہ الشیطان(۱۱)

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: خداوند متعال رحمت فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی پاک آلؑ پر اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے خیر و اچھائی کو یاد دلانے والے اور اس پر عمل کرنے والے اور اسکا حکم دینے والے مجھے یاد دھانی فرما جسکو شیطان نے بھلا دیا ہے۔

﴿نوٹ: شیخ کفعمی کتاب جمع الشتات میں نقل فرماتے ہیں کہ اگر آئمہ کی کوئی حدیث بھول جائے تو اپنی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھیں تو ذہن میں آجاتی ہے﴾

حدیث ۱۰ :قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللّٰھم انی اسئلک بحق محمدؐ و

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

آل محمدؐ ان لا تعذب هذا الميت (۱۲):: رسالت مآب ﷺ فرماتے ہیں: اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بواسطہ محمد ﷺ وآل محمد ﷺ کے، کہ اس قبر پر عذاب نازل نہ فرما۔

حدیث ۱۳: عن ابن عمر قال قال رسول اللہؐ لا تضربوا الطفالكم على بكائهم فان بكاهم اربعة اشهر شهادة ان لا اله الّا اللہ و اربعة اشهر الصلو اة على النبیؐ و آله ؑو اربعة اشهر الدعا لوالديه (۱۳) ابن عمر رسالت مآبؐ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ بچوں کے گریہ کرنے پر ان کو نہ مارا کرو کیونکہ بچوں کا چار ماہ تک گریہ کرنا (لا الہ الا اللہ) کی گواہی دینا ہے اور اس کے بعد کے چار ماہ کا گریہ محمد ﷺ وآل محمدؐ پر صلوات ہے اور اس کے چار ماہ کے بعد کا گریہ والدین کے لئے دُعا ہے۔

حدیث ۱۴: قال امام صادقؑ اللّٰهم صلّ على محمدؐ و آل محمدؐ وعجّل فرجهم

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: اے معبود! محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت فرما اور ان کا ظہور جلدی فرما۔ ح ﴿۶۵﴾

نوٹ: اگر کوئی شخص اس دُعا کو جمعہ کے دن اور رات میں ۱۰۰ مرتبہ پڑھے جب تک اس کو قائم آل محمدؐ کی زیارت نصیب نہیں ہوگی تب تک وہ اس دنیا سے نہیں جائے گا۔

والحمد للّٰه ربّ العالمين

صلّ اللّٰه على محمدؐ وآلهؑ الطاهرين والطيبين

رجب المرجب ۱۴۲۵ھ



(۶۶) چہاردہ معصومین پر صلوات

ابوالفضل شیبانی عبداللہ بن محمد عابد بدالیہ یمنی سے نقل کرتے ہیں کہ اس نے بتایا، سن ۲۵۵ھ میں، امام حسن عسکری علیہ السلام کی زیارت کا شرف حاصل ہوا، تو میں نے عرض کی یا ابن رسول اللہؐ! چہاردہ معصومینؑ پر صلوات کو اپنے دست مبارک سے تحریر فرمادیویں، یہ قلم کاغذ بھی ساتھ لے کر گیا تھا، حضرتؑ نے بغیر کوئی کتاب دیکھے، مجھے لکھ کر دیا، لیکن جب اپنی صلوات تک پہنچے ہی تھے، کہ قلم روک لیا، پھر فرمایا! اگر مجھے خدا کی طرف سے یہ حکم نہ ہوتا، تو کبھی بھی اپنی صلوات نہ لکھتا، کیونکہ اس ہمارے شیعوں تک پہنچنا ہے۔

صلوات پیغمبر صلی اللہ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا حَمَلَ وَحْيَكَ وَبَلَّغَ رِسَالَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَحَلَّ حَلَالَكَ وَ حَرَّمَ حَرَامَكَ وَعَلَّمَ كِتَابَكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَدَعَا اِلٰى دِينِكَ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا صَدَّقَ بِوَعْدِكَ وَاَشْفَقَ مِنْ وَعِيدِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا غَفَرْتَ بِهِ الذُّنُوبَ وَسَتَرْتَ بِهِ الْعُيُوبَ وَفَرَّجْتَ بِهِ الْكُرُوبَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا دَفَعْتَ بِهِ الشَّقَاءَ وَكَشَفْتَ بِهِ الْغَمَّاءَ وَاَجَبْتَ بِهِ الدُّعَاءَ وَنَجَّيْتَ بِهِ مِنَ الْبَلَاءِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا رَحِمْتَ بِهِ الْعِبَادَ وَاَحْيَيْتَ بِهِ الْبِلَادَ وَقَصَمْتَ بِهِ الْجَبَابِرَةَ وَ اَهْلَكْتَ بِهِ الْفَرَاعِنَةَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَضْعَفْتَ بِهِ الْاَمْوَالَ وَاَحْرَزْتَ بِهِ مِنَ الْاَهْوَالِ وَكَسَرْتَ بِهِ الْاَصْنَامَ وَرَحِمْتَ بِهِ الْاَنَامَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا بَعَثْتَهُ بِخَيْرِ الْاَدْيَانِ وَاَعْزَزْتَ بِهِ الْاِيمَانَ وَتَبَّرْتَ بِهِ الْاَوْثَانَ وَعَظَّمْتَ بِهِ الْبَيْتَ الْحَرَامَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَهْلِ بَيْتِهِ الطَّاهِرِينَ الْاَخْيَارِ وَسَلِّمْ تَسْلِيماً.

"اے معبود! درود بھیج محمد مصطفیٰؐ پر کہ انہوں نے تیری وحی کو لیا، اور تیرے پیغام پہنچائے، اور درود بھیج حضرت محمد مصطفیٰؐ پر کہ انہوں نے تیرے حلال کو حلال اور تیرے حرام کو حرام بتایا، اور تیری کتاب کی تعلیم دی، بارالہا! درود بھیج حضرت محمد مصطفیٰؐ پر کہ انہوں نے نماز قائم رکھی، اور زکاہ دیتے ہے اور تیرے دین کی طرف دعوت دی، درود بھیج حضرت محمد مصطفیٰؐ پر کہ انہوں نے تیرے وعدے کو سچا جانا، اور تیرے خوف سے لوگوں کو ڈرایا، بارالہا! درود بھیج حضرت محمد مصطفیٰؐ پر کہ جن کے ذریے لوگوں کے گناہ معاف کیے، ان کے عیبوں کو

Presented by: https://jafrilibrary.com

